<u>Disclaimer</u>

عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ سی ڈی سی ریگولیشنز کا اردو ترجمہ محض عوام الناس کی معلومات اور آگاہی کے لیے ہے۔ چونکہ پارلیمنٹ نے سی ڈی سی ایکٹ اور ایس ای سی پی نے سی ڈی سی ریگولیشنز کے انگریزی متن کی منظوری دی ہے لہذا کسی ابہام کی صورت میں تشریح، حوالہ و عمل ریگولیشنز کے انگریزی متن پر انحصار و اعتبار کیا جائے گا۔

Kindly note that the Urdu version of the Regulations of CDC is only for purposes of dissemination of information. The CDC Act is passed by Parliament and the Regulations of CDC are approved by SECP in English. Therefore, English constitutes the authentic text. The CDC Regulations in English shall be referred to and relied upon for purposes of any interpretation in implementing the same.

# سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ

## اعلامیہ

کراچی، 25 جون، 1997

نمبر:۔ سنٹرل ڈپازٹری ایکٹ 1997 (نمبر 19 بابت 1997) کی دفعہ 35 کی ذیلی دفعہ (1) میں تفویض کردہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ، نے بطور سنٹرل ڈپازٹری، کمیشن کی پیشگی منظوری سے حسب ذیل ریگولیشنز (Regulations) وضع کیے ہیں جو ''سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ ریگولیشنز (Regulations)'' کے نام سے موسوم ہیں جو پاکستان کے سرکاری جریدے میں ان کی اشاعت پر نافذ العمل ہوں گے۔

## سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ ریگولیشنز

ہرگاہ کہ سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ کو کمیشن نے سنٹرل ڈپازٹری کمپنیات (قیام وانضباط) رولز (Rules)، 1996، کو سکیورٹیز وایکسچینج آرڈیننس کی دفعات (الف) 132 اور 33 کے ساتھ ملا کر پڑھتے، رولز (Rules) 4 کے تحت رجسٹرڈ کیا ہے؛

اور چونکہ سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ سنٹرل ڈپازٹری سسٹم قائم کرنے کی خواہشمند ہے؛

اور چونکہ یہ مطلوب ہے کہ سنٹرل ڈپازٹری سسٹم کو سنٹرل ڈپازٹری ایکٹ 1997 (نمبر 19 بابت 1997ء) کی مطابقت میں قائم اور منضبط کیا جائے؛

اور چونکہ یہ بھی مطلوب ہے کہ مذکورہ ڈپازٹر نظام کے صارف اور سنٹرل کمپنی پاکستان لمیٹڈ کے مابین ہونے والا معاہدہ حسب ذیل ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں تشکیل پائے؛

لہٰذا اب سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ نے سنٹرل ڈپازٹریز ایکٹ، 1997 (نمبر 19 بابت 1997) کی دفعہ 35 کی ذیلی دفعہ (1) کی رو سے تفویض کردہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، کمیشن کی پیشگی منظوری سے، حسب ذیل ریگولیشنز (Regulations) وضع کئے ہیں، یعنی:۔

## باب 1:۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ

### 1.1 مختصر عنوان

1.1.1 یہ ریگولیشنز سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ ریگولیشنز (Regulations) کے نام سے موسوم ہوں گے۔

### 1.2 آغاز نفاذ

1.2.1 یہ ریگولیشنز (Regulations) پاکستان کے سرکاری جریدہ میں ان کی اشاعت پر نافذالعمل ہوں گے۔

## باب 2: تعبیر و تشریح

### 2.1 تعبیر کے عمومی اصول

2.1.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں، بجز اس کے کہ سیاق و سباق سے کچھ اور ظاہر ہو:

(الف) اس ایکٹ میں استعمال کردہ اور تشریح کردہ اصطلاح سرمایہ بندی کا مطلب وہی ہوگا جو اس ایکٹ کی رو سے دیا گیا ہے؛

(ب) کسی بھی قانون سازی یا قانون سازانہ حکم کا کوئی بھی حوالہ اس میں قانونی ترمیم یا اس کو از سر نو وضع کرنا، یا قانون سازانہ حکم کی بجائے تبدیلی، اور اس قانون سازی یا قانون سازانہ حکم کے تحت اجراء کردہ کوئی بھی قانون سازانہ دستاویز شامل ہے؛

(ج) ان ریگولیشنز (Regulations)، طریقہ ہائے کار، فیسوں اور جدول ادائیگی یا مقررہ جدولی اوقات ان ریگولیشنز (Regulations)، طریقہ کار، فیسوں اور جدول ادائیگی کا حوالہ ہیں جو کہ وقتاً فوقتاً تبدیل یا ترمیم کئے گئے؛

(د) کوئی لفظ جو کسی شخص کو ظاہر کر رہا ہو اس میں کمپنی یا کوئی دوسرا تجارتی ادارہ (باڈی کارپوریٹ)، فرم، اتھارٹی یا حکومت شامل ہے؛

(ہ) اگر کوئی لفظ یا عبارت مخصوص مطلب دے تو، گفتگو کا دوسرا حصہ یا اس لفظ کی گرائمر صورت یا عبارت کے مماثل مطلب ہوں گے؛ اور

(و) اختیار کے لئے حوالے میں اتھارٹی اور صوابدیدی حوالہ شامل ہے۔

### 2.2 سرخیاں

2.2.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں، سرخیاں محض حوالے کی سہولت کے لیے ہیں اور تعبیر کو متاثر نہیں کریں گی۔

### 2.3 عمل، افعال اور فروگزاشت

2.3.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں عمل یا عمل میں شامل کرنے کا حوالہ بشمول کسی بھی فعل کو کرنا یا اس کو کرنے سے انکار کرنا اس میں کسی اقرارنامے کی شرط کو وضع کرنا، یا اس کو موئثر بنانا شامل ہے۔

2.3.2 ان ریگولیشنز (Regulations) میں، کسی شخص کے حوالے سے عمل میں شامل ہونے سے:

**(الف)** کسی افسر، ملازم، ٹرانسفر ایجنٹ یا کسی دوسرے ایجنٹ کی جانب سے حقیقی یا ظاہری اختیار کی وسعت کے اندر اس شخص کا کوئی افسر، ملازم، ٹرانسفر ایجنٹ یا کوئی دوسرا ایجنٹ؛ یا

**(ب)** کسی دوسرے شخص کی جانب سے کسی افسر، ملازم، ٹرانسفر ایجنٹ یا اس شخص کے کسی دوسرے ایجنٹ کی صوابدید پر یا اس کی رضامندی یا اقرارنامے (خواہ صریحاً یا معنوی) کے ساتھ، جہاں افسر، ملازم، ٹرانسفر ایجنٹ یا دوسرے ایجنٹ کی حقیقی یا ظاہری اختیار کی وسعت کے اندر ہدایت، رضامندی یا اقرارنامہ دیا گیا ہو تو، اس شخص کی جانب سے بھی ملازمت پر لیا گیا ہوگا۔

2.3.3 اگر کسی شخص کے کسی عمل کی نسبت میں ان قواعد کی اغراض کے لیے، یہ لازمی ہے کہ اس شخص کی دماغی حالت کو قائم کیا جائے تو، یہ ظاہر کرنا کافی ہوگا کہ کسی افسر، ملازم، ٹرانسفر ایجنٹ یا اس شخص کا کوئی دوسرا ایجنٹ جس کا عمل اس افسر، ملازم، ٹرانسفر ایجنٹ یا دیگر ایجنٹ کی حقیقی یا ظاہری اختیار کی وسعت کے اندر مذکورہ دماغی حالت تھی۔

2.3.4 ریگولیشن (Regulation) 2.3.3 کے حوالے سے کسی شخص کی دماغی حالت اس میں علم، نیت، رائے، یقین یا شخص کا مقصد اور اشخاصی نیت، رائے یقین یا غرض کے لئے اشخاصی وجوہات شامل ہیں۔

2.3.5 ان ریگولیشنز (Regulations) میں، تاوقتیکہ اس کے برعکس نیت ظاہر ہو، کسی بھی فعل یا امر کو کرنے کا حوالہ اس میں فعل یا امر کو کرنے کو موجب، اجازت یا مجاز کرنا شامل ہے۔

## 2.4 ریگولیشن (Regulation) کی غرض یا مقصد کا لحاظ کرنا ہوگا

2.4.1 ریگولیشن (Regulation) کی تعبیر میں، بنیادی ریگولیشن (Regulation) کی غرض یا مقصد کو فروغ دے گا (خواہ وہ غرض یا مقصد کو واضح طور پر ریگولیشن (Regulation) میں بیان کیا گیا ہے یا نہیں) جس کو تشریح کے لیے ترجیح دی جائے گی جو مذکورہ غرض یا مقصد کو فروغ نہیں دے گی۔

## 2.5 مثالیں

2.5.1 اگران ریگولیشنز (Regulations) یا طریقہ ہائے کار بشمول ریگولیشن(Regulation) یا طریقہ کار کی عملدر آمد کی ایک مثال:

**(الف)** مثال کو حتمی نہیں لیا جائے گا؛اور

**(ب)** اگر مثال ریگولیشن (Regulation) یا طریقہ کار سے متناقض ہو تو ریگولیشن(Regulation) یا طریقہ کار غالب ہوگا۔

## 2.6 نوٹس، نوٹیفکیشن اور تعمیل دستاویزات

2.6.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں، کسی شخص کو کسی معاملے سے مطلع کرنے کے حوالے سے اس شخص کو مذکورہ معاملے پر مشتمل پیغام ترسیل کرنے کا حوالہ ہے۔

2.6.2 ان ریگولیشنز (Regulations) کی اغراض کے لئے، کوئی نوٹس جو CDC کی جانب سے CDS ایلمنٹ(Element) کو ترسیل کیا گیا ہو CDS ایلمنٹ(Element) کی جانب سے وصول کیا جائے گا جب نوٹس میں شامل معاملات کمپیوٹر ٹرمنل پر ظاہر ہوں گے جو کمپیوٹر سسٹم سے منسلک ہوگا۔

2.6.3 اگر کسی بھی ریگولیشن(Regulation) کے کسی بھی معاملے کی اطلاع کسی شخص کو دینے کی ضرورت یا اجازت ہو تو، مذکورہ نوٹس تحریراً دیا جائے گا۔

2.6.4 کسی بھی ریگولیشن(Regulation) کی اغراض کے لئے کسی شخص کو نوٹس یا دستاویز دینے کے لئے مطلوب یا اجازت دے، خواہ عبارت ''تعمیل کرنا''، ''دینا'' ''ارسال''، یا کوئی بھی دوسری مماثل عبارت استعمال ہو، نوٹس یا دستاویز حسب ذیل کو دی جائے گی:

**(الف)** کسی حقیقی شخص کو؛

**(اوّل)** اس شخص کو ذاتی طور پر حوالے کی جائے گی؛

**(دوم)** نوٹس یا دستاویز ارسال کرنے والا شخص اس شخص کی آخری معلوم جائے رہائش یا کاروباری ایڈریس پر اس کو فراہم کرے گا یا کوریئر کے ذریعے

بھیجے گا یا رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعے ارسال کرے گا؛

**(سوم)** اس شخص کو بذریعہ فیکس یہ ترسیل کیا جائے گا جس کا فیکس نمبر اس نے نوٹس یا دستاویز ارسال کرنے والے شخص کو مطلع کر رکھا ہے؛

**(چہارم)** بذریعہ ای میل اس شخص کے ای میل پر ترسیل کرنا جو CDC نے اس شخص کو نوٹسز یا دستاویزات ارسال کرنے کے لیے قائم کیا ہو۔

**(ب)** کمپنی یا کسی دوسرے باڈی کارپوریٹ کو:

**(اوّل)** کمپنی کی صورت میں، اس کے رجسٹرڈ آفس اور کسی بھی دوسرے باڈی کارپوریٹ کی صورت میں اس کے ہیڈ آفس پر اس کو فراہم کیا جائے گا یا بذریعہ کورئیر یا رجسٹرڈ پوسٹ ارسال کیا جائے گا۔

**(دوم)** اس کمپنی یا باڈی کارپوریٹ کو بذریعہ فیکس یہ ترسیل کرنا جس کا فیکس نمبر اس نے نوٹس یا دستاویز ارسال کرنے والے شخص کو گزشتہ آگاہ کیا ہو؛ یا

**(سوم)** ای میل کے ذریعے مذکورہ کمپنی یا باڈی کارپوریٹ کے ای میل ایڈریس پر ترسیل کرنا جو CDC نے مذکورہ کمپنی یا باڈی کارپوریٹ کو نوٹسز یا دستاویزات ارسال کرنے کے لئے قائم کیا ہو؛ یا

**(ج)** شراکت دار فرم کو:

**(اول)** نوٹس یا دستاویز ارسال کرنے والا شخص شراکت دار فرم کے آخری معلوم کاروباری مقام کے ایڈریس پر اس کو فراہم کرے گا یا کورئیر کے ذریعے بھیجے گا یا رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے ارسال کرے گا۔

**(دوم)** شراکت دار فرم کو بذریعہ فیکس یہ ترسیل کیا جائے گا جس کے فیکس نمبر سے اس نے نوٹس یا دستاویز ارسال کرنے والے شخص کو گزشتہ آگاہ کیا ہو؛

**(سوم)** ای میل کے ذریعے ایسے شخص کے ایڈریس پر ای میل کرنا جو CDC نے مذکورہ شخص کو نوٹسز یا دستاویزات دینے کے لیے قائم کیا ہو۔

2.6.5 ریگولیشن(Regulation)2.6.4 کی اغراض کے لیے:

**(الف)** رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے ارسال کئے گئے نوٹس یا دستاویز کو تیسرے کاروباری یوم کو وصول سمجھا جائے گا، بعدازیں نوٹس یا دستاویز، رجسٹرڈ ڈاک پر درست طور پر پتہ درج اور مہر شدہ لفافہ یا دیگر سروق رجسٹرڈ ڈاک کے ساتھ ہوں؛

**(ب)** کوریئر کے ذریعے ارسال کئے گئے کسی نوٹس یا دستاویز کو درست پتے پر ڈیلیوری کے وقت پر وصول سمجھا جائے گا؛

**(ج)** فیکس کے ذریعے ترسیل کئے گئے کسی نوٹس یا دستاویز کو وصول سمجھا جائے گا جب وہ ترسیل فیکس مشین، درست فیکس نمبر پر کامیاب ترسیل ظاہر کردے؛ اور

**(د)** ای میل کے ذریعے بھیجے گئے کسی نوٹس یا دستاویز کو وصول کنندہ کو وصول سمجھا جائے گا جب بھیجنے والے کا کمپیوٹر مذکورہ نوٹس یا دستاویز کی کامیاب ترسیل ظاہر کردے۔

**2.6.5الف** بلالحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی بھی امر کے برعکس، اگر کسی نوٹس یا دستاویز کو رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا گیا ہو، جیسا کہ 2.6.4 میں فراہم کیا گیا ہے اور بوجہ حسب ذیل حوالے کئے بغیر واپس آجائے:

**(اوّل)** اس پتے پر جس پر نوٹس یا دستاویز ارسال کی گئی تھی وصول کنندہ کی عدم دستیابی، یا

**(دوم)** وصول کنندہ کی جائے رہائش، جائے کاروبار، رجسٹرڈ یا ہیڈ آفس، جیسی بھی صورت ہو، جس پر نوٹس یا دستاویز بھیجی گئی وہ بند پایا جائے یا جائے رہائش، جائے کاروبار، رجسٹرڈ یا ہیڈ آفس، جیسی بھی صورت ہو، کا معلوم نہ ہو سکے تو،

مذکورہ نوٹس یا دستاویز ان ریگولیشنز (Regulations) کی اغراض کے لیے وصول کنندہ کی جانب سے اس کے باوجود وصول متصور کی جائے گی۔

**2.6.6** ریگولیشن (Regulation) 2.6.4 میں کوئی امر نوٹسز یا دستاویزات کسی شخص کو بھیجنے یا دینے یا تعمیل کرنے سے کسی بھی دوسرے طریقہ کار میں جو قانون یا ان قواعد کی رو سے مطلوب یا اجازت ہوسے نہیں روکیں گے۔

**2.6.7** اگر ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDC حسب ذیل تمام کو نوٹس یا دستاویز دیتی ہے:

(الف) CDS ایلمنٹس (Elements)؛

(ب) اکاؤنٹ ہولڈرز؛

(ج) پارٹیسپنٹس (Participants)؛

(د) ایشورز (Issuers)؛ یا

(ہ) ایلیجیبل پلیجی (Elegible Pledgee)،

کسی ایک یا اس سے زائد CDS ایلمنٹس (Elements)، اکاؤنٹ ہولڈرز، پارٹیسپنٹس (Participants)، ایشورز (Issuers) یا ایلیجیبل پلیجی (Elegible Pledgee) کو CDC کی جانب سے نوٹس یا دستاویز کے لئے اتفاقی فروگزاشت کسی بھی قرارداد، فیصلے، قانونی کارروائی یا فعل کی جوازیت اور نفاذ کو متاثر نہیں کرتی جس کے سلسلے میں نوٹس یا دستاویز دی گئی تھی۔

## 2.7 نقص، بے ضابطگیاں اور خامیاں

2.7.1 CDC، بورڈ یا چیف ایگزیکٹو افسر کا کوئی فیصلہ، قرارداد، قانونی کارروائی یا فعل حسب ذیل کسی کی بھی رو سے غیر موثر نہیں ہوگا:

(الف) نقص؛

(ب) بے ضابطگی؛ یا

(ج) خامی،

نوٹس یا وقت تاوقتیکہ:

(د) نقص، بے ضابطگی یا خامی کی رو سے متعلق CDS ایلمنٹ بورڈ سے استدعا کرتا ہے کہ مذکورہ کو حل کرنے کے لیے فیصلہ، قرارداد، کارروائی یا فعل غیر مؤثر ہے؛

(ہ) بورڈ باور کرنے کی وجہ رکھتا ہے کہ نقص، بے ضابطگی یا خامی معقول ناانصافی کا باعث بنی یا بن سکتی ہے جس سے معقول طور پر اجتناب نہیں کیا جا سکتا؛ اور

(و) بورڈ کا بحسبہ مذکورہ کے حل کے لئے فیصلہ، قرارداد، قانونی کارروائی یا فعل غیر مؤثر ہوگا۔

## 2.8 CDS میں جمع کردہ سکیورٹیز

2.8.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں ، CDS میں جمع کردہ کسی بھی حاصل سکیورٹیز کا حوالہ جو رجسٹرڈ شدہ فارم سکیورٹیز ہوں حسب ذیل کا حوالہ ہے:

**(الف)** ریگولیشن(Regulation) 8.2 کے تحت ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی ؛اور

**(ب)** ریگولیشن(Regulation) (الف)8.3.1 کے تحت مذکورہ سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کی طرف سے اپنے کارہائے منصبی کی ادائیگی ۔

## 2.9 CDS سے سکیورٹیز کی واپسی

2.9.1 ان ریگولیشن(Regulation) میں،CDS سے رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی واپسی کا حوالہ حسب ذیل کا حوالہ ہے:

**(الف)** ریگولیشن(Regulation) 8.6 کے تحت اپنے کارہائے منصبی کی ادائیگی سے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے سبکدوشی ؛اور

**(ب)** ریگولیشن(Regulation)(الف)8.7.1 کے تحت مذکورہ سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کی جانب سے اپنے کارہائے منصبی کی ادائیگی سے سبکدوشی ۔

## 2.10 ایشور(Issuer) کی بک انٹری سکیورٹیز

2.10.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں کسی ایشور(Issuer) کی بک انٹری سکیورٹیز کا حوالہ بک انٹری سکیورٹیز جو ایشور(Issuer) کے سکیورٹیز پر مشتمل ہو کا حوالہ ہے جو CDS میں جمع کی جائیں گی۔

## 2.11 تعریفات:۔

2.11.1: ان ریگولیشنز (Regulations) میں، بجز اس کے کہ سیاق وسباق سے کچھ اور ظاہر ہو:

**اکاؤنٹ فیملی:۔** سے مراد کوئی گروپ جو حسب ذیل پر مشتمل ہوں:

**(الف)** مرکزی اکاؤنٹ یا مرکزی اکاؤنٹس ؛

(ب) ہاؤس اکاؤنٹ یا ہاؤس اکاؤنٹس؛

(ج) گروپ اکاؤنٹ یا گروپ اکاؤنٹس؛

(د) ذیلی اکاؤنٹس؛

جو کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی زیرنگرانی ہو[حذف شدہ]؛

**اکاؤنٹ ہولڈر اقرارنامہ:۔** سے کوئی اقرارنامہ ایسی صورت میں جس کی CDC وقتاً فوقتاً صراحت کرے، جو اکاؤنٹ ہولڈر کی حیثیت سے CDS میں کسی شخص کی شمولیت کے لئے بطور پیشگی شرط CDC کے ساتھ کیا گیا معاہدہ مراد ہے؛

**اکاؤنٹ ہولڈر کی ذمہ داریاں اور نقصان:۔** سے مراد وہ ذمہ داریاں اور نقصان ہیں جو ان ضوابط کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر کو تفویض کی گئی ہوں۔

**ایکٹ:۔** سے مراد مرکزی امانت خانہ ایکٹ، 1997ء (نمبر 19 بابت 1997ء) ہے۔

**داخلہ فارم:۔** سے مراد متعلقہ داخلہ فارم ہے جو اس مقصد کے لیے وقتاً فوقتاً CDC کی طرف سے دستیاب ہوگا، جو کسی شخص کی طرف سے حسب ذیل کی حیثیت سے شامل ہونے کے لئے طلب کیا جائے گا:

(الف) اکاؤنٹ ہولڈر؛

(ب) پارٹیسپنٹ (Participant)؛

(ج) ایشور (Issuer)؛

(د) ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee)؛

(ہ) [حذف شدہ]

CDS میں، جیسی بھی صورت ہو،

**داخلہ شرائط:۔** کوئی بھی تکنیکی اور کارکردگی کی شرائط جو باب 4 میں ہیں مراد ہیں۔

**اقرارنامہ:۔** سے مراد ہے:

(الف) اکاؤنٹ ہولڈر اقرارنامہ؛

(ب) پارٹیسپنٹ (Participant) اقرارنامہ؛

(ج) ایشور(Issuer)اقرارنامہ؛

(د) ایلیجیبل پلیجی(Eligible Pledgee)اقرارنامہ؛

(ہ) [حذف شدہ]

جیسی بھی صورت مطلوب ہو۔

**AMC:۔** سے مرادوہ کمپنی جو NBFC کے قواعد کے مطابق سرمایہ کاری منصوبوں کی پیشکش،اور اس میں اکائی وقف منصوبے جو وقف نامہ اور قابل بازیابی ضمانت جیسا کہ اکائیوں اور کمیشن سے لائسنس یافتہ ہو۔

**اپیل:۔** سے ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت کمیشن کو کی گئی اپیل مراد ہے؛

**اپیل کی اطلاع:۔** سے ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت اپیل کی اطلاع مراد ہے؛

**منظور شدہ ایجنٹ:۔** سے مراد کوئی شخص جسکی چیف ایگزیکٹو کی طرف سے تقرری کی جائے جو باب 13 کی اغراض کے لیے ایسی اہلیت رکھتا ہو گا جیسا کہ بورڈ متعین کرے۔

**شریک رکن:۔** سے کوئی شخص، کمپنی، کارپوریشن یا کوئی دوسرا ادارہ جو اسٹاک ایکسچینج کے کلیئرنگ ہاؤس میں بطور شریک رکن درج ہو، مراد ہے۔

**اٹارنی:۔** سے مراد وہ شخص جو ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے حوالے سے بذریعہ مختار نامہ اس حوالے سے با ضابطہ مجاز کردہ ہو CDS میں ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے نام پر، بذریعہ پارٹیسپنٹ(Participant)، ذیلی اکاؤنٹ کھولنے اور برقرار رکھنے کے لیے مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اکاؤنٹ اوپننگ فارم دستخط کرئے گا اور اس پر عملدرآمد کرائے گا

**منظوری:** سے مراد ایک دفعہ مقررہ/منظوری ہے جو بک انٹری سکیورٹیز کے کسی بھی پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے ذیلی اکاؤنٹ کے حوالے سے ہینڈلنگ کی جارہی ہو اور جیسا کہ ذیلی اکاؤنٹ کے اوپننگ فارم میں خصوصی طور پر صراحت کی گئی ہو جو کہ اس اغراض کے لئے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے ذیلی اکاؤنٹ میں درج ہو:

**(الف)** ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کئے گئے کسی بھی بنیادی مارکیٹ ٹرانز یکشنز (تجارت) اس میں پارٹیسپنٹ (Participant) کے ذریعے اسٹاک ایکسچینج کو آف مارکیٹ ٹرانز یکشنز رپورٹ کرنا شامل ہے۔

(ب) کسی بھی ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جو بنیادی مارکیٹ ٹرانز یکشن (تجارت) کو کلیئرنگ کمپنی کے ذریعے تصفیہ کرتا ہو سے متعلقہ کسی اسٹاک ایکسچینج یا کلیئرنگ کمپنی کے ساتھ اہل سکیورٹیز ٹرانز یکشن کرنا۔

**(ب۔الف)** مذکورہ اسٹاک ایکسچینج کے متعلقہ ریگولیشنز (Regulations) کی شرائط میں اور اس کے تحت سکیورٹیز کی کمی بیشی کو پورا کرنے کے لیے اور / یا پارٹیسپنٹ (Participant) اور / یا کسی دوسرے پارٹیسپنٹ (Participant) کے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے مارکیٹ نقصانات کے خسارے کو پورا کرنے کے لیے سکیورٹیز کو اسٹاک ایکسچینج کے پاس گروی رکھنا؛

**(ج)** ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کی گئی کسی بھی بنیادی مارکیٹ سے خریداری کی ٹرانز یکشنز کے لئے رقم کی وصولی؛

**(د)** کسی بھی مرکزی اکاؤنٹ یا اس کے ذیلی اکاؤنٹ کے تحت یا پارٹیسپنٹ (Participant) کے زیر اختیار کسی بھی دوسرے مرکزی اکاؤنٹ کے تحت اپنے ذیلی اکاؤنٹ کے یا پارٹسپنٹ (Participant) کے زیر انتظام مرکزی اکاؤنٹ کے تحت اس کے ذیلی اکاؤنٹ سے اس کی بک انٹری سکیورٹیز کے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے محرک کے لئے متعلقہ سکیورٹیز ٹرانز یکشن؛

**(ہ)** ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے باب 9 کے احکامات کی مطابقت میں اپنے فیملی اراکین یا دیگر اشخاص کے لیے تحفے کے ذریعے کی گئیں سکیورٹیز کی رو سے سکیورٹیز ٹرانز یکشن؛

(و) ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے باب 9 کے احکامات کی مطابقت میں کی گئیں سکیورٹیز ٹرانزیکشن جو کسی بھی قرض یا اُدھار لی گئیں سکیورٹیز سے متعلق ہوں

(ز) ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کسی بھی یا تمام مذکورہ بالا عمل میں لائی گئیں ٹرانزیکشنز یا CDC سے حاصل کردہ خدمات کے لئے کسی بھی چارجز یا نقصان کی وصولی؛ اور

(ح) کمیشن کی جانب سے وقتاً فوقتاً صراحت کردہ کوئی بھی دوسری ڈیلیوری ٹرانزیکشن؛

**مجاز کردہ پارٹیسپنٹ (Participant)** سے مراد وہ پارٹیسپنٹ (Participant) ہے جس کی AMC کے حوالے سے ETF کی بابت بطور مارکیٹ میکر تقرری کی گئی ہو؛

**مجاز کردہ شخص:۔** سے مراد وہ شخص جو CDS ایلمنٹ (Element) کے کاروبار کے امور کی انجام دہی کے لیے مکمل اختیار رکھتا ہو اور اسے CDS ایلمنٹ (Element) کو ارسال کرے۔ CDS ایلمنٹ (Element) کے معاملے میں جو اہل سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) ہے، اور کوئی بھی منتقل کردہ ایجنٹ جسے ایشور (Issuer) نے تقرر کیا ہو؛

**دستیاب رقم:۔** سے مراد ہولڈنگ بیلنس میں کل تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز ہیں جبکہ وہ حسب ذیل میں نہ ہوں:

(الف) پلیجڈ پوزیشن (Pledged Position) میں؛

(ب) زیر تجویز منتقلی کی صورت میں؛

(ج) بلاک حیثیت میں؛ اور

(د) منجمد اور، جیسی بھی صورت ہو، جس کی CDC نے کسی شرط لازم کی پیروی کرتے ہوئے جو کسی بھی، قانون، قواعد یا ریگولیشنز (Regulations) کی رو سے صراحت کردہ ہو (بشمول ان ریگولیشنز (Regulations) کہ) پابندی لگائی ہو جو فی الوقت نافذ العمل ہوں، بشمول کسی عدالت کے حکم نامہ کے یا کسی مجاز اتھارٹی کی ہدایات کے، جیسا کہ (بشمول کنٹرولنگ اکاؤنٹ ہولڈر) جس میں اس طرح کی سکیورٹیز رکھی گئی ہوں مذکورہ کو استعمال کرنے سے روکنا ہے۔

**بیلنس آڈرڈیلیوری ٹرانزیکشن:۔** سے مراد وہ ہدایات جوکلیئرنگ کمپنی بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری کے مقصد کے لئے ہوں ان ریگولیشنز (Regulations) کے مطابق CDC کو دینی ہے (بشمول NCCPL کے ریگولیشن (Regulation) کے تحت جو قابل اجازت ہو، جو مرکزی اکاؤنٹ، عارضی اکاؤنٹ، NCC بازیافت اکاؤنٹ یا بے باقی حسابات) جو اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر اختیار ہو جو کہ کلیئرنگ ممبر ہو یا جیسی بھی صورت ہو، کلیئرنگ کمپنی، بیلنس آرڈر سیٹلمنٹ سے منتج کرے۔

**بیلنس آڈر تصفیہ:۔** کا وہی مطلب ہوگا جو NCCPL کے ریگولیشنز (Regulations) میں حکماً نافذ ہوگا؛

**حقیقی ملکیتی رپورٹ:۔** سے مراد حقیقی ملکیتی رپورٹ، جیسا کہ وقتاً فوقتاً طریقہ ہائے کار میں صراحت کی گئی ہو؛

**بلاک حیثیت:۔** سے مراد بک انٹری سکیورٹیز کے حوالے سے جو مہیا کی جائیں، جو بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں رکھی جائیں جو ٹارگٹ ہولڈنگ میں اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر انتظام ہوں، جو کہ کلیئرنگ ممبر ہو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کے وہ اس حیثیت میں اکاؤنٹ ہولڈر کے ساتھ، ماسوائے ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز سے بلاک حیثیت کو ختم کرنے پر، ٹرانزیکشن نہیں کرسکتا۔

**بورڈ:۔** سے CDC کے مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) مراد ہیں۔

**بک کلوزر تاریخ:۔** سے کسی ایشور (Issuer) کی جانب سے اعلان کردہ تاریخ جو اس تاریخ سے جس سے کسی بھی ایشور (Issuer) کی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی نسبت بک کلوزر پیریڈ کا آغاز ہو مراد ہے؛

**بکس کلوزر اختتامی تاریخ:۔** سے کسی ایشور (Issuer) کی جانب سے اعلان کردہ تاریخ جو اس سے جس سے کسی بھی ایشور (Issuer) کی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی نسبت اختتام تاریخ خاتمہ اندراج ہو مراد ہے۔

**بک کلوزر پیریڈ:۔** سے ایشور (Issuer) کی جانب سے اعلان کردہ مدت جو اس دورانیہ مدت جس سے مذکورہ ایشور (Issuer) کی جانب سے انتقال رجسٹر کی دیکھ بھال کی نسبت کوئی بھی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز بدستور بند ہو مراد ہے؛

**یوم کاروبار:۔** سے کوئی بھی دن جس پر CDC کاروبار کے لئے کھلی ہو مراد ہے؛

**منسوخی درخواست منسوخی ٹرانزیکشن:۔** سے ریگولیشن (Regulation) کی مطابقت میں کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے منسوخی درخواست منسوخی ٹرانزیکشن کی ترسیل مراد ہے؛

**ٹرانزیکشن منسوخی استدعا:۔** سے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDS سے قابل انفکاک سکیورٹیز کی منسوخی کی غرض کے لیے ریگولیشن (Regulation) (الف) 8.8 کے تحت ترسیل کردہ ٹرانزیکشن مراد ہے؛

**متناسب سطح سرمایہ:۔** سے پارٹیسپنٹ (Participant) کا مالی استحکام مراد ہے جو، کسی بھی وقت پر رائج، TRE سٹرفکیٹ کا حامل ہو، جس کی تحویل حیثیت کی نسبت انتہائی تحویلی حد کے حساب کی غرض کے لیے کمیشن کی پیشگی تحریری منظور کے ساتھ CDC کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) میں مقرر کردہ طریقہ کار میں تعین کیا جائے گا؛

**کیش ڈیپازٹ اکاؤنٹ:۔** حذف شدہ؛

**CDC:۔** سے سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ مراد ہے؛

**CDC رسائی:۔** سے CDC کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر اور ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کو پیش کردہ خدمات کا مجموعہ جو، مذکورہ خدمات کے استعمال کے لیے شرائط وقیود کے مطابق جیسا کہ CDC کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کیا گیا ہو مراد ہے؛

**CDC تلافی نقصان:۔** سے ریگولیشن (Regulation) 3.10.2 میں تلافی نقصان مراد ہے؛

**CDR:۔** سے سینٹرل ڈیپازٹری رجسٹر مراد ہے؛

**CDS:۔** سے CDC کی جانب سے قائم کردہ سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم مراد ہے؛

**CDS تاریخ آغاز:۔** سے بورڈ کی جانب سے تعین کردہ تاریخ جس سے CDS فعال ہو جائے مراد ہے؛

**CDS:۔** سے مراد

**(الف)** اکاؤنٹ ہولڈر؛

**(ب)** پارٹیسپنٹ(Participant)؛

**(ج)** اہل سکیورٹیز کا کوئی ایشور(Issuer)؛

**(د)** اہل پلیجی(Eligible Pledgee)؛

**(ہ)** حذف شدہ؛

**CDS اہلیت:۔** سے کسی بھی سکیورٹیز کی نسبت، اہل سکیورٹیز کے طور پر سکیورٹیز کی حیثیت مراد ہے؛

**CDS تاریخ اہلیت:۔** سے کسی بھی سکیورٹیز کی نسبت، وہ تاریخ جس پر مذکورہ سکیورٹیز CDS اہل ہو جائیں مراد ہے؛

**CDS سافٹ ویئر:۔** سے CDS کے طریقہ ہائے کار سے متعلقہ تمام سسٹمز اور اپلیکیشن پروگرامز مراد ہیں اس میں CDC کی جانب سے CDS کے اغراض کی نسبت دیکھ بھال اور استعمال کئے جانے والے تمام کمپیوٹر سافٹ ویئر (CDS ایلمنٹ(Element) کی جانب سے CDS کی نسبت CDC کے ساتھ تبادلہ خیال کے لئے استعمال کئے جانے والے سافٹ ویئر کے علاوہ) شامل ہیں۔

**تبدیل شدہ رجسٹریشن کی تفصیلی رپورٹ:۔** سے ایسی رپورٹ، جو ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں، پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے فراہم کردہ رجسٹریشن کی تفصیلات جو اس کے کلائنٹس کی بک انٹری سکیورٹیز کے اندراج سے متعلق ہوں جو ان کی ملکیت ہوں، پارٹیسپنٹ(Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں مندرج ہوں، مراد ہیں؛

**باب:۔** سے ان ریگولیشنز (Regulations) کا باب مراد ہے؛

**چیف ایگزیکٹو افسر:۔** سے CDC کے چیف ایگزیکٹو کے عہدہ پر تعینات کوئی بھی شخص مراد ہے؛

**شق:۔** سے ان ریگولیشنز (Regulations) کی شق مراد ہے؛

**کلیئرنگ اکاؤنٹ:۔** خذف شدہ؛

**کلیئرنگ کمپنی:۔** سے قومی کلیئرنگ کمپنی پاکستان لمیٹڈ مراد ہے؛

**کلیئرنگ ممبر:۔** سے NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کے تحت ایک شخص جو کلیئرنگ کمپنی میں بطور کلیئرنگ ممبر شامل ہوا ہو، مراد ہے؛

**مکفولہ اکاؤنٹ:۔** سے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDR میں برقرار رکھا گیا اکاؤنٹ مراد ہے، جو TRE سٹیفکیٹ کا حامل ہو، بالخصوص ہولڈنگ کے لئے، ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں، ریگولیشن (Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) کی پیروی میں ان ریگولیشن (Regulation) کی مطابقت میں، بک انٹری سکیورٹیز جو مذکورہ اکاؤنٹ کے ہولڈر کے کنٹرول کے تابع ذیلی اکاؤنٹ سے منتقل ہوئیں، حسب ذیل ٹرانزیکشن کے علاوہ ازیں مذکورہ اکاؤنٹ کی بابت CDC کی جانب سے کسی ٹرانزیکشن کی اجازت نہ ہوگی:

**(الف)** جائز انٹرا۔اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن، بشرطیکہ:

**(اوّل)** مکفولہ اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کی غرض سے انٹرا۔اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی صورت میں، سورس ہولڈنگ اکاؤنٹ ہولڈر کا جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہا ہے کا مرکزی اکاؤنٹ یا ہاؤس اکاؤنٹ نہ ہوگا؛ اور

**(دوم)** مکفولہ اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کی غرض سے انٹرا۔اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن، ٹارگٹ ہولڈنگ کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہا ہے کا مرکزی اکاؤنٹ یا ہاؤس اکاؤنٹ نہ ہوگا،

**(ب)** جائز پلیج سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن میں جہاں ایلیجیبل پلیجی **(EligiblePledgee)** جس کے حق میں پلیج (Pledge) کو مؤثر ہونا ہو جدولی بینک ہو، تو جیسا کہ بینک دولت پاکستان ایکٹ، 1956 (نمبر 33 بابت 1956) میں صراحت کیا گیا ہے اور جائز ایلیجیبل پلیجی (EligiblePledgee) ٹرانزیکشن جاری

کرسکتا ہے اور جائز پلیج (Pledge) عندالطلب ٹرانزیکشن جو مذکورہ ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کی جانب سے ترسیل ہوئی؛ اور

(ج) وضع کردہ بک انٹری سکیورٹیز جو ریگولیشن (Regulation) الف الف 8.3.5، ابواب ج 8 اور د 8، ریگولیشن (Regulation) 1۔و 8 اور ریگولیشن (Regulation) 12.4.6 کی شق (اوّل) کی ذیلی شقات (ج) تا (ح) کی پیروی میں مذکورہ اکاؤنٹ میں ڈالی گئیں؛

**کمیشن:۔** سے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان مراد ہے جو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان ایکٹ، 1997 (نمبر 42 بابت 1997) کی دفعہ 3 کے تحت قائم ہوئی؛

**کمپیوٹر سسٹم:۔** CDC کی نسبت، سے CDC کی جانب سے قائم کردہ کمپیوٹر سسٹم جو CDS کا حصہ تشکیل دیتا ہے، جس میں CDS کے سافٹ وئیر کو چلانے کے لئے CDC کا قائم کردہ ہارڈ ویئر مراد ہے؛

**خلاف ورزی کا نوٹس:۔** ریگولیشنز (Regulations) 14.4.1,14.3.4 یا 1الف 14.5 کے تحت CDC کی جانب سے CDS ایلمنٹ (Element) کو دیا گیا نوٹس مراد ہے؛

**کنٹرول کرنے والا اکاؤنٹ ہولڈر:۔** ہولڈنگ کی نسبت، وہ اکاؤنٹ ہولڈر جو CDS میں کسی بک انٹری سکیورٹیز جو ہولڈنگ میں درج شدہ ہوں سے معاملت کرتا ہو، مراد ہے؛

**محافظتی حیثیت:۔** سے کسی بھی وقت ہولڈنگ بیلنسز کی اجتماعی قدر مراد ہے، جو پارٹیسپنٹ (Participant) کو اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بنا رہے ہوں جو کہ اسٹاک ایکسچینج کے TRE سٹرفکیٹ کا حامل ہو، کسی بھی ہولڈنگ میں مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کی طرف سے کنٹرول کردہ بک انٹری سکیورٹیز جو کہ منجمد حالت میں ہوں شامل نہیں ہیں؛

**ڈیبٹ کیپ:۔** حذف شدہ؛

**ڈیلیوری:۔** سے بک انٹری سکیورٹیز کا ایک ہولڈنگ سے دوسرے میں منتقل کرنا خواہ بطور مفت ڈیلیوری یا ریگولیشن(Regulation)9.4.3 کی پیروی میں کیا گیا ہو، مراد ہے؛

**منظوری ڈپازٹ ٹرانزیکشن:۔** سے منظوری ڈپازٹ ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ وقتاً فوقتاً طریقہ ہائے کار میں مصرحہ ہو؛

**ڈپازٹ کرنے والا اکاؤنٹ ہولڈر:۔** سے اکاؤنٹ ہولڈر جو کسی بھی اہل سکیورٹیز کو CDS میں ڈپازٹ کرنے کی کارروائی کرے مراد ہے؛

**ڈپازٹر:۔** سے کوئی بھی شخص جس کا حوالہ ریگولیشن(Regulation) 8.1.2 کی شقات (الف) یا(ب) میں دیا گیا ہے جس کی طرف سے ڈپازٹر اکاؤنٹ ہولڈر کسی بھی اہل سکیورٹیز کو CDS میں ڈپازٹ کرنے کی کارروائی کرتا ہے مراد ہے؛

**ڈپازٹ کی پینڈنگ پوزیشن:۔** سے کسی ہولڈنگ میں پوزیشن جس میں CDC کو جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن کی درخواست کی ترسیل کے نتیجے میں کسی بھی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز درج ہوں، مراد ہے؛

**ڈپازٹ نامنظوری ٹرانزیکشن:۔** سے ڈپازٹ نامنظوری ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**ڈپازٹ منسوخی ٹرانزیکشن درخواست:۔** سے ڈپازٹ منسوخی ٹرانزیکشن درخواست مراد ہے جیسا کہ طریقہ کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست:۔** سے ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست مراد ہے جیسا کہ طریقہ کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**نائب صدر:۔** سے باب 14 کی مطابقت میں تقرر کردہ انضباطی ٹربیونل کا نائب صدر، مراد ہے؛

**انضباطی پینل:۔** سے مراد ریگولیشن(Regulation) 14.1.1 کے تحت تشکیل کردہ اشخاص کا پینل، مراد ہے؛

**انضباطی رجسٹر:۔** سے CDC کے ریگولیشن(Regulation) 14.6.1 کے تحت برقرار کردہ رجسٹر مراد ہے؛

**انضباطی ٹربیونل:۔** باب 14 کی مطابقت میں کارروائیوں کی شنوائی کے لئے قائم کردہ ٹربیونل، مراد ہے؛

**مقررکردہ وقت:۔** سے کاروباری دن کا وقت مراد ہے، جیسا کہ مقررہ اوقات جدول میں صراحت کیا گیا ہے، جس میں یا جس سے ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت مقتضیات کی لازماً تعمیل ہو سکے؛

**مقررہ اوقات جدول:۔** سے ضابطہ 3.9 کے تحت بورڈ کی جانب سے وضع کردہ مقررہ جدول اوقات مراد ہیں؛

**DvP اکاؤنٹ ہولڈر:۔** حذف شدہ؛

**DvP اکاؤنٹ ہولڈر معاہدہ:۔** حذف شدہ؛

**DvP رقم:۔** حذف شدہ؛

**DvP مدمقابل اکاؤنٹ ہولڈر:۔** حذف شدہ؛

**DvP ڈیلیوری:۔** حذف شدہ؛

**DvP اختتام یوم:۔** حذف شدہ؛

**DvP ابتدائی اکاؤنٹ ہولڈر:۔** حذف شدہ؛

**DvP پینڈنگ پوزیشن:۔** حذف شدہ؛

**DvP نامنظوری ٹرانزیکشن:۔** حذف شدہ؛

**DvP درخواست:۔** حذف شدہ؛

**DvP درخواست ٹرانزیکشن:۔** حذف شدہ؛

**ایلیجیبل پلیجی (EligiblePledgee) اکاؤنٹ:۔** سے ریگولیشن 6.5 میں محولہ ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) اکاؤنٹ مراد ہے؛

**ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) معاہدہ:۔** سے مراد معاہدہ ہے، جس کی صورت CDC وقتاً فوقتاً بیان کرتی ہے، جو ایک شخص کی طرف CDC کے ساتھ CDS میں کسی شخص کی بطور ایلیجیبل پلیجی (EligiblePledgee) کی حیثیت سے شمولیت کے لئے بطور پیشگی شرط شامل ہے؛

**ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کی رپورٹ:۔** سے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کی رپورٹ مراد ہے جیسا کہ طریقہ کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**اہل سکیورٹیز:۔** سے جاری کنندہ کی کوئی بھی سکیورٹیز جسے CDC نے ریگولیشن (Regulation) 5.1.1 کی پیروی میں بطور اہل سکیورٹیز قرار دیا ہو، مراد ہے؛

**اختتام یوم:۔** سے، کسی بھی کاروباری دن، 5 بجے شام، یا کوئی بھی ایسا وقت جیسا کہ CDC وقتاً فوقتاً تعین کرے مراد ہے؛

**غلط ٹرانزیکشن:۔** (الف) کسی بھی اکاؤنٹ ہولڈر کی نسبت اس سے حسب ذیل مراد ہے:

ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDC کو ترسیل جس میں CDS میں جمع کردہ سکیورٹیز کی غلط تعداد کی صراحت کی گئی ہو؛

(ب) کسی بھی ایشور (Issuer) کی بابت اس سے حسب ذیل مراد ہے:

ڈپازٹ ٹرانزیکشن کی درخواست کی بابت، ڈپازٹ ٹرانزیکشن کی منظوری کی CDC کو ترسیل جس میں ڈپازٹری اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے CDC کو ترسیل کردہ سکیورٹیز کی غلط تعداد کی صراحت کی گئی ہو؛

**ETF:۔** کا وہی مفہوم ہو گا جیسا کہ فی الوقت نافذ العمل اسٹاک ایکسچینج کے ریگولیشنز (Regulations) میں اسے منسوب کیا گیا ہو؛

**ETF یونٹ:۔** کا وہی مفہوم ہو گا جیسا کہ فی الوقت نافذ العمل اسٹاک ایکسچینج کے ریگولیشن (Regulation) میں اسے منسوب کیا گیا ہو؛

**عدم تعمیل کی صورت:۔** سے ریگولیشن (Regulation) 15.1.1 میں مصرحہ کوئی بھی صورت مراد ہے؛

**فیملی ممبرز:۔** باب 9 کی شرائط کی اغراض کے لئے اس سے بچے، باپ، ماں، بھائی یا بہن اور کوئی بھی صلبی نسب یا اولاد مراد ہے؛

**فیس و ڈپازٹ جدول:۔** سے ایسا فیس و ڈپازٹ جدول مراد ہے جسے ریگولیشن (Regulation) 3.8 کے تحت فی الوقت بورڈ نے وضع کیا ہو؛

**بلامعاوضہ ڈیلیوری:۔** سے مراد بک انٹری سکیورٹیز کی ناقابل تنسیخ ڈیلیوری ہے خواہ بطور انٹر۔ اکاؤنٹ

ڈیلیوری ہو یا بطور انٹرا۔اکاؤنٹ ڈیلیوری ہو؛

**منجمد:۔** کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی نمائندگی کررہی ہوں، سے مراد ایسی سکیورٹیز کی حیثیت جنہیں CDC نے کسی بھی اقتضاء کی پیروی میں جو یہ ریگولیشنز (Regulations) جس میں (بلا تحدید) کوئی بھی قانون، رولز یا ریگولیشنز (Regulations) جو فی الوقت نافذ العمل ہوں، کوئی گشتی مراسلہ، یا کسی مجاز اتھارٹی کا حکم یا ہدایت شامل ہے، مقرر کرتے ہیں اسے روک دیا گیا ہو، اس طرح سے کہ ہولڈنگ کا ہولڈر (بشمول کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کے) جس میں کہ سکیورٹیز اس حالت میں رکھی گئی ہوں کہ وہ ان کا معاملہ کرنا ترک کردے گا؛

**مرقومہ مستقبل انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ہدایات:۔** سے مراد اکاؤنٹ کی جانب سے CDS کو ترسیل کردہ ہدایات کہ کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کو مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی ایک اکاؤنٹ سے اسے اکاؤنٹ فیملی کے دوسرے اکاؤنٹ میں آنے والی تاریخ میں منتقل کردے؛

**گلوبل ڈپازٹری رسید ("GDRs"):۔** سے تجارتی بینک یا مالیاتی ادارے کی جانب سے جاری کردہ قابل بیع وشریٰ سرٹیفیکٹ کے برخلاف ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی تعداد کے برابر ہوں جو مذکورہ بینک یا مالیاتی ادارے کے پاس ڈپازٹ ہوں، جو ڈپازٹری کہلاتا ہے، یا اس کا محافظ کہلاتا ہے۔GDRs ایشور (Issuer) کی ایک یا زائد سکیورٹیز کو وصول کرنے کے حق کو ظاہر کرسکتا ہے یا اس کی شہادت دے سکتا ہے۔GDRs میں خرید وفروخت کی ٹرانزیکشن حصص کے کاروبار کی طرح انعقاد پذیر ہوتی ہے؛

**گروپ اکاؤنٹ:۔** سے بک انٹری سکیورٹیز کی ریکارڈنگ کے لئے CDR میں پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے برقرار رکھا گیا اکاؤنٹ مراد ہے، انتفاعی طور پر جس کی ملکیت پارٹیسپنٹ (Participant) کے کلائنٹس کے پاس ہوتی ہے؛

**گروپ اکاؤنٹ کھولنے کی ٹرانزیکشن:۔** حذف شدہ؛

**ہولڈر:۔** سے اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر مراد ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو؛

**ہولڈنگ:۔** سے مراد اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ مراد ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو؛

**ہولڈنگ بیلنس:۔** سے ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی مجموعی تعداد مراد ہے مگر اس میں وہ بک انٹری سکیورٹیز جو کہ ہولڈنگ میں ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن میں داخل کی گئیں شامل نہیں ہیں؛

**ہاؤس اکاؤنٹ:۔** سے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے بک انٹری سکیورٹیز کے لئے CDR میں برقرار رکھا گیا اکاؤنٹ مراد ہے جو انتفاعی طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کی ملکیت ہو؛

**ہاؤس اکاؤنٹ کھولنے کی ٹرانزیکشن:۔** حذف شدہ؛

**شناخت (ID):۔** سے CDC کی جانب سے کسی بھی CDS ایلمنٹ (Element) کو ریگولیشن (Regulation) 7.3.1 کی پیروی میں تعین کردہ کوڈ مراد ہے جو جس سے اسے ترسیل کردہ کسی بھی ٹرانزیکشن کے ماخذ کا تعین کیا جاتا ہے؛

**ہدایات:۔** سے مراد اکاؤنٹ ہولڈر جو کہ ریگولیشن (Regulation) 1. الف 9.3 کی پیروی میں جو کہ CDC کا کلیئرنگ ممبر ہو، وقتاً فوقتاً بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری کی غرض سے اور اس کے اکاؤنٹ سے یا، جیسی بھی صورت ہو، یا NCCPL کے ریگولیشنز (Regulations) یا ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں بطور پارٹیسپنٹ (Participant) اس کے زیر کنٹرول ذیلی اکاؤنٹ سے دیا گیا اختیار یا ناقابل تنسیخ ہدایات مراد ہیں؛

**انٹر اکاؤنٹ ڈیلیوری:۔** ریگولیشن (Regulation) 9.2.1 کی مطابقت میں واقع ہونے والی ہولڈنگ سے (بشمول، جہاں طریقہ ہائے کار کے مطابق قابل اجازت ہو، مرکزی اکاؤنٹ سے) دوسرے اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی بلا معاوضہ ڈیلیوری مراد ہے؛

**انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری:۔** سے ریگولیشن (Regulation) 9.1.1 کی مطابقت میں واقع ہونے والی ایک ہولڈنگ سے دوسرے اسی فیملی اکاؤنٹ کی ہولڈنگ میں بک انٹری سکیوٹیز

کی بلا معاوضہ ڈیلیوری مراد ہے ؛ ان ریگولیشنز (Regulations) میں انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری میں مستقبل کی تاریخ میں وضع کردہ انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری جو کہ مرقوم مستقبل انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ہدایات کی پیروی میں ہو شامل ہے؛

**IAS:۔** سے CDC کا سرمایہ کارا کاؤنٹس سروس ڈیپارٹمنٹ یا کوئی بھی دیگر ادارہ جسے CDC نے مجاز کیا ہو کہ سرمایہ کارا کاؤنٹ سروس فراہم کرے مراد ہے؛

**ایشور معاہدہ:۔** سے معاہدہ ،جو CDC کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کر دہ فارم پر، ایشور(Issuer) کی جانب سے پیشگی شرط کے طور پر CDS میں مذکورہ ایشور(Issuer) کی بک انٹری سکیورٹیز کی شکل میں سکیورٹیز کے اندراج کے لئے شامل ہو مراد ہے؛

**ایشور(Issuer) کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات:۔** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت ایشور(Issuer) کی جانب سے اٹھائی گئی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات مراد ہیں؛

**قرضہ طلبی اکاؤنٹ:۔** حذف شدہ؛

**ممبر تا ممبر قرض اسٹاک ٹرانزیکشن:۔** حذف شدہ؛

**NCSS:۔** سے کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے قائم کردہ قومی کلیئرنگ وسیٹلمنٹ نظام مراد ہے؛

**NCSS کلیئرنگ اکاؤنٹ:۔** حذف شدہ؛

**NCCPL ریگولیشنز (Regulations):۔** سے قومی کلیئرنگ کمپنی کے قومی کلیئرنگ کمپنی پاکستان لمیٹڈ ریگولیشنز (Regulations)، 2003 مراد ہیں، جس میں کمیشن کی جانب سے منظور کردہ اس کی تمام ترمیمات اور نظر ثانیہ اور کوئی بھی ریگولیشنز (Regulations) جو اس کے متبادل کے طور پر وضع کئے گئے، مراد ہیں؛

**NCC بازیافت اکاؤنٹ:۔** سے کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے CDR پر برقرار اکاؤنٹ مراد ہے جیسا کہ ریگولیشن(Regulation)1.الف 6.1 میں حسبِ ذیل غرض کے لئے محولہ ہے:

**(الف)** ریگولیشن(Regulation)9.4.3 کی پیروی میں بک انٹری سکیورٹیز کے وصول کرنے؛اور

(ب) ریگولیشن(Regulation)الف9.4 کی پیروی میں بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری کے لئے؛

**NCC بے باقی اکاؤنٹ:۔** کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے CDR پر برقرار اکاؤنٹ مراد ہے جیسا کہ ریگولیشن (Regulation) 1 .الف 1 . 6میں محولہ ہے ، NCCPLریگولیشنز (Regulations)اور/یا اس کے تحت وضع کردہ طریقہ کار کی شرائط میں بے باقی کا عمل مکمل کرنے پر جیسا کہ بک انٹری سکیورٹیز کی غرض سے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ اکاؤنٹ میں ادا کیا گیا، جو کہ کلیئرنگ ممبر ہے؛

**مرکزی اکاؤنٹ:۔** مرکزی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDR پر برقرار کردہ اکاؤنٹ مراد ہے، جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت جہاں قابل اجازت ہو، بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری کے لئے ترسیلی اکاؤنٹ بالخصوص اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ اکاؤنٹس ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں دوسرے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس سے ان اکاؤنٹ میں حوالہ کی گئی یا شامل کی گئیں۔

**انتہائی محافظت کی حد:۔** محافظت کی غرض کی حیثیت سے، پارٹیسپنٹ(Participant)کے موجودہ سرمایہ موزنیت کی سطح سے 25 گنا جو کہ اسٹاک ایکسچینج کے TRE سرٹیفکیٹ کا حامل ہو، مراد ہے؛

**انتہائی رقم:۔** حذف شدہ؛

**NBFC ریگولیشنز (Regulations):۔** سے غیر بینکار مالیاتی کمپنیات اور مشتہر کردہ اداروں کے ریگولیشنز (Regulations)، 2008 جو کہ کمپنیات آرڈیننس، 1984 (نمبر 47 مجریہ 1984) کی دفعہ ب-282 کے تحت وضع کئے گئے ہوں اور فی الوقت نافذ العمل ان کی ترمیم یا اس کی دوبارہ توضیع قانون مراد ہے؛

**NBFC رولز (Rules):۔** سے غیر بینکار مالیاتی کمپنیات (قیام اور ریگولیشن(Regulation)) قواعد، 2003 جو کہ کمپنیات آرڈیننس، 1984 (نمبر 47 مجریہ 1984) کی دفعہ ب-282 کے تحت وضع کئے گئے ہوں، اور کوئی بھی فی الوقت نافذ العمل ان کی ترمیم یا اس کی دوبارہ توضیع قانون مراد ہے؛

**غیر SLBاہل سکیورٹیز:۔** سے بک انٹری سکیورٹیز جو کہ غیر SLBاہل سکیورٹیز نہ ہوں، مراد ہیں؛

**نوٹس:۔** کا وہی مفہوم ہے جو ریگولیشن(Regulation)2.6.1 میں دیا گیا ہے؛

**حاصل کرنا:۔** سے مراد:

**(الف)** CDC کی کسی بھی رپورٹ کے لئے درخواست، کومقررہ وقت کے اندر ارسال کرنا؛اور

**(ب)** درخواست کے جواب میں CDC کی جانب سے اس رپورٹ کی ترسیل کووصول کرنا؛

**قیمت پیشکش:۔** AMC یا اس کی جانب سے تقرر کردہ تقسیم کار کمپنی کی جانب سے درج کردہ فی یونٹ قیمت جیسا کہ یونٹ کے خریداروں کو یونٹ کی خرید پر قابل ادائیگی ہو؛

**دستاویز پیشکش:۔** سے ایسی دستاویز مراد ہے جو کہ اسکیم کے بارے معلومات پر مشتمل ہو جسے عوام کی جانب سے اس اسکیم کی یونٹوں کی خرید کی دعوت پیشکش کے لئے موزوں بنایا گیا ہو؛

**آغاز کرنا:۔** CDS ایلمنٹ(Element) کی نسبت، CDS ایلمنٹ(Element) مراد ہے جو کسی بھی ٹرانزیکشن کو ارسال کرتے ہیں؛

**حد سے زائد ہونا(overage):۔** سے مراد ایسی صورت جہاں رجسٹر شدہ سکیورٹیز فارم کی کل تعداد جو کہ CDC کے نام پر رجسٹرڈ شدہ ہو یا اس ایکٹ کی دفعہ 14 کی پیروی میں CDC کو جاری کردی گئی ہوں اس نیت سے کہ انہیں CDS میں ڈپازٹ کیا جارہا ہے بک انٹری سکیورٹیز کی کل تعداد جو مذکورہ سکیورٹیز کو CDS پر ظاہر کررہی ہوں کی کل تعداد سے زائد ہو جائیں۔

**حد سے زائد ہونے کا تعین کرنا:۔** کا وہی مفہوم ہوگا جو ریگولیشن(Regulation)13.7.2 میں اسے دیا گیا ہے؛

**پارٹیسپنٹ معاہدہ:۔** سے معاہدہ، جو CDC کی جانب سے، فوقتاً فوقتاً مقرر کردہ فارم پر، جو کسی شخص کی پارٹیسپنٹ(Participant) کی حیثیت سے CDS میں شمولیت کے لئے CDC کے ساتھ بطور پیشگی شرط طے ہوتا ہے مراد ہے؛

**پارٹیسپنٹ کی ذمہ داریاں** سے ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت پارٹیسپنٹ **(Participant)**

**اور تلافی نقصانات:۔** کی جانب سے اٹھائی گئی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات مراد ہیں؛

**فریق:۔** کارروائی یا اپیل کی نسبت سے، اس سے حسبِ ذیل مراد ہے:

**(الف)** CDS ایلمنٹ (Element) جنہیں کارروائی کے دوران خلاف ورزی کا نوٹس دیا گیا تھا؛ یا

**(ب)** CDC یا CDS ایلمنٹ (Element) یا جنہیں اپیل کے دوران اپیل کا نوٹس دیا گیا تھا،

جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو؛

**سہولت ادائیگی:۔** ریگولیشن (Regulation) 10.6.1 کے تحت ایسی متوازی سہولت ادائیگی مراد ہے جیسا کہ CDC مقرر کر سکتی ہے؛

**پینڈنگ DvP درخواست:۔** حذف شدہ؛

**زیر التواء حالت منتقلی:۔** سے ہولڈنگ کی پوزیشن جس میں حسبِ ذیل کی جائز ترسیل کے نتیجے میں کسی بھی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو شامل کیا گیا ہو:

**(الف)** ٹرانزیکشن کی واپسی کی درخواست؛

**(ب)** حقوق اسبسکرپشن کی ٹرانزیکشن کی درخواست؛

**(ج)** انفکاک ٹرانزیکشن کی درخواست؛ یا

**(د)** نشان زدہ ہدایت،

برائے CDS؛

**پلیج (Pledge):۔** سے ریگولیشن (Regulation) 11.1 کی مطابقت میں ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کو گروی حالت میں تحریک دینا مراد ہے؛

**پلیج کال (Pledge call):۔** ریگولیشن (Regulation) 11.3 کی مطابقت میں ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی گروی کی حالت سے منہائی اور دوسرے ہولڈنگ میں قابل دستیاب بیلنس میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز میں اضافہ، مراد ہے؛

**پلیج کال (Pledge call) ٹرانزیکشن:۔** سے پلیج کال (Pledge call) ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ کار میں

وقتاً فوقتاً صراحت کردیا گیا ہے؛

**حالت مرہون**(Pledge Position):۔ سے ہولڈنگ میں وہ پوزیشن جس میں کسی بھی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو کسی بھی پلیج سکیورٹی ٹرانزیکشن کے نتیجے میں حرکت دی جا سکتی ہے جو کہ ریگولیشن(Regulation) 11.1.2 کی شقات (الف)اور(ب) کی مقتضیات کی تعمیل میں CDC کو ترسیل کی گئی ہوں مراد ہیں۔

**پلیج گروپ**(Pledge Group):۔ سے مراد گروپ بندی جو کسی بھی ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کو حالت مرہون (Pledge Position) میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے حق میں رکھنے کے لئے قائم کیا گیا ہو؛

**پلیج گروپ کلوز ٹرانزیکشن:۔** سے پلیج گروپ کلوز ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**پلیج گروپ اوپن ٹرانزیکشن:۔** سے پلیج گروپ اوپن ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**واگزاشت پلیج:۔** سے ریگولیشن(Regulation) 11.2 کی مطابقت میں بک انٹری سکیورٹیز کی پلیج پوزیشن میں ہولڈنگ سے منہائی اور مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کے ہولڈنگ میں قابل دستیاب بیلنس میں اضافہ مراد ہے؛

**واگزاشت پلیج ٹرانزیکشن:۔** سے واگزاشت پلیج ٹرانزیکشن مراد ہے، جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**پلیج سکیورٹی ٹرانزیکشن:۔** سے پلیج سکیورٹی ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**قبل از آغاز ٹیسٹنگ:۔** سے CDC کی ہدایت کے تحت، ٹیسٹنگ مراد ہے، یہ جاننے کے لئے آیا کہ CDS ایلمنٹ (Element) تکنیکی کارکردگی کی مقتضیات کو پورا کرتے ہیں؛

**مقررہ سکیورٹی ٹرانزیکشن:۔** سے ایسی کوئی بھی سکیورٹیز ٹرانزیکشن جو اس ایکٹ کی دفعہ 26 کی ذیلی دفعہ (ا) یا ریگولیشن(Regulation) 3.17 میں بیان کردہ مقتضیات کے لئے اطمینان بخش ہو مراد ہے؛

**صدر:۔** سے ریگولیشن(Regulation)(الف ) 14.2.2 کی مطابقت میں تقرر کردہ انضباطی ٹربیونل کا صدر مراد ہے؛

**طریقہ ہائے کار:۔** سے ریگولیشن(Regulation) 3.7 کے تحت بورڈ کی جانب سے وضع کردہ طریقہ ہائے کار مراد ہے؛

**کارروائی:۔** سے باب 14 کے تحت CDC کی جانب سے CDS ایلمنٹ (Element) کے خلاف کی گئی کارروائیاں اور جن کا آغاز خلاف ورزی نوٹس سے ہوا ہو، مراد ہے؛

**نوٹس عامہ:۔** سے ریگولیشن(Regulation)(ب ) 12.2.1 میں تعریف کردہ نوٹس عامہ مراد ہے؛

**انفکاک پذیر سکیورٹیز:۔** سے انفکاک پذیر سکیورٹیز مراد ہیں بشمول مگر انفکاک پذیر ترمیمی حصص یا کوئی بھی دیگر انفکاک پذیر نصفتی دستاویزات، بانڈز، قرض نامہ، مالیات مدتی سرٹیفکیٹ، شراکت دار مدتی سرٹیفکیٹ، مشارقہ سرٹیفکیٹس، سکوک سرٹیفکیٹس، تجارتی کاغذات اور سرکاری ضمانتوں تک محدود نہ ہوں گے؛

**انفکاک پذیر سکیورٹیز:۔** حذف شدہ؛

**منظوری انفکاک ٹرانزیکشن:۔** سے منظوری انفکاک ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً مصرحہ ہو؛

**انفکاک فارم:۔** سے ریگولیشن(Regulation) 8ه.2.1 کے تحت کسی بھی یونٹ کے انفکاک کے لئے داخل کردہ درخواست فارم مراد ہے؛

**قیمت انفکاک:۔** سے مراد AMC یا اس کی جانب سے تقرر کردہ تقسیم کار کمپنی کی جانب سے اختیار کردہ فی یونٹ قیمت مراد ہے جیسا کہ ہولڈر کی جانب سے اس کی ہولڈنگ میں درج کردہ کسی بھی اکائیوں کی انفکاک پر قابل وصول قیمت پر؛

**انفکاک نامنظوری ٹرانزیکشن:۔** سے انفکاک نامنظوری ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**انفکاک استدعا ٹرانزیکشن:۔** سے انفکاک استدعا ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**رجسٹری شدہ فارم:۔** سکیورٹیز کی بابت سے مراد قانون عنوان کی سکیورٹیز جو مذکورہ سکیورٹیز کے ایشور (Issuer) کی جانب سے ایسی سکیورٹیز کی رجسٹریشن کی منتقلی پر منتقل کی گئی ہوں؛

**قابل اندراج انتقال دستاویزات:۔** سے مراد:

**(الف)** کسی بھی اندراج شدہ فارم کی صورت میں کسی بھی ایشور(Issuer) کی اہل سکیورٹیز، دستاویزات جو مذکورہ سکیورٹیز کے عنوان کی شہادت دے رہی ہوں بمع باضابطہ تعمیل کردہ کے اور مہر شدہ دستاویز منتقلی کے یا انتقال کی دیگر دستاویزات کے جن پر ایشور(Issuer) کی جانب سے انتقال کنندہ کے دستخط کی تصدیق کی گئی ہو؛ یا

**(ب)** ایشور(Issuer) کی جانب سے ان اشخاص کے لئے جو اس کی جانب سے ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی بدل اشتراک کے لئے مستحق ہوں کے لئے بنائی گئی رسمی پیشکش کی صورت میں ایک باضابطہ لاتعلقی کا حقوق نامہ جس پر ایشور(Issuer) کی جانب سے انتقال کنندہ کے دستخط کی تصدیق کی گئی ہو؛

**رجسٹریشن تفصیلات:۔** سے مراد:

**(الف)** فرد واحد کی بابت:

**(اوّل)** نام؛

**(دوم)** پتہ؛

**(سوم)** رہائشی حیثیت؛

**(چہارم)** قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر یا غیر رہائشی پاکستانی کی صورت میں بیرون ملک پاکستان کا قومی شناختی کارڈ نمبر یا غیر ملکی کی صورت میں پاسپورٹ کی تفصیلات؛

**(پنجم)** پیشہ؛ اور

**(ششم)** ای میل پتہ اور ریا فرد واحد کا مقامی موبائل فون نمبر،

**(ب)** کمپنی یا دیگر باڈی کاپوریٹ کی بابت:

**(اوّل)** نام؛

**(دوم)** یوآئی این(UIN)؛

**(سوم)** اندراج شدہ پتہ؛

**(چہارم)** رہائشی حیثیت؛

**(پنجم)** حصہ دار کا درجہ؛ اور

**(ششم)** ای میل پتہ اور ریا کمپنی یا دیگر باڈی کارپوریٹ کا رابطہ شخص کا مقامی موبائل نمبر،

اور دیگر ایسی معلومات شامل ہوں جیسا کہ اکاؤنٹ کھولنے کے ذیلی فارم کے تحت مطلوب ہوں؛

**ریگولیشنز** (Regulations):۔ سے ریگولیشن (Regulation) بشمول کسی ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) مراد ہیں؛

**متعلقہ اخبارات**:۔ حذف شدہ؛

متعلقہ وقت:۔ **(الف) ریگولیشنز** (Regulations) سے 5.5. الف 5.5 اور 8. الف الف 8 کی اغراض کے لئے وقت اور تاریخ مراد ہے جس پر ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کے لئے CDS کی اہلیت کی تنسیخ مؤثر ہوتی ہو؛

**(الف الف)** ریگولیشنز (Regulations) سے الف 5.5 کی اغراض کے لئے اس سے مراد: **(الف)** کاروباری دن پر دن کے اختتام میں حساب کتاب کے گوشوارے کے اختتام سے فوراً قبل یا دیگر ایسی تاریخ جیسا کہ ایشور(Issuer) کی جانب سے متعین کی گئی ہو ریگولیشن(Regulations)1. الف 5.5؛ اور (ب) کے پیراگراف **(الف)** (ب) اور (ج) میں بیان کردہ واقعات کی صورت میں حکم میں صراحت کردہ کاروباری دن یا ریگولیشن(Regulation) 1. الف 5.5 کے پیراگراف (د) (ہ) یا (و) میں اندراج شدہ

واقعات کے لئے قرارداد ااور اگر اسی طرح صراحت نہ کیا گیا ہو تو پھر کاروباری دن پر جس پر مذکورہ قرارداد یا حکم CDC کو پہنچایا گیا ہو؛

(ب) ریگولیشن (Regulation) سے 12.2 کی اغراض کے لئے اس سے مراد CDC کو ریگولیشن (Regulation) 12.2.1 کے تحت دیئے گئے اطلاع نامہ میں ایشور (Issuer) کی جانب سے صراحت کردہ تاریخ ہے؛

(ج) ریگولیشن (Regulation) 3. **الف الف 8** اور ابواب ج 8 اور د 8 کی اغراض کے لئے کاروباری دن میں دن کے اختتام پر حساب کتاب کے گوشوارے کے اختتام سے قبل جس کے لئے متعلقہ موزوں وقت مراد ہے؛ اور

(د) ریگولیشن (Regulations) 12.3 اور 12.4 کی اغراض کے لئے اس دن کے اختتام پر حساب کتاب کے گوشوارے کے اختتام کی تاریخ سے قبل جس کے لئے متعلقہ موزوں وقت مراد ہے؛

**رپورٹ:۔** سے مراد کوئی بھی رپورٹیں جن کے دائرہ کار طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کئے گئے ہیں؛

**پابندی:۔** CDS کی بابت اکاؤنٹ ہولڈر کے روپے کی بابت سے اکاؤنٹ ہولڈر کے CDC کو ٹرانزیکشن یا ٹرانزیکشنز کے درجوں کی منتقلی کے استحقاق پر کوئی بھی حد بندیاں مراد ہیں؛

**حقوق استحقاق:۔** (اوّل) ریگولیشن (Regulations) 3.5. الف الف 8 کی مطابقت میں قرض سے قبل سے مراد سکیورٹیز جن کے لئے ہر ایک ہولڈر بک انٹری سکیورٹیز جو ایشور (Issuer) کے موجودہ سکیورٹیز کی نمائندگی کرتی ہوں توثیق کرنے کا حقدار ہو گا جیسا کہ CDS حساب کتاب کے گوشوارے کے اختتام کی میعاد کے پہلے دن مذکورہ ایشور کی جانب سے

ریگولیشن(Regulations) **1. الف الف8** کی مطابقت میں
اعلان کردہ شرح کی بنیاد پر حساب لگائے گا؛

**(دوم)** ریگولیشن(Regulation)3.5.الف الف8 کی مطابقت میں قرض کے بعد سے مراد بک انٹری سکیورٹیز جو استحقاق کے حقوق کی نمائندگی کرتی ہوں جیسا کہ ہر ایک حامل کے ہولڈنگ میں ظاہر کی گئی ہوں؛

**حقوق اسکرپشن:۔** سے مراد ایک ٹرانزیکشن جو ایک اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDC کو استحقاق

**استدعا ٹرانزیکشن:۔** حقوق کی توثیق کی غرض سے منتقل کئے گئے ہوں؛

**اسکیم یا غیر محدود اسکیم:۔** سے مراد اکائی امانیہ اسکیم جو NBFC ریگولیشن(Regulation) کے تحت تولیت نامہ کے ذریعے تشکیل دی گئی ہو جو اکائیوں کو فروخت کے لئے مسلسل پیش کرتی ہو؛

**دفعہ:۔** سے حسب ذیل مراد ہے:

**(الف)** ایکٹ کی دفعہ؛

**(ب)** کمپنیات آرڈیننس، 1984(47 مجریہ 1984ء) کی دفعہ؛

**(ج)** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس، 1969(نمبر 17 مجریہ 1969) کی دفعہ؛ یا

**(د)** بینکنگ کمپنیات آرڈیننس، 1962ء(نمبر 57 مجریہ 1962ء) کی دفعہ،

جیسا کہ ان ریگولیشن(Regulation) میں صراحت کی جائے گی؛

**سکیورٹیز منسوخی فارم:۔** سے مراد سکیورٹیز منسوخی فارم ہے جیسا کہ ایک اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ریگولیشن(Regulation)الف8.8 کی مطابقت میں CDS سے انفکاک پذیر سکیورٹیز کی منسوخی کی غرض کے استعمال کے لئے وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**سکیورٹیز ڈپازٹ فارم:۔** سے مراد رقم ضمانت فارم جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**سکیورٹیز ویدڈراول فارم:۔** سے مراد واپسی ضمانت فارم جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**تصفیہ کرنے والا بینک:۔** کا وہی مفہوم ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں بیان کیا گیا ہے؛

**SLB اہل سکیورٹیز:۔** کا وہی مفہوم ہوگا جیسا کہ اس کے لئے NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں منسوب کیا گیا ہے؛

**سورس ہولڈنگ:۔** سے مراد کوئی بھی ہولڈنگ جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) میں بطور سورس ہولڈنگ حوالہ دیا گیا ہے؛

**آغازِ یوم:۔** سے مراد کسی بھی کاروباری دن میں صبح کے ۹ بجے یا دیگر وقت جیسا کہ CDC وقتاً فوقتاً متعین کرے؛

**ہنگامی حالت:۔** سے مراد کوئی:

**(الف)** آگ، دھماکہ، زلزلہ، آسمانی بجلی، تسنامی، سیلاب، آندھی، طوفان، بگولہ، ٹائی فون، کیمیائی آلودگی، وبائی مرض، طاؤن، بجلی کا طعطل یا پابندی، مواصلاتی طعطل، حادثہ، جنگ، جنگ کی دھمکی (اعلان کردہ یا غیر اعلان کردہ) حملہ، مسلح تصادم، دشمن کی کارروائی، بندرگاہوں میں جہاز رانی کی ممانعت، رکاوٹ، انقلاب، بلوا، بغاوت، شہری ہلچل، دہشت گردی کی کارروائیاں، تابکاری، آلودگی یا آیونی تابکاری، ہڑتال، حسب قاعدہ کام (منفی عمل کے طور پر) یا سست روی، بائیکاٹ، مزدور کا تنازعہ یا کارروائی، ڈیٹا پروسیسنگ یا دیگر کسی کمپیوٹر سسٹم یا سہولت کی عدم دستیابی، امر ربی یا دیگر کوئی یکساں واقعے؛ یا

**(ب)** دیگر واقع جو CDC کے قابو سے باہر ہو جو CDS کی کارروائیوں کو روکتا ہے یا معنی خیز انداز میں رکاوٹ ڈالتا ہے؛

**ہنگامی حالت کے ریگولیشنز** (Regulations):۔ سے بورڈ کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) (الف) 3.6.1 کے تحت وضع کردہ ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) مراد ہیں؛

**قانونی افعال:۔** سے ایکٹ کی دفعات (ج)(1)9، (د)(1)9، (ہ)(1)9 یا (و)(1)9 میں محولہ کوئی بھی افعال مراد ہیں؛

**قانونی اطلاعات:۔** سے ایکٹ کی دفعات (الف)(1)9 یا (ب)(1)9 میں محولہ کوئی بھی اطلاعات مراد ہیں؛

**اسٹاک دلال:۔** حذف شدہ اسٹاک دلال

**ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کا فارم:۔** سے مراد ایک معیاری فارم ہے جسے کمیشن نے صراحت کیا ہو، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی غرض سے CDS پارٹیسپنٹس

(Participants) کے ذریعے مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے نام سے ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں دستخط کئے جائیں گے۔ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کے لئے فارم کی ایک نقل جیسا کہ کمیشن نے تجویز کیا ہو، ان ریگولیشنز (Regulations) کا حصہ ہوں گی؛

**ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی ٹرانزیکشن:۔** سے ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہو؛

**سبسکرائبر:۔** سے مراد ایک اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر ہے جو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں حقوق استحقاق استعمال کرتا ہے؛

**ٹارگٹ ہولڈنگ:۔** سے مراد کوئی بھی ہولڈنگ جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) میں بطور ٹارگٹ ہولڈنگ حوالہ دیا گیا ہے؛

**تکنیکی اور کارکردگی کی مقتضیات:۔** سے ریگولیشن (Regulation) 7.2.1 میں بیان کردہ CDS ایلمنٹس (Elements) کی مقتضیات مراد ہیں؛

**عارضی اکاؤنٹ:۔** سے مراد ایک اکاؤنٹ جو CDR میں CDS کی جانب سے اس کے اپنے نام سے حسب ذیل غرض کے لئے قائم رکھا ہو:

**(الف)** بک انٹری سکیورٹیز کی حوالگی (جو باقی ترتیب ،حوالگی تصفیاتی کمپنی کی جانب سے ڈیلیوری ٹرانزیکشن کے ذریعے وضع کی گئیں ہو) مذکورہ اکاؤنٹ میں کسی بھی سرمایہ کار اکاؤنٹ کے بند کرنے کے سبب جس میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز حقیقت میں ڈیلیورڈ کرتی تھی کسی بھی شناختی نشان کی ہدایت کی بابت؛ اور

**(ب)** بک انٹری سکیورٹیز کو [مذکورہ بالا شق (الف) کی مطابقت میں ڈیلیوری] طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں نبٹانا؛

**سرمایہ کار کے اکاؤنٹ کی قیود و شرائط:۔** سے ریگولیشنز (Regulations) کے باب 12A میں سرمایہ کار کے اکاؤنٹ کے یا لئے بیان کردہ قیود و شرائط مراد ہیں؛

**تجارت کے بدلے تجارت کی سیٹلمنٹ:۔** کا وہی مفہوم ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں اس کی طرف منسوب کیا گیا ہے؛

**تجارتی حق، استحقاق سرٹیفکیٹ یا ئی TRE سرٹیفکیٹ** سے تجارتی حق سرٹیفکیٹ استحقاق یا TRE سرٹیفکیٹ مراد ہے جیسا کہ اسٹاک ایکسچینج (کارپوریٹائزیشن، ڈی میوچلائزیشن اینڈ اینٹی گریشن) ایکٹ، 2012ء کی دفعہ 2 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (27) میں بیان کیا گیا ہے؛

**تجارتی حق ہولڈر استحقاق سرٹیفکیٹ یا TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر:۔** سے ایک تجارتی حق ہولڈر سرٹیفکیٹ استحقاق یا ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ مراد ہے جیسا کہ اسٹاک ایکسچینج (کارپوریٹائزیشن، ڈی میوچلائزیشن اینڈ اینٹی گریشن) ایکٹ، 2012ء کی دفعہ 2 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (27) میں بیان کیا گیا ہے؛

**ٹرانزیکشن:۔** سے مراد:

**(الف)** ایک برقی پیغام؛ یا

(ب) برقی پیغاموں کے ایک سیٹ،

کی ایک قسم سی ڈی ایس میں استعمال کے طریقہ کاروں میں صراحت کیا گیا ہے؛

**ٹرانسفر ایجنٹ:۔** سے مراد ایک شخص جسے ایک ایشور (Issuer) نے ایسی خدمات پیش کرنے کے لئے ملازم رکھا ہو جیسا کہ ایک ایشور (Issuer) کو منتقلی سکیورٹیز کی رجسٹریشن اور سکیورٹیز کا اجارہ اور پیش کش کے سلسلے میں درکار ہو؛

**ٹرانسفر منظوری ٹرانزیکشن:۔** سے ٹرانسفر منظوری ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**ٹرانسفر فارم:۔** سے مراد ایک درخواست فارم ہے جو ایک اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ سے کسی بھی اکائیوں کو دوسرے اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کے لئے ریگولیشن 8.3ء کے تحت پیش کیا گیا ہو؛

**ٹرانسفر نامنظوری ٹرانزیکشن:۔** سے ٹرانسفر نامنظوری ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**ٹرانسفر استدعا ٹرانزیکشن:۔** سے ٹرانسفر استدعا ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**منتقل الیہ:۔** سے مراد وہ شخص ہے جس کے نام CDS میں کوئی بھی ضمانتیں جمع کی گئی

ہوں CDS سے نکالیں گئی ہوں؛

**ترسیل کرنا:۔** سے مراد ایک پیغام یا دیگر معلومات کو بروئے کار لانا جو CDS ایلمنٹس (Elements) اور CDC کے مابین ابلاغ کے لئے بورڈ کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 7.1.6 کی مطابقت میں منظور کردہ ذریعے بھیجا جائے گا؛

**متولی:۔** سے مراد ایک متولی ہے جسے AMC کی جانب سے NBFC ریگولیشنز (Regulations) کے تحت ایک اسکیم کی بابت تقرر کیا ہو؛

**UIN:۔** سے مراد بے مثل شناختی نمبر ہے جسے کلیئرنگ کمپنی نے جاری کیا ہو؛

**انڈر ایج (Underage):۔** سے مراد معاملہ جہاں سکیورٹیز کے رجسٹرڈ فارم کی کل تعداد جو CDC کے نام سے رجسٹرڈ ہوں یا جو ایکٹ کی دفعہ 14 کی مطابقت میں CDC کو جاری کئے گئے ہوں CDS میں جمع کئے جانے کے ارادے سے جو بک انٹری سکیورٹیز کی کل تعداد سے کم ہوں CDR میں مذکورہ سکیورٹیز کی نمائندگی کرتی ہوں؛

**انڈر ایج کا تعین:۔** کا وہی مفہوم ہوگا جو اس ریگولیشن (Regulation) 13.7.6 میں دیا گیا ہے؛

**اکائی (unit):۔** سے مراد ضمانت ہے جو ایک اسکیم کے تحت AMC نے فروخت کے لئے مسلسل پیش کی ہو جو مذکورہ ضمانت کے ہولڈر کو طلب کرنے پر اسکیم کے خالص اثاثوں میں اس کا متناسب حصہ حاصل کرنے کا استحقاق دیتا ہے جس کا تخمینہ تولیت نامہ اور مذکورہ اسکیم کے پیش کش کی دستاویزات میں لگایا گیا ہو؛

**جائز:۔** سے ٹرانزیکشن کے ہر ایک لازمی اور اختیاری دائرہ کار کے طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں تکمیل مراد ہے؛

**ضمانت دہی اور استثنیٰ کی شرط:۔** سے حسبِ ذیل کی شرط مراد ہے:

**(الف)** اکاؤنٹ ہولڈر کی ضمانت دہی اور استثنیٰ؛

**(ب)** ایشور (Issuer) کی ضمانت دہی اور استثنیٰ؛

**(ج)** CDC استثنیٰ؛ یا

**(د)** پارٹیسپنٹ (Participant) کی ضمانت دہی اور استثنیٰ؛

**بازخواست منظوری ٹرانزیکشن:۔** سے مراد بازخواست منظوری ٹرانزیکشن ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**بازخواست التواء ترتیب:۔** سے ایک اجارہ میں ترتیب مراد ہے جس میں بک انٹری سکیورٹیز کی کسی بھی تعداد کا بطور CDC کو استدعا جائز بازخواست کی ترسیل کے نتیجے کے طور اندراج کیا گیا ہو؛

**بازخواست نامنظوری ٹرانزیکشن:۔** سے بازخواست نامنظوری ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**بازخواست استدعا منسوخی ٹرانزیکشن:۔** سے بازخواست استدعا منسوخی ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**بازخواست استدعا ٹرانزیکشن:۔** سے بازخواست استدعا ٹرانزیکشن مراد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں وقتاً فوقتاً صراحت کیا گیا ہے؛

**بازخواستگی اکاؤنٹ ہولڈر:۔** سے مراد اکاؤنٹ ہولڈر ہے جو CDS سے کسی بھی سکیورٹیز کی بازخواست کا طریق عمل کرتا ہے؛

## باب 3: سنٹرل ڈپازٹری

### 3.1 CDS کا قیام اور آغازِ نفاذ

3.1.1 CDC, CDS کو قائم کرے گی جو اسے ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں برقرار رکھے گی۔

3.1.2 CDC حسبِ ذیل کو نوٹس دے گی:

(الف) کمیشن کو؛

(ب) ہر ایک اسٹاک ایکسچینج کو؛ اور

(ج) تمام CDS ایلمنٹس (Elements) کو،

یہ کہ نوٹس میں صراحت کردہ تاریخ سے CDS آپریشنل ہوگا۔

3.1.3 ریگولیشن (Regulation) 3.1.2 کے تحت دیئے گئے نوٹس میں صراحت کردہ تاریخ مذکورہ کاروباری دن ہوگا جیسا کہ بورڈ اپنی صوابدید پر ریگولیشن (Regulation) 3.1.4 کے تابع، CDS کے آغازِ نفاذ کی تاریخ ہونے کے لئے متعین کرے گا۔

3.1.4 ریگولیشن (Regulation) 3.1.2 کے تحت نوٹس میں صراحت کردہ تاریخ جیسا کہ CDS کے آغازِ نفاذ کی تاریخ ہے اس تاریخ سے جس سے نوٹس دیا گیا ہو ۳۰ کاروباری ایام سے کم نہیں ہوگی۔

### 3.2 CDC کے کارہائے منصبی

3.2.1 CDC کے کارہائے منصبی حسبِ ذیل ہیں:

(الف) CDS کو قائم کرنا اور انتظام چلانا؛

(ب) بک انٹری سکیورٹیز کی الیکٹرانک ڈیلیوری (Deliveries) کو مؤثر بنانے کے لئے سہولتیں فراہم کرنا؛

(ج) بک انٹری سکیورٹیز کی ضمانتوں کی بابت رہن کو مؤثر بنانے کے لئے سہولتیں فراہم کرنا؛

(د) CDS ایلمنٹس (Elements) اور دیگر اشخاص کو ایکٹ اور ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں بک انٹری سے متعلق معلومات فراہم کرنا؛

(ہ) ایسی دیگر سہولتیں اور خدمات فراہم کرنا جیسا کہ CDC میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی مطابقت میں وقتاً فوقتاً متعین کرے؛

(و) بالا پیراگراف (الف) تا (ہ) میں بیان کردہ کارہائے منصبی کو عمل میں لانے کے لئے کمیشن، بینک دولت پاکستان اور اسٹاک ایکسچینج کے ساتھ تعاون کرے اور ایسی معاونت فراہم کرے جیسا کہ کمیشن، بینک دولت پاکستان اور اسٹاک ایکسچینجز کو ایکٹ یا فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی قانون کے تحت ان کے کارہائے منصبی کو عمل میں لانے کے لئے درکار ہوں؛

## 3.3 CDC کے اختیارات

3.3.1 CDC کے پاس ایسے اختیارات ہیں جیسا کہ اس کو حسب ذیل کے تحت یا اس کے ذریعے عطاء کئے گئے ہیں؛

**(الف)** ایکٹ؛

**(ب)** ان ریگولیشنز (Regulations)؛ یا

**(ج)** CDS ایلمنٹ (Element) یا دیگر کسی شخص کے ساتھ کوئی معاہدہ یا انتظام۔

3.3.2 بجز اس کے کہ منشاء کے خلاف ظاہر ہو تو، CDC کو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت عطاء کردہ اختیارات ایسے طریقہ کار میں استعمال کئے جائیں گے جیسا کہ بورڈ اس واسطے وقتاً فوقتاً مقرر کرے۔

3.3.3 اگر ان میں سے کسی بھی ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDC یا بورڈ کو CDS یا دیگر دستاویزات کی بابت کسی بھی ہنگامی ریگولیشنز (Regulations)، طریقہ کار، تصریحات، ارادے، جدول، شرائط یا پابندیاں، وضع کرنے، جاری کرنے یا لاگو کرنے کا اختیار ہو (اس ریگولیشن (Regulation) میں 3.3.3 جو اجتماعی طور پر ''دستاویزات'' کہلاتے ہیں) اس اختیار میں کسی بھی ایسی دستاویزات کو ایسے طریقہ کار میں ایسی شرائط سے مشروط (اگر کوئی ہوں) منسوخ، کالعدم، ردوبدل، مسترد کرنے کا بھی اختیار شامل ہے۔

3.3.4 ریگولیشنز (Regulations) 3.3.6، 3.3.7 اور 3.3.8 کے تابع، بورڈ کسی بھی شخص

یا اشخاص کے گروپ کو ان ریگولیشن(Regulation) کی شرائط کی تعمیل سے خواہ عام طور پر یا ایک خاص معاملے میں اور خواہ غیر مشروط یا ایسی شرائط سے مشروط جیسا کہ بورڈ موزوں سمجھے استثنیٰ دے سکتا ہے۔

3.3.5 ریگولیشن(Regulation) 3.3.4 کے تحت لاگو کردہ شرط کی تعمیل میں ناکامی اس ریگولیشن(Regulation) کی خلاف ورزی ہے۔

3.3.6 بورڈ کسی بھی شخص یا اشخاص کے گروپ کو ریگولیشن(Regulation) 3.3.4 کے تحت حسب ذیل کی تعمیل کی ذمہ داری سے استثنیٰ نہیں دے گا:

**(الف)** ضمانت اور استثنیٰ کی شرط سے؛

**(ب)** شرط جو ذیل کی بابت اقدام کرے:۔

**(اوّل)** اہل سکیورٹیز کی دستاویزات شہادتی ملکیت کی منسوخی جو CDS میں ڈپازٹ کی گئی ہوں؛

**(دوم)** مذکورہ دستاویزات شہادتی ملکیت کی منسوخی کے ضمنی اُمور؛

**(ج)** ریگولیشن(Regulation)4.10 کے تابع اس باب اور ابواب 4، 13، 14 اور 15 کی شرط فراہم کرتی ہے کہ بورڈ کسی بھی شخص کو ریگولیشن(Regulation)14.12.1 کے پیراگراف (ج) کے تحت ادا شدہ ہرجانے میں مکمل یا جزوی معافی عطاء کر سکے گا یا چیف ایگزیکٹو افسر کو عام طور مجاز کرے یا کسی بھی شخص یا اشخاص کے گروپ کو مذکورہ ختم شدہ ہرجہ میں ایک وقت کی مکمل یا جزوی معافی عطاء کر سکے گا؛ یا

**(د)** ریگولیشنز (Regulations)5.3، 5.4 اور 5.5۔

3.3.7 بورڈ اس میعاد کی صراحت کر سکے گا جس کے دوران کسی بھی ذمہ داری سے برأت جو ان ریگولیشنز (Regulations) کی کسی شرط کی تعمیل کے لئے لاگو کی جائے گی۔ اگر بورڈ:

**(الف)** میعاد کی صراحت نہیں کرتا ہے تو میعاد 30 کاروباری ایام ہوگی؛ یا

**(ب)** میعاد کی صراحت کرتا ہے تو میعاد 30 کاروباری ایام سے زیادہ نہیں ہوگی، تاوقتیکہ:

(ج) ریگولیشن(Regulation)3.3.8لاگو ہوتا ہو؛یا

(د) (اوّل) CDC کمیشن کو میعاد کی مجوزہ توسیع کی میعاد کے اختتام سے کم از کم 5 کاروباری ایام قبل نوٹس دیتی ہے؛اور

(دوم) میعاد کے اختتام سے قبل کمیشن CDC کو مشورہ نہیں دیتا کہ اس کو میعاد میں توسیع پر اعتراض ہے۔

3.3.8 اگر بورڈ کسی بھی شخص یا اشخاص کے گروپ کو ریگولیشن(Regulation) 3.3.4 کے تحت ان ضوابط کی شرائط کی تعمیل کی کسی بھی ذمہ داری سے مستقل طور پر استثنیٰ کا ارادہ کرتا ہے خواہ ریگولیشن(Regulation)3.3.7 کے تحت استثنیٰ دیا گیا ہو یا نہیں:

(الف) CDC کمیشن کو مجوزہ استثنیٰ کی متعلقہ تفصیلات اور وجوہات کا نوٹس دے گی؛اور

(ب) استثنیٰ مؤثر نہیں ہوگا،اگر نوٹس دیئے جانے کے بعد 15 کاروباری ایام کے اندر کمیشن CDC کو مشورہ دیتا ہے کہ اسے مجوزہ استثنیٰ پر اعتراض ہے۔

3.3.9 CDC بورڈ کی جانب سے ریگولیشن(Regulation)3.3.4 کے تحت دی گئی استثنیٰ کی تفصیلات کے اندراج کے لئے ایک رجسٹر تیار کرے گا اور برقرار رکھے گا۔

3.3.10 اگر بورڈ کسی بھی شخص یا اشخاص کے گروپ کو ریگولیشن(Regulation)3.3.4 کے تحت ان ریگولیشنز (Regulations) کی شرائط کی تعمیل کی کسی بھی ذمہ داری سے استثنیٰ دیتا ہے تو CDC ریگولیشن(Regulation)3.3.9 کے تحت برقرار رکھے گی رجسٹر میں حسبِ ذیل تفصیلات درج کریں گے:

(الف) تاریخ جس سے استثنیٰ مؤثر ہوتا ہے؛

(ب) شخص یا اشخاص کا گروپ جنہیں ذمہ داری سے استثنیٰ دیا گیا ہے؛

(ج) حکم جس کے لئے استثنیٰ لاگو ہوتا ہے؛

(د) استثنیٰ کے لئے مختصر وجوہات؛اور

(ہ) کوئی بھی شرط جو استثنیٰ کے لئے لاگو ہوتی ہے۔

3.3.11 ریگولیشن(Regulation) 3.3.9 کے تحت برقرار رکھا گیا رجسٹر CDC کے کاروبار

کے صدر مقام پر رکھا جائے گا اور تمام کاروباری اوقات کے دوران کسی بھی شخص کے معائنے کے لئے کھلا رکھا جائے گا۔

## 3.4 تفویض اختیارات وکارہائے منصبی

3.4.1 بجز اس کے کہ منشاء کے خلاف ظاہر ہو تو، بورڈ یا CDC ان ضوابط کے تحت حسبِ ذیل کو اپنے کوئی سے بھی اختیارات اور کارہائے منصبی تفویض کر سکے گی:

**(الف)** چیف ایگزیکٹو افسر؛ یا

**(ب)** CDC کے کسی بھی ایک یا ایک سے زائد دیگر افسران۔

3.4.2 جہاں بورڈ یا CDC ریگولیشن (Regulation) 3.4.1 کی مطابقت میں اپنے کوئی سے بھی اختیارات یا کارہائے منصبی تفویض کرتا ہے تو، وہ ان مختار کنندگان کو مجاز کر سکتے ہیں کہ کسی بھی تفویض شدہ اختیارات کو مزید تفویض کریں۔

3.4.3 تفویض اختیار یا کار منصبی، یا اختیارات یا کارہائے منصبی کی مصرحہ قسم کو چاہے عمومی طور پر یا جیسا کہ بصورت دیگر شرائط تفویض کی رو سے فراہم کیا گیا ہو وضع کر سکے گا۔

3.4.4 اگر کوئی بھی اختیار یا کار منصبی تفویض کیا گیا ہو تو:

**(الف)** مختار کی جانب سے اختیار یا کار منصبی کی ادائیگی یا استعمال CDC یا بورڈ کی جانب سے ادا کردہ یا استعمال کردہ لیا جائے گا جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو۔

**(ب)** مختار، CDC یا بورڈ کی جانب سے اختیار یا کار منصبی کے انجام دینے یا استعمال کرنے میں رکاوٹ نہیں ڈالے گا، جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو۔

**(ج)** جہاں انجام دہی یا استعمال CDC یا بورڈ کی رائے، یقین یا ذہنی کیفیت پر انحصار کرتا ہو، جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو تو، اختیار یا کار منصبی کو مختار کی رائے، یقین یا ذہنی کیفیت پر مختار کی جانب سے انجام دیا یا استعمال کیا جا سکے گا۔

## 3.5 ریگولیشن (Regulation) کا واجب التعمیل اثر:۔

3.5.1 ریگولیشنز (Regulations) 3.5.2 اور 3.5.3 وضع کئے گئے کہ طریقہ کار مرتب کیا جائے

جس میں اقرارنامہ کے ذریعے تشکیل کردہ معاہدہ پر عمل ہوگا۔

3.5.2 یہ ریگولیشنز (Regulations) (علاوہ ازیں ذمہ داری اور تلافی نقصان کی شرط کے) فی الوقت CDC اور تمام CDS ایلمنٹس (Elements) کے مابین معاہدہ پر اثر رکھتے ہیں، جس کے تحت:

**(الف)** ہر CDS ایلمنٹ (Element) جو CDC کے ساتھ معاہدہ کرے تو ریگولیشنز (Regulations) پر عمل کرے گا، اور وجوبات کی تعمیل کرے جو ریگولیشن (Regulation) CDS ایلمنٹ (Element) پر عائد کرنے کا منشاء رکھتے ہیں، ایسے طریقہ کار میں جو ریگولیشنز (Regulations) کے ذریعے فراہم کیا گیا ہو؛ اور

**(ب)** ریگولیشنز (Regulations) 3.11 اور 3.12 کے مطابق، CDC ہر CDS ایلمنٹ (Element) کے ساتھ معاہدہ کرتا ہے تو ریگولیشنز (Regulations) پر عمل کرے گا، اور وجوبات کی تعمیل کرے گا، جو ریگولیشنز (Regulations)CDC پر عائد کرنے کا منشاء رکھتے ہیں، ایسے طریقہ کار میں جو ریگولیشنز (Regulations) کے ذریعے سے فراہم کیا گیا ہو۔

3.5.3 CDC اور CDS ایلمنٹس (Elements) (علاوہ ازیں ذمہ داری اور تلافی نقصان ہنگامی حالت یا ریگولیشن (Regulation) کے حکم کے) ریگولیشن (Regulation) کی تعمیل کرنے میں ناکامی کے مستوجب نہیں ہوں گے، اگر، اور اس حد تک کہ جس میں، ہنگامی حالت کی وجہ سے تعمیل کرنے میں تاخیر ہو چکی ہو، اس میں مداخلت کی گئی ہو، یا کمی کی گئی ہو یا رکاوٹ ڈالی گئی ہو۔

3.5.3الف CDC کسی بھی CDS ایلمنٹس (Elements)، کسی بھی سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر یا کسی بھی ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر یا کسی بھی دیگر شخص، کمپنی یا دیگر ادارہ جو کوئی بھی ہو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت یا کسی بھی قابل اطلاق اقرارناموں یا قیود و شرائط کے تحت اپنے کارہائے منصبی اور ذمہ داریوں کی انجام دہی میں کسی بھی ناکامی یا تاخیر کے لیے

یاCDS کی کسی بھی ناکامی، خرابی (بگاڑ) یا معطلی کے لیے مستوجب نہ ہوگی اگر مذکورہ ناکامی، تاخیر، بگاڑ یا معطلی CDC کے مناسب کنٹرول سے باہر ہنگامی حالت کے وقوع پذیر ہونے سے ہو، یا کسی بھی دیگر واقعات یا حالات یا واقعات وحالات کے ملاپ سے بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر منسوب کرنے کے لائق ہو۔ کسی بھی دیگر ریگولیشن (Regulation) کے باوجود، یہ ریگولیشن (CDC(Regulation اور تمام CDS ایلمنٹس (Elements)، سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز اور ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور تمام دیگر اشخاص، کمپنیوں اور اداروں کے مابین معاہدہ پر اثر رکھتے ہیں جن کو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت یا CDC کے ساتھ ان کی جانب سے اس میں شامل کردہ کسی بھی اقرار نامے کے تحت یا کسی بھی قابل اطلاق قیود وشرائط کے تحت کوئی بھی حقوق حاصل ہوں۔

3.5.4 ایشور (Issuer) کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات ایشور (Issuer) اور CDC کے درمیان معاہدہ پر اثر رکھتی ہیں۔

3.5.5 اکاؤنٹ ہولڈر کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات اکاؤنٹ ہولڈر، CDC اور ہر ایشور (Issuer) کے درمیان معاہدہ پر اثر رکھتی ہیں۔

3.5.6 CDC کا تلافی نقصان CDC اور ہر CDS ایلمنٹ (Element) کے درمیان معاہدہ پر اثر رکھتا ہے۔

3.5.7 پارٹیسپنٹ (Participant) کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات پارٹیسپنٹ، CDC، ہر ایک ایشور (Issuer) اور ہر ایک دیگر ہولڈر شخص کے درمیان معاہدہ پر اثر رکھتی ہیں۔

## 3.6 <u>ریگولیشنز (Regulations) برائے ہنگامی حالت</u>

3.6.1 ہنگامی حالت کی صورت میں:

**(الف)** بورڈ مستعدی سے ہنگامی حالت سے نمٹنے کی غرض سے اور CDC اور CDS ایلمنٹس (Elements) کے مفادات کا تحفظ کرنے کے لیے ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) وضع کر سکے گا؛ اور

**(ب)** بورڈ یہ ضروری سمجھے تو ہنگامی حالت سے نمٹنے کی غرض سے کوئی بھی دیگر کارروائی

کر سکتا ہے یا کرنے کا مجاز ہوسکتا ہے، بشمول:۔

**(اوّل)** ایسی کارروائی جو کہ ان ریگولیشنز (علاوہ ازیں ریگولیشنز (Regulations) 3.6.1 تا 3.6.6) سے متناقض ہو؛ اور/ یا

**(دوم)** ایک یا زائد اشخاص کے لیے کسی بھی CDS سہولیات اور خدمات کی فراہمی کو معطل کرنے کی بابت۔

3.6.2 بورڈ مدت کی صراحت کر سکے گا جس کے دوران کوئی بھی ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) نافذ العمل رہیں گے، لیکن مدت 30 کاروباری ایام سے زائد نہ ہوگی جو مذکورہ مدت یا میعاد کے لیے قابل توسیع ہوگی جیسا کہ کمیشن منظوری دے سکتا ہے۔ اگر بورڈ مدت کی صراحت نہیں کرتا جس کے دوران کوئی بھی ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) نافذ رہیں گے تو ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) 30 کاروباری ایام کے لیے نافذ العمل رہیں گے۔

3.6.3 ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) اور ان ریگولیشنز (Regulations) کے مابین کسی بھی اختلاف کی صورت میں، ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) رائج ہوں گے۔

3.6.4 CDC تمام CDS ایلمنٹس (Elements) اور کمیشن کو کسی بھی ریگولیشنز (Regulations) برائے ہنگامی حالت سے مطلع کرے گی۔

3.6.5 CDC کسی بھی ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) کی تفصیلات کا اندراج کرنے کے لیے رجسٹر قائم اور درست حالت میں رکھے گی جو بورڈ کی رائے میں موجود ہونا تجویز کیا گیا ہو۔

3.6.6 اگر بورڈ ہنگامی حالت کے وجود کا تعین کرتا ہے تو، جتنا جلد مناسب طور پر قابل عمل ہو سکے، وہ ریگولیشن (Regulation) 3.6.5 کے تحت قائم شدہ رجسٹر میں حسب ذیل تفصیلات درج کرے گا:

**(الف)** تاریخ جس میں ہنگامی حالت وجود میں آئی ہو؛

**(ب)** شخص یا اشخاص کا گروپ جو ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) سے متاثر ہوئے ہوں؛

(ج) ان ریگولیشنز (Regulations) کی شرائط جو ہنگامی حالت کے ریگولیشنز (Regulations) کے ذریعے سے معطل ہوئیں ہوں؛

(د) مختصر حالات جس کی بنیاد پر بورڈ نے فیصلہ کیا کہ ہنگامی حالت موجود تھی؛اور

(ہ) کوئی بھی دیگر اقدامات جو ہنگامی حالت کے وجود کے نقطہ نظر سے بورڈ کی جانب سے کیے گئے ہوں۔

3.6.7 ریگولیشنز (Regulations) 3.6.5 کے تحت قائم شدہ رجسٹر CDC کے کاروبار کے صدر مقام پر رکھا جائے گا اور عام کاروباری اوقات میں کسی بھی شخص کے معائنہ کے لیے کھلا رہے گا۔

3.6.8 CDS ایلمنٹ (Element) جو کسی بھی حالت سے آگاہ ہو جو کہ ہنگامی حالت کی طرف اسے لے جائے تو CDC کو فوری طور پر اس سے مطلع کرے گا۔

## 3.7 طریقہ ہائے کار

3.7.1 بورڈ CDS میں رپورٹوں کی ٹرانزیکشنز اور اس کے خصائص کا ڈھانچہ تجویز کرنے کے لیے، اور تمام دیگر امور کے لیے طریقہ کار وضع کر سکے گا جس کے لیے بورڈ سمجھتا ہو کہ یہ ضروری ہے یا موزوں ہے کہ اس کو مؤثر بنانے کے لیے طریقہ ہائے کار کی وضاحت کی جائے نافذ العمل یا کوئی دیگر قوانین، قواعد اور ریگولیشنز (Regulations) کی اغراض کی بجا آوری کے لیے اور اس پر اثر انداز ہونے کی غرض سے یہ طریقہ کار تجویز کرنا ضروری یا موزوں ہو جیسا کہ CDS کی کارروائیوں میں قابل عمل، یا لازمی ہو، مزید برآں، کوئی بھی مذکورہ طریقہ ہائے کار فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قوانین، رولز (Rules) اور ریگولیشنز (Regulations) سے متضاد نہیں ہوگا۔

3.7.2 کسی شخص کی جانب سے طریقہ ہائے کار کے کسی بھی حصہ کی تعمیل کرنے میں ناکامی ریگولیشنز (Regulations) کی خلاف ورزی ہوگی۔

3.7.3 CDC طریقہ کار میں تبدیلیاں نافذ کرنے سے قبل CDS ایلمنٹس (Elements) کو ایسا نوٹس دے گی جیسا کہ حالات میں مناسب ہو۔

3.7.4 حذف شدہ۔

## 3.8 CDC فیسیں اور چارجز

3.8.1 بورڈ، کمیشن کی پیشگی منظوری سے، CDC کی جانب سے فراہم کردہ سہولیات اور خدمات کے لیے واجب الادا فیسیں اور چارجز کی صراحت کرتے ہوئے فیسیں اور ڈپازٹس جدول وضع کرے گا، اور وقت جس حد تک، یا مدت جس کے اندر، فیسیں اور چارجز ادا کیے جانے چاہیں۔

3.8.2 CDC کی جانب سے اسے فراہم کردہ سہولیات اور خدمات کے بعوض، ہر CDS ایلمنٹ (Element) فیسیں اور ڈپازٹس جدول کی مطابقت میں CDC کو اس کی طرف سے عائد کردہ فیسیں اور چارجز ادا کرے گا۔

3.8.3 فیسیں اور ڈپازٹس جدول میں CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے ناکامی کی وجہ سے CDC کی جانب سے اٹھائے گئے خرچے، ہرجانہ اور اخراجات کو وصول کرنے کے لیے عائد کردہ فیسیں اور چارجز شامل کیے جاسکتے ہیں تاکہ ان ریگولیشنز (Regulations) کی تعمیل کی جائے۔

3.8.4 فیسیں اور ڈپازٹس جدول میں CDS ایلمنٹس (Elements) کے مختلف درجوں میں رکھی گئیں رقوم شامل ہوسکتی ہیں جو مخصوص درجے میں CDS میں ان کی شمولیت کے وقت پر CDC کے ساتھ تحفظ ضمانتی کے ذریعے سے ہوں۔ مذکورہ رقوم کو CDC کی جانب سے کسی بھی غرض کے لیے جو کوئی بھی ہو استعمال کیا جاسکے گا اور اس درجے میں شمولیت کے اختتام کے وقت پر CDC کے ذریعے سے CDS کو قابل واپسی ہوں گی جس میں وہ ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں یا اس کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کے خاتمہ پر واجب الادا فیسیں اور چارجز کے اکاؤنٹ پر یا CDS ایلمنٹ (Element) کے خاتمہ پر ناکامی کی وجہ سے CDC کی جانب سے برداشت کیے گئے اور اٹھائے گئے نقصانات، ہرجانے، خرچے اور اخراجات پر ایسی منہائیاں ہونے کے بعد درخواست دے سکتے ہیں تاکہ CDS میں ان کی شمولیت کی مدت کے دوران ان ریگولیشنز (Regulations) کی تعمیل کی جائے۔

3.8.5 CDC جدول میں فیسیں اور ڈپازٹ میں کسی بھی تبدیلی کے اطلاق سے قبل اُن تبدیلیوں سے متعلقہ CDS ایلمنٹس (Elements) کو فوری طور پر مطلع کرے گی۔

## 3.9 مقررہ اوقات کا جدول

3.9.1 بورڈ مقررہ اوقات کا جدول وضع کرے گا جو ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں CDC میں کسی بھی رپورٹس کی درخواستوں یا کسی بھی ٹرانزیکشن کی ترسیل سے متعلق مقررہ اوقات کی صراحت کررہا ہو۔

3.9.2 جہاں:

**(الف)** کوئی بھی ریگولیشن (Regulation) مقررہ وقت کی صراحت کرے جس کے اندر معاملہ یا رپورٹ کی درخواست ارسال کی جاسکتی ہو؛ اور

**(ب)** ترسیل جو اس مقررہ وقت کے بعد کی گئی ہو،

**تب:**

**(ج)** CDC ترسیل مسترد کردے گی؛ اور

**(د)** CDS ایلمنٹ (Element) کے آغاز کو مسترد کرنے سے مطلع کرے گا۔

3.9.3 CDC ان تبدیلیوں کو نافذ کرنے سے قبل مقررہ اوقات کے جدول میں متعلقہ CDS ایلمنٹس (Elements) کی کسی بھی تبدیلیوں کو فوری طور پر مشتہر کرے گی۔

## 3.10 CDC کا تلافی نقصان

3.10.1 ریگولیشنز (Regulation) 3.11,3.10 اور 3.12 کا مقصد اُن حالات کو بیان کرنا ہے جس میں CDC، CDS ایلمنٹ (Element) یا دیگر شخص کو تلافی کا مستوجب ہو سکے گا جو نقصان CDC کے کسی بھی فعل یا ترک فعل کے وجود میں آنے سے ہوا ہو۔

3.10.2 ریگولیشنز (Regulations)3.10(علاوہ ازیں ریگولیشنز (Regulation)3.8.10 )، 3.11 اور 3.12 کے مطابق، اگر:

**(الف)** CDC کسی بھی معاملہ سے متعلق ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت

میں رپورٹ ارسال کرے گی یا کوئی بھی کارروائی کرے گی جو کہ اسے ارسال کی گئی ہو، جیسی بھی صورت ہو؛

(ب) رپورٹ یا کارروائی، جیسی بھی صورت ہو:

(اوّل) غلطی سے ارسال کی گئی ہو یا کی جا چکی ہو، جیسی بھی صورت ہو؛ یا

(دوم) رپورٹ یا کارروائی غلطی پر مبنی ہو، جیسی بھی صورت ہو،

CDC کی جانب سے یا غفلت سے کسی بھی بے جا فعل یا ترک فعل کی وجہ سے ہوئی ہو؛ اور

(ج) CDS ایلمنٹ (Element) جس میں یا CDC جس کی بابت:

(اوّل) غلط کارروائی کی گئی ہو جو غلطی کی وجہ سے نقصان پہنچائے؛ یا

(دوم) غلطی سے رپورٹ ارسال کی گئی ہو اور CDS نے رپورٹ پر بھروسہ کیا ہو اور غلطی کی وجہ سے نقصان پہنچے تو،

CDC اس نقصان کے لیے CDS ایلمنٹ (Element) کو معاوضہ دے گی، لیکن:

(د) اس نقصان کے لیے CDC کی جانب سے واجب الادا معاوضہ کی کسی بھی رقم میں اس حد تک تخفیف کر دی جائے گی جو غلطی CDS کی جانب سے غفلت کے طرز عمل یا ترک فعل کے باعث یا اس کی وجہ سے ہو یا ان ریگولیشنز (Regulations) کی خلاف ورزی کی گئی ہو؛ اور

(ہ) اگر CDC اس ریگولیشن (Regulation) 3.10.2 کے تحت اس شخص کو اپنے وجوب کی انجام دہی میں CDS ایلمنٹ (Element) کو ادائیگی کرتی ہے تو، CDC تمام حقوق کو منتقل کرے گی جو کہ مذکورہ شخص کے معاملہ سے متعلق کسی بھی دوسرے شخص کے خلاف رکھ سکتا ہے جو کہ CDC کے خلاف معاملہ کا امر موضوعہ تھا۔

3.10.3 ریگولیشن (Regulation) 3.10.2 میں شامل تلافی نقصان لاگو نہیں ہوتا اگر رپورٹ میں شامل غلط معلومات CDC کو یا CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے کسی دوسرے شخص کو فراہم کی گئیں معلومات سے اخذ کی گئیں ہوں۔

3.10.4 اس ریگولیشن (Regulation) 3.10 میں شامل تلافی نقصانات کسی بھی نقصانات، ہرجانے، خرچے یا اخراجات پر قابل اطلاق نہ ہوں گے جو CDS کی جانب سے برداشت کیے گئے ہوں یا اٹھائے گئے ہوں اس حد تک کہ مذکورہ نقصانات، ہرجانے، خرچے یا اخراجات سے گریز کیا جاسکتا تھا اگر CDS ایلمنٹ (Element) نے مصلحت اندیش طریقے کے مطابقت میں مناسب طور عمل کیا ہوتا۔

3.10.5 اگر ریگولیشنز (Regulations) 3.11,3.10 یا 3.12 کے حکم کی منشاء CDC کو ذمہ داری سے استثناء دینا یا اس کی ذمہ داری کو محدود کرنا ہے، تو حکم کا مقصد قانون کے مطابق کل حد تک عمل کرنا ہے، مگر اسے قانون کی رو سے عائد کردہ کسی بھی حکم کے مطابق پڑھا جائے۔

3.10.6 ان ریگولیشنز (Regulations) میں CDC کو قابل اطلاق ذمہ داری سے یا اس کے حکم کے ہر استثناء میں CDC کے ہر افسر، ملازم یا ایجنٹ کو اور کسی بھی کنٹریکٹر کو جو CDS سے متعلق خدمات انجام دینے کے لیے CDC کی جانب سے مشغول کیا گیا ہو تحفظ دینے کے لیے بھی وسعت دی جائے گی۔

3.10.7 ہر CDS ایلمنٹ (Element) اور CDC اقرار کرتی ہے کہ کمیشن CDS کے سلسلے میں CDC کے کسی بھی فعل یا ترک فعل سے متعلق اور قانون کی رو سے اجازتی کلی حد تک CDS کی انتظامیہ کے کسی بھی پہلو سے متعلق کسی بھی شخص کو تمام ذمہ داری سے واضح طور پر قانوناً دست بردار کرتا ہے۔

3.10.8 ریگولیشنز (Regulations) 3.10 (علاوہ ازیں ریگولیشن (Regulation) 3.10.8 کے)، 3.11 اور 3.12 کے مطابق، نہ ہوتو:

(الف) CDC؛ نہ ہی

(ب) CDC کا ملازم یا کوئی بھی دیگر شخص جو CDC، کی طرف سے یا اُس کے کارمنصبی یا اختیار استعمال کرنے یا انجام دینے کے لیے مجاز کیا گیا ہو؛ نہ ہی

(ج) بورڈ کے اراکین؛ نہ ہی

(د) چیف ایگزیکٹو افسر،

ان ریگولیشنز (Regulations) کے ذریعے سے یاان کے تحت صریحاً تفویض شدہ یا تفویض کیے گئے کسی بھی اختیار کے استعمال میں یا استعمال کیے جانے کے مفہوم میں یا، کسی بھی کار منصبی کے انجام دینے میں یا انجام دیئے جانے کے مفہوم میں نیک نیتی سے کئے گئے کسی فعل یا ترک فعل کے لیے یا اس سے متعلق ہرجانہ کی کسی بھی کارروائی یا دیگر چارہ جوئی کے مستوجب ہیں۔

3.10.9 ریگولیشن(Regulation) 3.10.2 میں شامل تلافی نقصان کی مطابقت میں CDC کی جانب سے واجب الادارقم ہولڈنگ کے بیلنس اکاؤنٹ پر مشتمل بک انٹری سکیورٹیز کے ذریعے سے ظاہر کردہ سکیورٹیز کی بازاری قیمت سے زائد نہ ہوگی جس کی بابت CDC نے غلطی سے کارروائی یا غلطی سے رپورٹ ارسال کی ہو۔

## 3.11 احکامات ذمہ داری کا مخصوص اخراج

3.11.1 ریگولیشنز (Regulations)3.10,3.5 اور 3.12 اس ریگولیشن(Regulation) 3.11 کے تابع ہیں، جس کا اطلاق ہوتا ہے کہ آیا CDC غافل یا دانستہ تقصیر پر تھی یا نہیں۔

3.11.2 CDC باب 4 کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر، پارٹیسپنٹ(Participant) یا ایلیجیبل پلیجی(Eligible Pledgee) کے طور پر شخص کو داخل کرنے میں ناکامی کے نتیجہ میں برداشت کیے گئے یا اٹھائے گئے کسی بھی نقصانات، ہرجانے، خرچے یا اخراجات کے لیے کسی بھی شخص کو معاوضہ دینے کی مستوجب نہیں ہے اور ان حالات میں اس کی ذمہ داری کو اس تک محدود کیا گیا ہے جیسا کہ باب 4 کے تحت اپیل کرنے کے طریقہ کار کی تعمیل کرنے میں عائد کی جاسکتی ہے۔

3.11.3 CDC باب 5 کے تحت اہل CDS کے طور پر ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کے اعلان سے انکار کے نتیجہ میں برداشت کیے گئے یا اٹھائے گئے کسی بھی نقصانات، ہرجانے، خرچے یا اخراجات کے لیے کسی بھی شخص کو معاوضہ دینے کی مستوجب نہیں ہے اور ان حالات میں اس کی ذمہ داری کو اس حد تک محدود کیا گیا ہے جیسا کہ باب 5 کے تحت

اپیل کرنے کے طریقہ کار کی تعمیل کرنے میں عائد کی جا سکتی ہے۔

3.11.4 CDC حسب ذیل نتیجہ میں برداشت کیے گئے یا اٹھائے گئے نقصانات، ہرجانے، خرچے یا اخراجات کے لیے کسی بھی شخص کو معاوضہ دینے کی مستوجب نہیں ہے؛

**(الف)** کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی معطلی یا منسوخی؛

**(ب)** کوئی بھی اپیل آیا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں ہے یا نہیں؛

**(ج)** انضباطی ٹریبونل یا کمیشن کے فیصلہ کی مطابقت میں CDC کی جانب سے کی گئی کسی بھی کارروائی کے نفاذ؛ یا

**(د)** کوئی بھی کارروائی جو:

**(اوّل)** پابندیاں عائد کرے؛

**(دوم)** معطل کرے؛ یا

**(سوم)** ختم کرے،

ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر کا CDS میں داخلہ۔

3.11.5 اگر CDC ان ضوابط کے تحت واجب التعمیل ہو کہ امر متعلق شخص کو مشتہر کرے اور اس طرح کرنے میں ناکام ہو جاتی ہے تو، CDC کسی بھی شخص علاوہ ازیں شخص جس کا نوٹیفکیشن دیا جانا چاہیے کو معاوضہ دینے کی مستوجب نہیں ہے۔

3.11.6 اگر CDC ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت واجب التعمیل ہو کہ خفیہ معلومات رکھے اور CDC ایسا کرنے میں ناکام ہوتی ہے تو، CDC کسی بھی شخص علاوہ ازیں شخص جو CDC کو معلومات فراہم کرے، یا جن کی جانب سے معلومات فراہم کی گئی ہوں کو معاوضہ دینے کی مستوجب نہیں ہے۔

3.11.7 CDC حسب ذیل نتیجہ میں برداشت کیے گئے یا اٹھائے گئے نقصانات، ہرجانے، خرچے یا اخراجات کے لیے کسی بھی شخص کو معاوضہ دینے کی مستوجب نہیں ہے:

**(الف)** بورڈ کی طرف سے کی جانے والی کارروائی جو کہ ہنگامی حالت میں ریگولیشن 3.6 کے تحت کیے جانے کے مفہوم میں آتی ہو؛

(ب) CDC کی جانب سے ریگولیشنز (Regulations) 5,5.4.1,3.1
12.1.3,10.5.1,6.2.8,5.9 اور 13.7 کے تحت کی جانے والی کارروائی؛یا

(ج) باب 15 کے تحت کی گئی کوئی بھی کارروائی۔

## 3.12 دیگر ذمہ داریوں سے اخراج

3.12.1 ریگولیشن(Regulation)3.12اور ریگولیشنز (Regulations)3.10اور 3.11 کی شرائط اس میں اضافی ہیں اور ایکٹ کی دفعہ 8 میں شامل شرائط میں تخفیف نہیں کرتیں۔

3.12.2 CDC ریگولیشن(Regulation) کی تعمیل کرنے میں CDC کی جانب سے ناکامی یا CDC کی جانب سے خلاف ورزی کے نتیجے میں برداشت کیے گئے یا اٹھائے گئے نقصانات، ہرجانے ،خرچے یا اخراجات کے لیے کسی بھی CDS ایلمنٹ(Element) کو کسی بھی رقوم کا معاوضہ دینے ،تلافی کرنے یا ادا کرنے کی مستوجب نہیں ہے تاوقتیکہ خلاف ورزی یا ناکامی CDC کی جانب سے غفلت سے یا فعل بے جا یا ترک فعل کے سبب سے ہوئی ہو۔

3.12.3 CDC کی جانب سے یا غفلت سے فعل بے جا یا ترک فعل کے نتیجے میں برداشت کیے گئے یا اٹھائے گئے نقصانات، ہرجانے ،خرچے یا اخراجات کے لیے کسی بھی شخص علاوہ ازیں CDS ایلمنٹ(Element) کے معاوضہ دینے ،تلافی کرنے یا ادا کرنے کی مستوجب نہیں ہے ماسوائے جیسا کہ ریگولیشن(Regulation)3.10 میں فراہم کیا گیا ہے۔

## 3.13 تخلیقی ملکیت(Intellectual Property)

3.13.1 فیسیں اور ڈپازٹس جدول کی مطابقت میں فیسیں اور چارجز کی ادائیگی کے مطابق ، CDC ہر CDS ایلمنٹ(Element) کو CDS کے ساتھ رابطہ کرنے کے لیے CDS سافٹ ویئر استعمال کرنے کا بلا شرکت غیرے، ناقابل انتقال لائسنس عطاء کرتی ہے، اس حد تک اور ایسے طریقہ کار میں جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ کار کے ذریعے سے مطلوب یا قابل اجازت ہو۔

3.13.2 ریگولیشن(Regulation) 3.13.1 میں عطاء کیے گئے لائسنس کے تابع ،CDC تمام تخلیقی ملکیتی حقوق محفوظ رکھتی ہے جو اسے CDS اور CDS سافٹ ویئر سے متعلق

حاصل ہوں یا حاصل ہو سکتے ہوں اور کوئی بھی حقوق محفوظ رکھتی ہے جو کہ اسے CDS سے یا باہر سے جاری ہونے والی، یا اس کے اندر رکھی گئی خفیہ معلومات سے متعلق حاصل ہوں۔

3.13.3 ریگولیشن (Regulation) 3.13.2 میں متذکرہ تخلیقی ملکیتی حقوق کے تحفظ کے لیے قانون کے تحت مکمل حد تک اجازت دی گئی ہو تو، CDC ہر CDS ایلمنٹ (Element) کو حسب ذیل سے روک سکے گی:

**(الف)** CDS سافٹ ویئر کے تمام یا کسی بھی حصہ میں ردو بدل یا تبدیلی کی کوشش کر رہا ہو؛

**(ب)** CDS سافٹ ویئر کے تمام یا کسی بھی حصہ کی تشکیل نو ماخذ کوڈ یا اصل کوڈ کو کسی بھی طریقے سے اخذ کرنے کی کوشش کر رہا ہو؛

**(ج)** CDS استعمال کر رہا ہو یا اس کے ساتھ ابلاغ کر رہا ہو بصورت دیگر پھر جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار کے ذریعے سے درکار ہو یا اجازت دی گئی ہو؛ یا

**(د)** کسی شخص کو اجازت دے رہا ہو جو کہ CDS تک رسائی کا مجاز شخص نہ ہو۔

## 3.14 CDS ایلمنٹس (Elements) کے درمیان تنازعہ کا تصفیہ

3.14.1 ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت منضبطہ یا اس کے تحت پیدا ہونے والے معاملات سے متعلق کسی بھی CDS ایلمنٹس (Elements) کے درمیان کسی بھی تنازعہ کو ریگولیشنز (Regulations) 3.14.3 تا 3.14.6 کی مطابقت میں فیصلہ کرنے کے لیے چیف ایگزیکٹو افسر کو کسی بھی CDS ایلمنٹ (Element) کے ذریعے سے سپرد کیا جا سکے گا۔

3.14.2 ریگولیشن (Regulation) 3.14.1 کے تحت چیف ایگزیکٹو افسر کو دیا جانے والا حوالہ:

**(الف)** CDC کو ایسی ادائیگی کے بہ ہمراہ دیا جائے گا جیسا کہ بورڈ اس ضمن میں وقتاً فوقتاً تعین کرے؛

**(ب)** ریگولیشن (Regulation) 3.14 کی مطابقت میں وضع کی گئی اس شکایت کو بیان کے ہمراہ تحریراً وضع کیا جائے گا؛ اور

**(ج)** چیف ایگزیکٹو افسر کے لیے ترتیب دی جانے والی معقول تفصیلات پر مشتمل ہونی

چاہیے کہ وہ نقطہ نظر بنا سکے جو کہ بادی النظری میں استصواب CDS ایلمنٹ (Element) کا کسی بھی دوسرے CDS ایلمنٹ (Element) کے ذریعے سے ان ریگولیشن (Regulation) کی خلاف ورزی کے نتیجے کے طور پر تنازعہ میں نقصان، کا متحمل ہو چکا ہو، یا متحمل ہونے والا ہو۔

3.14.3 CDS ایلمنٹس (Elements) کے مابین تنازعہ کو چیف ایگزیکٹو افسر کے سپرد کیا جا سکے گا کہ آیا کوئی بھی CDS ایلمنٹ (Element) واقعات سے متعلق کارروائی یا اپیل میں فریق ہے یا نہیں جو کہ تنازعہ کو جنم دیتی ہو۔

3.14.4 چیف ایگزیکٹو افسر تنازعہ کی سپردگی پر، تنازعہ سے متعلق تمام حقائق، معاملات اور حالات کی تحقیقات کر سکے گا اور اس غرض کے لیے اشخاص سے (زبانی یا تحریری) بیانات، درخواستی دستاویزات یا دیگر شہادت لے سکے گا اور عمومی طور پر تنازعہ کا تصفیہ کرنے کے لئے اپنی تحقیقات اور کارروائیاں کرے گا جیسا کہ وہ مناسب سمجھتا ہو۔

3.14.5 ماسوائے جیسا کہ قانون کی رو سے مطلوب ہو، کوئی شخص (بشمول چیف ایگزیکٹو افسر کے) معلومات، بیانات، دستاویزات یا دیگر شہادت کو کسی بھی غرض علاوہ ازیں اس تنازعہ کے تصفیہ کے لیے، تنازعہ میں چیف ایگزیکٹو افسر کی تحقیق کے نتیجے کے طور پر شخص سے حاصل کی گئی ہو، استعمال یا افشاء نہیں کرے گا۔

3.14.6 کسی بھی شخص کے حق کے مطابق تنازعہ یا کسی بھی منسلکہ معاملہ میں عدالت کی جانب سے تجویز دی گئی ہو تو، چیف ایگزیکٹو افسر اس کے سپرد کیے گئے کسی بھی تنازعہ کا فیصلہ کر سکے گا، اور تنازعے کے فریقین چیف ایگزیکٹو افسر کا فیصلہ قبول کریں گے اور اس کے پابند ہوں گے۔

## 3.15 CDS ایلمنٹس (Elements) کے خلاف شکایات۔

3.15.1 اگر کوئی شخص CDC کو حسب ذیل سے متعلق CDS ایلمنٹ (Element) کے خلاف شکایت کا نوٹس دیتا ہے:

**(الف)** CDC کی جانب سے فراہم کردہ سہولیات کو CDS ایلمنٹ (Element) کے ذریعے سے استعمال کرتا ہو؛ یا

(ب) ان ریگولیشنز (Regulations) کی CDS ایلمنٹ(Element) کے ذریعے سے تعمیل کرے تو،

CDC شکایت پر غور کرے گی اور ایسی کارروائی کرے گی جیسا کہ وہ ان حالات میں مناسب سمجھتی ہو، مثال کے طور پر:

(ج) باب 13 کے تحت ریکارڈ کا معائنہ کر سکے گی یا معلومات دینے کا مطالبہ کر سکے گی؛

(د) ابواب 14,5 یا 15 کے تحت انضباطی کارروائی کر سکے گی؛

(ہ) ریگولیشن (Regulation) 3.8.5 کے تحت ان اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے CDS میں شمولیت کے وقت پر CDC کے ساتھ CDS ایلمنٹ(Element) کی جانب سے رکھی گئی امانتی ضمانت سے منہائیاں کر سکے گی؛ اور

(و) شکایت کو کسی بھی مناسب ریگولیٹری اتھارٹی جیسا کہ، کسی بھی متعلقہ اسٹاک ایکس چینج یا کمیشن کو، کسی بھی پابندی کے بغیر، حوالے کر سکے گی۔

## 3.16 CDC کے خلاف شکایات

3.16.1 ریگولیشنز (Regulations) 3.10 تا 3.12 کے مطابق، اگر CDS ایلمنٹ(Element) حسب ذیل سے متعلق شکایت کرے:

**(الف)** CDC کی کسی بھی کارمنصبی کی انجام دہی میں نااہلی یا مکمل یا جزوی، کوئی بھی ناکامی ہو؛ یا

**(ب)** اس ریگولیشن (Regulation) کے تحت ان وجوب کی CDC کی جانب سے کوئی بھی خلاف ورزی کی گئی ہو تو،

مذکورہ شکایت کو ریگولیشن(Regulation) 3.16.3 کی مطابقت میں فیصلہ کرنے کے لیے چیف ایگزیکٹو افسر کے سپرد کیا جائے گا۔

3.16.2 ریگولیشن(Regulation) 3.16.1 کے تحت چیف ایگزیکٹو افسر کو کیا گیا ریفرنس بیان کے ہمراہ تحریراً دیا جائے گا کہ شکایت ریگولیشن(Regulation) 3.16 کی مطابقت میں وضع کی گئی ہے۔

3.16.3 چیف ایگزیکٹوافسر شکایت کی سپردگی پر، شکایت سے متعلق تمام حقائق، معاملات اور حالات کی تحقیق کرے گا اور شکایت کے تصفیہ کے لیے ایسی کارروائی کرے گا جو وہ ان حالات میں مناسب خیال کرتا ہو۔

## 3.17 CDS میں سکیورٹیز ٹرانزیکشنز کا تصفیہ

3.17.1 ایکٹ کی دفعہ (2)26 کی اغراض سے CDC کی جانب سے حسب ذیل سکیورٹیز ٹرانزیکشنز CDS میں تصفیہ کے لیے ایسے طریقہ کار میں اور ایسی شرائط کے مطابق صراحت کی گئیں ہیں جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) میں مقررہ ہو:

**(الف)** سکیورٹیز کے تحفہ کے ذریعے سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن؛

**(ب)** سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن جو سکیورٹیز کے قرض سے متعلق ہو؛

**(ج)** سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن اُدھار لی گئی سکیورٹیز کی واپسی کے ذریعے؛

**(د)** سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن جو فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون کے تحت صراحت کردہ یا کسی بھی عدالت کے حکم پر لاگو کی گئی ہو کی کسی بھی اقتضاء کی ادائیگی میں؛

**(ہ)** سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن جو CDC سے مذکورہ ضمانتوں کی بازخواستگی پر مشتمل ہو؛

**(و)** سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن جو ایک اکاؤنٹ سے (جو گروپ اکاؤنٹ نہ ہو) اکاؤنٹ ہولڈر کے فیملی اکاؤنٹ کا دوسرے اکاؤنٹ میں (جو گروپ اکاؤنٹ نہ ہو) اس اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں اس فیملی اکاؤنٹ میں انٹرا اکاؤنٹ مفت ڈیلیوری (Devilery) پر مشتمل ہو؛

**(ز)** سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن جو ایک ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے اس کی بک انٹری سکیورٹیز کے ایک مرکزی اکاؤنٹ کے تحت اس کے ذیلی اکاؤنٹ سے جو اس کے ذیلی اکاؤنٹ کے ایک حصہ دار کے کنٹرول میں ہو دوسرے مرکزی اکاؤنٹ کے تحت جو مذکورہ پارٹسپنٹ (Participant) کے کنٹرول میں ہو یا کسی بھی مرکزی اکاؤنٹ کے تحت اس کے ذیلی اکاؤنٹ میں جو دوسرے پارٹیسپنٹ (Participant) کے کنٹرول میں ہو کی نقل وحرکت سے متعلق ہے؛

(ح) سکیورٹیز ٹرانزیکشن جہاں متعلقہ سکیورٹیز سرکاری سکیورٹیز ہوں؛

(ط) سکیورٹیز ٹرانزیکشن جہاں متعلقہ سکیورٹیز کسی بھی اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست نہ ہوں؛

(ی) ریگولیشنز (Regulations) الف9.4 ،ب9.4،ب9.5,الف9.5اور ب9.5میں بیان کردہ سکیورٹیز ٹرانزیکشنز؛

(ک) حذف شدہ؛

(ل) سکیورٹیز ٹرانزیکشن جو کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی ضمانتوں کی منتقلی پر مشتمل ہو جو کسی بھی نجکاری، ناقومیانہ، ترک یا ارتداد سرمایہ کے نتیجے میں ہو جیسی بھی صورت ہو، وفاقی حکومت، کوئی صوبائی حکومت، کوئی کمیشن، اتھارٹی یا مذکورہ حکومت کا محکمہ یا شعبہ، کوئی کارپوریشن، کمپنی یا انٹرپرائز جو بلاواسطہ یا بلواسطہ جزوی یا مکمل طور پر وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کے قبضے یا ملکیت میں ہو؛

(م) سکیورٹیز ٹرانزیکشن جو ذیل پر مشتمل ہو:

(اوّل) کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کے کسی بھیCDRsیاETFیونٹس کے اجارہ کی بابت منتقلی؛یا

(دوم) کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کے جو کسی بھی منسوخی کا نتیجہ ہو، جیسی بھی صورت ہو، کسی بھیGDRsیاETFیونٹس کے انفکاک کے نتیجے میں؛

(ن) سکیورٹیز ٹرانزیکشن جو کسی بھی وصی، مستفید یا اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی موت کی صورت میں ایک نامزد کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کے سبب ہو؛

(س) سکیورٹیز ٹرانزیکشن جو کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کو سکیورٹیز کی فروخت کے لئے پیش کش کے نتیجے میں ظاہر ہوں؛

(ع) دیگر کوئی سکیورٹیز ٹرانزیکشن جیسا کہ CDC بورڈ نے متعین کیا ہو اور کمیشن کی جانب سے وقتاً فوقتاً خواہ عام طور پر یا مخصوص صورت حال میں اور خواہ غیر مشروط طور پر یا ایسی شرائط کے تابع جیسا کہ کمیشن لاگو کرے گا منظور کیا گیا ہو۔

## 3.18 CDS میں دستیاب رپورٹیں۔

3.18.1 ایسی رپورٹیں جیسا کہ وقتاً فوقتاً طریقہ کار میں صراحت کی جائیں CDC سے حسب ذیل کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہیں:

**(الف)** کوئی بھی اکاؤنٹ ہولڈر کسی بھی اکاؤنٹ کی بابت جو اس اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی کا حصہ ہو؛

**(ب)** کسی بھی بک انٹری سیکورٹیز کی بابت کوئی بھی ایلیجیبل پلیجی (EligiblePledgee) جو اس پلیج (Pledge) کے لئے پلیجڈ (Pledged) رکھی گئی ہے۔

3.18.2 طریقہ ہائے کار فراہم کرے گا، دیگر کے مابین حسبِ ذیل رپورٹیں CDC سے دستیاب ہوں گی:

**(الف)** ہولڈنگ سرگرمی رپورٹ؛

**(ب)** ہولڈنگ بیلنس رپورٹ؛

**(ج)** ایشور (Issuer) سرگرمی رپورٹ؛

**(د)** ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) رپورٹ؛

**(ہ)** بلنگ رپورٹ؛

**(و)** ایشور (Issuer) سرگرمی ڈائری رپورٹ؛

**(ز)** کیپ سرگرمی رپورٹ؛

**(ح)** کیپ بیلنس رپورٹ؛

**(ط)** نفع بخش مالکان رپورٹ؛

**(ی)** ڈپازٹ درخواست رپورٹ؛

**(ک)** بازخواست درخواست رپورٹ؛ اور

**(ل)** سیکورٹی پرائس رپورٹ۔

## 3.19 CDC، کی جانب سے سٹیٹمنٹس کی تصدیق۔

3.19.1 CDC مذکورہ فیس کی ادائیگی پر جیسا کہ بورڈ کی جانب سے اس واسطے وقتاً فوقتاً مقرر کی جائے گی ۔ درخواست پر پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے فراہم کردہ سٹیٹمنٹس کی تصدیق کرے گی جو کسی بھی شخص نے دی ہو جوان کے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈروں کو ذیلی اکاؤنٹس کی بابت جنہیں مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈروں نے پارٹیسپنٹس (Participant) کی زیرنگرانی برقرار رکھا ہو۔

## باب4 داخلے کے لئے درخواستیں اور معیار داخلہ

### 4.1 CDS میں بطور پارٹیسپنٹ(Participant)داخلے کے لئے درخواست

4.1.1 کوئی بھی:

(الف) TRE سٹرفکیٹ کا حامل؛

(ب) بینکنگ کمپنیات آرڈیننس، 1962ء (نمبر 57 مجریہ 1962ء) کے مفہوم کے اندر بینکنگ کمپنی؛

(ج) کمپنی، کارپوریشن یا ادارہ جس پر بینکنگ کمپنیات آرڈیننس، 1962ء (نمبر 57 مجریہ 1962ء) کی دفعہ (الف)3 قابل اطلاق ہو؛ یا

(د) کمپنی، کارپوریشن یا ادارہ اس درجے میں جیسا کہ بورڈ وقتاً فوقتاً اس واسطے متعین کرے،

CDC کو CDS میں بطور پارٹیسپنٹ (Participant) درخواست کے ذریعے داخلے کے لئے درخواست دے سکے گا جو:

(ہ) متعلقہ داخلہ فارم کی انتہائی موجودہ اشاعت میں ہو جو اکاؤنٹس کی بابت جسے پارٹیسپنٹ (Participant) کھولے گا رجسٹریشن کی تفصیلات کے منجملہ دیگر اشیاء پر کیا جائے گا؛ اور

(و) ریگولیشن (Regulation) 4.9.1 کی اضافی مقتضیات کی تعمیل۔

### 4.2 بطور پارٹیسپنٹ(Participant)داخلہ

4.2.1 CDC ایک شخص کو بطور ایک پارٹیسپنٹ (Participant) اور بطور اکاؤنٹ ہولڈر داخل کرے گی جو ریگولیشنز (Regulations) 4.1.1 اور 4.9.1 کی مطابقت درخواست دیتا ہے، اگر CDC کو اطمینان ہو کہ:

(الف) درخواست گزار نے ریگولیشنز (Regulations) 4.1.1 اور 4.9.1 کی مقتضیات کی تعمیل کی ہے؛

(ب) درخواست گزار نے ریگولیشن(Regulation) 4.9.2 کی پیروی میں CDC کی جانب سے طلب کردہ اضافی معلومات فراہم کی ہیں؛

(ج) CDC ریگولیشنز (Regulations) 4.1.1،4.9.1،4.9.2 اور 4.9.3 کی پیروی میں حاصل کردہ کسی بھی اضافی معلومات سے مطمئن ہے؛

(د) درخواست گزار نے اس باب کی تکنیکی اور کارکردگی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛

(ہ) درخواست گزار نے اس باب کی کاروباری دیانت داری کی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛

(و) درخواست گزار نے اس باب کی استعداد کی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛

(ز) CDS کی کلیت یا اس کی عمومی کارکردگی کو خطرے میں ڈالے یا بگاڑے بغیر، وہ ڈیٹا کو پروسیسنگ کرنے کی صلاحیت اور آپریشنل قابلیت رکھتا ہے کہ وہ اضافی پارٹیسپنٹ(Participant) کو اضافی خدمات فراہم کر سکے؛

(ح) جہاں درخواست گزار رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کا ایشور(Issuer) ہو جس کی سکیورٹیز CDS میں مؤثر ہوں، اس نے ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت سکیورٹیز کی ٹرانسفر کی رجسٹریشن اور سکیورٹیز کا اجراء اور پیشکش اور بالخصوص مذکورہ بالا کی عمومیت کو محدود کیئے بغیر ریگولیشنز (Regulations) 8.3.1، 8.3A، 8.7.1 اور 8.7.2 کے تحت ایشور کے فرائض اور کارہائے منصبی کے سلسلے میں اپنے فرائض اور کارہائے منصبی آزاد ٹرانسفر ایجنٹ کو تفویض کر دیئے ہیں۔

## 4.3 CDS میں بطور اکاؤنٹ ہولڈر داخلے کے لئے درخواست

4.3.1 کوئی بھی شخص، کمپنی، کارپوریشن یا ادارہ ایسے درجے میں جیسا کہ بورڈ اس واسطے وقتاً فوقتاً متعین کرے، CDC کو CDS میں بطور ایک اکاؤنٹ ہولڈر داخلے کے لئے بذریعہ درخواست استدعا کر سکے گا جو:

**(الف)** متعلقہ داخلہ فارم کی انتہائی موجودہ اشاعت میں ہو جو اکاؤنٹس کی بابت جسے اکاؤنٹ ہولڈر کھولے گا منجملہ دیگر اشیاء رجسٹریشن کی تفصیلات کے پر کیا جائے گا؛

**(ب)** ریگولیشن (Regulation)4.9.1 کی اضافی مقتضیات کی تعمیل کرے گا۔

## 4.4 بطور اکاؤنٹ ہولڈر داخلہ

4.4.1 ایک شخص جو ریگولیشنز (Regulations) 4.3.1 اور 4.9.1 کی پیروی میں درخواست دیتا ہے تو CDC اسے بطور اکاؤنٹ ہولڈر داخل کرے گی اگر CDC کو اطمینان ہو کہ:

**(الف)** درخواست گزار نے ریگولیشنز (Regulations) 4.3.1 اور 4.9.1 کی مقتضیات کی تعمیل کی ہے؛

**(ب)** درخواست گزار نے ریگولیشن (Regulation)4.9.2 کی پیروی میں CDC کی جانب سے طلب کردہ اضافی معلومات فراہم کی ہیں؛

**(ج)** CDC ریگولیشنز (Regulations) 4.3.1، 4.9.1، 4.9.2 اور 4.9.3 کی پیروی میں حاصل کردہ کسی بھی معلومات سے مطمئن ہے؛

**(د)** درخواست گزار نے اس باب کی تکنیکی اور کارکردگی کی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛

**(ہ)** درخواست گزار نے اس باب کی کاروباری دیانت داری کی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛

**(و)** درخواست گزار نے اس باب کی استعداد کی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛

**(ز)** CDS کی کلیت یا اس کی عمومی کارکردگی کو خطرے میں ڈالے یا بگاڑے بغیر، وہ ڈیٹا کو پروسیسنگ کرنے کی صلاحیت اور آپریشنل قابلیت رکھتا ہے کہ وہ اضافی اکاؤنٹ ہولڈر کو اضافی خدمات فراہم کر سکے؛ اور

**(ح)** جہاں درخواست گزار رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) ہو جس کی سکیورٹیز CDS میں مؤثر ہوں، اس نے ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت سکیورٹیز کی ٹرانسفر کی رجسٹریشن اور سکیورٹیز کا اجراء اور پیشکش اور بالخصوص مذکورہ بالا کی عمومیت کو محدود کیئے بغیر ریگولیشنز (Regulations)

8.7.1,8.3A,8.3.1 اور 8.7.2 کے تحت ایشور (Issuer) کے فرائض اور کار ہائے منصبی کے سلسلے میں اپنے فرائض اور کار ہائے منصبی آزاد ٹرانسفر ایجنٹ کو تفویض کر دیئے ہیں۔

4.5 حذف شدہ

4.6 حذف شدہ

## 4.7 CDS میں بطور ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) شمولیت کی درخواست

4.7.1 کوئی بھی شخص، کمپنی، کارپوریشن یا ادارہ مذکورہ قسم میں، جیسا کہ بورڈ، وقتاً فوقتاً، اس سلسلے میں تعین کر سکتا ہے، CDC کو CDS میں بطور ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) شمولیت کی غرض سے CDC کی جانب سے شناخت کے لئے درخواست دے سکتا ہے جو:

**(الف)** جو متعلقہ داخلہ فارم کے انتہائی موجودہ اشاعت میں ہو؛

**(ب)** ریگولیشن (Regulation) 4.9.1 کی اضافی مقتضیات کی تعمیل کرتا ہو۔

## 4.8 ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے طور پر شناخت

کوئی شخص جو ریگولیشنز (Regulations) 4.7.1 اور 4.9.1 کی پیروی میں درخواست دیتا ہے تو CDC اسے بطور ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے شناخت دے گی اور داخل کرے گی، اگر CDC کو اطمینان ہو کہ:

**(الف)** درخواست گزار نے ریگولیشنز (Regulations) 4.7.1 اور 4.9.1 کی مقتضیات کی تعمیل کی ہے؛

**(ب)** درخواست گزار نے ریگولیشن (Regulation) 4.9.2 کی پیروی میں CDC کی جانب سے طلب کردہ اضافی معلومات فراہم کی ہیں؛

(ج) CDC ریگولیشنز (Regulations) 4.9.2,4.9.1,4.7.1اور 4.9.3 کی پیروی میں حاصل کردہ معلومات سے مطمئن ہے؛

(د) درخواست گزار نے باب کی تکنیکی اور کارکردگی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛

(ہ) درخواست گزار نے اس باب کی مقتضیات کو پورا کیا ہے؛ اور

(و) CDS کی کلیت یا اس کے عمومی کارکردگی کو خطرے میں ڈالے یا بگاڑے بغیر وہ ڈیٹا کو پروسیسنگ کرنے کی صلاحیت اور آپریشنل قابلیت رکھتا ہے کہ ایلیجبل پلیجی (Eligible Pledgee) کو اضافی خدمات فراہم کرسکے۔

## 4.9 CDS میں شمولیت کے لئے درخواست دینے کی مقتضیات

4.9.1 CDS میں بطور CDS ایلمنٹ (Element) شمولیت کے لئے کوئی بھی درخواست (جو اہل سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) نہ رہا ہو):

**(الف)** فیسیں اور ڈپازٹ جدول میں اس غرض کے لئے صراحت کردہ متعلقہ درخواست فیس کے ہمراہ ہوگی؛

**(ب)** درخواست گزار کی جانب سے رضامندی رکھتی ہو کہ اگر درخواست قبول ہو جاتی ہے تو درخواست گزار CDC سے یہ ذمہ داری لے گا کہ وہ CDC کے ساتھ متعلقہ معاہدہ میں شامل ہوگا۔

(ج) تمام معلومات رکھتا ہوگا جو متعلقہ داخلہ فارم میں مطلوب ہوں گی؛ اور

(د) درخواست گزار یا اس کی جانب سے تعمیل کی جائے گی۔

4.9.2 CDC بذریعہ نوٹس درخواست گزار سے تقاضا کرسکتی ہے کہ وہ بطور CDS ایلمنٹ (Element)CDS میں شمولیت اختیار کرے CDC کو کوئی بھی اضافی معلومات CDC کے پاس درخواست کی نسبت فراہم کرے جو کہ CDC درخواست فراہم کرنے پر غور وخوض کے لئے ضروری خیال کرتی ہو۔

4.9.3 CDC درخواست گزار کے علاوہ اشخاص سے بھی معلومات طلب کرسکتی ہے اس حد تک

جیسا کہ CDC درخواست کی اجازت کے لئے ضروری خیال کرتی ہو۔

4.9.4 ریگولیشن(Regulation) 4.9.3 کے تحت کسی ضرورت کے تابع کہ معلومات کو دیگر معلومات کی غرض سے افشاں کیا جائے یا تاوقتیکہ کہ قانون افشاں کا متقاضی ہو، CDC ہر ایک درخواست گزار اور اس میں موجود معلومات یا درخواست کے سلسلے میں فراہم کردہ معلومات کی رازداری کو برقرار رکھے گی۔

## 4.10 داخلے کی مقتضیات کا التواء یا خاتمہ

4.10.1 اگر:

(الف) کوئی شخص بطور پارٹیسپنٹ (Participant) اکاؤنٹ ہولڈر یا ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے داخلے کے لئے درخواست دیتا ہے، جیسی بھی صورت ہو؛ یا

(ب) شخص ایک یا زائد داخلے کی مقتضیات کو مکمل نہیں کرتا،

تو CDC ریگولیشن (Regulation) 4.10 کے تابع ، اس شخص کو بطور پارٹیسپنٹ (Participant)، اکاؤنٹ ہولڈر یا ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے داخل کر سکتی ہے، جیسی بھی معاملے کی صورت ہو، باوجود اس کے کہ اس شخص نے داخلے کی اُن مقتضیات کو پورا نہیں کیا ہے۔

4.10.2 اگر CDC کسی شخص کو بطور پارٹیسپنٹ (Participant)، اکاؤنٹ ہولڈر یا ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے داخل کرتی ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، باوجود اس کے کہ اس شخص نے داخلے کی ایک یا زائد مقتضیات کو پورا نہیں کیا، تو CDC بذریعہ نوٹس:

(الف) (اوّل) اس شخص کی CDS میں بطور پارٹیسپنٹ (Participant)، اکاؤنٹ ہولڈر یا ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے شمولیت پر شرائط یا پابندیاں عائد کر سکتی ہے، جیسی بھی صورت ہو، جیسا کہ CDC ضروری یا قابل منشاء خیال کرے؛ اور

(دوم) جبکہ کوئی شخص کسی پابندی یا شرائط کی بدستور تعمیل کر رہا ہو تو شمولیت کی مقتضیات کو ملتوی یا ختم کر سکتی ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، جو ریگولیشن(Regulation) (الف) 4.10.2 کے تحت عائد کی گئیں تھیں اس مدت کے لئے جو 60 کاروباری ایام سے زائد نہ ہو؛ یا

(ب) شخص کی بطور پارٹیسپنٹ (Participant)، اکاؤنٹ ہولڈر یا ایلیجبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے طور پر شمولیت پر عائد مذکورہ شرائط کے تابع، مذکورہ مقتضیات کی شمولیت کو ختم کر دے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، جیسا کہ CDC ضروری یا حسبِ منشاء خیال کرے۔

4.10.3 ریگولیشن(Regulation) 4.10.2 کے تحت عائد کردہ کسی پابندی یا شرائط کی تعمیل پر ناکامی اس ریگولیشن(Regulation) کی خلاف ورزی ہے۔

4.10.4 CDC رجسٹر میں، جو اس نے قائم کیا ہے اور برقرار رکھا ہے، ریگولیشن(Regulation)4.10.2 کے تحت عطاء کردہ کسی التواء اور خاتمے کی وجوہات کو، اور کسی بھی عائد کردہ پابندی یا شرائط کی تفصیلات کو ریکارڈ کرے گی، جیسی بھی معاملے کی صورت ہو۔

4.10.5 ریگولیشن(Regulation)4.10.4 کے تحت قائم کردہ رجسٹر کی نقل CDC کے مرکزی مقام کاروبار پر رکھی جائے گی اور عام اوقات کار کے دوران کسی بھی شخص کو معائنے کے لئے دستیاب ہوگی۔

## 4.11 تکنیکی وکارکردگی مقتضیات

4.11.1 اس باب کی تکنیکی مقتضیات یہ ہیں کہ CDC کے معقول اطمینان کے لئے:

(الف) جیسا کہ پیشتر آغازِ نفاذ ٹیسٹ کیا گیا ہے، کہ درخواست گزار یہ صلاحیت رکھتا ہے کہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں قابل اعتماد طور پر CDC سے رابطہ کرے؛

(ب) اگر درخواست گزار نے بطور پارٹیسپنٹ(Participant) یا اکاؤنٹ ہولڈر شمولیت کے لئے درخواست دی ہے، درخواست گزار کے موجودہ اور متوقع سیٹلمنٹ آپریشنز کی اغراض کے لئے درخواست گزار کے پاس ایسا اکاؤنٹنگ، سیٹلمنٹ اور ریکارڈنگ کا نظام ہونا چاہیے۔

4.11.2 اس باب کی کارکردگی مقتضیات یہ ہیں کہ، CDC کے معقول اطمینان کے لئے، درخواست گزار کے ملازم یا مقرر کردہ ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار سے واقف ہوں جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں درخواست گزار کو مجاز کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کی بجا آوری کر سکے اور ان طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں ٹرانزیکشنز کو پیدا، وصول یا پروسیس کر سکے اور رپورٹیں حاصل کر سکے۔

## 4.12 صلاحیت کی مقتضیات

4.12.1 اس باب کی صلاحیت کی مقتضیات یہ ہیں کہ:

**(الف)** درخواست گزار کے لئے جو کہ کمپنی یا کارپوریٹ باڈی ہو، کہ:

**(اول)** اگر درخواست گزار کمپنی ہو، درخواست گزار ریسورشپ، عدالت کی جانب سے مقرر کردہ منیجرشپ یا وائنڈنگ اَپ میں نہ ہو؛ یا

**(دوم)** اگر درخواست گزار کارپوریٹ باڈی ہو علاوہ ازیں کمپنی کے، تو درخواست گزار ایڈمنسٹریشن کے کسی بھی مساوی صورت کے تحت نہ ہو؛ اور

**(ب)** درخواست گزار جو کہ ایک فرد ہو، کہ:

**(اول)** درخواست گزار نابالغ نہ ہو؛

**(دوم)** درخواست گزار فاتر العقل نہ ہو؛

**(سوم)** درخواست گزار نے دیوالیہ قرار دینے کے لئے درخواست نہ دی ہو یا اس نے ادائیگی نہ روک دی ہو یا اس نے قرض خواہ کے ساتھ مصالحت نہ کر لی ہو؛ اور

**(چہارم)** درخواست گزار فیصلہ عدالتی سے دیوالیہ قرار نہ دیا گیا ہو۔

## 4.13 کاروباری کلیت کی مقتضیات

4.13.1 اس باب کی کاروباری کلیت کی مقتضیات حسبِ ذیل ہیں:

**(الف)** درخواست گزار کے لئے جو کہ کمپنی یا دیگر کارپوریٹ باڈی ہو، کہ:

**(اوّل)** درخواست گزار کا کوئی بھی چیف ایگزیکٹو، ڈائریکٹرز یا دیگر افسران CDS میں شمولیت کی درخواست دینے سے قبل درخواست گزار کسی بھی وقت 5 سالوں کے دوران، اخلاقی بداطواری میں ملوث ہونے کے سبب یا کاروبار، پیشہ یا تجارتی سرگرمیوں کے سلسلے میں کسی بھی قانون کے خلاف نا قابل دست اندازی پولیس جرم میں سزایاب نہ ہوا ہو؛ اور

**(دوم)** CDC کے پاس یہ باور کرنے کے لئے کوئی معقول وجہ نہ ہو کہ درخواست گزار CDS کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کو تندہی سے، دیانت داری سے اور منصفانہ طور پر بجا نہیں لائے گا؛ اور

**(ب)** درخواست گزار جو کہ انفرادی شخص ہو کے لئے، کہ:

**(اوّل)** CDS میں شمولیت کی درخواست دینے سے قبل درخواست گزار کسی بھی وقت 5 سالوں کے دوران اخلاقی بداطواری میں ملوث ہونے کے سبب یا کاروبار، پیشہ یا تجارتی سرگرمیوں کے سلسلے میں کسی بھی قانون کے خلاف نا قابل دست اندازی پولیس جرم میں سزایاب نہ ہوا ہو؛

**(دوم)** CDS میں شمولیت کی درخواست دینے سے قبل درخواست گزار کو کسی بھی وقت 5 سالوں کے دوران مذکورہ حکم سزا کی پاداشت میں کسی بھی طرح کی سزائے قید کی تعمیل نہ کی ہو؛

**(سوم)** CDC کے پاس یہ باور کرنے کی کوئی وجہ نہ ہو کہ درخواست گزار اچھی شہرت اور کردار اور اعلیٰ کاروباری ساکھ کا حامل نہیں ہے؛ اور

**(چہارم)** CDC کے پاس یہ باور کرنے کی کوئی وجہ نہ ہو کہ درخواست گزار CDS کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کو تندہی سے، دیانت داری سے اور منصفانہ بجا نہیں لائے گا۔

## 4.14 CDC کے ساتھ معاہدات کی تعمیل

4.14.1 کسی بھی درخواست گزار کے لئے حسب ذیل حیثیت سے CDS میں شمولیت کے لئے اس پر پیشگی شرط ہوگی:

**(الف)** پارٹیسپنٹ (Participant) ریگولیشن (Regulation) 4.2.1 کی پیروی کرے؛

**(ب)** اکاؤنٹ ہولڈر ریگولیشن (Regulation) 4.4.1 کی پیروی کرے؛ یا

**(ج)** حذف شدہ؛

**(د)** ریگولیشن (Regulation) 4.8.1 کی پیروی میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) تسلیم کیا گیا ہو،

CDC کے ساتھ بطور پارٹیسپنٹ (Participant) کے معاہدہ، اکاؤنٹ ہولڈر کے معاہدہ یا ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے معاہدہ میں شامل ہو سکتا ہو، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو۔

4.15 **حذف شدہ**

4.16 **درخواست کی عدم قبولیت**

4.16.1 CDC ریگولیشنز (Regulations) 4.1.1، 4.3.1 یا 4.7.1 کے تحت درخواست کو مسترد نہیں کر سکتی، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، تاوقتیکہ، ایسا کرنے سے قبل، CDC:

**(الف)** درخواست گزار کو نوٹس وجوع دے گی کہ کیوں نہ وہ درخواست کا مسترد ہونا تجویز کرے؛

**(ب)** نوٹس دینے کے بعد درخواست گزار کو 10 کاروباری ایام کا نوٹس دے گی (یا ایسی طویل مدت جیسا کہ درخواست گزار کو معقول طور پر درکار ہو) جس کے اندر وہ مزید معلومات فراہم کرے یا ایسے اقدامات اٹھائے کہ نوٹس میں بیان کردہ وجوہات کی تلافی ہو سکے؛ اور

**(ج)** مدت کے خاتمہ کے بعد، غور و خوض کرے گی آیا کہ کوئی مزید معلومات فراہم کی گئی ہیں یا نوٹس میں بیان کردہ وجوہات کی تلافی کے لئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

4.16.2 اگر، ریگولیشن(Regulation) 4.16.1 میں طریقہ کار کی پیروی کے بعد، CDC کو اطمینان حاصل نہیں ہوتا کہ درخواست گزار نے ریگولیشنز (Regulations) **4.4.1,4.2.1** یا 4.8.1 کی مقتضیات کو پورا نہیں کیا، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، CDC درخواست گزار کو درخواست مسترد کرنے کا نوٹس دے سکتی ہے اور اس میں وجوہات بیان کرے گی کہ درخواستیں مسترد کی گئیں۔

4.16.3 درخواست گزار اس کی درخواست کو مسترد کرنے کے خلاف اپیل کر سکتا ہے CDC کو اپیل کا نوٹس دیتے ہوئے کہ:

**(الف)** اس فیصلے کی شناخت کرے جس کے خلاف اپیل کی گئی ہے؛

**(ب)** اپیل کی وجوہات بیان کرے؛ اور

**(ج)** درخواست گزار کی جانب سے فیصلے کی وجوہات وصول کرنے کے بعد، 10 کاروباری ایام دیئے جائیں گے۔

4.16.4 اگر CDC ریگولیشن(Regulation)4.16.3 کے تحت اپیل نوٹس وصول کرتی ہے، تو CDC فوراً اپیل نوٹس کی نقل کمیشن کو دے گی۔

4.16.5 اگر کمیشن ریگولیشن(Regulation)4.16.4 کے تحت CDC سے اپیل نوٹس کی نقل وصول کرتی ہے تو کمیشن ریگولیشن(Regulation)4.17.4 کی مطابقت میں کارروائی عمل میں لائے گی، اپیل پر ریگولیشن(Regulation) 14.8 کی مطابقت میں عمل کیا جائے گا ایسی ترمیمات کے ساتھ جیسا کہ ان حالات میں موزوں ہوں۔

4.16.6 کمیشن:

**(الف)** درخواست کو مسترد کرنے کے فیصلے کی توثیق کر سکتا ہے؛ یا

**(ب)** CDC کو ہدایت کر سکتا ہے کہ درخواست بطور CDS ایلمنٹ(Element) کو عرضی گزار کی حیثیت سے داخل کر لیا جائے۔

4.16.7 ریگولیشن(Regulation) 4.16.6 کے تحت کمیشن کا فیصلہ اور کوئی بھی لاگت کا کوئی بھی تعین جو درخواست گزار یا CDC کی جانب سے قابل ادائیگی ہو، درخواست گزار اور CDC کے لئے حتمی اور لازم ہوگا۔

4.16.8 ریگولیشنز (Regulations) 4.16.1 تا 4.16.6 میں شامل کسی شئے کے باوصف، اگر CDC اپنے فیصلے کی بنیاد پر درخواست مسترد کرتا ہے، کہ اس میں ڈیٹا کو پروسسنگ کی صلاحیت نہیں ہے یا آپریشنل صلاحیتیں نہیں ہیں کہ وہ درخواست گزار کی طرف سے عرض گزار قسم کی خدمات کو اضافی CDS ایلمنٹس (Elements) کو فراہم کر سکے، تو وہ مذکورہ فیصلے کا نوٹس درخواست گزار کو دے گا جو درخواست گزار کے لئے حتمی اور اس پر لازم ہوگا اور اپیل کا امر موضوع نہ بنے گا۔

4.16.9 اگر کسی وقت ریگولیشن (Regulation) 4.16.8 میں محولہ نوٹس کی تعمیل کے نتیجے میں CDC کی اگر یہ رائے ہو کہ اس نے درخواست گزار کی عرض کردہ خدمات جس میں ڈیٹا پروسیسنگ کی صلاحیت اور آپریشنل صلاحیتیں، جس پر کہ نوٹس کی تعمیل کی گئی تھی حاصل کر لی ہیں، تو CDC درخواست گزار کی درخواست کو منظور کر سکے گی اسی طریقہ کار پر جس پر دوسرے درخواست گزار سے اسی طرح کے نوٹس کی تعمیل کروائی اس طرح کی وجوہات کی بناء پر ان کی درخواستوں کو مسترد کرتے ہوئے۔

## 4.17 اکاؤنٹ ہولڈر کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات

4.17.1 ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت، اکاؤنٹ ہولڈر کی کسی بھی ذمہ داری کی پیروی میں اکاؤنٹ ہولڈر، جو کوئی بھی معلومات CDC یا ایشور (Issuer) کو فراہم کر رہا ہو، جیسی بھی صورت ہو:

**(الف)** یہ متصور کیا جائے گا کہ وہ CDC یا ایشور (Issuer) کو ذمہ دار ہے، جیسی بھی صورت ہو، کہ فراہم کردہ معلومات حقائق پر مبنی اور درست ہیں؛ اور

**(ب)** فراہم کردہ معلومات میں موجود کسی بھی نادرستگی کے نتیجے میں اگر کوئی بھی نقصانات، ہرجہ، لاگت یا مصارف برداشت یا عائد کئے جاتے ہیں تو CDC یا ایشور (Issuer) ان کا ازالہ نقصانات کرے گا، جیسی بھی صورت ہو۔

## 4.18 پارٹیسپنٹ (Participant) کی ذمہ داریاں اور ازالہ نقصانات

4.18.1 پارٹیسپنٹ (Participant):

(الف) جو اس کی طرف سے کسی فعل یا فروگزاشت کا ارتکاب کرتا ہے؛ یا

(ب) معاملت کرتا ہے یا، جیسی بھی صورت ہو، منسوخی کرتا ہے کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی جو تعلق رکھتی ہو،

اس کے کسی بھی کلائنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے ساتھ، جیسی بھی صورت ہو، ان ریگولیشنز (Regulations) کی پیروی میں:

(ج) تو یہ متصور کیا جائے گا کہ اس نے ان کی ذمہ داری اٹھائی ہے اس نے اپنے کلائنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کی پیشگی تحریری اجازت لی ہوئی ہے، جیسی بھی صورت ہو؛ اور

(د) پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے کلائنٹس یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کی طرف سے، جیسی بھی صورت ہو، غیر مجاز فعل یا فروگزاشت کے نتیجے میں کسی بھی شخص بشمول CDC یا ایشور (Issuer) جو کہ نقصان سے متاثر ہوا کو تلافی نقصان ادا کرے گا۔

## 4.19 پارٹیسپنٹس (Participant) کلائنٹس کی سکیورٹیز کو علیحدہ رکھے گا

4.19.1 ہر ایک پارٹیسپنٹ (Participant) جو کہ CDS پر گروپ اکاؤنٹ رکھتا ہے اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بک انٹری سکیورٹیز جو اس کے کلائنٹس کی ملکیت ہیں خصوصی طور پر پارٹیسپنٹ (Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں درج ہوں۔

4.19.2 ہر ایک پارٹیسپنٹ (Participant) اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بک انٹری سکیورٹیز جو پارٹیسپنٹ (Participant) کی اپنی ملکیت ہیں کسی بھی گروپ اکاؤنٹ یا ذیلی گروپ اکاؤنٹ جو پارٹیسپنٹ (Participant) CDS پر رکھتا ہے اس میں مندرج نہ ہوں۔

# باب 5: اہل سکیورٹیز

## 5.1 سکیورٹیز کا بطور اہل سکیورٹیز اعلان

5.1.1 اگر، ایشور (Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی نسبت، CDC کو اطمینان ہو کہ:

**(الف)** اس کے پاس ڈیٹا پروسیسنگ کی صلاحیت اور آپریشنل صلاحیت ہے کہ، وہ سکیورٹیز کی نسبت، CDS کی کلیت (Integrity) یا اس کے عمومی کاموں، ان عمومی سروسز کی ادائیگی جو دیگر اہل سکیورٹیز کی نسبت CDC پیش کرتی ان کو خطرے میں ڈالے بغیر یا اسے بگاڑے بغیر اسے اجازت دی جائے؛

**(ب)** CDC کی رائے میں، جوازیت، قانونی حیثیت یا منتقلی کی نسبت یہ سوال وجود نہیں رکھتا، خواہ سکیورٹیز کی بک انٹری ہو یا علاوہ ازیں ہوں؛

**(ج)** سکیورٹیز کے ایشور (Issuer):

**(اوّل)** نے حاصل کی تھی؛ یا

**(دوم)** CDC کی رائے میں، اس کے پاس حاصل کرنے کی صلاحیت ہے، کہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں بااعتماد طور پر CDC کو مطلع کرنے کی صلاحیت ہے؛

**(د)** سکیورٹیز کا ایشور (Issuer):

**(اوّل)** ملازم رکھتا ہے یا مقرر کرتا ہے؛ یا

**(دوم)** CDC کی رائے میں، ملازم رکھنے یا مقرر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ایسا عملہ جو ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار جو اس کے تحت وضع کیا گیا سے واقف ہو جیسا کہ لازم ہے کہ وہ ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں ذمہ داریاں بجالائے اور ٹرانزیکشنز پیدا کرے، وصول کرے اور پروسیس کرے اور ان طریقہ ہائے کار کے مطابق رپورٹیں حاصل کرے، مگر شرط یہ ہے کہ جہاں ایشور (Issuer) خود اکاؤنٹ ہولڈر ہو یا

پارٹیسپنٹ(Participant) ہو یا جیسی بھی صورت ہو، ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کی غرض کے لئے درج فہرست ہوں، تو وہ سکیورٹیز کے ٹرانسفر کی رجسٹریشن اور سکیورٹیز کے ایشور (Issuer) اور آفر سے متعلق ایشور (Issuer) کے فرائض اور کارہائے منصبی جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) میں بیان کیا گیا ہے اور بالخصوص، ریگولیشنز (Regulations)8.3.1، الف8.3، 8.7.1 اور 8.7.2 کے تحت ایشور(Issuer) کے فرائض اور کارہائے منصبی کی عمومیت کو محدود کیے بغیر طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں،

آزاد ٹرانسفر ایجنٹ کو تفویض کرے گا؛

(ہ) **(اوّل)** اگر سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) کمپنی ہو تو، ایشور (Issuer) عدالت کی جانب سے تقرر کردہ ریسورشپ یا وائنڈنگ اپ میں نہ ہوگا؛ یا

**(دوم)** اگر سکیورٹیز کا ایشور(Issuer) کارپوریٹ باڈی ہو، علاوہ ازیں کمپنی کے، تو ایشور(Issuer) ایڈمنسٹریشن کی کسی بھی مماثل شکل میں نہ ہوگا؛ اور

(و) سکیورٹیز کو اہل سکیورٹیز قرار دینا عوامی مفاد میں ہوگا، CDC سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کو نوٹس دے سکتی ہے، کمیشن اور، اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں تو اسٹاک ایکسچینج کو بھی، اس نوٹس میں مصرحہ تاریخ سے، ان سکیورٹیز کو اہل سکیورٹیز قرار دیا جائے گا خواہ ایشور(Issuer) نے ان سکیورٹیز کے لئے کہ انہیں اہل سکیورٹیز قرار دیا جائے درخواست دی ہو یا نہ دی ہو۔

5.1.2 حذف شدہ۔

5.1.3 حذف شدہ۔

5.1.4 ریگولیشن(Regulation)5.1.1 کے تحت نوٹس میں مصرحہ تاریخ، جیسا کہ CDS اہلیت کی اس تاریخ کے بعد جو کہ نوٹس میں دی گئی ہے سے 30 کاروباری ایام سے کم نہ ہو

گی۔مگر شرط یہ ہے کہ ریگولیشن(Regulation)5.1.1 کے تحت دیئے گئے نوٹس میں مصرحہ تاریخ جیسا کہ وہ CDS کی اہلیت کی تاریخ ہے پہلے کی تاریخ بھی ہو سکتی ہے، جیسا کہ CDC اور ایشور (Issuer) کے مابین متفقہ تاریخ ہے جس نے ریگولیشن(Regulation)5.1.8 کے تحت CDC کو درخواست دی ہے۔

5.1.5 ریگولیشن(Regulation)5.1.1 کے تحت سکیورٹیز کی بابت CDS اہلیت کی تاریخ جو کہ نوٹس میں دی گئی ہے وہ تاریخ ہو گی جو کہ نوٹس میں مصرحہ ہے تاوقتیکہ:

**(الف)** علاوہ ازیں CDC ایشور(Issuer) کے ساتھ متفق ہو جائے؛

**(ب)** ریگولیشن(Regulation)5.2.4 کی مطابقت میں تاریخ بدل دی جائے؛

**(ج)** ریگولیشن(Regulation)5.1.15 کے تحت تاریخ معطل ہو؛

**(د)** ریگولیشنز (Regulations) 5.1.10 یا 5.3.14 کے تحت جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، تاریخ منسوخ ہو گئی ہو؛ یا

**(ہ)** ریگولیشنز (Regulations)5.3.13 کے تحت تاریخ پر نظر ثانی ہو گئی ہو۔

5.1.6 کوئی ایشور(Issuer):

**(الف)** جو ریگولیشن(Regulation)5.1.1 میں محولہ نوٹس وصول کرتا ہے؛ اور

**(ب)** جو اس بات کا خواہشمند نہ ہو کہ اس کی سکیورٹیز جن کے متعلق کہ نوٹس ہے انہیں اہل سکیورٹیز قرار دیا جائے،

ریگولیشن(Regulation) 5.1.7 کی مطابقت میں، مذکورہ سکیورٹیز کو بطور اہل سکیورٹیز قرار نہ دینے کی درخواست دے سکتا ہے۔

5.1.7 ریگولیشن(Regulation)5.1.6 کے تحت درخواست 10 کاروباری ایام کے اندر وضع کی جائے گی جو ریگولیشن(Regulation) 5.1.1 کے تحت دیئے گئے نوٹس کی تاریخ سے ہو گی۔

5.1.8 کوئی ایشور(Issuer) کسی بھی وقت CDC کو ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کو اہل سکیورٹیز قرار دینے کے لئے درخواست دے سکے گا۔

5.1.9 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 5.1.6 یا 5.1.8 کی پیروی میں ایشور (Issuer) سے درخواست وصول کرتی ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، CDC، 15 کاروباری ایام کے اندر اس تاریخ سے جب درخواست وصول ہوئی درخواست قبول یا مسترد کر سکتی ہے۔

5.1.10 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 5.1.6 کے تحت درخواست کو قبول کرتی ہے، وہ فی الفور ایشور (Issuer) کو، کمیشن کو اور، اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں تو،

اسٹاک ایکسچینج کو بھی مذکورہ قبولیت کا نوٹس دے گی، نوٹس میں اس بات کی توثیق کرے گی کہ ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت منسوخ ہو چکی ہے۔

5.1.11 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 5.1.8 کے تحت درخواست کو منظور کرتی ہے تو، وہ:

**(الف)** ایشور (Issuer) کو فی الفور قبولیت کا نوٹس دے گی؛ اور

**(ب)** ریگولیشن (Regulation) 5.1.1 کی مطابقت میں عمل کرے گی۔

5.1.12 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 5.1.6 یا 5.1.8 کے تحت وضع کردہ درخواست کو مسترد کرتی ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، تو وہ فی الفور اس کو مسترد کرنے کا نوٹس حسب ذیل کو دے گی:

**(الف)** ایشور (Issuer)؛

**(ب)** کمیشن؛ اور

**(ج)** اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں تو اسٹاک ایکسچینج کو بھی۔

5.1.13 ریگولیشن (Regulation) 5.1.12 کے تحت دیئے گئے نوٹس میں مسترد کرنے کی وجوہ بیان کی جائیں گی۔

5.1.14 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 5.1.6 یا 5.1.8 کے تحت وضع کردہ درخواست کو مسترد کرتی ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، تو ایشور (Issuer) مسترد کئے جانے کے خلاف CDC کو اپیل نوٹس دیتے ہوئے اس کے خلاف اپیل کر سکتا ہے کہ:

(الف) فیصلے کی شناخت کرے جس کے خلاف اپیل وضع کی گئی ہے؛
(ب) اپیل کی وجوہات کو بیان کرے؛ اور
(ج) ریگولیشن (Regulation)5.1.12 کے تحت ایشور (Issuer) کو نوٹس کی وصولی کے بعد 10 کاروباری ایام کے بعد نہ ہو۔

5.1.15 اگر:

(الف) CDC ریگولیشن (Regulation)5.1.9 میں دی گئی مدت کے خاتمہ تک ریگولیشن (Regulation) 5.1.6 کے تحت وضع کردہ درخواست پر فیصلہ نہیں کرتی؛ یا

(ب) ایشور (Issuer) ریگولیشن (Regulation) 5.1.14 کی مطابقت میں اپیل نوٹس دیتا ہے،

تو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS کی تاریخ اہلیت زیر ریگولیشن 5.1.1، فی الفور معطل ہو جائے گی۔

5.1.16 ایشور (Issuer) جو ریگولیشن (Regulation) 5.1.1 کے تحت نوٹس وصول کرتا ہے، ریگولیشن (Regulation) 5.1.6 کے تحت حق درخواست کے وضع کرنے کے تابع، ایشور (Issuer) پہلے موقع پر CDC کے ساتھ معاہدے میں شامل ہوتا ہے کہ ایشور (Issuer) کی کسی بھی ایسی سکیورٹیز کو CDS تاریخ اہلیت سے پیشگی اہل سکیورٹیز قرار دیا جائے۔

## 5.2 پیشگی از آغاز ٹیسٹنگ

5.2.1 CDC کسی بھی ایشور (Issuer) سے تقاضا کر سکتی ہے، جس کی کوئی بھی سکیورٹیز اہل سکیورٹیز قرار دی گئیں ہوں، یا ٹرانسفر ایجنٹ جس کی تقرری ریگولیشن (Regulation) (الف)5.6.1 کے تحت، ایشور (Issuer) کی جانب سے CDC کو مشتہر کر دی گئی ہو کہ CDS تاریخ اہلیت سے کم از کم 30 کاروباری ایام قبل پیشگی از آغاز ٹیسٹنگ کو ذمہ لے گی۔

5.2.2 ایشور (Issuer) اس بات کو یقینی بنائے گا کہ وہ یا اس کا ٹرانسفر ایجنٹ، جیسی بھی صورت ہو، وہ CDS تاریخ اہلیت سے قبل تکنیکی وکارکردگی مقتضیات کو پورا کرے گا۔

5.2.3 CDC ریگولیشن (Regulation) 7.2.2 کی مطابقت میں، اس کو یقینی بنانے کے لئے ایشور (Issuer) یا اس کا ٹرانسفر ایجنٹ، جیسی بھی صورت ہو، تکنیکی وکارکردگی مقتضیات کو پورا کریں، کے لئے مشورہ یا ہدایت دے سکتی ہے۔

5.2.4 اگر ایشور (Issuer) یا اس کا ٹرانسفر ایجنٹ، جیسی بھی صورت ہو، تکنیکی یا کارکردگی مقتضیات کو CDS تاریخ اہلیت سے قبل پورا کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے، CDC ایشور (Issuer)، کمیشن اور، اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج ہوں تو مذکورہ اسٹاک ایکسچینج کو بھی نوٹس دیتے ہوئے CDS کی تاریخ اہلیت کو تبدیل کر سکتی ہے۔

## 5.3 CDS اہلیت کی معطلی اور منسوخی

5.3.1 قانون کے تحت یا ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDC کسی بھی چارہ جوئی سے متناقض ہوئے بغیر، اگر:

**(الف)** ایشور (Issuer) قاصر ہو جاتا ہے یا نارضامند ہو جاتا ہے یا کسی بھی طرح سے ان ریگولیشن (Regulation) کی تعمیل میں ناکام ہو جاتا ہے؛

**(ب)** ایسی صورت میں جہاں اہل سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں، اسٹاک ایکسچینج مذکورہ سکیورٹیز میں کاروبار کو معطل کرتی ہے یا انہیں ڈی لسٹ کرتی ہے؛

**(ج)** کسی بھی فیصلے کے وقت، ریگولیشن (Regulation) 5.1.1 میں بیان کردہ معیار اہلیت میں سے کسی ایک یا زائد کا خاتمہ کر سکتا ہے؛ یا

**(د)** CDC حسب ذیل کی نسبت اسے ضروری خیال کرتی ہو یا اس طرح کرنے کی خواہشمند ہو:

(اوّل) CDS کی ایمانداری، اعتمادیت اور استعداد کار؛ یا

(دوم) CDS ایلمنٹس (Elements) کو نقصان کے خطرہ سے تحفظ،

تو CDC ریگولیشن (Regulation) 5.3.2 کے تابع؛

(ہ) ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو مزید نوٹس تک، معطل کر سکتی ہے، مگر شرط یہ کہ معطلی کی کوئی بھی مدت 60 کاروباری ایام سے متجاوز نہ ہوگی یا پہلے 60 دن کی مدت کے بعد ایسی دیگر مدت یا مدتیں جو ہر ایک 60 کاروباری ایام سے متجاوز نہ ہوں، جیسا کہ CDC وقتاً فوقتاً اپنی صوابدید کے مطابق، موزوں خیال کر سکتی ہے؛ یا

(و) ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کر دے۔

5.3.2 اگر CDC ریگولیشن(Regulation) 5.3.1 کے تحت ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو معطل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے یا اگر CDC ریگولیشنز (Regulations)5.3.1، 5.4.3یا5.4.4 کے تحت ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو CDC:

**(الف)** ایشور(Issuer) کو ایسا نوٹس دے گی جیسا کہ CDC ان حالات میں موزوں سمجھے؛

**(ب)** اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں، ریگولیشن(Regulation) 5.3.2(الف) کے تحت، ایشور(Issuer) کو نوٹس دینے کے ساتھ ساتھ، اس نوٹس کی نقل اسٹاک ایکسچینج کو بھی فراہم کرے گی؛ اور

**(ج)** اس حد تک کہ CDC لازم خیال کرے، نوٹس کی ایک نقل دیگر CDS ایلمنٹس (Elements) کو دے گی۔

5.3.3 اگر CDC ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت ریگولیشن 5.3.1 کی مطابقت میں معطل یا منسوخ کرتی ہے، یا ریگولیشنز (Regulations)5.4.3، 5.4.4 کی مطابقت میں ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کرتی ہے، تو CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، معطلی یا منسوخی کا حسب ذیل کو نوٹس دے گی:

**(الف)** سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کو؛

**(ب)** اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں، تو اسٹاک ایکسچینج کو؛

**(ج)** اس حد تک کہ CDC معقول طور پر لازم خیال کرے، دیگر CDS ایلمنٹس(Elements) کو؛

(ج الف) سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر جو بک انٹری سکیورٹیز رکھتا ہو، مذکورہ سکیورٹیز کی نمائندگی کرر ہا ہے، مگر شرط یہ ہے کہ، معطّلی کی صورت میں، نوٹس ایسے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو جہاں اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے مذکورہ سکیورٹیز میں معطّلی کاروبار کے سبب سے معطّلی کی گئی ہو جہاں پر یہ سکیورٹیز درج فہرست ہیں کو بھیجا جائے گا؛ اور

(د) کمیشن کو۔

5.3.4 ریگولیشن(Regulation)5.3.3 کے تحت دیا گیا نوٹس لازماً یہ بیان کرر ہا ہو:

(الف) وقت اور تاریخ جس پر کہ معطّلی یا منسوخی موثر ہوئی؛ اور

(ب) معطّلی یا منسوخی کی وجہ۔

5.3.4الف جہاں پارٹیسپنٹ(Participant)، ریگولیشن(Regulation)5.3.3 کی پیروی میں، CDC سے حسب ذیل کی بابت نوٹس وصول کرتا ہے:

(الف) CDC کی جانب سے ایشور(Issuer) کی CDS اہل سکیورٹیز کی معطّلی جن کی CDS اہلیت اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے جس پر کہ مذکورہ سکیورٹیز درج فہرست ہیں مذکورہ سکیورٹیز کے کاروبار کی معطّلی کے سبب معطل ہو چکی ہو؛ یا

(ب) ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت منسوخ ہو چکی ہو،

تو ایسا پارٹیسپنٹ (Participant)، مذکورہ نوٹس کی وصولی سے دو کاروباری ایام کے اندر، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، اس نوٹس کے مشتملات کو اس پارٹیسپنٹ(Participant) جو مذکورہ سکیورٹیز کی نمائندگی کرنے والی تمام بک انٹری سکیورٹیز کو رکھتا ہے کی جانب سے کنٹرول کردہ تمام ذیلی اکاؤنٹس ہولڈرز کو مشتہر کیا جائے گا۔

5.3.5 اگر CDC ریگولیشنز (Regulations) 5.3.1، 5.4.3 یا 5.4.4 کے تحت کسی ایشور (Issuer ) کی جاری کردہ سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کرتی ہے، تو ایشور(Issuer) منسوخی کے خلاف CDC کو اپیل کا نوٹس دیتے ہوئے اپیل کر سکتا ہے کہ:

(الف) اس فیصلے کی شناخت کرے جس کے برخلاف اپیل وضع کی گئی ہے؛

(ب) اپیل کی وجوہات بیان کرے؛ اور

(ج) تاوقتیکہ ریگولیشن(Regulation) 5.3.7 لاگو ہو، ریگولیشن(Regulation) 5.3.3 کے تحت ایشور(Issuer) کی جانب سے نوٹس کی وصولی کے بعد 10 کاروباری ایام سے زائد نہ دیئے جائیں گے۔

5.3.6 اگر ریگولیشن(Regulation) 5.3.1 کے تحت ایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت معطل ہو چکی ہو اور معطلی کم از کم 15 کاروباری ایام تک بدستور جاری رہے، تو ایشور (Issuer) CDC کو اپیل نوٹس دیتے ہوئے ریگولیشن(Regulation) 5.4.4 کے تحت ان سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی آنے والی منسوخی کے خلاف اپیل کر سکتا ہے کہ:

(الف) اپیل کی وجوہات بیان کرے؛

(ب) اس تاریخ سے قبل جس پر کہ ریگولیشن(Regulation) 5.4.4 کے تحت منسوخی باضابطہ طور پر مؤثر ہو کاروباری دن پر شام 5:00 بجے تک دے دیا جائے۔

5.3.7 اگر ریگولیشن(Regulation) 5.3.6 کے تحت CDS اہلیت کی آنے والی منسوخی کے خلاف وضع کی گئی اپیل کی شنوائی نہ ہوئی ہو، یا اگر ہوئی ہو، مگر کاروبار کے دن قبل از تاریخ 5:00 بجے شام سے قبل فیصلہ نہ ہوا ہو کہ ریگولیشن(Regulation 5.4.4 کے تحت منسوخی مؤثر ہونا واجب ہو گئی ہے، تو اپیل کو ریگولیشن(Regulation 5.3.5 کے تحت وضع کردہ اپیل کی طرح لیا جائے گا۔

5.3.8 اگر CDC ریگولیشنز (Regulations) 5.3.5,5.1.14 یا 5.3.6 کے تحت نوٹس وصول کرتی ہے، تو CDC اپیل نوٹس کی نقل فی الفور کمیشن کو فراہم کرے گی۔

5.3.9 اگر کمیشن ریگولیشن(Regulation) 5.3.8 کے تحت CDC سے اپیل نوٹس کی نقل وصول کرتا ہے، تو کمیشن جتنا جلدی ممکن ہو:

(الف) اپیل کی شنوائی کے لئے تاریخ اور وقت مقرر کرے گا (جو CDC کی جانب سے اپیل نوٹس کی وصولی کے بعد 10 کاروباری ایام سے زائد نہ ہوگا)؛

(ب) اپیل کی شنوائی کے لئے مقام نامزد کرے گا۔

(ج) فریقین کوتاریخ،وقت اور مقام جہاں پرشنوائی ہونی ہے کامعقول نوٹس دیا جائے گا۔

5.3.10 اپیل:

(الف) جوایشور(Issuer) کی جانب سے ریگولیشنز (Regulations)5.1.6 یا 5.1.8 کے تحت درخواست کے مسترد ہونے کے خلاف ریگولیشن (Regulation) 5.1.14 کے تحت وضع کی گئی ، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو،؛

(ب) جوایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی منسوخی کے خلاف ریگولیشن(Regulation)5.3.5 کے تحت وضع کی گئی ہو؛ یا

(ج) جوایشور(Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی آنے والے منسوخی کے خلاف ریگولیشن(Regulation)5.3.6 کے تحت وضع کی گئی ہو،

ریگولیشن(Regulation)14.8 کی مطابقت میں ایسی تحقیقات جیسا کہ ان حالات میں موزوں ہوں، کا انعقاد کیا جائے گا۔

5.3.11 کمیشن حسب ذیل کرسکتا ہے:

(الف) اگر ریگولیشن(Regulation) 5.1.6 کے تحت ایشور (Issuer) کی جانب سے دی گئی درخواست کے مسترد ہونے کے فیصلے کے خلاف جو ریگولیشن(Regulation)5.1.14 کے تحت وضع کی گئی ہو:

(اوّل) درخواست کومسترد کرنے کے فیصلے کی توثیق کرے؛ یا

(دوم) CDC کو ہدایت کرے کہ ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کو بطور اہل سکیورٹیز کے اعلان نہ کرے:

(ب) اگر ریگولیشن(Regulation) 5.1.8 کے تحت ایشور (Issuer) کی جانب سے دی گئی درخواست کے مسترد ہونے کے فیصلے کے خلاف جو ریگولیشن(Regulation)5.1.14 کے تحت وضع کی گئی ہو:

(اوّل) درخواست کومسترد کرنے کے فیصلے کی توثیق کرے؛ یا

(دوم) CDC کو ہدایت کرے کہ ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کو بطور اہل سکیورٹیز کے اعلان کرے اور ریگولیشن(Regulation) 5.1.1 [حذف شدہ] میں محولہ نوٹس دے؛

(ج) اگر اپیل ریگولیشن(Regulation)5.3.5 کے تحت وضع کی گئی ہو:

(اوّل) ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کرنے کے فیصلے کی توثیق کرے؛ یا

(دوم) CDC کو منسوخی ختم کرنے کی ہدایت کرے؛ یا

(د) اگر اپیل ریگولیشن(Regulation)5.3.6 کے تحت وضع کی گئی ہو:

(اوّل) اپیل کو مسترد کردے؛ یا

(دوم) ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو بحال کرنے کے لئے CDC کو ہدایت دے۔

5.3.12 ریگولیشن(Regulation) 5.3.11 کے تحت کمیشن کا فیصلہ اور کسی بھی لاگت کا تعین جو ایشور (Issuer) یا CDC کی جانب سے قابل ادائیگی ہو ایشور (Issuer) اور CDC کے لئے حتمی اور لازم ہوگا۔

5.3.13 اگر، اس قسم کی اپیل پر جو ریگولیشن(Regulation) (الف)5.3.11 میں محولہ ہے، تو کمیشن ریگولیشن (اوّل)(الف)5.3.11 میں محولہ فیصلہ کرتا ہے:

(اوّل) CDC ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کے لئے نظر ثانی شدہ CDS تاریخ اہلیت کا تعین کرے گی؛ اور

(دوم) ایشور (Issuer)، کمیشن اور، اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں تو مذکورہ اسٹاک ایکسچینج کو بھی نظر ثانی شدہ CDS تاریخ اہلیت کا نوٹس دے گا۔

5.3.14 اگر، اس قسم کی اپیل پر جو ریگولیشن(Regulation) (الف)5.3.11 میں محولہ ہے، تو کمیشن ریگولیشن (دوم)(الف)5.3.11 میں محولہ فیصلہ کرے گا:

(الف) ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS تاریخ اہلیت فی الفور منسوخ کردی جائے گی؛اور

(ب) CDC ایشور(Issuer) ، کمیشن اور ، اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں تو مذکورہ اسٹاک ایکسچینج کو بھی مذکورہ منسوخی کا نوٹس دے گا۔

## 5.4 معطلی کے اثرات

5.4.1 اگر CDC ایشور(Issuer ) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو معطل کرتی ہے، تو CDC ، ریگولیشن(Regulation) 5.3.3 کے تحت دیئے گئے نوٹس میں بیان کردہ وقت اور تاریخ سے مذکورہ سکیورٹیز کو CDS میں ڈپازٹ کرنے کی بابت تمام ڈپازٹ ٹرانز یکشنز درخواست جو اسے ترسیل کی گئی کو مسترد کردے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں معطلی ایشور(Issuer ) کی کسی بھی سکیورٹیز کے کاروبار کے معطلی کے سبب سے تمام اسٹاک ایکسچینجوں (جہاں پر مذکورہ سکیورٹیز درج فہرست ہیں ) میں کسی بھی وجوہ سے ہوئی ہو جو عدم تعمیل سے منسوب کرنے کے لائق ہیں، تو CDC اس ریگولیشن (Regulation) 5.4.1 کے دوسرے فقرہ شرطیہ کے تحت ، ریگولیشن (Regulation) 5.3.3 کے تحت نوٹس میں معطلی کی مصرحہ کردہ تاریخ سے مذکورہ سکیورٹیز کی نسبت تمام ٹرانز یکشنز جو اسے ترسیل ہوئیں کو مسترد کرسکتی ہے بمع استثنیات کہ جو طریقہ ہائے کار میں CDC صراحت کرسکتی ہے:

مگر مزید شرط یہ ہے کہ، جہاں معطلی ایشور(Issuer ) کی کسی بھی سکیورٹیز کے کاروبار کی معطلی کے سبب سے تمام اسٹاک ایکسچینجوں (جہاں پر مذکورہ سکیورٹیز درج فہرست ہیں ) میں کسی مقتضیات کی ادائیگی میں ہوئیں:

(الف) جو مذکورہ سکیورٹیز کے ایشور (Issuer ) کے کسی چارٹر ، قانون موضوعہ ، میمورنڈم یا آرٹیکل آف ایسوسی ایشن یا کسی بھی ریزولیشن میں بیان کردہ ہوں؛ یا

(ب) مذکورہ سکیورٹیز سے متعلق کسی عدالت یا ہیئت مجاز کے حکم تحت لاگو کردہ ہوں ، پھر، CDC ، ریگولیشن(Regulation) 5.3.3 کے تحت معطلی کے نوٹس

میں مصرحہ تاریخ سے مذکورہ سکیورٹیز سے ایسے طریقہ کار میں معاملت کرے گی جیسا کہ CDC کے طریقہ ہائے کار میں مصرحہ ہو۔

5.4.1الف ریگولیشن (Regulation) 5.4.1 میں شامل کسی امر کے باوصف، CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، کسی بھی حادثے کی صورت میں، ایشور (Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی بابت جسے CDC نے تمام اسٹاک ایکسچینجز میں جہاں مذکورہ سکیورٹیز درج فہرست ہیں کاروبار کی معطّلی کے سبب معطل کیا ہے، ریگولیشن (Regulation) 5.4.1 میں شامل پابندی سے چھوٹ دے سکتی ہے، مگر شرط یہ ہے کہ، متعلقہ اتھارٹیز سے مذکورہ واقعہ کی نسبت اجازت لی جائے گی، جیسا کہ کسی بھی قانون، رولز (Rules) یا ریگولیشن (Regulation) جو فی الوقت نافذ العمل ہوں کی پیروی میں مطلوب ہو سکتی ہے۔

5.4.2 اگر CDC کو اطمینان ہو کہ ایسے حالات اس چیز کو وجود دیتے ہیں کہ معطّلی برقرار نہ رہے:

**(الف)** CDC معطّلی کو ختم کر دے گی؛ اور

**(ب)** حسب ذیل کو نوٹس دے گی:

**(اوّل)** ایشور (Issuer)؛

**(دوم)** اگر سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں تو، اسٹاک ایکسچینج کو بھی؛

**(سوم)** اس حد تک کہ CDC معقول طور ضروری خیال کرے، دیگر CDS / ایلمنٹس (Elements) کو؛ اور

**(چہارم)** کمیشن۔

کو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں۔

5.4.2الف حذف شدہ۔

5.4.3 CDC ریگولیشن (Regulation) 5.3.1 کے تحت ایشور (Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کر سکتی ہے، باوجود اس کے کہ سکیورٹیز کی CDS اہلیت معطل ہو۔

5.4.4 اگر ایشور (Issuer) کی اہل سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی معطّلی 60 کاروباری ایام تک بدستور رہے، یا دیگر ایسی مدت یا مدتوں تک، ہر ایک 60 کاروباری ایام سے متجاوز نہ ہو، تو CDC، اپنی صوابدید پر، سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی معطّلی کے آخری دن پر اس دن کے خاتمہ پر نفاذ پذیر کر سکتی ہے۔

## 5.5 تنسیخ کے اثرات

5.5.1 اگر CDC ایشور (Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کرتی ہے، تو CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، متعلقہ وقت پر اور سے، بک انٹری سکیورٹیز کو منجمد کر سکتی ہے جو مذکورہ سکیورٹیز کی نمائندگی کر رہی ہوں اور بعد ازیں تمام ٹرانز یکشنز کو جو اسے ترسیل کی گئیں علاوہ ازیں مذکورہ سکیورٹیز کی بابت جائز باز خواست منظوری ٹرانز یکشن کے مسترد کر سکتی ہے۔

5.5.2 اگر CDC ایشور (Issuer) کی کسی بھی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کرتی ہے، تو CDC، ریگولیشن (Regulation) 5.5.1 کے تحت، اس صورت میں کہ سکیورٹیز رجسٹرر فارم سکیورٹیز ہوں، کاروبار کے دن کے خاتمہ کے بعد، جیسا کہ متعلقہ وقت پر ایک رپورٹ تیار کرے گا جو حسب ذیل کو ظاہر کرے گی:

**(الف)** رجسٹریشن کی تفصیل اور ہولڈنگ بیلنسز جو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی نمائندگی کر رہا ہو جس کی CDS اہلیت منسوخ ہو چکی ہو؛

**(ب)** ہولڈرز کی رجسٹریشن کی تفصیلات جن کی ہولڈنگز بک انٹری سکیورٹیز کی بابت پوزیشن کو ظاہر کرتی ہوں جو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی نمائندگی کر رہی ہوں جس کی CDS اہلیت منسوخ ہو چکی ہو؛ اور

**(ج)** ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے نام اور پتے جن کے نام پر بک انٹری سکیورٹیز ہوں جو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز اس کی CDS اہلیت کی نمائندگی کر رہی ہوں جس کی CDS اہلیت منسوخ ہو چکی ہو ہولڈنگز میں مرہون (pledged) پوزیشن میں درج ہوں۔

5.5.3 جب CDC ریگولیشن (Regulation) (الف) 5.5.2 کی پیروی میں رپورٹ تیار کرتی ہے، CDC اس رپورٹ کو مذکورہ سکیورٹیز کے ایشور (Issuer) کو اس مشورہ کے ساتھ بھیجتی ہے کہ وہ CDC کے نام پر سٹوفکیٹ تیار کرے جو سکیورٹیز سے متعلقہ ہو جنھیں بک انٹری سکیورٹیز ظاہر کر رہی ہوں جن کی بابت ریگولیشن (Regulation) (الف) 5.5.2 کے تحت رپورٹ تیار ہو چکی ہو۔

الف5.5.3 جب ایشور (Issuer) CDC ریگولیشن (Regulation) 5.5.3 کی پیروی میں رپورٹ موصول کرتا ہے، تو ایشور (Issuer):

**(الف)** CDC کے نام پر سٹوفکیٹ تیار کرے گا جو سکیورٹیز سے متعلقہ ہو گا جسے بک انٹری سکیورٹیز ظاہر کر رہی ہوں جس کی بابت ریگولیشن (Regulation) (الف) 5.5.2 کے تحت رپورٹ تیار ہو چکی ہے؛

**(ب)** پیرا گراف (الف) میں محولہ سٹوفکیٹ کو مع ٹرانسفر ڈیڈز کے ریگولیشن (Regulation) 5.5.3 کے تحت CDC کی جانب سے رپورٹ کی موصولی کے 30 کاروباری ایام کے اندر CDC کو ڈیلیور کرے گا۔

## ب5.5.3 حذف شدہ۔

## 5.5.4 حذف شدہ۔

الف5.5.4 جب CDC ریگولیشن (Regulation) الف 5.5.3 کی پیروی میں، ایشور (Issuer) سے سرٹیفکیٹس اور ٹرانسفر ڈیڈز وصول کرتی ہے، تو CDC سکیورٹیز سے متعلق سٹوفکیٹ جسے بک انٹری سکیورٹیز سے ظاہر کیا جا تا ہے جیسا کہ ریگولیشن (Regulation) 5.5.2 کی پیروی میں رپورٹ سے عیاں ہے مع ٹرانسفر ڈیڈز کے جس پر CDC کی جانب باضابطہ طور پر دستخط اور مہر تصدیق ثبت کی گئی ہے منتقل الیہ کے طور پر ہولڈرز اور ریا، جیسی بھی صورت ہو، ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledge) جن کا نام مذکورہ رپورٹ میں ہے کے سپرد کرے گی۔

5.5.4ب ریگولیشن(Regulation)الف5.5.4 کے تابع، CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، ریگولیشن(Regulation) 5.5.1 کی پیروی میں CDC کی جانب سے منجمد کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی بابت مندرجات کومنسوخ کرے گی۔

5.5.5 اشخاص جو ریگولیشن(Regulation) الف 5.5.4 کی پیروی میں سرٹیفکیٹس کی سپردگی کووصول کرنے کے حقدار ہوں گے وہ ٹرانسفر ڈیڈز کی بابت جنہیں CDC نے مذکورہ ریگولیشن(Regulation) کی پیروی میں دستخط کیا ہے کی قابل ادائیگی اسٹامپ ڈیوٹی کی ادائیگی میں پابند کیا جائے گا۔

5.5.6 ریگولیشن(Regulation)(الف) 5.5.2 کی پیروی میں CDC کی جانب سے تیارکردہ رپورٹ میں ہولڈرز کا نام یہ متصور کیا جائے گا کہ CDC اور ایشور(Issuer) کو مجاز کرتا ہے کہ ایسے تمام افعال انجام دے اور ایسے تمام اقدامات اٹھائے جو ریگولیشنز (Regulations)5.5.2، 5.5.3 اورالف 5.5.3 کے تحت اپنی متعلقہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لئے CDC اور ایشور(Issuer) کے لئے ضروری ہوں۔

## 5.5(الف) <u>بعض مخصوص صورتوں میں سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی تنسیخ اوراس کے نتیجے میں ہولڈنگز میں متعلقہ مندرجات کی منسوخی</u>

5.5(الف).1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی امر کے باوصف:

جہاں:

**(الف)** کوئی سکیورٹیز جو انفکاک پذیر سرمایہ دستاویزات پر مشتمل ہوں بشمول (محدود کئے بغیر) ڈبینچرز (Debentures) مالیات مدتی سرٹیفکیٹس، مشارقہ سرٹیفکیٹس، سکوک اورکسی بھی ایشور کی سرکاری سکیورٹیز، جیسی بھی صورت ہو، مکمل ادا کی جائیں گی یاادا کی جاتی ہیں:

**(ب)** انفکاک پذیرنوعیت کی کوئی بھی سکیورٹیز بشمول مگرانفکاک پذیرترجیحی شیئرز تک محدود نہ ہوگی یا ایشور(Issuer) کی کوئی بھی دیگرانفکاک پذیرنصفتی دستاویز،

جیسی بھی صورت ہو، مکمل انفکاک پذیر ہوگی یا کی جائے گی؛

(ج) کوئی بھی سکیورٹیز جو ایشور (Issuer) کے شیئرز پر مشتمل ہو جو کہ فہرستی کمپنی ہو، یا ہوسکتی ہو، کمپنیات آرڈیننس، 1984 (نمبر 47 مجریہ 1984) کی شرائط میں مذکورہ ایشور (Issuer) خریدے گا یا خریدتا ہے، جیسی بھی صورت ہو، اور مذکورہ ایشور (Issuer) یہ چاہتا ہے کہ ایسی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو CDC منسوخ کردے؛

(د) سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) کمپنی ہو، مذکورہ ایشور (Issuer) رسیور شپ (Receivership)، عدالت کے تقرر کردہ مینجر شپ یا تحلیل کی طرف چلا جاتا ہے؛

(ہ) سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) کارپوریٹ باڈی ہو علاوہ ازیں کمپنی کے، ایشور (Issuer) کسی ایڈمنسٹریشن کی ملتی جلتی صورت کی طرف چلا جاتا ہے؛ یا

(و) سکیورٹیز ٹرسٹ یا کنٹریکٹ کی پیروی میں جاری کی جاتی ہیں، ایسے ٹرسٹ یا کنٹریکٹ کی انقضاء ہو جاتی ہے جبراً یا رضا کارانہ طور پر اس کا وجود ختم ہو جاتا ہے یا اس کا خاتمہ کر دیا جاتا ہے، برباد یا تحلیل کر دیا جاتا ہے،

پھر، ہر اس طرح کی صورت میں، CDC:

(ز) ریگولیشن (Regulation) (الف) 5.5.2 کی مطابقت میں تیار کردہ رپورٹ ایشور (Issuer) کو فراہم کرے گی؛

(ح) جیسا کہ متعلقہ وقت میں، ایشور (Issuer) کو بذریعہ نوٹس ایسی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی تنسیخ، اور قابل اطلاق حد تک، ایسے دیگر فرامین کو جیسا کہ ریگولیشن (Regulation) 5.3.3 میں بیان کیا گیا ہے؛

(ط) متعلقہ وقت کے بعد مذکورہ، بک انٹری سکیورٹیز کی تمام ٹرانزیکشنز جو اسے ترسیل کی گئیں، مسترد کرے گی؛

(ی) متعلقہ وقت کے بعد کسی بھی وقت، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، متعلقہ

مندرجات کو منسوخ کر دے گی جو بک انٹری سکیورٹیز سے متعلق ہیں، جو مذکورہ سکیورٹیز سے جو ہر ایک ہولڈنگ میں رونما ہوتی ہیں سے متعلقہ ہیں جن مندرج میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کی بابت بطور متعلقہ وقت رونما ہوسکتی ہیں۔

5.5الف.2 CDC اور ہر ایک متعلقہ ایشور ریگولیشن (Regulation) 1.الف 5.5 کے مفہوم میں طریقہ ہائے کار کی تمام قابل اطلاق مقتضیات کو لاگو کرنے اور تمام ضروری اقدامات اٹھانے کی تعمیل کرے گا۔

## 5.5ب سکیورٹیز کی جزوی منسوخی

5.5ب.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی امر کے باوصف، جہاں ایشور (Issuer) کسی انفکاک پذیر سکیورٹیز کے ہولڈرز کو پُٹ (put) آپشن دیتا ہے جو بک انٹری سکیورٹیز سے ظاہر ہو رہا ہو، جو فی الوقت نافذ العمل کسی قانون، چارٹر، قانون موضوعہ یا میمورینڈم یا آرٹیکل آف ایسوسی ایشن یا کسی کنٹریکٹ، کسی قابل اطلاق دستاویز یا ایشور (Issuer) کے ریزولوشن کے تحت قابل اجازت ہو، ایسا ایشور (Issuer) اس میں مصرحہ کردہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDC کو نوٹس دے گا، منجملہ اور چیزوں کے:

**(الف)** مدت جس کے اندر مذکورہ انفکاک پذیر سکیورٹیز کے ہولڈرز مذکورہ انفکاک پذیر سکیورٹیز کو منسوخ کرنے کی عرض کرنے کے قابل ہوں گے؛ اور

**(ب)** شرح جس میں انفکاک پذیر سکیورٹیز کے ہولڈرز ایسی انفکاک پذیر سکیورٹیز کو منسوخ کر سکیں گے۔

5.5ب.2 ریگولیشن (Regulation) 1.ب 5.5 کے تحت فی الفور ایشور (Issuer) کی جانب سے CDC کو نوٹس دینے پر، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، نوٹس پر مشتمل معلومات کو CDR پر ریکارڈ کرے گا۔

5.5B.3 CDC اور ہر ایک متعلقہ ایشور (Issuer) ریگولیشن (Regulation) ب 5.5 کے مفہوم میں طریقہ ہائے کار کی تمام قابل اطلاق مقتضیات کو لاگو کرنے اور تمام ضروری اقدامات اٹھانے کی تعمیل کرے گا۔

## 5.6 ٹرانسفر ایجنٹس

5.6.1 اگر ایشور (Issuer) کسی ٹرانسفر ایجنٹ کو ملازم رکھتا ہے یا خدمات حاصل کرتا ہے کہ ایشور (Issuer) کی طرف سے کوئی ذمہ داری ادا کریں یا ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت ایشور (Issuer) کی جانب سے کوئی کارروائی کرے، تو ایشور (Issuer):

**(الف)** ٹرانسفر ایجنٹ کے تقرر سے CDC کو مشتہر کرے گا؛ اور

**(ب)** اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں اس کی طرف سے ٹرانسفر ایجنٹ نے ذمہ داریاں ادا کردی ہیں، یا افعال ادا کردیئے ہیں۔

## 5.7 تبدیل شدہ حالات کا CDC کو نوٹس

5.7.1 اہل سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) فی الفور CDC کو نوٹس دے گا اگر:

**(الف)** ایشور (Issuer) اپنا نام اور رجسٹرڈ پتہ تبدیل کرتا ہے؛

**(ب)** ایشور (Issuer) یا اس کا ٹرانسفر ایجنٹ، جیسی بھی صورت ہو، ان ریگولیشنز (Regulations) کی تعمیل میں ناکام، نارضامند یا کسی بھی طرح سے ناکام ہو جاتا ہے؛

**(ج)** اس صورت میں جب سکیورٹیز اسٹاک ایکسچینج میں درج فہرست ہوں، اسٹاک ایکسچینج مذکورہ سکیورٹیز میں کاروبار کو معطل کردے گی یا انہیں ڈی لسٹ کردے گی۔

**(د)** ریگولیشن (Regulation) 5.1.1 میں بیان کردہ ایک یا ایک سے زائد معیار اہلیت پر پورا اُترنے کا خاتمہ کردیتی ہے؛

**(ہ)** ایشور (Issuer) ٹرانسفر ایجنٹ کی کسی بھی تبدیلی پر اثر انداز ہو؛

**(ز)** ایشور (Issuer) کمپنیات آرڈیننس، 1984 (نمبر 47 مجریہ 1984) کی دفعہ (الف) 95 کے مفہوم میں تمام یا کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز جو مذکورہ ایشور (Issuer) کی انفکاک پذیر سکیورٹیز کی نمائندگی کررہی ہوں دوبارہ خریدے یا مکمل ادائیگی کرے یا خریدے۔

## 5.8 CDC کی سکیورٹیز کا بطور اہل سکیورٹیز اعلان کرنا

5.8.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی شئے کے باوجود (بشمول ان کے جو باب 5 میں ہیں) اور طریقہ ہائے کار میں ہیں، CDC کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنی جاری شدہ سکیورٹیز کو CDS اہل سکیورٹیز کے طور پر اعلان کرے۔ ان ریگولیشنز (Regulations) کی وہ تمام مقتضیات اور وہ تمام طریقہ ہائے کار جو دیگر ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کو بطور CDS اہل سکیورٹی اعلان کرنے کے سلسلے میں درکار ہوتے ہیں وہ CDC کی اپنی سکیورٹیز کو CDS اہل سکیورٹیز اعلان کرنے کے سلسلے میں لاگو نہ ہوں گی۔

# باب 6: اکاؤنٹس اور ذیلی اکاؤنٹس کا قیام، دیکھ بھال اور آپریشنز (Operations)

## 6.1 اکاؤنٹس کا قیام

6.1.1 ریگولیشن (Regulation) 4.2 یا ریگولیشن (Regulation) 4.4 کی پیروی میں، کسی شخص کو فی الفور بطور اکاؤنٹ ہولڈر، شامل کرنے کے لئے، جیسی بھی صورت ہو، CDC اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے مرکزی اکاؤنٹ قائم کرے گی، CDC، اپنی صوبدید پر، اکاؤنٹ ہولڈر کی تحریراً درخواست پر، مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے اضافی مرکزی اکاؤنٹس قائم کرے گی۔

6.1.2 CDC اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت کے بعد فی الفور، اکاؤنٹ ہولڈر کے نام پر ہاؤس اکاؤنٹ قائم کرے گی۔ جہاں ریگولیشن (Regulation) 6.1.1 کی پیروی میں CDC کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے ایک سے زائد مرکزی اکاؤنٹ قائم کیے جائیں گے، CDC اپنی جانب سے ہر ایک مرکزی اکاؤنٹ کے تحت ایک ہاؤس اکاؤنٹ قائم کرے گی۔ CDC، اکاؤنٹ ہولڈر کی تحریری درخواست پر، اکاؤنٹ ہولڈر کے نام سے اضافی ہاؤس اکاؤنٹ قائم کرے گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ CDC اس ریگولیشن (Regulation) 6.1.2 کی پیروی میں کوئی بھی ہاؤس اکاؤنٹ قائم نہیں کرے گی، تاوقتیکہ کلیئرنگ کمپنی کے ساتھ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اس کے اپنے نام پر UIN قائم نہ ہو جائے۔

**6.1.2الف** جہاں اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو، CDC مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی تحریراً درخواست پر، اکاؤنٹ ہولڈر کے نام پر مکفولہ اکاؤنٹ قائم کرے گی۔

**6.1.2ب** جہاں اکاؤنٹ ہولڈر، جس کے نام پر مرکزی اکاؤنٹ اور / یا ہاؤس اکاؤنٹ ریگولیشن (Regulation) 6.1 کی پیروی میں CDC کی جانب سے قائم کیا گیا ہے، TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو، تو CDC، قواعد ہائے کار کی مطابقت میں، مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ترسیل کردہ کسی بھی ٹرانزیکشن کو مسترد کر سکتی ہے تاوقتیکہ مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے بطور کلیرنگ ممبر شامل ہوا اور بطور بروکر [جیسا کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس، 1969ء (نمبر 17 مجریہ 1969ء) میں تعریف کیا گیا ہے]۔ بروکرز و ایجنٹس رجسٹریشن رولز، 2001ء کے تحت رجسٹرڈ ہو (جیسا کہ وقتاً فوقتاً اس میں ترمیم کی گئی ہے) کمیشن کی جانب سے اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں مذکورہ شمولیت کے شواہد اور رجسٹریشن CDC کو فراہم کر دی جائے:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کو CDS میں بطور پارٹیسپنٹ (Participant) شامل کیا گیا ہو جس کے نتیجے میں:

**(الف)** انفرادی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر کی کارپوریٹ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر میں کارپوٹائزیشن؛ یا

**(ب)** اس کی مکمل طور پر ملکیتی ذیلی کے نام پر اس کے TRE سرٹیفکیٹس کی منتقلی، جہاں اور اگر مذکورہ منتقلی کو اسٹاک ایکسچینجز کے ریگولیشنز (Regulations) کے مطابق اجازت دی گئی ہو،

تو CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، صرف جائز ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن جو مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر نے ریگولیشن (Regulation) 6.2.1 کی پیروی میں کئے ہیں کی اجازت دے گی۔

**6.1.3** CDC، پارٹیسپنٹ (Participant) کی CDS میں شمولیت کے بعد فی الفور پارٹیسپنٹ (Participant) کے نام پر گروپ اکاؤنٹ قائم کرے گی۔ جہاں

ریگولیشن(Regulation) 6.1.1 کی پیروی میں CDC پارٹیسپنٹ(Participant) کے نام پر ایک سے زائد مرکزی اکاؤنٹ کھولے گی، CDC ہر ایک مرکزی اکاؤنٹ کے تحت پارٹیسپنٹ (Participant) کا ایک گروپ اکاؤنٹ کھولے گی جو CDC نے اپنی جانب سے قائم کیا ہے۔

6.1.4 اکاؤنٹ ہولڈر کے تمام اکاؤنٹس ایسی رجسٹریشن تفصیل کے حامل ہوں گے جیسا کہ ریگولیشن(Regulation)(ہ)4.1.1 یا ریگولیشن(Regulation)(الف)4.3.1 میں محولہ ایڈمیشن فارم میں اکاؤنٹ ہولڈر نے فراہم کئے ہیں ،جیسی بھی صورت ہو، ہر اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ رجسٹریشن کی تفصیلات جو اکاؤنٹ ہولڈر نے محولہ بالا داخلہ فارم میں فراہم کی ہیں ہر لحاظ سے درست اور مکمل ہوں اور تمام اور کسی بھی یا تمام قسم کا سقم اور ریا کوتاہی رجسٹریشن فارم کی تفصیل میں جو کہ اکاؤنٹ ہولڈر نے فراہم کیا ہے کا ذمہ دار ہوگا۔

6.1.5 اگر کسی بھی وقت اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ کی بابت اکاؤنٹ ہولڈر کی CDC کو فراہم کردہ تفصیلات میں تبدیلی واقع ہوتی ہے، تو اکاؤنٹ ہولڈر:

**(الف)** تبدیلی کی اطلاع CDC کو دے گی۔

**(ب)** طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اکاؤنٹ ہولڈر اکاؤنٹ کی تبدیلی کو عیاں کرے۔

6.1.6 حذف شدہ۔

6.1.7 حذف شدہ۔

6.1.8 حذف شدہ۔

## 6.1الف <u>کلیئرنگ کمپنی کے لئے اکاؤنٹس کا قیام</u>

6.1الف.1 CDC کلیئرنگ کمپنی کی تحریری درخواست پر، کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے حسبِ ذیل دو اکاؤنٹس قائم کرے گی:

**(الف)** NCC-سکوارنگ-اَپ اکاؤنٹ؛ اور

(ب) NCC۔ری ٹراؤل اکاؤنٹ۔

## 6.2 ذیلی اکاؤنٹس کا قیام اور دیکھ بھال

6.2.1 ریگولیشن(Regulation)6.2.2 کے تابع، پارٹیسپنٹ(Participant) وقتاً فوقتاً CDC کو ارسال کرے گا، مقررہ وقت کے اندر، ہر مرکزی اکاؤنٹ کے تحت اپنے جائز ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن کے لئے کہ وہ اپنے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ذیلی اکاؤنٹس قائم کرے جسے CDC نے ریگولیشن(Regulation)6.1.1 کی پیروی میں پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے قائم کیا ہے۔مگر شرط یہ ہے کہ، CDC ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی جہاں مذکورہ پارٹسپنٹ(Participant) نے اپنے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے لیے ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن کی ترسیل سے پیشگی UIN قائم نہ کیا ہو اور مذکورہ انکار سے پارٹیسپنٹ(Participant) کو مطلع کرے گی۔

6.2.2 ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کا ذیلی اکاؤنٹ پارٹیسپنٹ(**Participant**) کی جانب سے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے اوپننگ فارم جسے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر یا اس کی طرف سے باقاعدہ دستخط شدہ ہو کی بنیاد پر قائم کیا جائے گا۔کوئی بھی دوسرا فارم یا دستاویز جو کوئی بھی ہو CDS میں ذیلی اکاؤنٹ کے قیام کی غرض سے پارٹیسپنٹ(Participant) استعمال نہ کرے گا۔

6.2.3 پارٹیسپنٹ (Participant)، کسی بھی حالات کے تحت، ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں کسی بھی طرح کی تخصیص، تبدل، ترمیم یا کسی بھی طرح کی تبدیلی یا تبدیلیاں نہ کر سکے گا، ریگولیشن(Regulation) 6.2 کے اطلاق کے بعد کسی بھی وقت ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں CDC یا کمیشن کی جانب سے کسی بھی تبدیلی کو کمیشن کی پیشگی منظوری سے CDC مشتہر کرے گی اور اس طرح کی تبدیلیاں موجودہ ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں شامل شدہ متصور ہوں گی (اس فارم میں کمیشن نے پہلے سے منظور کیا تھا) جو CDC کی جانب سے ایسا اعلامیہ جاری کرنے کے بعد فی الفور پارٹیسپنٹس(Participants) استعمال کر سکیں گے۔

6.2.4 ریگولیشن(Regulation) 6.2.1 کی پیروی میں پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے قائم کردہ ہر ذیلی اکاؤنٹ ایسی رجسٹریشن تفصیلات اور دیگر معلومات کا حامل ہوگا جیسا کہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر نے ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں بیان کیا۔ ہر پارٹیسپنٹ(Participant) اس بات کا ذمہ دار ہوگا کہ اسے یقینی بنائے کہ ہر ایک ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات جسے پارٹیسپنٹ(Participant) نے ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن میں مخصوص کیا ہے جو ذیلی اکاؤنٹ کے قیام کے لئے اس کی جانب سے ترسیل کی گئیں ہر لحاظ سے درست اور مکمل ہوں۔

6.2.5 جہاں ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارم کے بارے میں رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات جو کہ پارٹیسپنٹ (Participant) نے حاصل کیں بادی النظر میں غلط یا علاوہ ازیں نامکمل ہوں، تو پارٹیسپنٹ(Participant) ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن کو ایسی رجسٹریشن تفصیلات اور دیگر معلومات کی بنیاد پر CDC کو ارسال نہیں کرے گا۔

6.2.6 ریگولیشن(Regulation)6.2 کو اتنے دنوں میں مؤثر ہونے پر جیسا کہ کمیشن مقرر کرے (بعدازیں جن کا حوالہ اس باب میں بطور ''ٹائم پیریڈ'' (Time Period) دیا گیا ہے) ہر ایک پارٹیسپنٹ(Participant) اس بات کو یقینی بنائے گا کہ:

**(الف)** اس نے دیکھ بھال کردہ ذیلی اکاؤنٹس کی بابت ذیلی اکاؤنٹس اوپننگ فارمز حاصل کر لئے ہیں؛ اور

**(ب)** تمام موجودہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کی رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات جن کی دیکھ بھال وہ اپنی اکاؤنٹ فیملی کے طور پر کر رہا ہے اسے ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں بیان کردہ رجسٹریشن تفصیلات اور دیگر معلومات کے ساتھ تخصیص کر کے یکساں کر دیا ہے (بشمول ریگولیشن(Regulation)6.2.3 کے تابع وقتاً فوقتاً اس میں ہونے والی کسی بھی ترامیم کے) اور یہ کہ ایسی تخصیص شدہ رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات CDC کو ترسیل کر دی گئیں ہیں۔

6.2.7 اگر کسی بھی وقت پارٹیسپنٹ(Participant) کو اس کے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اس ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی رجسٹریشن کی تفصیلات یا دیگر معلومات میں کسی بھی تبدیلی سے مطلع کیا جا تا ہے، تو پارٹیسپنٹ (Participant) ریگولیشن(Regulation)(ح)15.5.1 اورطریقہ ہائے کار کے تابع:

**(الف)** تبدیلی سے CDC کو مطلع کرے گا؛اور

**(ب)** طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، اس کو یقینی بنائے گا، کہ تمام ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے ذیلی اکاؤنٹ اس تبدیلی کو عیاں کریں۔

6.2.8 اگر کسی بھی وقت CDC کو یہ اطمینان ہو کہ اس کے پاس ڈیٹا کو پروسیسنگ کرنے کی صلاحیت اور آپریشنل قابلیت نہیں ہے کہ وہ CDR پر اضافی ذیلی اکاؤنٹ قائم کر سکے، CDS کی کلیت کو یا اس کی عمومی کارکردگی کو خطرے میں ڈالے یا خراب کیئے بغیر، تو وہ:

**(الف)** وہ تمام پارٹیسپنٹ(Participant) کو تاریخ اور وقت سے مطلع کرنے کے بعد جس پر اس نے تمام جائز ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن جو اسے ترسیل کی ہیں مسترد کر دے گی؛اور

**(ب)** ریگولیشن(Regulation)(الف)6.2.8 میں محولہ نوٹس میں بیان کردہ مؤثر وقت کے تمام ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشنز کو جو اسے ترسیل کی گئیں مسترد کر دے گی۔

6.2.9 ریگولیشن(Regulation)(الف) 6.2.8 میں محولہ نوٹس دینے کے بعد اگر کسی بھی وقت CDC کو یہ اطمینان ہو تا ہے کہ اس کے پاس ڈیٹا کو پروسیسنگ کرنے کی صلاحیت اور آپریشنل قابلیت ہے کہ وہ CDR پر اضافی ذیلی اکاؤنٹ قائم کر سکے CDS کی کلیت کو یا اس کی عمومی کارکردگی کو خطرے میں ڈالے یا خراب کیئے بغیر، تو وہ:

**(الف)** تمام پارٹیسپنٹس(Participants) کو تاریخ اور وقت سے مطلع کرنے کے بعد تمام جائز ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشن جو اسے ترسیل کی ہیں قبول کرے گی؛اور

**(ب)** ریگولیشن(Regulation)(الف)6.2.9 میں محولہ نوٹس میں بیان کردہ مؤثر وقت کے بعد تمام ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ ٹرانزیکشنز کو جو اسے ترسیل کی گئیں قبول کرے گی۔

## 6.2الف تمام ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ہولڈنگ بیلنس کا گوشوارہ بھیجنا

6.2الف.1 ہر پارٹیسپنٹ (Participant) ہر سہ ماہی کے آخر میں 10 ایام کے اندر تمام ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کو جو مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے زیر کنٹرول ذیلی اکاؤنٹ رکھتے ہیں ہولڈنگ بیلنس گوشوارہ بھیجے گا جو ہر ایک بک انٹری سکیورٹی کی تعداد ہر ایک ایسے ذیلی اکاؤنٹ میں ظاہر کررہا ہوگا جیسا کہ سابقہ سہ ماہی کے آخر میں تھی۔ مذکورہ ہولڈنگ بیلنس گوشوارے CDS سے نکالے جائیں گے اور ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ایسے طریقہ کار میں بھیجے جائیں گے جو ریگولیشن (Regulation)2.6.4 میں بیان کیا گیا ہے جو ان کے ای میل ایڈریسز پر بھیجے جائیں گے جن سے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز نے اپنے پارٹیسپنٹ (Participant) کو مطلع کیا ہے۔

6.2الف.2 CDC، اپنی صوابدید پر، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کو بلاواسطہ ہولڈنگ بیلنس گوشوارے بھیج سکتی ہے ایسے طریقہ کار پر اور اس حد تک جیسا کہ CDC وقتاً فوقتاً موزوں خیال کرے۔

## 6.2B پارٹیسپنٹ (Participant) اپنے کلائنٹس (Clients) کو گوشوارے بھیجیں گے

ہر ایک پارٹیسپنٹ (Participant) ہر ایک ماہ کی 10 تاریخ کو اپنے ہر ایک کلائنٹ کو جس کی بک انٹری سکیورٹیز پارٹیسپنٹ (Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں درج تھیں جو سابقہ ماہ کے آخر تک ہر ایک بک انٹری سکیورٹی کی تعداد کو ظاہر کررہی ہوں گی جو مذکورہ کلائنٹ کی ملکیت ہے اور جو مذکورہ گروپ اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں ہے۔ مذکورہ گوشوارے ریگولیشن (Regulation)2.6.4 میں بیان کردہ طریقہ کار پر بھیجے جائیں گے۔

## 6.3 بورڈ رجسٹریشن کی تفصیلات مرتب کرے گا

6.3.1 بورڈ وقتاً فوقتاً رجسٹریشن کی اضافی تفصیلات مرتب کرے گا جو CDS کی رواں کارکردگی کو سہل کرنے کے لئے ضروری ہوسکتی ہیں۔ تاہم، رجسٹریشن کی ایسی اضافی تفصیلات فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون کی خلاف ورزی میں نہ ہوں گی۔

6.3.2 جہاں ریگولیشن(Regulation) 6.3.1 کی پیروی میں رجسٹریشن کی کوئی بھی اضافی تفصیلات مرتب کی گئی ہوں:

**(الف)** تو CDC اس کا نوٹس مستعدی کے ساتھ تمام CDS ایلیمنٹس(Elements) کو دے گی؛ اور

**(ب)** تمام اکاؤنٹ ہولڈرز طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، مستعدی سے اس بات کو یقینی بنائیں گے، کہ ان کے تمام اکاؤنٹ اور ذیلی اکاؤنٹس جنہیں وہ کنٹرول کرتے ہیں مذکورہ اضافی رجسٹریشن کے حامل ہوں گے۔

## 6.4 اکاؤنٹس اور ذیلی اکاؤنٹس کی دیکھ بھال

6.4.1 ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں اکاؤنٹ ہولڈر جو اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہا ہو ہولڈنگز(Holdings) کو برقرار رکھے گا۔

6.4.2 تمام ہولڈنگز ایسی حدود کی حامل ہوں گی جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں مصرحہ ہے؛

6.4.3 CDC رجسٹریشن کی ایسی تفصیلات برقرار رکھے گی جو ہر ایک ہولڈنگ(Holding) سے متعلق ہوں جو مذکورہ ہولڈنگ(Holding) کو کنٹرول کررہی ہوں جو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اسے وقتاً فوقتاً فراہم کی جاتی ہے۔

## (الف)6.4 اختتام دن پر بک انٹری سکیورٹیز کے مرکزی اکاؤنٹ میں پارکنگ (Parking) کرنے کی ممانعت

6.4الف.1 ہر ایک پارٹیسپنٹ(Participant) جو مرکزی اکاؤنٹ ، برقرار رکھتا ہے اس سے لازماً تقاضا کیا جائے گا کہ اس بات کو یقینی بنائے کہ کوئی بھی بک انٹری سکیورٹیز جو اسے منتقل ہوئی ہوں یا، جیسی بھی صورت ہو، اس مرکزی اکاؤنٹ میں شامل ہوئی ہوں یا، جیسی بھی صورت ہو، مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کے اختتام دن پر اس میں پارک نہ رہیں گی۔

## 6.4ب کلیئرنگ کمپنی کے ساتھ اکاؤنٹس اور ذیلی اکاؤنٹس کو ٹیگ کرنا

6.4ب.1 CDC، ہر ایک کاروباری دن کے اختتام پر، کلیئرنگ کمپنی کو ذیلی اکاؤنٹس، ہاؤس اکاؤنٹس اور سرمایہ کار اکاؤنٹس کی تعداد فراہم کرے گی، مذکورہ ذیلی اکاؤنٹس، ہاؤس اکاؤنٹس اور سرمایہ کار اکاؤنٹس کی جیسا کہ CDS نے، NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں، مذکورہ تعداد کے ایسے ذیلی اکاؤنٹس، ہاؤس اکاؤنٹس اور سرمایہ کار/ر اکاؤنٹس کے UINs کے ساتھ چٹ لگانے کی غرض کے لئے پیدا کئے ہیں۔

## 6.5 ایلیجیبل پلیجیز (Eligible Pledgees) کے اوپننگ اکاؤنٹس

6.5.1 ریگولیشن (Regulation) 4.8 کی پیروی میں فی الفور کسی شخص کو بطور ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے طور پر شامل کرنے پر CDC ایلیجیبل پلیجی **(Eligible Pledgee)** کی طرف سے ایلیجیبل پلیجی **(Eligible Pledgee)** اکاؤنٹ کھولے گی، CDC، اپنی صوابدید پر، ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کی درخواست پر مذکورہ ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کی طرف سے اضافی ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) اکاؤنٹ کھول سکتی ہے۔

## 6.6 CDC ذمہ دار نہ ہوگی

6.6.1 بلا لحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی امر کے برعکس، CDC ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت کسی رپورٹ کے تیار کرنے اور قابل دستیاب بنانے جو بھی ہو کسی CDS ایلمنٹ (Element) یا کسی بھی دیگر شخص کے لئے جو کوئی بھی ہو ذمہ دار نہ ہوگی، بشمول، مذکورہ بالا کی عمومیت سے متناقض ہوئے بغیر، انتفائی مالکان رپورٹ، جس کی بنیاد پر اور رجسٹریشن کی تفصیلات کو شامل کرتے ہوئے اور/ر یا ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت دیگر معلومات CDC کو فراہم کرنے یا علاوہ ازیں اکاؤنٹ ہولڈرز، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور اشخاص جو بک انٹری سکیورٹیز کے مالک ہوں جو پارٹیسپنٹ (Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں درج

ہیں۔ ہر ایک CDS ایلمنٹ (Element) تلافی نقصان کرے گا CDC کو اور اس کے ڈائریکٹرز، افسران، ملازمین اور ایجنٹوں کو اور انہیں کسی نقصانات، ہرجانہ، لاگت اور اخراجات برداشت کرنے یا عائد کئے جانے کے خلاف یا جن سے CDC یا اس کے ڈائریکٹرز، افسران، ملازمین اور ایجنٹس متاثر ہوں سے بلامضرت رکھے گا جو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت کوئی رپورٹ جو رجسٹریشن کی تفصیلات اور یا دیگر معلومات جو مذکورہ CDS ایلمنٹ (Element) نے فراہم کیں کی بنیاد پر رپورٹ کے تیار کرنے اور قابل دستیاب بنانے کے نتیجہ میں ہوئے۔

## 6.7 ذیلی اکاؤنٹس کے آپریشنز

6.7.1 پارٹیسپنٹ (Participant) اپنے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کے ذیلی اکاؤنٹس میں شامل ہونے والی بک انٹری سکیورٹیز سے مصرحہ مقاصد کے لیے معاملت کرے گا جیسا کہ اس کی مجازیت میں بیان کیا گیا جو مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کے ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارمز میں جو انہوں نے مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کے یا، جیسی بھی صورت ہو، ان کے اٹارنی نے دستخط کیے ہیں میں فراہم کیا گیا ہے۔

6.7.2 پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کے ساتھ معاملت کرتے ہوئے جو اس کے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کے ذیلی اکاؤنٹ میں شامل ہیں کسی بھی غرض کے لئے علاوہ ازیں اس کے جو مجازیت میں خاص طور سے بیان کردی گئی ہو کے لئے متعلقہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کی پارٹیسپنٹ (Participant) کے حق میں ہرایک ٹرانزیکشن کے لئے C D C نے اسٹینڈرڈ فارمیٹ میں جو ریگولیشن (Regulation) 3.7.1 کی پیروی میں طریقہ ہائے کار میں کسی بھی مذکورہ غرض کے لئے وقتاً فوقتاً مقرر کیا ہے کے لئے خاص پیشگی مجازیت درکار ہوگی:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں پارٹیسپنٹ (Participant)، مجازیت کی پیروی میں، اپنا حق استعمال کرتا ہے کہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز سے بقایا چارجز اور نقصانات وصول کرے، جس میں سہارہ دینے کی غرض سے مارکیٹ کی خریداری کی ٹرانزیکشنز کے برخلاف

ادائیگیاں شامل ہیں جو کہ پارٹیسپنٹ(Participant) نے مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کیں ( بعد ازیں اس ریگولیشن(Regulation) 6.7.2 میں اجتماعی طور پر جس کا حوالہ ''بقایا واجبات'' کے طور پر دیا گیا ہے ) مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے ذیلی اکاؤنٹ میں رکھی گئی بک انٹری سکیورٹیز کو مارکیٹ کی بنیاد یا مارکیٹ سے باہر سکیورٹیز ٹرانزیکشنز کے ذریعے، NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں کلیئرنگ کمپنی کے ذریعے تصفیہ کرتے ہوئے سپرد کرے ، تو پارٹیسپنٹ(Participant):

**(الف)** ریگولیشن(Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (اوّل) میں بیان کردہ طریقہ کار کی مطابقت میں ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کو نوٹس دے گا۔

**(ب)** بقایا واجبات کی نسبت ریگولیشن 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (چہارم) کی مقتضیات کی تعمیل کرے گا۔

6.7.3 جہاں ، پارٹیسپنٹ (Participant) ریگولیشن (Regulation) 6.2.6 کی مطابقت میں اپنے پاس برقرار رکھے گئے ذیلی اکاؤنٹ کا ذیلی اکاؤنٹ اوپننگ فارم حاصل نہیں کرتا ، تو پارٹیسپنٹ(Participant) بک انٹری سکیورٹیز جو ہولڈرز کی ملکیت ہیں سے معاملت نہ کر سکے گا ماسوائے فری ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی استثنیات کے ساتھ نتیجتاً بک انٹری سکیورٹیز کو ڈیبٹ کرنے سے جو مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ میں مندرج ہیں ، مگر شرط یہ ہے کہ بنیادی سکیورٹیز ٹرانزیکشنز جس سے مذکورہ فری ڈیلیوری ٹرانزیکشنز کا تعلق ہے ریگولیشنز (Regulations) (ل) 9.1.1 یا (ل) 9.2.1 کے زمرے میں آتی ہیں۔

6.7.4 جہاں ، ٹائم پیریڈ کی انقضاء کے بعد ، پارٹیسپنٹ(Participant) نے رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات کو جو اس کے کسی ذیلی اکاؤنٹ سے متعلق ہیں جسے اس نے ریگولیشن(Regulation) 6.2.6 کی مطابقت میں اپنی اکاؤنٹ فیملی کے جز کے طور پر رکھا ہوا ہے کی تخصیص نہیں کی ، تو CDC، اس وقت تک کہ پارٹیسپنٹ(Participant)

ریگولیشن (Regulation) 6.2.6 کی مطابقت میں مذکورہ ذیلی اکاؤنٹس کی رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات کی تخصیص نہیں کر لیتا:

**(اوّل)** ایسے ذیلی اکاؤنٹس کو بلاک کر دے گی؛ اور

**(دوم)** صرف پارٹیسپنٹ (Participant) کو اجازت دے کہ مذکورہ ذیلی اکاؤنٹس کے ہولڈرز کی ملکیت بک انٹری سیکورٹیز کی فری ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی حد تک معاملت کرے جو کسی بک انٹری سیکورٹیز میں درج مذکورہ ذیلی اکاؤنٹس کی ڈیبٹ کرنے کے نتیجے میں ہو، مگر شرط یہ کہ بنیادی سیکورٹیز ٹرانزیکشنز جس سے فری ڈیلیوری ٹرانزیکشنز کا تعلق ہے ریگولیشنز (Regulations) (ل) 9.1.1 یا (ل) 9.2.1 کے زمرے میں آتی ہوں اور ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں مذکورہ ذیلی اکاؤنٹس کی رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات کی تخصیص کرے۔

## 6.8 تحویلی پوزیشن اور منسلکہ امور کی غرض کے لئے ریگولیشنز (Regulations)

6.8.1 ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی امر کے باوصف، پارٹیسپنٹ (Participant) جو کہ اسٹاک ایکسچینج کا TRE سٹرفکیٹ ہولڈر ہے وہ تحویلی پوزیشن کو برقرار نہ رکھے گا جو مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کی انتہائی تحویلی حد سے متجاوز ہو۔

6.8.2 ہر ایک پارٹیسپنٹ، جو کہ اسٹاک ایکسچینج کا TRE سٹرفکیٹ ہولڈر ہے، CDC کو گوشوارہ داخل کرے گا:

**(الف)** سالانہ بنیاد پر؛ اور

**(ب)** جب کبھی پارٹیسپنٹ (Participant) کے ادا شدہ سرمائے میں تبدیلی ہو گی استثنیات کی صورتوں میں جہاں ادا شدہ سرمایہ بونس شیئرز کی اجراء کے سبب بڑھا ہو،

مذکورہ پارٹیسپنٹس (Participants) کے سرمایہ کی سطح موزونیت (Capital Adequacy level) کے سلسلے میں اس صورت اور طریقہ کار کے مطابق جو ریگولیشن (Regulation) 6.8.3 میں بیان کیا گیا ہے۔

6.8.3 ہر ایک پارٹیسپنٹ (Participant) جس پر ریگولیشن (Regulation) 6.8.2 کا اطلاق ہوتا ہے، مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے ہر ایک مالیاتی سال کے ختم ہونے کے 4 ماہ کے اندر، پارٹیسپنٹ (Participant) کے قابل ادا سرمایہ میں کسی بھی تبدیلی پر، اس ریگولیشن (Regulation) میں محولہ گوشوارہ CDC کو داخل کرے گا۔

**(الف)** جو باقاعدہ طور پر پارٹیسپنٹ (Participant) کے آڈیٹروں کی جانب سے CDC کے طریقہ ہائے کار میں صراحت کردہ شکل میں ہوگا؛ یا

**(ب)** پارٹسپنٹ (Participant) کے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی شکل میں جن کا آڈیٹروں نے باقاعدہ آڈٹ کیا ہو:

مگر شرط یہ ہے کہ اس ریگولیشن (Regulation) 6.8.3 کی شقات (الف) اور (ب) میں محولہ آڈیٹرز کا چناؤ CDC مقررہ معیار کے مطابقت میں اور کمیشن کی پیشگی تحریری منظوری سے کرے گی۔

مذکورہ بالا کے باوصف، ریگولیشن (Regulation) 6.8.2 میں محولہ گوشوارہ پارٹیسپنٹ (Participant) ریگولیشن (Regulation) 6.8.2 کے مؤثر ہونے کے بعد مذکورہ ایام کے اندر داخل کروائے گا، جیسا کہ CDC مشتہر کرے گی۔

6.8.4 CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، CDS میں پارٹیسپنٹ (Participant) کے سرمایہ موزوئیت کی سطح کی تعریف کرے گی (جس پر ریگولیشن 6.8.2 کا اطلاق ہوتا ہے) جیسا کہ مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) ریگولیشن (Regulation) 6.8.3 کی پیروی میں فراہم کرتا ہے:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں پارٹیسپنٹ (Participant) کے سرمایہ موزنیت کی سطح جیسا کہ ریگولیشن (Regulation) (ج) 13.1.7 کے تحت منعقدہ معائنہ کی پیروی میں متعین کردہ کم

پائی گئی اس سرمایہ موزونیت کی سطح سے جو مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) نے ریگولیشن(Regulation) **6.8.3** کی پیروی میں CDC کو فراہم کی تھی، تب CDC، ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDC کو دستیاب کسی بھی دیگر چارہ جوئی سے بلامضرت، CDS میں سرمایہ موزونیت کی سطح کی وضاحت کرے گی جیسا کہ CDC یا آڈیٹرز نے تعین کیا ہے، جیسی بھی صورت ہو، ریگولیشن (Regulation)(ج) 13.1.7 کی پیروی میں منعقدہ مذکورہ پارٹیسپنٹ(Participant) کے ریکارڈ کے معائنے کی بنیاد پر ہوگا۔

## باب 7: CDS میں کمیونیکیشنز

## 7.1 CDC کے ساتھ آگاہی

7.1.1 ہر ایک CDS ایلمنٹ (Element):

(الف) طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDS کے ساتھ حد مشترک (interface) قائم کرے گا اور اس کی دیکھ بھال کرے گا؛ اور

(ب) اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بذات خود CDS ایلمنٹ (Element) یا اس مجاز کردہ شخص کے ماسوائے کسی بھی دوسرے شخص کی اس حد مشترک تک CDS کے ساتھ رسائی حاصل نہ ہو۔

7.1.2 CDS ایلمنٹ (Element) فوراً CDC کو مطلع کرے گا اگر وہ یا اس کا مجاز کردہ شخص:

(الف) کسی بھی حقیقت یا معاملے سے آگاہ ہوتا ہے؛ یا

(ب) کوئی بھی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتا ہے،

جو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں اس کی CDS کے ساتھ با اعتماد رابطے کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہے۔

7.1.3 CDC فوراً CDS ایلمنٹ (Element) کو نوٹس دے گی اگر طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDC کی CDS ایلمنٹ (Element) کے ساتھ رابطے کی صلاحیت کو نقصان پہنچتا ہے یا پہنچ سکتا ہو۔

7.1.4 اگر ریگولیشن (Regulation) 7.1.2 کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) CDC کو نوٹس دیتا ہے یا اگر ریگولیشن (Regulation) 7.1.3 کے تحت CDS, CDC ایلمنٹ (Element) کو نوٹس دیتی ہے، تو CDC ایسے اقدامات اٹھا سکتی ہے جیسا کہ CDS کی سالمیت یا عمومی آپریشن کے لئے ضروری یا خاطر خواہ خیال کرے، جس میں CDS ایلمنٹ (Element) کو مشورہ یا ہدایت دینا بھی شامل ہے کہ وہ:

**(الف)** روابط کو بحال کرے؛ یا

**(ب)** وہ روابط کے نقصانات کا تدارک کرے یا انہیں کم سے کم کرے،

CDC اور CDS ایلمنٹ (Element) کے درمیان، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو۔

7.1.5 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 7.1.4 کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کو مشورہ یا ہدایات دیتی ہے تو CDS ایلمنٹ (Element) ان کا مشاہدہ کرے گا اور اس مشورے یا ان ہدایات کو مؤثر کرے گا۔

7.1.6 CDC، وقتاً فوقتاً، CDS ایلمنٹس (Elements) کمیشن اور اسٹاک ایکسچینجوں کو نوٹس بھیجے گا، CDS ایلمنٹس (Elements) اور CDC کے درمیان روابط کے ذرائع مقرر کرے گی اور ان کی منظوری دے گی۔

## 7.2 تکنیکی وکارکردگی کی مقتضیات

7.2.1 CDS ایلمنٹ (Element) تمام اوقات میں اس کو یقینی بنائے گا کہ:

**(الف)** طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں اس کے پاس یہ صلاحیت ہے کہ وہ اعتماد کے ساتھ CDS سے رابطہ کر سکے؛ اور

**(ب)** ایسے عملے کو ملازم رکھے یا مقرر کرے جو ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار سے واقف ہوں جیسا کہ CDS ایلمنٹ (Element) کو اجازت دینا ضروری ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں انجام دیں اور ان طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں ٹرانزیکشنز پیدا کریں، موصول کریں اور پروسیس کریں اور ان کی رپوٹیں حاصل کریں۔

7.2.2 CDS, CDC ایلمنٹ (Element) کو مشورہ اور ہدایات دے سکتی ہے تا کہ CDS ایلمنٹ (Element) تکنیکی وکارکردگی مقتضیات کو پورا کرنے یا اسے بدستور پورا کرنے کو یقینی بنا سکے۔

7.2.3 CDS ایلمنٹ (Element) ریگولیشن (Regulation) 7.2.2 کے تحت کسی بھی مشورہ یا ہدایات کا مشاہدہ کرے گا اور اسے مؤثر بنائے گا۔

7.2.4 ریگولیشن(Regulation)7.2.2 کو محدود کئے بغیر، CDC محدود نوٹس پر CDS ایلمنٹ (Element) سے یہ تقاضا کرسکتی ہے کہ وہ CDS ایلمنٹ (Element) کی صلاحیتوں کی اضافی جانچ کو اپنے ذمہ لے تاکہ تکنیکی وکارکردگی مقتضیات کو پورا کیا جاسکے اگر:۔

**(الف)** CDC معقول طور یہ باور کرتی ہے کہ اس، CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے یا الیکٹرانک روابط کے مسائل کے سبب متعدد غلط ٹرانزیکشنز ترسیل کی گئیں؛

**(ب)** CDC نے نمایاں نئے CDS سافٹ ویئر متعارف کروائے ہیں جو کہ CDS ایلمنٹ (Element) کی ان تکنیکی وکارکردگی مقتضیات کو پورا کرنے کی صلاحیت کو متاثر کریں گے۔

**(ج)** CDS ایلمنٹ (Element) ریگولیشن(Regulation) 7.1.2 کے تحت CDC کو نوٹس دیتا ہے؛ یا

**(د)** CDS ایلمنٹ (Element) ریگولیشن(Regulation) 7.1.2 کے تحت CDC کو نوٹس دینے میں ناکام ہو گئے ہیں مگر CDC اس بات سے باخبر ہوگئی ہے کہ CDS ایلمنٹ (Element) متاثر ہو گئے ہیں یا حسب ذیل کا متاثر ہونا تجویز کررہے ہے:

**(اوّل)** CDS کے ساتھ ان کی حد مشترک میں کوئی تبدیلی؛ یا

**(دوم)** CDS کے ساتھ ان کی حد مشترک میں تبدیلیاں یا قابل شمار ماحول جو اس کی CDS کے ساتھ روابط کی صلاحیت کو تبدیل کرے یا تبدیل کرسکتا ہے۔

## 7.3 ٹرانزیکشنز کی جوازیت

7.3.1 CDC حسب ذیل کی شناخت(ID) معین کرے گی؛

**(الف)** ہر ایک CDS ایلمنٹ (Element) کو، جو کہ ایشور (Issuer) نہ ہو، CDS میں داخلے کے لئے شامل ہو رہا ہو؛ اور

**(ب)** ہرایک ایشور (Issuer) کے لئے پہلی مرتبہ جب اس ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کو ایلیجیبل سکیورٹیز قرار دیا گیا۔

**7.3.1 الف** جہاں CDC نے CDS ایلمنٹ (Element) کی درخواست پر، جو کہ ایشور (Issuer) نہ ہو، ریگولیشن (Regulation) 6.1.1 کی پیروی میں ایک سے مرکزی اکاؤنٹ قائم کیا ہو، CDC مذکورہ CDS ایلمنٹ (Element) کی درخواست پر اس CDS ایلمنٹ (Element) کی درخواست پر، اس CDS ایلمنٹ (Element) کے مرکزی اکاؤنٹ کی بابت علیحدہ شناخت (ID) متعین کر سکتی ہے۔

**7.3.2** طریقہ ہائے کار کے مطابق، CDS ایلمنٹ (Element)، ریگولیشن (Regulation) 7.3.1 کی پیروی میں متعین کردہ شناخت (ID) کو ہر ایک ٹرانزیکشن میں جو اسے ترسیل کی جاتی ہے ٹرانزیکشن کے ماخذ کی شناخت کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔

**7.3.3** CDS ایلمنٹ (Element) صرف وہ ٹرانزیکشنز ارسال کر سکے گا جو ٹرانزیکشن کی مقتضیات جو طریقہ ہائے کار میں مصرحہ ہیں کی تعمیل کرتی ہوں۔

**7.3.4** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تابع، CDS,CDC کو ترسیل کردہ کسی بھی جائز ٹرانزیکشن کی پروسیسنگ کو قبول کر سکے گی۔

**7.3.5** ایشور (Issuer) کسی بھی رپورٹ کی پروسیسنگ کو قبول کرے گا جو ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں ایشور (Issuer) کو بھیجی گئیں۔

**7.3.6** اگر CDC کو CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے کی گئی ٹرانزیکشن کی ترسیل جائز نہ ہو تو، CDC:

**(الف)** ٹرانزیکشن کو مسترد کر دی گئی؛ اور

**(ب)** CDS ایلمنٹ (Element) کو اس ٹرانزیکشن کے مسترد ہونے کے بارے میں اور اس کی وجوہات کے بارے میں مطلع کرے گی۔

## 7.4 CDS پر ترسیل کا ماخذ

**7.4.1** اگر جائز ٹرانزیکشن، ٹرانزیکشن کے ماخذ کی شناخت کرتی ہے:

**(الف)** جیسا کہ CDC نے CDC شناخت (ID) کی صراحت کرتے ہوئے؛ یا

**(ب)** جیسا کہ CDS ایلمنٹ (Element)، CDS ایلمنٹ (Element) کی شناخت ID کی صراحت کرتے ہوئے،

کہ ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت ٹرانزیکشن تمام اغراض کے لئے کی گئی ہے جو CDC کی جانب سے یا CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے ترسیل کی گئی ہیں، جیسا بھی معاملے میں مطلوب ہو۔

## باب 8: سکیورٹیز کا ڈپازٹ اور واپسی

### 8.1 رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کا CDS میں ڈپازٹ

8.1.1 جیسا کہ CDS رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی اہلیت کی تاریخ سے، ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر ریگولیشن (ج) 8.2.1 کی پیروی میں مجاز ہوگا کہ وہ بطور منتقل الیہ اس کی طرف سے اور اس کے ایجنٹس کے طور پر تمام ٹرانسفر ڈیڈز اور دستاویزات ٹرانسفر پر دستخط کرے جو مذکورہ اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) سے متعلقہ ہوں کو CDS ڈپازٹ کی غرض کے لئے CDC کے نام پر ٹرانسفر ہو جائیں:

مگر شرط یہ ہے کہ مذکورہ مجازیت جائز نہ ہوگی جہاں مذکورہ سکیورٹیز پہلے سے اس شخص کے نام پر رجسٹر شدہ نہ ہوں جس کے اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ، جیسی بھی صورت ہو، سے مذکورہ سکیورٹیز کی دستاویزات شہادت ملکیت سے عیاں ہو۔

8.1.2 اکاؤنٹ ہولڈر، ریگولیشن (Regulation) 8.2 کی مطابقت میں، CDS میں ڈپازٹ کے لئے پراسیس کر سکتا ہے، کوئی بھی رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) جو قابل رجسٹرڈ ٹرانسفر دستاویزات ہیں جس کی بابت حسب ذیل اسے اپنے قبضے میں رکھتے ہیں؛

**(الف)** اکاؤنٹ ہولڈر بذات خود؛ یا

**(ب)** اگر اکاؤنٹ ہولڈر پارٹیسپنٹ (Participant) ہو، تو کوئی بھی شخص جو:

**(اوّل)** پارٹیسپنٹ (Participant) کا کلائنٹ ہو اور اس بات کا خواہشمند نہ ہو کہ اس کے اپنے نام پر CDS میں اکاؤنٹ ہو؛

**(دوم)** ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی بابت پارٹیسپنٹ (Participant) کنٹرول کرنے والا پارٹیسپنٹ (Participant) ہو؛ یا

**(سوم)** کوئی شخص جو درخواست کر رہا ہو کہ وہ پارٹیسپنٹ (Participant) کا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر بن جائے۔

توCDS میں ڈپازٹ کرنے کا پروسس نہ کر سکے گا تاوقتیکہ پروسیسنگ کے وقت:

**(اوّل)** مذکورہ سکیورٹیز پہلے سے اس شخص کے نام پر رجسٹرڈ ہوں جس کا اکاؤنٹ، یا جیسی بھی صورت ہو، مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ میں مذکورہ سکیورٹیز ڈپازٹ ہوں گی؛ اور

**(دوم)** ایسی رجسٹریشن مذکورہ، سکیورٹیز شہادتی دستاویزات ملکیت سے عیاں ہوگی۔

8.1.3 ڈپازٹ کرانے والا اکاؤنٹ ہولڈر مذکورہ سکیورٹیز کو CDS میں ڈپازٹ کرنے کی غرض کے لئے رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کوCDC کے نام پر ٹرانسفر کروانے پر اسٹامپ ڈیوٹی کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

## 8.2 رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کو CDS میں ڈپازٹ کروانے کے سلسلے میں ڈپازٹ کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کے فرائض

8.2.1 ڈپازٹ کروانے والا اکاؤنٹ ہولڈر جو CDS میں رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کے ڈپازٹ کی پروسیسنگ کر رہا ہو، ریگولیشن(Regulation)8.1.2 کے تابع:۔

**(الف)** سکیورٹیز ڈپازٹ فارم کو صحیح طور پر مکمل کرے گا؛

**(ب)** سکیورٹیز ڈپازٹ فارم میں صراحت کردہ مندرج معلومات کو استعمال کرتے ہوئے، مقررہ وقت میں، ڈپازٹ ٹرانزیکشن رپورٹ CDC کو ارسال کرے گا، منجملہ اور چیزوں کے، جیسا کہ ٹارگٹ ہولڈنگ؛

**(اوّل)** حذف شدہ۔

**(دوم)** کوئی بھی ذیلی اکاؤنٹ جسے ڈپازٹ کروانے والا اکاؤنٹ ہولڈر بطور پارٹیسپنٹ(Participant) کنٹرول کرتا ہو؛ یا

(سوم) ڈپازٹ کروانے والے اکاؤنٹ ہولڈر کا ہاؤس اکاؤنٹ، جس میں بک انٹری سکیورٹیز ہوں گی جو مذکورہ اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کو ظاہر کریں گی؛

(ج) دستخط کرے، بطور ایجنٹ اور CDC کی طرف سے بطور منتقل الیہ، ٹرانسفر ڈیڈز اور انتقال کی دیگر دستاویزات قابل رجسٹر دستاویزات انتقال پر مشتمل ہوں گی جو ایسی اہل سکیورٹیز سے متعلقہ ہوں۔

(د) مذکورہ اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کے ایشور (Issuer) کو قابل رجسٹر دستاویزات انتقال مع حسب ذیل کے روانہ کرے گا:

(اوّل) سکیورٹیز ڈپازٹ فارم کی ایک مکمل نقل؛ اور

(دوم) کمپیوٹر سسٹم کی جانب سے پیدا کردہ پرنٹ آؤٹ کی ایک نقل ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کی ترسیل کی رسید کے طور پر؛ اور

(ہ) سکیورٹیز ڈپازٹ فارم کی ایک مکمل نقل اپنے ریکارڈ کے لئے رکھے گا؛ اور

(و) سکیورٹیز ڈپازٹ فارم کی ایک مکمل نقل بطور ''ڈپازٹر کاپی'' نشان لگا کر ڈپازٹر کے سپرد کرے گا''۔

8.2.2 ہر ایک اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی قسم کی بابت علیحدہ سکیورٹیز ڈپازٹ فارم استعمال کیا جائے گا جو CDS میں ڈپازٹ کے لئے عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔

8.2.3 ریگولیشن (Regulation) (و) 8.2.1 کی پیروی میں سکیورٹیز ڈپازٹ فارم کی ایک مکمل نقل جو ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ڈپازٹر کے حوالے کی گئی، جسے بطور ''ڈپازٹر کاپی'' نشان زد کیا گیا ہے ایک رسید کا کام کرے گی، ڈپازٹر کے ہاتھ میں ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کے برخلاف دستاویزات کی حوالگی میں جو ڈپازٹر کی جانب سے ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کے لیے سکیورٹیز ڈپازٹ فارم میں بیان کیا گیا ہے۔

8.2.4 حذف شدہ۔

8.2.5 حذف شدہ۔

8.2.6 اکاؤنٹ ہولڈر، ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کو ترسیل کرنے کے بعد، مقرر وقت کے اندر، ایسی ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کی نسبت، ڈپازٹ ٹرانزیکشن منسوخی درخواست CDC کو ارسال کر سکتا ہے۔

8.2.7 ریگولیشنز (Regulations)(و) 8.2.1 اور 8.2.3 مقتضیات میں ڈپازٹر کے لئے ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اس میں بیان کردہ دستاویزات کی سپردگی کی نسبت ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ایسی دستاویزات کی مطلوبہ تحویل کے طور پر متصور کیا جائے گا اگر وہ ڈپازٹر ہو۔

## 8.3 رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کا CDS میں ڈپازٹ کروانے کے سلسلے ایشور (Issuer) کے فرائض

8.3.1 ریگولیشن (Regulation)(د) 8.2.1 میں محولہ دستاویزات کی وصولی کے 5 دنوں کے اندر، ایشور (Issuer) قابل رجسٹر دستاویزات انتقال کی تصدیق کرے گا اور، ان کے اصل ہونے کے بارے میں اپنے اطمینان کے بعد، ریگولیشن (Regulation) 8.1.1 کے مفہوم میں ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مجازیت کا جائز استعمال کر سکتا ہے اور اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) جو اس کی جانب سے CDC کے نام پر پیش کی جارہی ہیں ان کی منتقلی کے لیے موزونیت دیکھ سکتا ہے۔

**(الف)** اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی ٹرانسفر کو رجسٹر کرے جو کہ CDC کے نام پر CDS میں ڈپازٹ کی گئی ہیں اور؛

**(اوّل)** مذکورہ سکیورٹیز کی بابت، مقررہ وقت کے اندر، CDC کو جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن کی منظوری، ارسال کرے؛

**(دوم)** اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی شہادتی دستاویزات ملکیت کے نشان کو بطور ''منسوخ شدہ'' کو واضح طور پر اور ان مٹ لگائے۔

**(سوم)** ریگولیشن (Regulation)(ط)(د) 8.2.1 اور (دوم) میں محولہ دستاویزات کو اپنے ریکارڈ کے لیے سنبھال کر رکھے۔

(ب) اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی CDC کے نام پر ٹرانسفر کو مسترد کردے؛اور

(اوّل) مذکورہ سکیورٹیز کی نسبت ، مقررہ وقت کے اندر CDC میں جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن کے مسترد کرنے کو،ارسال کرے؛

(دوم) ایشور (Issuer) کو داخل کرنے والی تمام دستاویزات کونشان زد کرے ماسوائے متعلقہ قابل رجسٹر دستاویزات انتقال کے ،جن کا ریگولیشن(Regulation) (د) 8.2.1 میں جس کا حوالہ بطور ''مسترد کردہ'' کے دیا گیا ہے؛اور

(سوم) ریگولیشن (Regulation)(د) 8.2.1 میں محولہ ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کودستاویزات واپس کردے(ماسوائے جعلی ربوگس رنقلی دستاویزات جس کا تصدیقی خط ایشور(Issuer) دے گا)؛یا

(ج) اگرایشور(Issuer)CDC کی طرف سے ترسیل کرنے میں ناکام ہوجاتا ہے، مذکورہ دستاویزات کی نسبت،ریگولیشن(Regulation)8.4.4 کی پیروی میں کسی بھی ڈپازٹ ٹرانزیکشن کی منظوری اورڈپازٹ ٹرانزیکشن کے مسترد ہونے سے، ریگولیشن (Regulation) (د) 8.2.1 میں محولہ دستاویزات ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈرکوواپس کردی جائیں گی۔

## 8.3الف بعض صورتوں میں اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کا CDC کے نام پر ٹرانسفر کا مسترد ہونا

8.3الف.1 اگر ریگولیشن(Regulation)(د) 8.2.1 میں محولہ قابل رجسٹر دستاویزات انتقال اس کے ڈپازٹرا اکاؤنٹ ہولڈر سے ریگولیشن(Regulation)(ب) 8.2.1 کے تحت ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست ترسیل کے بعد 30 ایام کے اندر ایشور(Issuer) کو موصول نہیں ہوتے تو مذکورہ ایشور (Issuer) کی کسی بھی رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز

(Eligible Securites) کی بابت تو ایشور(Issuer)CDC کے نام پر مذکورہ سکیورٹیز کی ٹرانسفر کو مسترد کر دے گا،

اور مؤثر وقت کے اندر، ان سکیورٹیز کی بابت جائز ڈپازٹ ریجیکشن ٹرانزیکشن CDC کو ارسال کرے گا۔

8.3الف.2 اگر ایشور(Issuer) کسی بھی رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی بابت قابل رجسٹر دستاویزات انتقال جائز ڈپازٹ ریجیکشن ٹرانزیکشن کی ترسیل کے بعد وصول کرتا ہے ریگولیشن(Regulation)1.الف8.3 کے تحت مذکورہ سکیورٹیز کی بابت تو ایشور(Issuer) مذکورہ قابل رجسٹر دستاویزات انتقال ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈر کو واپس کر دے گا۔

8.3الف.3 جہاں ریگولیشن(Regulation) 12.1.1 کی پیروی میں کسی بھی ایلیجیبل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی بک کلوزر پیریڈ کی ایشور(Issuer) کی جانب سے نشر واشاعت ہو جاتی ہے اور ریگولیشن(Regulation)(د)8.2.1 میں محولہ قابل رجسٹر دستاویزات انتقال بک کلوزر ڈیٹ کے دوسرے کاروباری دن میں ایشور(Issuer) کو موصول نہیں ہوئی جس کا کہ مذکورہ بک کلوزر پریڈ مذکورہ ایشور(Issuer) کی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی نسبت ریگولیشن(Regulation)(ب)8.2.1 کے تحت ڈپازٹر اکاؤنٹ ہولڈر کی ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کی نسبت اس کی ترسیل کے مابعد ہوگا، تب، مذکورہ معاملے میں، ریگولیشنز (Regulations) کے کسی اور شرائط کے باوصف، یہ متصور کیا جائے گا کہ:

**(الف)** ریگولیشن(Regulation)(د) 8.2.1(d) کی پیروی میں قابل رجسٹر دستاویزات انتقال کی روانگی کی گئی تھی؛ اور

**(ب)** ریگولیشن(Regulation)(ب)8.2.1 کے تحت جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کی ترسیل جو، رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز سے متعلق ہے جس کا مذکورہ قابل رجسٹر دستاویز انتقال کے ذریعے احاطہ کیا جائے گا جو بک کلوزر کی تاریخ اختتام کے بعد جس کی اس بک کلوزر پریڈ سے نسبت ہے واقع ہوتی ہے۔

## 8.4 رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کا CDS میں ڈپازٹ کے سلسلے میں CDC کے فرائض

8.4.1 اگر CDC ، مقررہ وقت کے اندر، اکاؤنٹ ہولڈر سے جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کی ترسیل، وصول کرتی ہے، تو وہ:

(الف) ٹارگٹ ہولڈنگ میں، ڈپازٹ پنڈنگ پوزیشن میں، ایسی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو مندرج کرے گا، جن کی بابت ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست ترسیل کی گئی ہو؛ اور

(ب) اس کو یقینی بنائے کہ کمپیوٹر سسٹم ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کو CDC کو ترسیل کی رسید کا پرنٹ آؤٹ پیدا کرنے کے قابل ہو۔

8.4.2 اگر CDC ،مقررہ وقت کے اندر، ایشور (Issuer) سے جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن منظوری کی ترسیل وصول کرتی ہے، تو وہ:

(الف) ٹارگٹ ہولڈنگ میں، ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن میں، ایسی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو ہٹائے گی جن کی بابت ڈپازٹ ٹرانزیکشن منظوری ترسیل کی گئی؛

(ب) قابل دستیاب ٹارگٹ ہولڈنگ کے بیلنس میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کو جمع کرنا؛ اور

(ج) اس کو یقینی بنانا کہ کمپیوٹر سسٹم ڈپازٹ ٹرانزیکشن منظوری کو CDC کو ترسیل کی رسید کا پرنٹ آؤٹ پیدا کرنے کے قابل ہو۔

8.4.3 اگر CDC ،مقررہ وقت کے اندر، ایشور (Issuer) سے جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن رِجیکشن کی ترسیل وصول کرتی ہے، تو وہ:

(الف) ٹارگٹ ہولڈنگ میں، ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن میں ایسی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو ہٹائے گی جن کی بابت ڈپازٹ ٹرانزیکشن رِجیکشن ترسیل کی گئی ہو؛ اور

(ب) ایشور (Issuer) سے ڈپازٹ ٹرانزیکشن رِجیکشن کی رسید کا نوٹس اکاؤنٹ ہولڈر کو دے گی جو ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کرتا ہے۔

8.4.4 اگر:

(الف) CDC، مقررہ وقت کے اندر، کسی بھی اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کی بابت جو کہ CDS میں ڈپازٹ ہوئی ہیں جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن منسوخی درخواست ڈپازٹ کرانے والے اکاؤنٹ ہولڈر سے وصول کرتا ہے؛ اور

(ب) ڈپازٹ ٹرانزیکشن منسوخی درخواست کی وصولی سے پیشتر:

(اوّل) مذکورہ اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کی نسبت CDC ایشور (Issuer) سے جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن منظوری وصول نہیں کرے گی؛ اور

(دوم) ڈپازٹ ٹرانزیکشن درخواست کی نسبت CDS میں ایشور(Issuer) کی جانب سے کوئی ایکشن نہیں لیا جائے گا۔

:CDC

(ج) ٹارگٹ ہولڈنگ میں، ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن میں ایسی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو ہٹائے گی جن کی بابت ڈپازٹ ٹرانزیکشن منسوخی ترسیل کی گئی ہو؛ اور

(د) ڈپازٹ کرنے والا اکاؤنٹ ہولڈر جو ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کر رہا ہے کی طرف سے ڈپازٹ ٹرانزیکشن منسوخی درخواست کے وصول کرنے والے ایشور(Issuer) کو نوٹس دیتا ہے؛ اور

(ہ) مذکورہ اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی بابت کسی بھی ڈپازٹ ٹرانزیکشن کی منظوری اور ڈپازٹ ٹرانزیکشن رجیکشن ترسیل کے لئے ایشور(Issuer) کو غیر فعال کرتا ہے۔

## 8.5 رجسٹر ڈ فارم اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کی CDS سے واپسی

8.5.1 کوئی بھی اکاؤنٹ ہولڈر، ریگولیشن(Regulation) 8.6 کی مطابقت میں، رجسٹر فارم سکیورٹیز کو CDS سے واپسی کے لئے پروسس کرسکتا ہے جو حسب ذیل میں مندرج بک انٹری سکیورٹیز کو ظاہر کرتی ہیں:

(الف) واپس لینے والے اکاؤنٹ ہولڈر کا ہاؤس اکاؤنٹ؛یا

(ب) کوئی بھی ذیلی اکاؤنٹ جسے واپس لینے والا اکاؤنٹ ہولڈر بطور پارٹیسپنٹ(Participant) کنٹرول کر رہا ہو۔

8.5.2 مذکورہ رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی CDS سے واپسی کو مؤثر کرنے کے لئے منتقل الیہ ذمہ دار ہو گا کہ رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کو جو CDS کے نام پر مندرج ہیں CDC کے نام سے منتقل الیہ کے نام پر ٹرانسفر کرنے کے لئے اسٹامپ ڈیوٹی ادا کرے۔

## 8.6 رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کو CDS سے واپسی کرنے والے بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کے فرائض

8.6.1 کسی بھی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کو CDS سے واپسی کی پروسسنگ کرنے والا بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر؛

(الف) سکیورٹیز بازخواست کو، منجملہ اور چیزوں کے، منتقل الیہ کی متعلقہ رجسٹریشن کی تفصیلات اس میں مندرج کرتے ہوئے صحیح طور پر مکمل کرے گا؛

(ب) سکیورٹیز بازخواست فارم میں مندرج معلومات کو استعمال کرتے ہوئے مقررہ وقت میں، CDC کو بازخواست ٹرانزیکشن کی درخواست کی ترسیل، منجملہ اور چیزوں کے، جیسا کہ سورس ہولڈنگ کی صراحت کرے گا:

(اوّل) حذف شدہ؛

(دوم) کوئی بھی ذیلی اکاؤنٹ جسے بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر بطور پارٹیسپنٹ(Participant) کنٹرول کرتا ہو؛یا

(سوم) کسی بھی بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کا ہاؤس اکاؤنٹ،

جس میں بک انٹری سکیورٹیز کو مندرج کیا گیا جو رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کو ظاہر کر رہی ہیں انہیں CDS سے واپس کر لیا جائے۔

(ج) مذکورہ سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کو ارسال کرے گا۔

(اوّل) سکیورٹیز بازخواست فارم کی دو مکمل نقول؛ اور

(دوم) بازخواست ٹرانزیکشن درخواست کی ترسیل کی رسید کے طور پر کمپیوٹر سسٹم سے پیدا کردہ پرنٹ آؤٹ کی دو نقول؛

(د) سکیورٹیز بازخواست فارم کی ایک مکمل نقل جسے بطور "منتقل الیہ کاپی" نشان زدہ کیا گیا ہو منتقل الیہ کے سپرد کرے گا؛ اور

(ہ) سکیورٹیز بازخواست فارم کی تکمیل شدہ ایک نقل کو برقرار رکھے گا۔

8.6.2 ہر ایک قسم کی سکیورٹیز کے لئے علیحدہ سکیورٹیز بازخواست فارم استعمال کیا جائے گا جس پر CDS سے واپسی کے لئے بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے عمل کیا جارہا ہے۔

8.6.3 اکاؤنٹ ہولڈر، ٹرانزیکشن منسوخی درخواست کو مذکورہ بازخواست ٹرانزیکشن بازخواست ترسیل کے بعد، مقررہ وقت میں بازخواست کی بابت، CDC کو ارسال کرے گا۔

## 8.7 CDS سے رجسٹرڈ فارم بازخواست کے سلسلے میں ایشور (Issuer) کے فرائض

8.7.1 ریگولیشن (Regulation) (ج) 8.6.1 میں محولہ دستاویزات کی وصولی کے 5 دنوں کے اندر، ایشور (Issuer):

(الف) سکیورٹیز کی ٹرانسفر کو رجسٹر کرے گا جو کہ CDS میں CDC کے نام سے منتقل الیہ کے نام پر واپس کی جارہی ہیں۔

(اوّل) مقررہ وقت میں، جائز بازخواست منظوری ٹرانزیکشن کو CDC کو ارسال کرتا ہے؛

(دوم) سکیورٹیز کا سرٹیفکیٹ تیار کرے گا جو کہ CDS سے منتقل الیہ کے نام پر واپس کی جارہی ہیں؛ اور

(سوم) ریگولیشن (Regulation) (دوم) (ج) 8.6.1 میں محولہ پرنٹ آؤٹ کی کاپی دستخط کرے گا اور اسے بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کو ارسال کرے گا۔

**(ب)** سکیورٹیز کو CDC کے نام سے منتقل الیہ کے نام پر ٹرانسفر کرنے کو مسترد کر دیتا ہے اور؛

**(اوّل)** مقررہ وقت میں، جائز باز خواست رجیکشن ٹرانز یکشن کو CDC کے نام پر، ارسال کرتا ہے؛

**(دوم)** ریگولیشن(Regulation)(ج)8.6.1 میں محولہ تمام دستاویزات کو بطور ''مسترد کردہ'' نشان زد کرتا ہے؛ اور

**(سوم)** باز خواست اکاؤنٹ ہولڈر کو حسب ذیل واپس کرتا ہے

☆ سکیورٹیز باز خواست فارم کی ایک باضابطہ مکمل نقل؛ اور

☆ پرنٹ آؤٹ کی ایک کاپی،

جو ریگولیشن(Regulation)(ج) 8.6.1 کی پیروی میں ایشور (Issuer) وصول کرتا ہے؛ یا

**(ج)** اگر ایشور (Issuer) ریگولیشن(Regulation)8.4.4 کی مطابقت میں، مذکورہ دستاویزات کی فیس، کسی باز خواست منظوری ٹرانز یکشن اور باز خواست رجیکشن ٹرانز یکشن کو CDC کو ترسیل کرنے میں غیر فعال ہو جاتا ہے، مذکورہ دستاویزات کو باز خواست اکاؤنٹ ہولڈر کو واپس کر دے گا۔

8.7.2 اگر:

**(الف)** رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) جو سکیورٹیز کا CDC کے نام سے منتقل الیہ کے نام پر ٹرانسفر کے سبب CDS رجسٹرز سے واپس کیا جا رہا ہو؛ اور

**(ب)** مکمل شدہ سکیورٹیز باز خواست فارم جسے ''نقل برائے منتقل الیہ'' کے طور پر نشان زدہ کیا گیا ہے، ریگولیشن (Regulation)(د)8.6.1 کی پیروی میں منتقل الیہ کے سپرد کی جائے گی جو یہ ظاہر کرتی ہے کہ رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز سرٹیفکیٹس جو CDS سے واپس لئے جا رہے ہیں ایشور (Issuer) کی جانب سے منتقل الیہ یا اس حکم کے تحت قابل سپردگی ہوں گے۔

پھر منتقل الیہ، یا کوئی بھی دوسرا شخص، مکمل شدہ سکیورٹیز بازخواست فارم جسے "نقل برائے منتقل الیہ" کے طور پر نشان زدہ کیا گیا ہے ایشور (Issuer) سے رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز سرٹیفکیٹس جو CDS سے واپس لئے گئے وصول کرنے کا حق دار ہوگا۔

## 8.8 رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کو CDS سے بازخواست کرنے کے سلسلے میں CDC کے فرائض

8.8.1 اگر:

**(الف)** CDC، مقررہ وقت کے اندر اکاؤنٹ ہولڈر سے جائز ٹرانزیکشن بازخواست درخواست وصول کرتی ہے؛ اور

**(ب)** سورس ہولڈنگ کا قابل دستیاب بیلنس جس کے متعلق ٹرانزیکشن بازخواست درخواست ہے برابر ہو یا سکیورٹیز کی تعداد سے زائد ہو جن کا CDS سے واپس لینا ٹرانزیکشن بازخواست درخواست میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تو CDC:

**(ج)** سورس ہولڈنگ کے ساتھ بازخواست پینڈنگ پوزیشن میں داخل ہو جائے گی، بک انٹری سکیورٹیز کی مطلوبہ تعداد جو ان سکیورٹیز کو ظاہر کر رہی ہو جس کی بابت ٹرانزیکشن بازخواست درخواست ترسیل کی گئی؛

**(د)** بحسبہ، سورس ہولڈنگ کے قابل دستیاب بیلنس کو ایڈجسٹ کرے گی؛ اور

**(ہ)** اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کمپیوٹر ٹرانزیکشن بازخواست درخواست کی CDC کو ترسیل کا پرنٹ آؤٹ پیدا کرنے کے قابل ہو۔

8.8.2 اگر:

**(الف)** CDC، مقررہ وقت کے اندر، اکاؤنٹ ہولڈر سے جائز ٹرانزیکشن بازخواست درخواست وصول کرتی ہے؛ اور

**(ب)** سورس ہولڈنگ کا قابل دستیاب بیلنس جس کے متعلق ٹرانزیکشن بازخواست درخواست ہے ان سکیورٹیز کی تعداد سے کم ہو جن کا CDS سے واپس لینا ہے جنہیں ٹرانزیکشن بازخواست درخواست میں ظاہر کیا گیا ہے۔

توCDC:

**(ج)** ٹرانزیکشن بازخواست درخواست کومسترد کردے گی؛اور

**(د)** بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کومسترد ہونے سے مطلع کردے گی۔

8.8.3 اگر CDC ،مقررہ وقت کے اندر جائز ٹرانزیکشن منظوری درخواست کی ترسیل ایشور (Issuer) سے وصول کرتی ہے،تو وہ:

**(الف)** سورس ہولڈنگ میں،بازخواست پنڈنگ پوزیشن میں ایسی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو ہٹائے گی جن کی بابت ٹرانزیکشن بازخواست منظوری ترسیل ہوئی ہو؛اور

**(ب)** مطلع کرے گی:

**(اوّل)** بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کو؛اور

**(دوم)** CDS سے واپس لی جانے والی سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کو ہٹائے جانے سے۔

8.8.4 اگر CDC،مقررہ وقت کے اندر،ایشور (Issuer) جائز بازخواست ریجیکشن ٹرانزیکشن کووصول کرتی ہے،تو وہ:

**(الف)** سورس ہولڈنگ میں،بازخواست پینڈنگ پوزیشن میں ایسی تعداد میں بک انٹری پوزیشن کو ہٹائے گی جن کی بابت ٹرانزیکشن بازخواست ریجیکشن ترسیل ہوئی ہو؛

**(ب)** بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کے سورس ہولڈنگ کے قابل دستیاب بیلنس میں مذکورہ تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کا اضافہ کرے گی؛اور

**(ج)** ایشور(Issuer) سے ٹرانزیکشن بازخواست ریجیکشن کی وصولی کا اکاؤنٹ ہولڈر کونوٹس دے گی۔

8.8.5 اگر:

**(الف)** CDC ،مقررہ وقت کے دوران ،کسی بھی سکیورٹیز کی CDS سے واپسی کی بابت ،بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر سے ٹرانزیکشن بازخواست کی منسوخی کی درخواست کی ترسیل وصول کرتی ہے؛اور

**(ب)** ٹرانزیکشن بازخواست منسوخی درخواست کی وصولی سے پیشتر:

**(اوّل)** مذکورہ اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی بابت کوئی بھی جائز ٹرانزیکشن بازخواست منظوری CDC نے وصول نہیں کی؛ اور

**(دوم)** ایشور (Issuer) کی جانب سے ٹرانزیکشن بازخواست درخواست کی بابت CDS میں کوئی بھی کارروائی نہیں کی گئی۔

تو CDC:

**(ج)** سورس ہولڈنگ میں، بازخواست پینڈنگ پوزیشن میں ایسی تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کو ہٹائے گی جن کی بابت ٹرانزیکشن بازخواست منسوخی درخواست ترسیل کی گئی ہو؛

**(د)** سورس ہولڈنگ کے قابل دستیاب بیلنس میں مذکورہ تعداد میں بک انٹری سکیورٹیز کا اضافہ کرے گی؛

**(ہ)** بازخواست اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ٹرانزیکشن بازخواست منسوخی درخواست کی وصولی پر ایشور (Issuer) کو نوٹس دے گی؛ اور

**(و)** مذکورہ سکیورٹیز کی بابت ایشور (Issuer) کی جانب سے ٹرانزیکشن بازخواست کی منظوری اور ٹرانزیکشن بازخواست رَجیکشن کی ترسیل کرنے کو غیر فعال بنائے گی۔

## 8.8الف <u>انفکاک پذیر سکیورٹیز کی CDS سے منسوخی</u>

**8.8A.1** ریگولیشن (Regulation) (ب) 5.5 کے تابع، اکاؤنٹ ہولڈر CDS سے انفکاک پذیر سکیورٹیز کی منسوخی کا پروسس کرسکتا ہے جو ریگولیشن (Regulation) 2.الف8.8 کی مطابقت میں بک انٹری سکیورٹیز کی جانب سے ظاہر کی جاتی ہیں جو کہ حسب ذیل کی جانب سے CDS کے پاس ہوتی ہیں۔

**(الف)** بذات خود اکاؤنٹ ہولڈر کے پاس؛ یا

**(ب)** اگر اکاؤنٹ ہولڈر پارٹیسپنٹ (Participant) ہو، کوئی بھی شخص جو ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر ہو جس کی بابت پارٹیسپنٹ (Participant) کنٹرول کرنے والا پارٹیسپنٹ (Participant) ہو۔

8.8الف.2 اکاؤنٹ ہولڈر جو کسی بھی انفکاک پذیر سکیورٹیز کی CDS سے منسوخی کی پروسیسنگ کرتا ہے، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں:

**(الف)** صحیح طور پر سکیورٹیز کی منسوخی کا فارم مکمل کرے گا جہاں CDS میں انفکاک پذیر سکیورٹیز اس کے پاس ہیں یا، جہاں اکاؤنٹ ہولڈر پارٹیسپنٹ (Participant) ہو، باضابطہ طور پر اور دستخط شدہ سکیورٹیز منسوخی فارم متعلقہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر سے حاصل کرے گا؛

**(ب)** مقررہ وقت کے اندر، ٹرانزیکشن منسوخی درخواست CDC کو ارسال کرے گا ان معلومات کو استعمال کرتے ہوئے جو سکیورٹیز منسوخی فارم میں صراحت کردہ ہیں، منجملہ اور چیزوں کے، جیسا کہ سورس ہولڈنگ؛

**(اوّل)** کوئی بھی ذیلی اکاؤنٹ جسے اکاؤنٹ ہولڈر بطور پارٹیسپنٹ (Participant) کنٹرول کرتا ہو؛ یا

**(دوم)** اکاؤنٹ ہولڈر کا کوئی بھی ہاؤس اکاؤنٹ۔

جس میں بک انٹری سکیورٹیز جو انفکاک پذیر سکیورٹیز کو ظاہر کر رہی ہوں جنہیں CDS سے منسوخ ہونا ہے مندرج ہوں۔

**(ج)** مذکورہ سکیورٹیز کی تعداد جنہیں منسوخ ہونا ہے کی صراحت ہو؛ اور

**(د)** متعلقہ اکاؤنٹ ہولڈر کو کمپیوٹر سسٹم کے پرنٹ آؤٹ کے ذریعے پیدا کردہ نقل ٹرانزیکشن منسوخی درخواست کی رسید کے طور پر فراہم کرے (جہاں قابل اطلاق ہو)۔

8.8الف.3 علیحدہ سکیورٹیز منسوخی فارم انفکاک پذیر سکیورٹیز کے ہر ایک قسم کے لئے استعمال ہوگا جو بک انٹری سکیورٹیز سے ظاہر ہوتی ہوں جو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDS سے منسوخی کے لئے پروسس کیا جا رہا ہو۔

8.8الف.4 طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، اکاؤنٹ ہولڈر، ٹرانزیکشن منسوخی درخواست کی ترسیل کے بعد مذکورہ ٹرانزیکشن منسوخی درخواست کی نسبت مقررہ وقت کے اندر منسوخی درخواست منسوخی ٹرانزیکشن کے لئے CDC کو ارسال کر سکتا ہے۔

8.8الف.5 اگر CDC، مقررہ وقت کے اندر، اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے جائز منسوخی درخواست کی، ترسیل وصول کرتی ہے، تو وہ طریقہ ہائے کار میں، مصرحہ طرز میں اور اس کے تابع:

**(الف)** ریگولیشن (Regulation) (ب) 2. الف 8.8 کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ترسیل کردہ جائز ٹرانزیکشن منسوخی درخواست کی نسبت سورس ہولڈنگ میں فی الفور سکیورٹیز کی تعداد کو منجمد کرے گی اور بعد ازاں اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ سکیورٹیز کے لئے ترسیل کردہ کسی بھی ٹرانزیکشن کو مسترد کردے گی۔

**(ب)** مذکورہ سکیورٹیز کی حقیقت سے ایشور کو مطلع کرے گی؛ اور

**(ج)** ریگولیشن (Regulation) (ب) 2. الف 8.8 کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ٹرانزیکشن منسوخی درخواست میں مصرحہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو منسوخ کردے گی۔

8.8الف.6 اگر CDC، مقررہ وقت کے اندر، اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے جائز منسوخی ٹرانزیکشن منسوخی کی درخواست کی ترسیل وصول کرتی ہے انفکاک پذیر سکیورٹیز کی بابت کہ انہیں CDS سے منسوخ کیا جائے۔ تو وہ طریقہ ہائے کار میں، مصرحہ طرز میں اور اس کے تابع:

(الف) ریگولیشن (Regulation) 4. الف 8.8 کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے منسوخی درخواست جائز ٹرانزیکشن منسوخی کی نسبت سورس ہولڈنگ میں فی الفور سکیورٹیز کی تعداد کو غیر منجمد کرے گی اور بعد ازاں اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ سکیورٹیز کے لئے ترسیل کردہ کسی بھی ٹرانزیکشن کو قبول کرے گی۔

**(ب)** آغاز کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر (Originating Account Holder) کو حقیقت سے مطلع کرے گی۔

8.8الف.7 CDC اور ہر ایک متعلقہ ایشور (Issuer) ریگولیشن (Regulation) (الف) 8.8 کی شرائط میں اس کے اطلاق کے لئے تمام ضروری اقدامات اٹھاتے ہوئے طریقہ ہائے کار کی مقتضیات کی تعمیل کریں گے۔

## 8.9 ایشور (Issuer) کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات

8.9.1 ایشور (Issuer) ریگولیشنز (Regulations) (د) 5.1.1 یا 8.11.2 کی پیروی میں

یا،جیسی بھی صورت ہو، رجسٹر فارم اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) کا CDC کے نام پر CDS میں سکیورٹیز کی ڈپازٹ کی غرض سے ٹرانسفر کو رجسٹر کرنے کے لئے ٹرانسفر ایجنٹ کا تقرر کرتا ہے تو؛

**(الف)** وہ اس کی ذمہ داری لیا گیا متصور ہوگا کہ؛

**(اوّل)** ایشور(Issuer) کی جانب سے تقرر کردہ ٹرانسفر ایجنٹ آزاد ہے جیسا کہ طریقہ ہائے کار کے تحت بیان کیا گیا ہے؛

**(دوم)** ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس مکمل اختیار، اتھارٹی اور قانونی حق حاصل ہے کہ بطور ٹرانسفر ایجنٹ افعال ادا کرے اور اس سے ذمہ داریوں کو اپنے ذمہ لے؛

**(سوم)** ٹرانسفر ایجنٹ ان ریگولیشن(Regulation) سے اور ان کے تحت وضع کردہ طریقہ ہائے کار سے واقف ہے جیسا کہ بطور ایجنٹ ذمہ داریوں کی بجا آوری کی اجازت کے لئے اور ان ریگولیشنز (Regulations) اور اُن کے تحت وضع کردہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں اس کی طرف سے ٹرانزیکشن کا آغاز کرنے، وصول کرنے اور پروسس کرنے اور رپوٹوں کے حصول کے لئے ،ضروری ہے؛

**(چہارم)** ان ریگولیشنز (Regulations) کی تحت بطور ایجنٹ، ایسی کوئی مزاحمت نہیں ہے، جو کہ ایشور(Issuer) کی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لئے ٹرانسفر ایجنٹ کی صلاحیت پر کوئی بڑا منفی اثر ڈالے ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں جیسا کہ وقتاً فوقتاً ترمیم کئے گئے۔

**(پنجم)** سکیورٹیز کی شہادتی دستاویزات ملکیت جو ایشور (Issuer) کو سکیورٹیز کی CDS میں ڈپازٹ کے لئے پیش کی جاتی ہیں اصل ہیں؛

**(دوم)** ریگولیشنز (Regulations)(دوم)(الف)8.3.1 کی مطابقت میں شہادتی دستاویزات ملکیت ایشور کی جانب سے منسوخ کی گئی ہیں؛اور

(سوم) سکیورٹیز جو CDC کے نام سے رجسٹر ہیں آزادانہ طور پر قابل انتقال تھیں اور ٹرانسفر کی تمام پابندیاں اور ضابطہ جات جو ٹرانسفر سے منسلکہ ہوں بیباق ہو چکے ہیں؛ اور

(ب) اگر، ریگولیشنز (Regulations) 8.9.1 کی شق (الف) میں شامل کسی بھی طرح کی ذمہ داریوں سے اغراض کے نتیجے میں کسی بھی ہونے والے نقصانات، ہرجہ، لاگت یا مصارف کی مضرت اٹھانے سے یا عائد ہونے سے CDC کو قانونی ذمہ داری سے برأت ہوگی۔

## 8.10 ڈپازٹرز کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات

8.10.1 ایک ڈپازٹر:

(الف) ایشور (Issuer) کی کسی بھی رجسٹر فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کو CDC کے نام پر CDS میں سکیورٹیز کی ڈپازٹ کی غرض سے رجسٹر کرنے کا ذمہ دار متصور کیا جائے گا کہ:

(اوّل) سکیورٹیز کی دستاویزی شہادتی ملکیت جو ایشور (Issuer) کو CDS میں ریگولیشن (Regulation) کی ڈپازٹ کی غرض سے پیش کی گئی اصل ہیں؛ اور

(دوم) ڈپازٹر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ CDS میں سکیورٹیز کے ڈپازٹ کو طلب کرے؛ اور

(ب) اگر ریگولیشن (الف) 8.10.1 میں شامل کسی بھی طرح کی ذمہ داریوں سے اغراض کے نتیجے میں کسی بھی ہونے والے نقصانات، ہرجہ، لاگت یا مصارف کی مضرت اٹھانے سے یا عائد ہونے سے ایشور (Issuer) کو قانونی ذمہ داری سے برأت ہوگی۔

## 8.11 ٹرانسفر ایجنٹ کی لازم تقرری

جہاں ایشور (Issuer) اکاؤنٹ ہولڈر یا پارٹیسپنٹ (Participant) بھی ہو، تو ایشور (Issuer) سکیورٹیز کی ٹرانسفر اور اجراء اور پیشکش کی رجسٹریشن کے سلسلے میں

بالخصوص ، مذکورہ بالا کی عمومیت کو محدود کئے بغیر ، ریگولیشنز (Regulations) 8.3.1 ,الف 8.3 ، 8.7.1 اور 8.7.2 کے تحت ایشور (Issuer) کے فرائض اور کار ہائے منصبی کے لئے آزاد ٹرانسفر ایجنٹ کو ایشور (Issuer) کے فرائض اور کار ہائے منصبی تفویض کرے گا جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) میں بیان کیا گیا ہے۔ ہر ایک ایشور (Issuer) جو ریگولیشن (Regulation) 8.11 کے نفاذ کی تاریخ پر جو اکاؤنٹ ہولڈر یا پارٹیسپنٹ (Participant) بھی ہو، (تاوقتیکہ اس نے پہلے ہی سے ٹرانسفر ایجنٹ کا تقرر کر دیا ہو) ٹرانسفر ایجنٹ کا تقرر کرے گا، اور مذکورہ ٹرانسفر ایجنٹ کو مذکورہ بالا تاریخ کے بعد 90 ایام کے اندر اُس کو اس کے فرائض اور کار ہائے منصبی تفویض کرے گا۔

8.11.2 ریگولیشن (Regulation) 8.11.1 میں شامل کسی امر کے باوصف ہر ایک ایشور (Issuer) جس کی سکیورٹیز بک انٹری سکیورٹیز کی نمائندگی کر رہی ہوں اسٹاک ایکسچینج میں (کاروبار کی غرض کے لئے) ریگولیشن (Regulation) 8.11.2 کی نفاذ کے دن درج فہرست ہوں (تاوقتیکہ اس نے پہلے ہی سے آزاد ٹرانسفر ایجنٹ کا تقرر کر دیا ہو) طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں آزاد ٹرانسفر ایجنٹ کا تقرر کرے گا، اور ریگولیشن (Regulation) 8.11.1 میں بیان کردہ فرائض اور کار ہائے منصبی مذکورہ بالا تاریخ کے 60 ایام کے اندر مذکورہ ٹرانسفر ایجنٹ کو تفویض کرے گا۔

## باب الف 8 نئی جاری کردہ رجسٹرڈ فارم ایلیجیبل سکیورٹیز کا CDS میں ڈپازٹ

جہاں:

**(اوّل)** کسی بھی نئی سکیورٹیز کے ایشور (Issuer) کی جانب سے (الف) عوام، یا

**(ب)** دیگر سرمایہ کاروں کو بطور عوامی پیشکش مجوزہ ہوں یا آفر کی گئی ہوں؛

**(دوم)** CDC نے ریگولیشن (Regulation) 5.1 کی پیروی میں مذکورہ سکیورٹیز کو ''اہل سکیورٹیز (Eligible Securities)'' قرار دیا ہو؛

**(سوم)** مذکورہ سکیورٹیز کا درخواست فارم درخواست گزاروں کو یہ اختیار دیتا ہے (مذکورہ ''درخواست گزار'' بعدازیں اس باب میں جس کا حوالہ ''الاٹیز''

کے طور پر دیا گیا ہے ) کہ یہ درخواست کرے کہ اس کو الاٹ کردہ سکیورٹیز حقیقتاً CDC کو الاٹ کردہ ہوں گی اور الاٹیز کی CDC کے پاس اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس سے کریڈیٹ کی جائیں گی یا کسی بھی پارٹیسپنٹ(Participant) کے گروپ اکاؤنٹس سے کریڈٹ کی جائیں گی اور کوئی بھی الاٹی سکیورٹیز کے لئے درخواست فارم کو مکمل کرتے ہوئے مذکورہ اختیار استعمال کرتا ہے، مذکورہ سکیورٹیز ایشور(Issuer) کی جانب سے بلاواسطہ CDC کو الاٹ کی جائیں گی ایشور(Issuer) الاٹمنٹ کے بعد فی الفور دن کے آغاز پر اگلے ہی کاروباری دن میں الاٹمنٹ کی رپورٹ CDC کو ارسال کرے گا، جو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں تیار کی گئی ہے، جس میں CDC کے پاس الاٹیز کے نام، اکاؤنٹ اور ذیلی اکاؤنٹ یا گروپ اکاؤنٹ نمبرز دیئے گئے ہوں گے جیسا کہ مذکورہ الاٹیز نے درخواست فارم میں صراحت کئے ہیں اور بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد مذکورہ سکیورٹیز کے ساتھ یکساں ہو جو کہ مذکورہ اکاؤنٹ میں CDC کے پاس مندرج ہیں اور CDC فی الفور، مذکورہ رپورٹ کے موصول ہونے پر، مگر کاروباری دن کے اختتام کے بعد نہ ہو، جس پر کہ رپورٹ موصول ہوئی، کے مطابق اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس یا گروپ اکاؤنٹس میں، جیسی بھی صورت ہو، بک انٹری سکیورٹیز جو ان سکیورٹیز سے متعلق ہے جو کہ الاٹیز کو مذکورہ رپورٹ میں متعین کی گئی ہے درج کرے گی۔

## باب الف الف8 حقوق اجراء

### 1.الف الف8 حقوق استحقاقات

**1.1الف الف8** جبکہ ایک ایشور(Issuer):

**(اوّل)** جو ایک کمپنی یا دیگر باڈی کارپوریٹ ہو؛ اور

(دوم) جس کی سکیورٹیز (جن کا حوالہ بعدازیں اس باب میں بطور "موجودہ سکیورٹیز" کے دیا گیا ہے) اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) ہیں بک انٹری سکیورٹیز جو ایشور (Issuer) کی بعض ہولڈنگز میں درج کردہ کچھ یا تمام موجودہ سکیورٹیز کی نمائندگی کرتی ہیں،

موجودہ سکیورٹیز کے ہولڈرز کو حقوق اجراء کے ذریعے نئی سکیورٹیز کی پیش کش کرتا ہے ۔ بک کلوزر تاریخ سے 15 کاروباری ایام قبل مذکورہ حقوق اجراء کی بابت CDC کو اس میں صراحت کردہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت منجملہ اور چیزوں کے میں نوٹس دے گا:

(الف) CDS میں حقوق استحقاقات کے کریڈٹ کی تاریخ؛اور

(ب) شرح جس میں حقوق استحقاقات ایشور (Issuer) کی موجودہ سکیورٹیز کے ہولڈرز کو پیش کئے جائیں گے۔

1.2 الف الف 8 CDC کو ریگولیشن (Regulation) 1.1 الف الف 8 کے تحت نوٹس کے اجراء پر، CDC فی الفور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، CDR میں بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو ایشور (Issuer) کی موجودہ سکیورٹی کی نمائندگی کرتی ہوں جس کی بابت ایشور (Issuer) کی جانب سے حقوق استحقاقات پیش کئے گئے ہوں حقوق استحقاقات ریکارڈ کرائے گی۔

## 2. الف الف 8: CDS اہلیت حقوق استحقاقات کا اعلان

2.1 الف الف 8 باب 5 میں شامل ریگولیشنز (Regulations) کے باوصف، حقوق استحقاقات CDC کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 1.1 الف الف 8 کی مطابقت میں ایشور (Issuer) کے نوٹس کی وصولی پر ایلیجیبل سکیورٹیز (Eligible Securities) ہوں گی اور ریگولیشن (Regulation) 2.2 الف الف 8 سے مشروط سکیورٹی کا بطور اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کے اعلان کی بابت ریگولیشن (Regulation) 5.1.1 کی تمام مقتضیات تسلی بخش سمجھی جائیں گی۔

8الف الف2.2 CDC ایشور(Issuer)، کمیشن اور اگر موجودہ سکیورٹیز جن کی بابت مذکورہ حقوق استحقاقات جاری کئے گئے ہوں، اسٹاک ایکسچینج میں درج ہوں تو مذکورہ اسٹاک ایکسچینج کو بھی CDS اہلیت حقوق استحقاقات کے اعلان کا ایک نوٹس دے گی۔

## 3.الف الف8: حقوق استحقاقات کی ساکھ

8الف الف3.1 ایشور(Issuer) جس نے ریگولیشن(Regulation) 1.الف الف8 کے تحت CDC کو نوٹس دیا ہو 2 کاروباری ایام میں دن کے اختتام پر، متعلقہ وقت کے بعد، رجسٹریشن کی تفصیلات اور ہولڈرز کا ہولڈنگ بیلنس جس کی ہولڈنگز متعلقہ وقت پر ظاہر کی گئی ہوں ریگولیشن (Regulation) 3.2 الف الف8 کی مطابقت میں درست کی گئی ہوں بک انٹری سکیورٹیز کا ہولڈنگ بیلنس جو ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی نمائندگی کرتا ہو جس کی بابت ایشور (Issuer) کی جانب سے حقوق استحقاقات پیش کئے گئے ہوں تحقیق کرنے کے لیے ایک انتفاعی مالکان کی رپورٹ حاصل کرے گا۔

8الف الف3.2 CDC یہ یقینی بنائے گی کہ ریگولیشن(Regulation) 3.1 الف الف 8 کے تحت ایشور(Issuer) کی جانب سے حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ کسی بھی ڈپازٹ منظوری ٹرانزیکشن اور بازخواست منظوری ٹرانزیکشن سے اخذ ہونے والے ہولڈنگ بیلنسز کے تمام تسویہ پر مشتمل ہو جس سے CDC کو کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی بابت منتقل کیا گیا ہو جو ایشور(Issuer) کی موجودہ سکیورٹیز کی نمائندگی کرتی ہوں ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن یا بازخواست پینڈنگ پوزیشن میں بک کلوزر کے دن آغاز یوم سے قبل موجود تھیں جس سے انتفاعی مالکان کی رپورٹ وابستہ ہے۔

8الف الف3.3 اگر ایشور(Issuer) اس بنیاد پر جو ایشور (Issuer) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 3.1. الف الف8 کے تحت CDC کو مطلع کردہ تفصیلات کی مطابقت میں ہو حقوق استحقاقات کے اجراء کا آغاز کرتا ہے تو ایشور(Issuer) کاروباری یوم میں جیسا کہ طریقہ ہائے کار میں صراحت کیا گیا ہے CDC کے نام الاٹ کرے گا اصل الاٹمنٹ کی تاریخ سے حقوق استحقاقات کی ایسی تعداد جو ہر ایک عدد کے

مکمل حصول کے کل کے برابر ہو جو ایشور (Issuer) کی جانب سے اصل میں اعلان کردہ حقوق استحقاقات کی تعداد کے بعد حاصل کی گئی ہو ہر ایک حامل کے ہولڈنگ بیلنس پر لاگو کیا جائے گا جیسا کہ ایشور (Issuer) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 3.1. الف الف 8 کی مطابقت میں حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اس کے فوراً بعد CDC کو حقائق سے آگاہ کیا جائے گا۔

3.4 الف الف 8 ان ریگولیشن (Regulation) میں شامل کسی شے کے باوصف، ریگولیشن (Regulation) 3. الف الف 8 کے نافذ العمل ہونے کی تاریخ سے، ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر اور ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جو ایشور (Issuer) کی موجودہ سکیورٹیز کا ہولڈنگ ہو تو CDC کو ان کے واسطے اور بطور ان کے ایجنٹ ان کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں ان ریگولیشن (Regulation) کی مطابقت میں حقوق استحقاقات کی ساکھ کی اغراض کے لیے طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں حقوق استحقاق سے دستبردار ہونے کے لیے مجاز کردہ متصور کیا جائے گا۔

3.5. الف الف 8 ریگولیشن (Regulation) 3.3. الف الف 8 کی مطابقت میں ایشور (Issuer) کی جانب سے نوٹس کی وصولی پر، CDC ریگولیشن (Regulation) 3.4. الف الف 8 سے مشروط، فوراً ہی لیکن یوم کاروبار میں اختتام یوم سے قبل جس پر نوٹس وصول ہوا ہو بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد جو حقوق استحقاقات کی نمائندگی کرتی ہوں ایشور (Issuer) کی جانب سے اصل میں اعلان کردہ حقوق استحقاقات کی تعداد کے بعد حاصل کردہ عدد کے پورے جز کے مساوی ہو ہولڈر کے ہولڈنگ بیلنس جیسا کہ ایشور (Issuer) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 3.1. الف الف 8 کی مطابقت میں انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے پر لاگو ہوگا۔

3.6. الف الف 8 حقوق استحقاقات کی کسر ایشور (Issuer) کی جانب سے اس کی شرائط تاسیس شراکت اور قابل اطلاق قوانین کی مطابقت میں نبٹائی جائے گی۔

3.7. الف الف 8 اگر ایشور (Issuer) جس نے ریگولیشن (Regulation) 1.1. الف الف 8 کے تحت CDC کو نوٹس دیا ہو حقوق استحقاقات کی الاٹمنٹ کا آغاز نہیں کرتا، اس کے فی الفور یہ یقینی بن

جائے گا کہ حقوق استحقاقات الاٹمنٹ کے لیے جاری نہیں رہیں گے، ایشور (Issuer) طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں صورت حال سے CDC کو آگاہ کریگا۔

**8الف الف.3.8** اگر CDC ایشور (Issuer) سے ریگولیشن (Regulation) 3.7.الف الف 8 کے تحت نوٹس وصول کرتی ہے تو CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDR سے حقوق استحقاقات کو ہٹائے گی۔

## 8الف الف.4 ریگولیشنز (Regulations)

**8الف الف.4.1** ان ریگولیشنز (Regulation) میں شامل کسی شے کے باوصف، دیگر ابواب میں شامل ریگولیشنز (Regulations) حسب ذیل کی بابت:۔

**(الف)** سکیورٹیز کی واپسی اور جمع کرانا؛

**(ب)** آزادانہ ڈیلیوری ٹرانزیکشن؛اور

**(ج)** بک انٹری سکیورٹیز کو گروی کرنا،

مناسب تبدیلیوں کے ساتھ حقوق استحقاقات پر لاگو ہوں گے تاوقتیکہ حقوق استحقاقات کی بابت طریقہ ہائے کار کی تعمیل کے لیے دیگر ایسا کوئی ریگولیشن (Regulation) موزوں نہ ہو۔

## 8الف الف.5 حقوق استحقاقات کی اسبسکرپشن

**8الف الف.5.1** ایک اکاؤنٹ ہولڈر CDS میں حقوق استحقاقات کی اسبسکرپشن کا ریگولیشن (Regulation) 5.2.الف الف 8 کی مطابقت میں مقررہ وقت کے اندر عمل کر سکے گا جو CDS میں حسب ذیل کے ذریعے رکھے گا:۔

**(الف)** اکاؤنٹ ہولڈر بذات خود؛ یا

**(ب)** اگر اکاؤنٹ ہولڈر ایک پارٹیسپنٹ (Participant) ہو، ایک ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی بابت پارٹیسپنٹ (Participant) ایک نگران پارٹیسپنٹ (Participant) ہے، مگر شرط یہ ہے کہ پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے طریقہ ہائے کار میں صراحت کردہ طرز میں ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر سے اس بابت ایک ضابطہ جاتی درخواست حاصل کی گئی ہو۔

8الف الف.5.2 ایک اکاؤنٹ ہولڈر جو CDS میں حقوق استحقاقات کی اسبسکر پشن کی کارروائی کر رہا ہو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں:

**(الف)** مقررہ وقت کے اندر، CDC کو ایک جائز ٹرانزیکشن کی درخواست منتقل کرے گا جو منجملہ دیگر اشیاء بطور سورس ہولڈنگ رہی ہو:۔

**(اوّل)** کوئی بھی ذیلی اکاؤنٹ جسے ایک اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے بطور پارٹیسپنٹ (Participant) کنٹرول کیا گیا ہو؛ یا

**(دوم)** اکاؤنٹ ہولڈر کا کوئی بھی ہاؤس اکاؤنٹ،

جس میں بک انٹری سکیورٹیز جو حقوق استحقاقات کو ظاہر کر رہی ہوں درج کی گئی ہوں؛

**(ج)** حقوق استحقاقات جن کو اسبسکرائب کیا جائے گا کی تعداد کی صراحت کرے؛ اور

**(د)** حقوق اسبسکر پشن کی درخواست کی منتقلی کو تسلیم کرنے کے لیے اسبسکر پشن کی رقم کی ادائیگی کی غرض سے اسبسکرائبر کمپیوٹر سسٹم کے ذریعے پیدا کردہ پرنٹ آؤٹ کی دو نقول فراہم کرے گا۔

8الف الف.5.3 اگر CDC ایک اکاؤنٹ ہولڈر سے مقرر کردہ وقت کے اندر، ایک جائز حقوق اسبسکریشن کی درخواست ٹرانزیکشن وصول کرتا ہے تو یہ طریقہ ہائے کار کے تابع:

**(الف)** سورس ہولڈنگ میں حقوق استحقاقات کی تعداد کو فی الفور منجمد کریگا اور اس کے بعد اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ حقوق استحقاقات کی بابت ترسیل کردہ کسی بھی ٹرانزیکشن کو منسوخ کرے گا؛ اور

**(ب)** اور صورت حال سے ایشور (Issuer) کو آگاہ کرے گا۔

## 8الف الف.6 <u>سکیورٹیز کی الاٹمنٹ</u>

8الف الف6.1 حقوق استحقاقات کی قیمت کی اسبسکر پشن کی ادائیگی کی آخری تاریخ کے 14 کاروباری ایام کے اندر، ایشور (Issuer)، اسبسکر پشن ڈیٹا کو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں تجدید کے بعد، اصل الاٹمنٹ کی تاریخ سے، سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد جو اسبسکرائب حقوق استحقاقات کے کل کے مساوی ہوں CDC کے نام الاٹ کریگا اور ایشور (Issuer) الاٹمنٹ کی تاریخ کے فوراً بعد اگلے کاروباری دن پر CDC کی الاٹمنٹ کی ایک رپورٹ فی الفور ترسیل کرے گا، جو

طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں تیار کی گئی ہو جس میں اسبسکر ائبر کا نام، اکاؤنٹ یا جیسی بھی صورت ہو، CDC میں مذکورہ سبسکرائبر کا اکاؤنٹ نمبر اور بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد ظاہر کی گئی ہو جو مذکورہ سکیورٹیز سے ہم آہنگ ہو CDC میں اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ میں اندراج کیا جائے گا اور CDC مذکورہ رپورٹ کی وصولی پر فی الفور لیکن کاروباری دن جس پر مذکورہ رپورٹ وصول کی گئی ہے دن کے اختتام سے قبل مماثل اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹس، بک انٹری سکیورٹیز جو مذکورہ رپورٹ میں اسبسکر ائبر کو تفویض کردہ سکیورٹیز سے متعلق ہوں میں درج کیا جائے گا۔

## 8الف الف.7 انجماد حقوق استحقاقات

8الف الف.7.1 حقوق استحقاقات کے لیے قیمت اسبسکر پشن کے ادائیگی کی آخری تاریخ کو دن کے اختتام کے بعد، CDC مذکورہ حقوق استحقاقات کی بابت اس کو ارسال کردہ تمام جائز ٹرانزیکشن رد کردے گی۔

## 8الف الف:8. حقوق استحقاقات کی منسوخی

8الف الف.8.1 ریگولیشن(Regulation)6.1.الف الف 8 اور ریگولیشن(Regulation)1.و8 (اگر قابل اطلاق ہو) کے تحت رپورٹ کی وصولی پر، CDC مقررہ وقت سے، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، بک انٹری سکیورٹیز کی بابت مماثل اندراج جو حقوق اندراج سے متعلق ہوں جو ہر ایک ہولڈنگ میں ظاہر ہو رہی ہوں جس میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کی بابت اندراج متعلقہ وقت کے طور پر ظاہر ہو رہی ہوں منسوخ کرے گی۔

8الف الف.8.2 ریگولیشن(Regulation) 8.1.الف الف 8 کے تحت حقوق استحقاقات سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کی اندراج کی منسوخی بیک وقت، CDC کے مذکورہ حقوق استحقاقات کی اہلیت کی منسوخی سمجھی جائے گی۔

## 8الف الف:9. ایشور(Issuer) کی ذمہ داریاں اور تلافی نقصانات

8الف الف.9.1 ایشور(Issuer) جس پر اس باب کی شرائط کا اطلاق ہوتا ہے، تو وہ ذمہ دار سمجھا جائے گا کہ:

**(الف)** اس نے مذکورہ حقوق اجراء کی بابت متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹیز سے ضروری منظوریاں حاصل کی ہیں۔

(ب) سکیورٹیز جو CDC کے نام الاٹ کی گئی ہیں جو ایشور (Issuer) کی جانب سے جاری کردہ حقوق استحقاقات کی نمائندگی کرتی ہوں بطور بک انٹری سکیورٹیز CDS میں آزادانہ طور پر قابل انتقال تھیں اور ٹرانسفر پر تمام پابندیاں اور ٹرانسفر سے منسلک تمام تقاضوں پر اطمینان کیا گیا ہے۔

(ج) یہ یقینی بنایا گیا ہے کہ ایشور (Issuer) کی موجودہ سکیورٹیز کا ہر ایک ہولڈر بک انٹری سکیورٹیز میں کریڈٹ کردہ حقوق استحقاقات حاصل کرنے کا حقدار ہے جو مذکورہ سکیورٹیز کے حقوق کی نمائندگی کرتی ہوں۔

(د) یہ کہ ہر ایک اسبسکرائبر بک انٹری سکیورٹیز جو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی نمائندگی کرتی ہوں پر اعتماد کرتا ہے؛ اور

(ہ) اس ریگولیشن (Regulation) 9.1 الف الف 8 کے پیراگراف (الف) تا (د) میں شامل ذمہ داریوں کی خلاف ورزی کے نتیجے میں اگر CDC، وہ نقصان، ہرجہ، لاگت یا مصارف برداشت کرتی ہے یا اٹھاتی ہے تو تلافی نقصان ادا کرے گا۔

## باب ب8: CDS میں سکیورٹیز کی فروخت کی پیش کش کی مطابقت میں رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کا جمع کروانا

8ب.1 جبکہ:۔

(اوّل) کسی بھی ایشور(Issuer) کی کوئی بھی جاری کردہ سکیورٹیز کسی بھی شخص کی جانب سے (جسکا بعدازیں ''پیش کنندہ'' کےطور پر حوالہ دیا گیا ہے) (الف)عوام کے لئے یا(ب) دیگر سرمایہ کاروں کوبطور ایک عوامی پیشکش کے حصے کےطور پر پیش کرتا ہے یاپیش کرنا تجویز کرتا ہے؛

(دوم) CDC مذکورہ سکیورٹیز کوریگولیشن(Regulation)5.1 کی مطابقت میں''اہل سکیورٹیز(Eligible Securities)'' قرار دیتی ہے؛

(سوم) مذکورہ سکیورٹیز کے لیے پیش کنندہ کی جانب سے صراحت کردہ درخواست فارم درخواست گزاروں کے لیے (جن کا بعدازیں اس باب میں بطور ''درخواست گزاروں'' حوالہ دیا گیا ہے ) یہ استدعا کرنے کے لیے اختیار دے گا کہ ان کومنتقل کردہ سکیورٹیز اصل میں CDC کومنتقل کی جائیں گی اور درخواست گزار کے CDC میں اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹس میں جمع کرائی جائیں یا کسی بھی پارٹیسپنٹ(Participant) کےگروپ اکاؤنٹس میں جمع کرائی جائیں اور کسی بھی درخواست گزار کوجوسکیورٹیز کے لیے درخواست کے فارمز میں مناسب کالم کومکمل کرتے ہوئے مذکورہ اختیار استعمال کرتا ہے،

مذکورہ سکیورٹیز ایشور(Issuer) کی جانب سے پیش کنندہ کی درخواست پر براہ راست CDC کومنتقل کی جائیں گی اوراس مقصد کے لیےایشور(Issuer) کا کوئی بھی افسر یا افسران جنہیں اس مقصد کے لیے اس نے مجاز کیا ہو دستخط کے لیے بطور ایجنٹ مجاز ہونگے اور CDC کے واسطے بطور منتقل الیہ مجاز ہونگے منتقلی کے معاہدے

یا منتقلی کی دیگر دستاویزات جو قابل اندراج منتقلی کی دستاویزات پر مشتمل ہوں گی جو ایشور (Issuer) کے پیش کنندہ کی جانب سے جمع کردہ مذکورہ سکیورٹیز سے متعلق ہوں گی۔ ایشور مذکورہ سکیورٹیز کی CDC کو منتقلی رجسٹریشن کی تاریخ کے فوراً بعد کے کاروباری آغاز یوم پر CDC کو منتقلی کی ایک رپورٹ فی الفور ترسیل کرے گا جو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں تیار کی گئی ہو جس میں درخواست گزار کے نام، اکاؤنٹ، ذیلی اکاؤنٹس یا CDC میں گروپ اکاؤنٹس نمبر بیان ہوں گے جیسا کہ مذکورہ درخواست گزاروں کی جانب سے درخواست فارم کے متعلقہ کالم میں صراحت کئے گئے ہیں اور بک انٹری سکیورٹیز جو مذکورہ سکیورٹیز کی خط وکتابت کرتی ہوں CDC کے ساتھ مذکورہ اکاؤنٹس، ذیلی اکاؤنٹس یا گروپ اکاؤنٹس میں درج کی جائیں گی، جیسی بھی صورت ہو اور CDC مذکورہ رپورٹس کی وصولی پر فی الفور لیکن یوم کاروبار میں جس پر یہ رپورٹ وصول کی گئی، خط وکتابت کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس یا گروپ اکاؤنٹس میں شامل کرے گا، جیسی بھی صورت ہو، CDC کے ساتھ بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو مذکورہ رپورٹ میں درخواست گزاروں کو تفویض کی گئی ہیں ۔ یہ ریگولیشن (Regulation) پیش کنندہ اور CDC کے مابین ایکٹ کی دفعہ (3)14 کی اصطلاح میں بعد ازیں بیان کردہ امور کی بابت انتظامات کو تشکیل دیتا ہے۔

## باب ج8: کمپنیات کا انضمام

## 8ج.1 مکمل انضمام، CDS کی اہلیت اور بعض ہولڈنگز میں اندراج کی منسوخی

جبکہ:۔

(اوّل) ایک ایشور (Issuer) جو ایک کمپنی یا دیگر باڈی کارپوریٹ ہے (جس کا بعدازیں اس باب میں بطور ''انتقال کنندہ کمپنی'' حوالہ دیا گیا ہے) دوسری کمپنی یا باڈی کارپوریٹ میں (جس کا بعدازیں ''منقول الیہ کمپنی'' حوالہ دیا گیا ہے) میں انضمام کیا جاتا ہے۔

(دوم) انتقال کنندہ کمپنی کا منتقل الیہ کمپنی کے ساتھ انضمام کی اسکیم (جسکا بعدازیں اس باب میں ''انضمام کی سکیم'' کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے) انتقال کنندہ کمپنی کی تحلیل کا اہتمام کرتی ہے اور منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے انتقال کنندہ کمپنی کے کسی بھی سکیورٹیز کے ہولڈرز کے لیے اس کے سکیورٹیز کا اجراء انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز کے بدلے جو مذکورہ ہولڈرز کے قبضے میں ہوں ایسے تناسب میں جیسا کہ انضمام کی اسکیم میں بیان کیا گیا ہے؛ اور

(سوم) انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز اور منتقل الیہ کمپنی جن کا انضمام اسکیم کے تحت احاطہ کیا گیا ہے ریگولیشن (Regulation) 8ج.3 کے تابع اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) ہیں اور بک انٹری سکیورٹیز جو انتقال کنندہ کمپنی کی تمام یا بعض سکیورٹیز کی نمائندگی کرتی ہیں بعض ہولڈنگز میں درج کی گئی ہیں،

CDC بیک وقت ریگولیشن (Regulation) 8ج.2.11 کے تحت CDC کی جانب سے کی جانے والی غور وخوض کردہ کارروائی کو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں بک انٹری سکیورٹیز کی بابت مماثل اندراج کو منسوخ کریگی جو

انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز سے متعلق ہوں جس میں بک انٹری سکیورٹیز کی بابت اندراج متعلقہ وقت سے ظاہر کی جائے گا اور CDC کی مذکورہ سکیورٹیز کی اہلیت کو بیک وقت منسوخ کرے گی۔

8ج.2 **منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے سکیورٹیز کا اجراء**

8ج.2.1 منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے کمپنی کے سکیورٹیز کے ہولڈرز کو منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز کی انضمام کی اسکیم کے لحاظ سے الاٹمنٹ کے لیے مقرر کردہ تاریخ کے بعد منتقل الیہ کمپنی فی الفور CDC کو حسب ذیل کا نوٹس دے گی:

(الف) تاریخ جس میں منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز کی انتقال کنندہ کمپنی کے ہولڈرز کو الاٹمنٹ کی جائے گی منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے مقرر کی جائیں گی؛

(ب) منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز کی تعداد انضمام اسکیم کے لحاظ سے انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کے ہولڈرز کے نام رجسٹرڈ سکیورٹیز کے بدلے الاٹ کئے جائیں گے؛اور

(ج) انتقال کنندہ کمپنی کی جانب سے یا کے لئے کوئی بھی مقرر کردہ بک کلوزر کی مدت تاکہ منتقل الیہ کمپنی کی سکیورٹیز کے لئے انتقال کنندہ کمپنی کے ہولڈرز کی سکیورٹیز کے استحقاق کا تعین ہو سکے۔

8ج.2.2 [حذف شدہ]

8ج.2.3 [حذف شدہ]

8ج.2.4 [حذف شدہ]

8ج.2.5 [حذف شدہ]

8ج.2.6 منتقل الیہ کمپنی انضمام کی سکیم کے لحاظ سے منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز کو انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کے بدلے جو کسی بھی ہولڈنگز میں درج ہوں 5 کاروباری ایام کے اختتام یوم کے بعد، متعلقہ وقت کے بعد، کسی بھی وقت انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کی بابت انتفاعی مالکان کی رپورٹ حاصل کرے گی جو ریگولیشن (Regulation)(الف)8ج.2.7 کی مطابقت میں

[حذف شدہ] ریگولیشن(Regulation) تفصیلات کو جانچنے اور ہولڈنگ بیلنسز کو متعلقہ وقت سے جانچنے کے لیے درست کی گئی ہو۔

8ج.2.7 CDC یہ یقینی بنائے گی کہ منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے ریگولیشن(Regulation)8ج.2.6 کے تحت حاصل کردہ رپورٹ حسب ذیل تمام پر مشتمل ہوگی:

**(الف)** CDC کو منتقل کرنے والی کمپنی کے سکیورٹیز سے متعلق کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی بابت ترسیل کردہ کسی بھی ڈپازٹ منظوری ٹرانزیکشن اور باز خواست منظوری ٹرانزیکشن سے اخذ ہونے والے ہولڈنگ بیلنسز اور رجسٹریشن کی درستگیاں جو بک کلوزر کی تاریخ کو جس سے انتفاعی مالکان کی رپورٹ وابستہ ہودن کے آغاز سے قبل ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن یاباز خواست پینڈنگ پوزیشن میں موجود تھیں۔

**(ب)** [حذف شدہ]

8ج.2.8 جب کہ انضمام کی اسکیم کے لحاظ سے انتقال کنندہ کمپنی سکیورٹیز کے ہولڈرز کو اس کی سکیورٹیز الاٹ کر رہی ہو، منتقل الیہ کمپنی CDC کے نام اس کی سکیورٹیز کی ایسی تعداد الاٹ کرے گی جو منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز کی گنتی کے بعد حاصل کردہ ہر ایک عدد کے مکمل کل کے مساوی ہو، منتقل الیہ کمپنی کے جانب سے جاری کیا جائے گا انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کے ہر ایک ہولڈر کے ہولڈنگ بیلنس پر لاگو کیا جائے گا جیسا کہ ریگولیشن(Regulation)8ج.2.6 کی مطابقت میں منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

8ج.2.9 منتقل الیہ کمپنی منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز کی ایسی تعداد کا تصفیہ کریگی جو انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کے ہولڈرز کے کسری استحقاقات کو ظاہر کرتے ہوں جو اس تعداد کے مساوی ہو جو منتقل الیہ کمپنی کی CDC کو ریگولیشن(Regulaltion)8ج.2.8 کی مطابقت میں الاٹ کردہ سکیورٹیز کی تعداد کو ہر ایک سکیورٹیز کی کل تعداد سے منہا کرنے کے بعد حاصل کردہ تعداد سے بشمول کسی بھی کسر کے، جو منتقل الیہ کمپنی CDC کو ریگولیشن(Regulation)8ج.2.8 کی مقتضیات کی غیر موجودگی میں الاٹ کرے گی۔

8ج.2.10 منتقل الیہ کمپنی ریگولیشن(Regulation) 8ج.2.9 کے تحت تصفیہ کی مطابقت میں حاصل کردہ آمدنی کو منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے ریگولیشن(Regulation)8ج.2.6 کی مطابقت میں حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کردہ ہر ایک ہولڈر کو مذکورہ آمدنی کے لیے ان کی حسب شرح استحقاق سے حوالے کرے گی۔

8ج.2.11 ریگولیشن(Regulation)8ج.2.8 کی شرائط میں، اس کی سکیورٹیز کی الاٹمنٹ کے فی الفور منتقل الیہ کمپنی CDC کو اس صورت حال سے آگاہ کرے گی۔ جہاں CDC منتقل الیہ کمپنی سے اس ریگولیشن(Regulation) کی ماقبل بیان کی مطابقت میں ایک نوٹس وصول کرتی ہے، تو CDC مذکورہ نوٹس کی وصولی کے بعد فی الفور، لیکن کاروباری یوم کے اختتام سے قبل جس پر نوٹس وصول کیا گیا تھا ہر ایک ہولڈنگ میں شامل ہو جائے گی جو منتقل الیہ کمپنی نے ریگولیشن(Regulation)8ج.2.6 کے تحت حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد جو منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز پیش کرتی ہوں جو منتقل الیہ کمپنی کی اصل میں الاٹ کی گئی سکیورٹیز کی گنتی کے بعد حاصل کردہ عدد کے سالم حصے کے مساوی ہو، انضمام کی اسکیم کے لحاظ سے ہر ایک ہولڈر کی بک انٹری سکیورٹیز کے ہولڈنگ بیلنس پر لاگو کیا گیا ہو جو منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹی سے متعلق ہو جیسا کہ ریگولیشن(Regulation)8ج.2.6 کی مطابقت میں منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

## 8ج.3: منتقل الیہ کمپنی کی سکیورٹیز کے لیے CDS کی اہلیت

8ج.3.1 جہاں منتقل الیہ کمپنی کی سکیورٹیز اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) نہیں ہوں تو، CDC، ریگولیشنز (Regulations) کے باب 5 کے تابع مذکورہ سکیورٹیز کی CDS اہلیت کا اعلان کر سکے گی۔

8ج.3.2 ریگولیشن(Regulation) 5.1.4 کے باوصف، اگر منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے تحریراً اس طرح استدعا کی گئی ہو، ریگولیشن(Regulation) 5.1.1 کے تحت دیے گئے نوٹس میں بطور CDS اہلیت کی صراحت کردہ تاریخ ایک تاریخ ہوگی جو مذکورہ نوٹس کی تاریخ کے بعد 30 کاروباری ایام سے کم ہوگی۔

## 8ج.4 ریگولیشن(Regulation)2.ج8یا5.ج8کے تحت کسی بھی ہولڈنگز میں درج شدہ بک انٹری سکیورٹیز کی گروی

8ج.4.1 باب 11 کے باوصف، جہاں کوئی بھی بک انٹری سکیورٹیز جو منتقل الیہ کمپنی کے سکیورٹیز کو ظاہر کرتی ہوں ریگولیشن(Regulation) 2.11.ج8یا ریگولیشن(Regulation)5.9.ج8کے تحت کسی بھی ہولڈنگز میں درج کی جائیں گی منتقل کرنے والی کمپنی کے بک انٹری سکیورٹیز کی بجائے جو مذکورہ کسی بھی ہولڈنگز کی پلیج (Pledge) کی پوزیشن میں ہوں، متعلقہ وقت پر، ایسی بک انٹری سکیورٹیز کی سکیورٹیز کا اندراج CDC مذکورہ ہولڈنگز کی پلیج(Pledge)پوزیشن میں کرے گی۔

8ج4.2 باب11 کے باوصف، ریگولیشن(Regulation) 4.1.ج8کے تحت کسی بھی ہولڈنگز میں پلیج(Pledge) کی پوزیشن میں اندراج کردہ بک انٹری سکیورٹیز میں پلیج (Pledge)متعلقہ اہل پلیجیز (Eligible Pledges) کے حق میں مؤثر ہوگی اتنی جلدی جیسا کہ CDC کی جانب سے مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کی سکیورٹیز پلیج(Pledge) کی پوزیشن میں درج کی گئی ہوں مذکورہ ہولڈنگز میں اور مزید کوئی کارروائی جیسا کہ باب 11 میں غوروخوض کیا گیا ہے اس غرض کے لئے کئے جانے کے لیے درکار نہیں ہوگی۔

8ج.4.3 باب 11 کے باوصف، جہاں انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز کے ایک حصے کی منسوخی کے نتیجے میں جو CDC کے نام سے رجسٹرڈ ہوں، کوئی بھی بک انٹری سکیورٹیز جو انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز کو پیش کرتی ہوں کو ریگولیشن(Regulation) 5.9.ج8کے تحت کسی بھی ہولڈنگز میں درج کیا جائے گا انتقال کنندہ کمپنی کے بک انٹری سکیورٹیز کی جگہ جو متعلقہ وقت میں کسی بھی ایسی ہولڈنگز کی پلیج(Pledge) کی پوزیشن میں ہوں، CDC مذکورہ ہولڈنگز کا پلیج(Pledge) کی پوزیشن میں اندراج کرے گی۔

## 8ج.5: بعض ہولڈنگز میں اندراج کے حصے کی جزوی منسوخی اور انضمام

8ج.5.1 جہاں انضمام کی اسکیم فراہم کرتی ہو، ریگولیشن(Regulation) 2.ج8میں شامل

شرائط مناسب تبدیلیوں کے ساتھ لاگو کی جائیں گی منجملہ دیگر اشیا کے (اوّل) منتقل الیہ کمپنی کو ایک یا ایک سے زیادہ لیکن انتقال کنندہ کمپنی کی تمام ذمہ داریوں کو منتقل کرتی ہو (دوم) منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے اس کے سکیورٹیز کا انتقال کنندہ کمپنی کے ہولڈرز کو ایسی شرح میں جیسا کہ انضمام کی اسکیم میں بیان کیا گیا ہے اجراء کرتی ہو لیکن (سوم) انتقال کنندہ کمپنی کی تحلیل کا اہتمام نہ کرتی ہو۔

8ج.5.2 ریگولیشن (Regulation) 5.1. ج8 میں محولہ انضمام کی صورت میں:

اوّل.8ج.5.2 انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز کے لئے CDS کی اہلیت منسوخ نہیں ہوگی

دوم8ج.5.2 انتقال کنندہ کمپنی سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کی بابت کسی بھی ہولڈنگز میں اندراج منسوخ نہیں کئے جائیں گے، مگر شرط یہ ہے کہ اگر انضمام کی اسکیم انتقال کنندہ کمپنی کے سرمایہ کی تخفیف کا اہتمام کرے تو انتقال کنندہ کمپنی سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد جو مذکورہ سرمایہ کے ایک حصے سے اخذ ہو رہی ہوں اور کسی بھی ہولڈنگز میں درج کی گئی ہوں ریگولیشن (Regulation) 5.3. ج8 تا 5.9. ج8 کی مطابقت میں انضمام کی سکیم کے ذریعے منسوخ کردہ انتقال کنندہ کمپنی کے سرمایہ کی رقم کی شرح کے حساب سے کم کی جائے گی۔

8ج.5.3 انتقال کنندہ کمپنی متعلقہ وقت کے بعد 5 کاروباری ایام کے اختتام پر کسی بھی وقت انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کی بابت انتفاعی مالکان کی ایک رپورٹ حاصل کرے گی جسے ہولڈرز کی رجسٹریشن کی تفصیلات جانچنے کے لیے ریگولیشن (Regulation) 5.4. ج8 کی مطابقت میں درست کیا گیا ہو جس کی ہولڈنگز متعلقہ وقت سے انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز کو پیش کرنے والی بک انٹری سکیورٹیز کے بیلنس کو ظاہر کرتی ہوں۔

8ج.5.4 CDC اس بات کو یقینی بنائے گی کہ انتقال کنندہ کمپنی کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 3.ج8 کے تحت حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ CDC کو بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو

انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز سے متعلق ہوں ترسیل کردہ کسی بھی ڈپازٹ منظوری ٹرانزیکشن اور بازخواست منظوری ٹرانزیکشن سے اخذ ہونے والے ہولڈنگز بیلنسز اور رجسٹریشن کی تفصیلات کی تمام درستگیوں پر مشتمل ہو جو انتفاعی مالکان کی رپورٹ سے متعلق بک کلوزر کی تاریخ کو یوم آغاز سے قبل ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن یا بازخواست پینڈنگ پوزیشن میں موجود تھیں۔

8ج.5.5 CDC فی الفور ریگولیشن(Regulation) 8ج.2.1 کے تحت رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) کی بابت نوٹس کی وصولی پر، جو منتقل الیہ کمپنی کی سکیورٹیز سے متعلق ہوں جو انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز کے جو ہولڈرز کو الاٹ کئے جائیں گے، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں منتقل الیہ کمپنی کے مذکورہ نئے سکیورٹیز CDR میں درج کرے گی۔

8ج.5.6 جبکہ انتقال کنندہ کمپنی کی سکیورٹیز کی ہولڈنگز انضمام کی اسکیم کے تحت کسی حد تک منسوخ کی جاری ہوں تو انتقال کنندہ کمپنی CDC کے نام اس کی سکیورٹیز کی ایسی تعداد اپنے قبضے میں رکھے گی جو انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کی گنتی کے بعد حاصل کردہ ہر ایک ہندسے کے سالم حصوں کے کل کے مساوی ہو جسے انتقال کنندہ کمپنی قبضے میں رکھے گی جسے انتقال کنندہ کمپنی سے متعلق بک انٹری سکیورٹیز کے ہولڈنگ بیلنس کے ہر ایک ہولڈر پر لاگو کیا جائے گا جیسا کہ ریگولیشن(Regulation) 8ج .5.3 کی مطابقت میں انتقال کنندہ کمپنی کی جانب سے حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

8ج.5.7 انتقال کنندہ کمپنی انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کی ایسی تعداد کا تصفیہ کرے گی جو انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کے ہولڈرز کے کسری استحقاق کو ظاہر کر رہی ہوں جو انتقال کنندہ کمپنی ریگولیشن(Regulation) 8ج.5.6 کی مطابقت میں CDC کے نام سے قبضے میں رکھی گئی اس تعداد کے مساوی ہو بشمول کسی بھی کسر کے جسے انتقال کنندہ کمپنی ریگولیشن(Regulation) 8ج .5.6 کی مقتضیات کی عدم موجودگی میں CDC کے نام سے قبضے میں رکھے گی۔

8ج.5.8 انتقال کنندہ کمپنی ریگولیشن(Regulation) 8ج.5.7 کے تحت تصفیہ کی مطابقت میں حاصل کردہ آمدن کو انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کردہ ہر ایک ہولڈرز کو مذکورہ آمدنی کے لیے ان کے استحقاق کی شرح سے حوالے کرے گی۔

8ج.5.9 ریگولیشن(Regulation) 8ج.5.6 کی اصطلاح میں CDC کے نام رجسٹرڈ سکیورٹیز کے ایک حصے کی منسوخی کے بعد فی الفور انتقال کنندہ کمپنی CDC کو منسوخ کردہ سکیورٹیز کی تعداد سے مطلع کرے گی۔ جہاں CDC انتقال کنندہ کمپنی سے ماقبل فقرہ کی مطابقت میں ایک اطلاع نامہ وصول کرتی ہے تو، CDC مذکورہ اطلاع نامہ کی وصولی، کے بعد فی الفور لیکن کاروباری دن کے اختتام سے قبل جس پر اطلاع نامہ وصول ہوا، انتقال کنندہ کمپنی کی جانب سے ریگولیشن(Regulation) 8ج.5.3 کے تحت حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کردہ ہر ایک ہولڈنگ میں شامل ہوگی انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کی بابت اندراج کے عوض بک انٹری سکیورٹیز کی ایسی تعداد جزوی طور پر منسوخ کی جائیں گی جو انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کو پیش کرتی ہو جو انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز کی گنتی کے بعد حاصل کردہ ہند سے کے مساوی ہو جو انضمام کی اسکیم کی اصطلاح میں حقیقتاً اس کے تصرف میں رکھی جائیں گی، ہر ایک ہولڈر کے بک انٹری سکیورٹیز کے ہولڈنگ بیلنس پر لاگو کیا جائے گا جو ریگولیشن(Regulation) 8ج.5.3 کی مطابقت میں منتقل الیہ کمپنی کی جانب سے حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کردہ انتقال کنندہ کمپنی کے سکیورٹیز سے متعلق ہے۔

## باب د8: سکیورٹیز کا اشتمال یا ذیلی تقسیم

### 8د.1 CDS اہل سکیورٹیز کا اشتمال یا ذیلی تقسیم

جہاں:

**(اوّل)** ایشور (Issuer) جو ایک کمپنی یا دیگر باڈی کارپوریٹ ہو اس کے تمام سرمایہ حصص کو اس کے موجودہ حصص کو (جن کا بعدازیں بطور "موجودہ حصص" حوالہ دیا گیا ہے) یکجا کرتا ہے اور بڑی رقم کے حصص سے تقسیم کرتا ہے، یا اس کے تمام سرمایہ حصص کو اس کے موجودہ حصص سے چھوٹی رقم پر ذیلی تقسیم کرتا ہے؛

**(دوم)** یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ ادا شدہ حصص جیسا کہ حسب بالا میں تخلیق کیے گئے ہیں یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ ایشور (Issuer) کے ادا شدہ حصص کی ادا شدہ مالیت کے مساوی بیان کئے گئے ہیں؛ اور

**(سوم)** ایشور (Issuer) کے حصص اہل سکیورٹیز (Eligible Securites) ہیں اور بک انٹری سکیورٹیز ہیں جو ایشور (Issuer) کے بعض ہولڈنگز میں شامل موجودہ تمام یا کچھ حصص کو ظاہر کرتی ہوں،

CDC، ریگولیشن (Regulation) 8د.2 اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد میں اضافہ یا کمی کرے گی جو کسی بھی ہولڈنگ میں شامل ہوں جو موجودہ حصص کی یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی نئی ادا شدہ قیمت کو ظاہر کرتی ہوں جو ذیلی تقسیم یا یکجا کرنے کے نتیجے میں تخلیق کی گئی۔

### 8د.2 ایشور (Issuer) کی جانب سے یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی تخلیق

8د.2.1 ایشور (Issuer) کی جانب سے اس کے شیئر ہولڈرز کے موجودہ حصص کی ذیلی تقسیم یا یکجا کرنے کے لیے قرارداد کے اجراء کی غرض سے تاریخ مقرر کرنے کے بعد، ایشور (Issuer) مذکورہ تاریخ کے مقرر کرنے اور ریگولیشن (Regulation) 12.1.1 کے تحت ایشور (Issuer)

کی جانب سے اعلان کردہ بک کلوزر کی تاریخ سے قبل کسی بھی موقع پر فی الفور، CDC کو حسب ذیل کا نوٹس دے گا:

**(الف)** یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی ادا شدہ مالیت جسے ایشور (Issuer) کے حصص سرمایہ کی ذیلی تقسیم یا یکجا کے نتیجے میں موجودہ حصص کی جگہ تخلیق کیا گیا ہے؛ اور

**(ب)** ایشور (Issuer) کی جانب سے یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کے لیے اس کے موجودہ حصص کے ہولڈرز کے استحقاق کے تعین کے لئے مقرر کردہ کوئی بھی بک کلوزر کی مدت جیسا کہ حسب بالا میں تخلیق کیا گیا ہے۔

8د.2.2 CDC یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی بابت، جیسی بھی صورت ہو، ریگولیشن (Regulation) 8د.2.1 کے تحت ایشور (Issuer) کی جانب سے نوٹس کی وصولی پر فی الفور، موجودہ حصص کو یکجا یا ذیلی تقسیم کے نتیجے میں تخلیق کیا جائے گا جیسی بھی صورت ہو، CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDR میں یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی ادا شدہ مالیت ریکارڈ کرے گی۔

8د.2.3 ایشور (Issuer)، بک انٹری سکیورٹیز جو کسی بھی ہولڈنگز میں درج شدہ موجودہ حصص کو ظاہر کرتی ہوں کی بجائے یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی الاٹمنٹ کے لیے یا 5 کاروباری ایام پر متعلقہ وقت کے بعد دن کے اختتام پر کسی بھی وقت بک انٹری سکیورٹیز کی بابت انتفاعی مالکان کی ایک رپورٹ حاصل کریگا جو موجودہ حصص سے متعلق ہو ریگولیشن (Regulation) 8د.2.4 کی مطابقت میں متعلقہ وقت کی بابت ہولڈنگ بیلنسز اور رجسٹریشن کی تفصیلات اخذ کرنے کے لیے توضیح کی گئی ہو۔

8د.2.4 CDC اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ایشور (Issuer) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 8د.2.3 کے تحت حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ جو CDC کو بک انٹری سکیورٹیز جو موجودہ حصص سے متعلق ہوں کی ترسیل کردہ کسی بھی ڈپازٹ منظوری ٹرانزیکشنز اور بازخواست منظوری ٹرانزیکشنز سے اخذ ہونے والے ہولڈنگ بیلنسز اور رجسٹریشن تفصیلات کی تمام درستگیوں پر مشتمل ہو جو بک کلوزر کی تاریخ سے متعلق

انتفاعی مالکان کی رپورٹ ہو آغاز یوم سے قبل ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن یاباز خواست پینڈنگ پوزیشن پر تھیں۔

8د.2.5 جبکہ موجودہ حصص کے ہولڈرز کو یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص الاٹ کئے جا رہے ہوں، تو ایشور(Issuer) CDC کے نام یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی ایسی تعداد الاٹ کرے گا جو ایشور(Issuer) کے یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی گنتی کے بعد حاصل کردہ ہر ایک ہندسے کے مکمل حصے کے کل کے مساوی ہو، ایشور(Issuer) کی جانب سے الاٹ کی جائے گی ہر ایک ہولڈر کی بک انٹری سکیورٹیز کے ہولڈنگ بیلنسز پر لاگو کیا جائے گا جو موجودہ حصص سے متعلق ہو جیسا کہ ایشور(Issuer) کی جانب سے ریگولیشن(Regulation)8د.2.3 کی مطابقت میں حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

8د.2.6 ایشور(Issuer) یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی ایسی تعداد کا تصفیہ کریگا جو بک انٹری سکیورٹیز کے ہولڈرز کے کسری استحقاق کو ظاہر کرتی ہو، ایسے حصص کو ظاہر کرتے ہوں جو اس تعداد کے مساوی ہوں، جو CDC کو ریگولیشن(Regulation) 2.5. 8د کی مطابقت میں ایشور(Issuer) کے الاٹ کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی تعداد سے منہا کرنے کے بعد حاصل کیا گیا ہو مذکورہ حصص کی کل تعداد سے بشمول کسی بھی کسر کے جو ایشور(Issuer) ریگولیشن(Regulation) 2.5. 8د کی مقتضیات کی عدم موجودگی میں CDC کو الاٹ کرے گا۔

8د.2.7 ایشور (Issuer) ریگولیشن(Regulation) 2.6. 8د کے تحت تصفیہ کی مطابقت میں حاصل کردہ آمدنی کو ایشور(Issuer) کی جانب سے ریگولیشن(Regulation)8د.2.3 کی مطابقت میں حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کردہ ہر ایک ہولڈرز کو ان کی مذکورہ آمدنی کے استحقاق کے شرح نرخ سے حوالہ کرے گا۔

8د.2.8 CDC کو یکجا کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کی الاٹمنٹ پر جیسا کہ ریگولیشن (Regulation) 2.5. 8د کی اصطلاح میں مذکورہ بالا میں بیان کیا گیا ہے۔ ایشور(Issuer) اس صورت حال سے CDC کو آگاہ کرے گا، جہاں CDC ایشور(Issuer) سے اس

ریگولیشن(Regulation) کے ماہ قبل جملے کی مطابقت میں نوٹس وصول کرتی ہے تو CDC فی الفور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں مذکورہ نوٹس وصول کرنے کے بعد لیکن اگلے کاروباری دن پر جس پر نوٹس وصول ہوا ہے دن کے آغاز سے قبل:۔

**(الف)** موجودہ حصص کو یکجا کرنے کی صورت میں بک انٹری سکیورٹیز کی مالیت بڑھائے گی جو موجودہ حصص کو ظاہر کرتی ہو جو CDC کا ایشور (Issuer) کی جانب سے ریگولیشن(Regulation) (الف)2. د8 کے تحت حاصل کردہ نوٹس کی مطابقت میں ہر ایک ہولڈنگ میں شامل ہے اور مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کے ہولڈنگ بیلنس کو مذکورہ ہر ایک ہولڈنگ میں ایسی حد تک کم کرے گی کہ بک انٹری سکیورٹیز کا منتج بیلنس جو یکجا کردہ حصص کو ظاہر کرتا ہے اس ہندسے کے مکمل حصے کے مساوی ہوگا جو یکجا کردہ حصص کی گنتی کے بعد حاصل کیا گیا ہے جسے ایشور (Issuer) نے ریگولیشن(Regulation) 2.5. د8 کے تحت CDC کو حقیقتاً الاٹ کیا ہے جو مذکورہ ہولڈنگ میں ہولڈنگ بیلنس پر لاگو کیا گیا ہے جیسا کہ ایشور(Issuer) کی جانب سے ریگولیشن(Regulation)2.3.د8 کی مطابقت میں حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے؛ یا

**(ب)** موجودہ حصص کی ذیلی تقسیم کی صورت میں بک انٹری سکیورٹیز کی ادا شدہ مالیت میں کمی کریگا جو CDC کی جانب سے ایشور (Issuer) سے ریگولیشن(Regulation) (الف)2. د8 کے تحت وصول کردہ نوٹس کی مطابقت میں ہر ایک ہولڈنگ میں شامل موجودہ حصص کو ظاہر کرتی ہوں اور مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کا مذکورہ ہر ایک ہولڈنگ میں ہولڈنگ بیلنس کو بڑھائے گا ایسی حد تک کہ بک انٹری سکیورٹیز کا منتج بیلنس جو ذیلی تقسیم کردہ حصص کو ظاہر کرتا ہے اس سالم حصے کے مساوی ہو گا جسے ایشور (Issuer) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation)2.5.د8 کے تحت CDC کو حقیقتاً میں الاٹ کردہ ذیلی تقسیم کردہ حصص کی گنتی کے بعد حاصل کیا ہے ایشور (Issuer) کی جانب سے

ریگولیشن(Regulation)8د.2.3 کی مطابقت میں حاصل کردہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ میں ظاہر کردہ مذکورہ ہولڈنگ میں ہولڈنگ بیلنس پر لاگو کیا گیا ہے۔

## 8د.3 ریگولیشن(Regulation) 8د.2 کے تحت کسی بھی ہولڈنگز میں شامل بک انٹری سکیورٹیز کی پلیج(Pledge)

8د.3.1 باب 11 کے باوصف، جہاں کوئی بھی بک انٹری سکیورٹیز جو ایشور(Issuer) کے کسی بھی موجودہ حصص کو جو متعلقہ وقت میں کسی بھی ہولڈنگز میں پلیج پوزیشن(Pledge) میں ہیں کو ظاہر کررہی ہو اور اداشدہ مالیت اور بک انٹری سکیورٹیز کی ایسی تعداد ریگولیشن (Regulation) 8د.2.8 کی مطابقت میں تبدیل کی گئی ہوں، مذکورہ تبدیل کردہ بک انٹری سکیورٹیز پلیج(Pledge) کے تحت متعلقہ ایلیجیبل پلیجی(EligiblePledgee) کے پلیج(Pledge) میں رہیں گی اور اس مقصد کے لیے مزید کوئی کارروائی کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی جیسا کہ باب 11 میں غور کیا گیا ہے۔

## 8د.4: CDS اہلیت

8د.4.1 باب 5 کی مقتضیات کے باوصف، ایشور(Issuer) کے شیئر ہولڈرز کے موجودہ حصص کے انضمام یا ذیلی تقسیم کے لیے قرارداد کی منظوری پر، موجودہ حصص کے لیے CDC کی اہلیت فی الفور منسوخ سمجھی جائے گی اور انضمام کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص، جیسی بھی صورت ہو، موجودہ حصص کی ذیلی تقسیم یا انضمام کے نتیجے میں بطور اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) تخلیق کردہ سمجھے جائیں گے خواہ ایشور (Issuer) نے حصص کے لیے بطور اہل سکیورٹیز اعلان کرنے کے لیے درخواست وضع کی ہو یا نہیں، CDC ایشور(Issuer)، کمیشن اور اگر سکیورٹیز ایک اسٹاک ایکسچینج میں مندرج شدہ ہوں تو مذکورہ اسٹاک ایکسچینج کو CDS کی انضمام کردہ یا ذیلی تقسیم کردہ حصص کے لئے اہلیت کا نوٹس دے گی۔

## باب ہ8: غیر محدود اسکیم کی اکائیاں

## 8ہ.1 CDS میں نئی اکائیوں کا اجراء

8ہ.1.1 جہاں (اوّل) اسکیم میں اکائیاں CDC کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 5.1 کی مطابقت میں بطور ''اہل سکیورٹیز' (Eligible Securities)' قرار دی گئی ہوں؛ اور (دوم) دستاویز پیش کش اور ریا مذکورہ اکائیوں کے لیے درخواست فارم درخواست گزار کو (بعد ازیں اس ریگولیشن (Regulation) 8ہ.1 میں بطور ''درخواست گزاروں'' حوالہ دیا گیا ہے) یہ درخواست کرنے کا اختیار دیتا ہے کہ درخواست گزار کی جانب سے خریدی جانے والی اکائیاں CDC کے نام الاٹ کی جائیں، اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹس میں کریڈٹ کی جائیں، جیسی بھی صورت ہو، اور کوئی بھی درخواست گزار جو اکائیوں کے لیے درخواست کے فارمز پر مناسب کالم کو مکمل کر کے ایسا اختیار استعمال کرتا ہے تو مذکورہ اکائیاں AMC کے ذریعے جس نے اسکیم پیش کی ہے براہ راست CDC کو الاٹ کی جائیں گی۔

8ہ.1.2 ریگولیشن (Regulation) 8ہ.1.1 کے تحت CDC کو کسی بھی اکائیوں کی الاٹمنٹ کی تاریخ کے بعد، AMC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں تفویض کردہ وقت کے اندر CDC کو ایک رپورٹ ترسیل کریگی جو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں تیار کی گئی ہو درخواست گزاروں کے نام اکاؤنٹس اور ریا ذیلی اکاؤنٹس نمبرز جیسا کہ مذکورہ درخواست گزاروں نے ان کی درخواست کے فارموں میں صراحت کیا ہے اور بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد جو درخواست گزار کو مذکورہ رپورٹ میں الاٹ کی گئی ہوں کو ظاہر کرتی ہوں، بیان کر رہی ہو اور CDC کے ساتھ اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں درج کی جائیں گی، جیسی بھی صورت ہو۔

8ہ.1.3 AMC متولی کی تصدیق حاصل کرنے کے بعد CDC کو، کہ متولی نے AMC کی مذکورہ رپورٹ کے ذریعے احاطہ کردہ قیمت پیشکش وصول کی ہے ریگولیشن (Regulation) 8ہ.1.2 میں محولہ رپورٹ ترسیل کرے گی۔

8ہ.1.4 CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں مماثل اکاؤنٹس اور ریا ذیلی اکاؤنٹس میں، جیسی بھی صورت ہو، بک انٹری سکیورٹیز میں شریک ہوگی جو AMC کی ریگولیشن (Regulation) 8ہ.1.2 میں محولہ رپورٹ میں درخواست گزاروں کو الاٹ کردہ اکائیوں کو ظاہر کرتی ہوں، کاروباری دن مقرر کردہ وقت پر جس دن CDC نے مذکورہ رپورٹ وصول کی تھی۔

8ہ.1.5 مذکورہ بالا، بک انٹری سکیورٹیز کے باوصف جو کسی بھی درخواست گزار کو الاٹ کردہ اکائیوں کو ظاہر کرتی ہوں کسی بھی مرکزی یا گروپ اکاؤنٹس میں درج نہیں کی جائیں گی۔

## 8ہ.2 انفکاک شدہ اکائیوں کی بابت سکیورٹیز کی منسوخی

8ہ.2.1 کوئی بھی ہولڈر بک انٹری سکیورٹیز کے انفکاک کے لیے درخواست دے سکے گا جو اس کے اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹس میں درج شدہ اکائیوں کو ظاہر کرتی ہوں پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS کو انفکاک فارم کی تکمیل اور جمع کراتے ہوئے جو مذکورہ اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس کو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں کنٹرول کر رہا ہو۔

8ہ.2.2 پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS، جیسی بھی صورت ہو:

**(الف)** مقررہ وقت کے اندر، CDC کو ٹرانزیکشن کی انفکاک کی درخواست ترسیل کریگا انفکاک فارم میں درج شدہ معلومات استعمال کرتے ہوئے جو صراحت کرتی ہوں منجملہ دیگر اشیاء ماخذ ہولڈنگ جس میں بک انٹری سکیورٹیز جو CDS سے انفکاک کی جانے والی اکائیوں کو ظاہر کرتی ہوں درج کی جائیں گی؛ اور

**(ب)** طریقہ ہائے کار میں بیان کردہ دیگر اقدامات کریگا جس میں منجملہ دیگر اشیاء کے، اس میں AMC کو توثیق کے لیے ارسال کئے گئے انفکاک فارم کی ہر ایک نقل اور کمپیوٹر سسٹم کے ذریعے پیدا کردہ انفکاک درخواست ٹرانزیکشن کی ترسیل کی رسید تصدیق کا پرنٹ آؤٹ شامل ہے۔

8ہ.2.3 جہاں AMC ، انفکاک فارم کے ذریعے احاطہ کردہ انفکاک کی درخواست کی بابت انفکاک نامنظوری ٹرانزیکشن کی CDC کو ترسیل کرتی ہے تو CDC طریقہ ہائے کار کے لحاظ سے بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو مذکورہ انفکاک فارم کے ذریعے احاطہ کردہ

اکائیوں کوظاہر کرتی ہوں ماخذ ہولڈنگز میں ظاہر ہونے والے مماثل اندراج کومنسوخ کرے گی۔

8ہ.2.4 جہاں AMC، انفکاک فارم کے ذریعے احاطہ کردہ انفکاک کی درخواست کی بابت انفکاک نامنظوری ٹرانزیکشن کی CDC کو ترسیل کرتی ہے تو CDC طریقہ ہائے کار کے لحاظ سے AMC سے اصل پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS کے لیے انفکاک نامنظوری ٹرانزیکشن کی وصولی کا نوٹس دے گی، جیسی بھی صورت ہو۔

8ہ.2.5 یہ AMC کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ:

**(الف)** یہ CDC کو انفکاک منظوری ٹرانزیکشن یا انفکاک نامنظوری ٹرانزیکشن کی جو انفکاک فارم کے ذریعے احاطہ کردہ انفکاک درخواست سے وابستہ ہو CDC پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS سے مذکورہ انفکاک فارم کی توثیق کے لیے ایک نقل کی وصولی کے، بعد جیسی بھی صورت ہو، توثیق کے لیے طریقہ ہائے کار کے لحاظ سے اور متعلقہ دستاویزات پیش کش میں ترسیل کی گئی ہے؛

**(ب)** درخواست گزار کو دستاویزات پیشکش کے لحاظ سے انفکاک کے لیے انفکاک کی قیمت ادا کی گئی ہے؛ اور

**(ج)** طریقہ ہائے کار کی دیگر تمام مقتضیات اطمینان بخش ہو چکی ہیں۔

8ہ.2.6 AMC کی بابت ذمہ داریوں کی جیسا کہ ریگولیشن (Regulation) 8ہ .2.5 کے پیراگراف (الف)، (ب) اور (ج) میں بیان کیا گیا ہے CDC کی کوئی ذمہ داری یا واجبات نہیں ہوں گے۔

## 8ہ.3 اکائیوں کا تبادلہ

8ہ.3.1 کوئی بھی ہولڈر بک انٹری سکیورٹیز کے تبادلہ کے لیے درخواست دے سکے گا جو اس کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں درج شدہ کسی بھی اکائیوں کو ظاہر کرتی ہوں، جیسی بھی صورت ہو، پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS کو ٹرانسفر فارم جمع کراتے ہوئے اور مکمل کرتے ہوئے جو مذکورہ اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹس کو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں کنٹرول کر رہے ہوں۔

8ھ.3.2 پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS، جیسی بھی صورت ہو:

**(الف)** مقررہ وقت کے اندر، CDC کو ایک درخواست ٹرانسفر ٹرانزیکشن کی ترسیل کریگا ٹرانزیکشن فارم میں شامل معلومات کو استعمال کرتے ہوئے جو صراحت کرے گی، منجملہ دیگر اشیاء ماخذ ہولڈنگز جس میں بک انٹری سکیورٹیز جو ٹرانسفر کی جانے والی اکائیوں کا جو درج کی گئی ہیں اور ٹارگٹ ہولڈنگز جس پر مذکورہ اکائیوں کو ٹرانسفر کیا جائے گا کو ظاہر کرتی ہوں؛ اور

**(ب)** طریقہ ہائے کار میں بیان کردہ انداز میں دیگر اقدامات کریگا، جو منجملہ دیگر اشیاء AMC کو توثیق کے لیے بھیجی جانے والی ٹرانسفر فارم کی ہر ایک نقل اور کمپیوٹر سسٹم کے ذریعے ٹرانسفر درخواست ٹرانزیکشن کی رسید وصولی کے پرنٹ آؤٹ پر مشتمل ہو۔

8ھ.3.3 جہاں AMC, ٹرانسفر فارم کے ذریعے احاطہ کردہ اکائیوں کے ٹرانسفر کے لیے درخواست کی بابت ٹرانسفر منظوری ٹرانزیکشن کی CDC کو ترسیل کرتی ہے تو CDC طریقہ ہائے کار کے لحاظ سے ماخذ ہولڈنگز میں بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو مذکورہ ٹرانسفر فارم کے ذریعے احاطہ کردہ اکائیوں کو ظاہر کر رہی ہوں اور اکائیوں کے اس نمبر کو ٹارگٹ ہولڈنگز میں درج کرتا ہے میں ظاہر ہونے والے مماثل اندراج میں کمی کرے گی۔

8ھ.3.4 جہاں AMC ٹرانسفر کے ذریعے احاطہ کردہ اکائیوں کے لیے درخواست کی بابت ٹرانسفر نامنظوری ٹرانزیکشن کی CDC کو ترسیل کرتی ہے، تو CDC طریقہ ہائے کار کے لحاظ سے، AMC سے بنیادی پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS کے لیے ٹرانسفر نامنظوری ٹرانزیکشن کی وصولی کا نوٹس دے گی، جیسی بھی صورت ہو۔

8ھ.3.5 یہ AMC کی ذمہ داری ہوگی کہ یہ یقینی بنائے کہ یہ CDC کو ٹرانسفر فارم کے ذریعے احاطہ کردہ اکائیوں کے ٹرانسفر کی بابت ٹرانسفر منظوری ٹرانزیکشن یا ٹرانسفر نامنظوری ٹرانزیکشن کی پارٹیسپنٹ (Participant) یا IAS سے مذکورہ ٹرانسفر فارم کی نقل کی توثیق کے لیے وصولی کے بعد ترسیل کرے، جیسی بھی صورت ہو، طریقہ ہائے کار اور متعلقہ

دستاویزات پیش کش کی توثیق کے لیے ریگولیشن (Regulation)8ہ.3.5 میں بیان کردہ AMC کی ذمہ داری کی بابت CDC پر کوئی ذمہ داری یا وجوب نہیں ہوں گے۔

8ہ.3.6 باوصف مذکورہ بالا کے، بک انٹری سکیورٹیز کے جو اکائیوں کو ظاہر کر رہی ہوں کو گروپ اکاؤنٹ یا مرکزی اکاؤنٹ میں اجازت نہیں ہوگی۔

## 8ہ.4 متفرقات

8ہ.4.1 اس باب اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، دیگر ابواب میں شامل ریگولیشنز (Regulations) کی تمام شرائط، بشمول (بلاتحدید) ان کے جوڈ پازٹ، بازخواست گروی اور اجتماعی کارروائیوں کے، مناسب تبدیلیوں کے ساتھ، اکائیوں اور بک انٹری سکیورٹیز جو اکائیوں کو ظاہر کرتی ہوں پر لاگو ہوں گے۔ مگر شرط یہ ہے کہ جہاں اکائیاں تجارت کی غرض سے اسٹاک ایکسچینج میں مندرج ہوں تو اس باب 8ہ میں شامل کسی امر کے باوصف ریگولیشن (Regulation)8ہ.3.6 کی استثنیات کے ساتھ باب 9 میں شامل بک انٹری سکیورٹیز کے ٹرانسفر کی بابت شرائط مناسب تبدیلیوں کے ساتھ مذکورہ اکائیوں کی CDS میں ٹرانسفر پر لاگو کی جائیں گی۔

8ہ.4.2 اس باب کی کسی بھی شرائط کے باوصف، AMC کی توثیق یا منظوری گروی سکیورٹیز ٹرانز یکشن یا گروی کال ٹرانزیکشن جو بک انٹری سکیورٹیز اکائیوں کا ظاہر کرتی ہوں کی بابت درکار نہیں ہوں گی۔

8ہ.4.3 اسکیم میں AMC کی جانب سے کسی بھی نئی اکائیوں کی تقسیم یا منافع منقسمہ کی بابت نئی اکائیوں کا اجراء AMC کی جانب سے اسکیم میں موجودہ اکائیوں کی CDC کے ساتھ، مناسب تبدیلیوں کے ساتھ، ایسے طریقہ کار میں جیسا کہ ریگولیشن (Regulation)8ہ.1 اور باب 12 میں بالترتیب بونس کے اجراء کے لیے فراہم کیا گیا ہے نبٹے گی۔

8ہ.4.4 طریقہ ہائے کار کے تابع، CDC بک انٹری سکیورٹیز جو کسی بھی اکائیوں کی کسر کو ظاہر کر رہی ہو اگر کوئی بھی ہو متعلقہ ہولڈنگز میں درج نہیں کرے گی۔

## باب 8: CDS میں اکاؤنٹس/ذیلی اکاؤنٹس میں بعض سکیورٹیز کا اندراج کرنا

8.1 جہاں:

**(اوّل)** فی الوقت نافذ العمل کسی قانون یا قانون موضوعہ کی تعمیل میں کوئی بھی سکیورٹیز جاری کی جاتی ہوں اور جہاں کسی بھی ایشور (Issuer) کی جانب سے متعلقہ انضباطی اتھارٹی سے حسب ذیل کے لیے تمام ضروری منظوریاں حاصل کی گئی ہوں:

**(الف)** اس کے شیئر ہولڈر کے لیے بذریعہ حقوق اجراء؛

**(ب)** کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے بصورت دیگر حقوق اجراء کے ذریعے؛

**(ج)** کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے جنہوں نے (بصورت دیگر بطور ضمانتی) کوئی بھی غیر حاصل شدہ حقوق حصص حاصل کیئے ہوں؛

**(د)** ایشور (Issuer) کی جانب سے کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے مذکورہ سکیورٹیز کی کسی بھی پیشگی عوامی پیشکش کے مفہوم میں؛

**(ہ)** کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے کسی بھی ڈیبٹ یا ڈیبٹ دستاویزات کی ایشور (Issuer) کے حصص میں تبدیلی کے سبب؛

**(و)** کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے ترجیحی حصص کی عام حصص میں یا ترجیحی حصص کی دیگر قسم میں تبدیلی کے سبب؛

**(ز)** کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے ایک قسم کے کاروباری حصص کی سکیورٹیز کی دوسری قسم کے کاروباری حصص کی سکیورٹیز میں تبدیلی کے سبب؛

**(ح)** کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے محدود حد کی اسکیم کا غیر محدود حد کی اسکیم میں تبدیلی کے سبب؛

(ط) کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے جیسا کہ کسی بھی دوسرے ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کو مذکورہ شخص یا اشخاص سے خریدنے کے لیے بدل کے طور پر کیا ہو؛

(ی) کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے مذکورہ شخص کی وجہ کے کسی بھی قرض کے تصفیہ میں؛

(ک) کسی بھی شخص یا اشخاص کے لیے دیگر کسی وجہ کے جس کا اس باب یا ان ریگولیشنز (Regulations) کے دیگر کسی ریگولیشن(Regulation) میں احاطہ نہ کیا گیا ہو؛

(دوم) CDC نے مذکورہ سکیورٹیز کو ریگولیشن(Regulation) 5.1 کی مطابقت میں اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) ہونے کا اعلان کیا ہو؛ اور

(سوم) مذکورہ سکیورٹیز کے لیے درخواست فارم، یا دیگر معاہدے جو ایشور(Issuer) کی جانب سے مذکورہ بالا کسی بھی اغراض کے لیے کئے گئے ہوں، ان اشخاص کو اختیار دیتے ہیں جنہیں سکیورٹیز الاٹ کی جائیں گی (مذکورہ اشخاص جن کا بعد ازیں اس باب میں بطور ''الاٹیز'' حوالہ دیا گیا ہے) درخواست یا تقاضا کریں گے کہ سکیورٹیز جو ان کو الاٹ کی جائیں گی اصل میں CDC کو الاٹ کی جائیں اور الاٹیز کے CDC میں اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ سے کریڈٹ کی جائیں اور کوئی بھی الاٹیز جو درخواست فارم میں متعلقہ کالم کو مکمل کر کے مذکورہ اختیار استعمال کریگا، یا بصورت دیگر CDC کو متعلقہ معاہدے کے لحاظ سے سکیورٹیز کی الاٹمنٹ کی درخواست کرے گا،

مذکورہ سکیورٹیز ایشور(Issuer) کی جانب سے براہ راست CDC کو الاٹ کی جائیں گی اور ایشور(Issuer) الاٹمنٹ کی تاریخ کے بعد اگلے کاروباری دن کے آغاز پر فی الفور CDC کو الاٹمنٹ کی ایک

رپورٹ ترسیل کریگا جس میں الاٹیز کے نام، CDC میں اکاؤنٹ اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ نمبر جیسا کہ مذکورہ الاٹیز نے درخواست فارمز میں یا متعلقہ معاہدے کے تحت ان کی درخواست میں صراحت کئے ہوں اور بک انٹری سکیورٹیز جو ان سکیورٹیز کی مماثل ہیں، CDC میں مذکورہ اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ میں درج کی جائیں گی ،اور CDC مذکورہ رپورٹ کی وصولی پر فی الفور لیکن رپورٹ کی وصولی کے کاروباری دن میں اختتام دن سے قبل مماثل اکاوئنٹ اور/ یا ذیلی اکاؤنٹس میں درج کرے گی ،جیسی بھی صورت ہو، بک انٹری سکیورٹیز جو مذکورہ رپورٹ میں الاٹیز کو الاٹ کی گئی سکیورٹیز سے متعلقہ ہوں۔

8.2 CDC اور ہر ایک متعلقہ ایشور (Issuer) طریقہ ہائے کار کی مقتضیات کی تعمیل کرے گا جیسا کہ اس باب کے لحاظ سے تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور تعمیل کے لیے قابل اطلاق ہیں۔

## باب ز8: منافع منقسمہ مسکوکہ کے طرز پر سکیورٹیز کی تقسیم

8.ز1 جہاں:

**(اوّل)** کسی بھی ایشور(Issuer)(جس کا بعدازیں اس باب میں بطور''پہلا ایشور(Issuer)'' حوالہ دیا گیا ہے) کی جاری کردہ سکیورٹیز دوسرے ایشور(Issuer)(جس کا بعدازیں اس باب میں بطور''دوسرا ایشور(Issuer)'' حوالہ دیا گیا ہے) اس کے شیئر ہولڈر میں منافع منقسمہ مسکوکہ کے تقسیم کی جائیں گی؛

**(دوم)** CDC نے مذکورہ سکیورٹیز کو ریگولیشن(Regulation) 5.1 کی مطابقت میں اہل سکیورٹیز(Eligible Securities) قرار دیا ہے؛

**(سوم)** دوسرے ایشور(Issuer) کے کوئی بھی شیئر ہولڈرز CDC میں ان کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں درج شدہ بک انٹری سکیورٹیز میں پیش کردہ دوسرے ایشور(Issuer) کے شیئرز کے مالک ہیں؛ اور

**(چہارم)** پہلے ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز دوسرے ایشور(Issuer) کے ذریعے مذکورہ شیئر ہولڈر میں بذریعہ منافع منقسمہ مسکوکہ تقسیم کی جائیں گی جو CDC میں دوسرے ایشور(Issuer) کے اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ میں درج شدہ بک انٹری سکیورٹیز کے ذریعے پیش کی جائیں گی،

پہلے ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز جو دوسرے ایشور(Issuer) کی جانب سے بذریعہ منافع منقسمہ مسکوکہ فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون، رولز(Rules) یا ریگولیشن(Regulation) یا کسی بھی چارٹر، قانون موضوعہ یا یادداشت یا شرائط تاسیس شرکت یا پہلے ایشور(Issuer) کی کسی قرارداد کی مقتضیات سے مشروط تقسیم کی جانے والی ہوں گی جیسی بھی صورت ہو، مذکورہ شیئر ہولڈرز کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں درج کی جائیں گی۔

8ز.2 جہاں:

**(اوّل)** پہلے ایشور (Issuer) کی کوئی بھی سکیورٹیز دوسرے ایشور (Issuer) کی جانب سے بذریعہ منافع منقسمہ مسکو کہ تقسیم کی جانے والی ہوں تو دوسرے ایشور (Issuer) کے CDC میں اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ میں درج کی جائیں گی اور دوسرے ایشور (Issuer) کے ان شیئر ہولڈر میں تقسیم کی جائیں گی جو دوسرے ایشور (Issuer) کے شیئر کو عملی شکل میں قبضے میں رکھتے ہوں لیکن CDC میں اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس برقرار رکھتے ہوں؛

**(دوم)** CDC نے پہلے ایشور (Issuer) کی مذکورہ سکیورٹیز کو ریگولیشن (Regulation) 5.1 کی مطابقت میں اہل سکیورٹیز (Eligible Securities) ہونا قرار دیا ہے؛ اور

**(سوم)** دوسرے ایشور (Issuer) کے مذکورہ شیئر ہولڈر نے دوسرے ایشور (Issuer) سے درخواست کی ہے کہ پہلے ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کے لیے ان کا استحقاق CDC میں ان کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں درج کیا جائے،

پہلے ایشور (Issuer) کی مذکورہ سکیورٹیز فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون، رولز (Rules)، یا ریگولیشن (Regulation) یا کسی بھی چارٹر، قانون موضوعہ یا یاداشت یا شرائط تاسیس شرکت یا پہلے ایشور (Issuer) کی کسی قرارداد کے ذریعے صراحت کردہ مقتضیات سے مشروط، جیسی بھی صورت ہو، دوسرے ایشور (Issuer) کے مذکورہ شیئر ہولڈرز کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں درج کی جائیں گی۔

8ز.3 جہاں:

**(اوّل)** پہلے ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز دوسرے ایشور (Issuer) کی جانب

سے بذریعہ منافع منقسمہ مسکو کہ اس کے ایسے شیئر ہولڈرز میں تقسیم کیا جانے واالا ہو جیسا کہ CDC کے ساتھ عملی شکل اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس برقرار رکھ رہے ہوں؛ اور

(دوم) CDC نے ریگولیشن (Regulation) 5.1 کی مطابقت میں مذکورہ سکیورٹیز کو ''اہل سکیورٹیز (Eligible Securities)'' قرار دیا ہو،

تو پہلے ایشور (Issuer) کی مذکورہ سکیورٹیز فی الوقت نافذ العمل قانون، رولز (Rules) یا ریگولیشن (Regulation) یا کسی بھی چارٹر، قانون موضوعہ، یادداشت یا شرائط تاسیس شرکت یا پہلے ایشور (Issuer) کی کسی بھی قرارداد کے ذریعے صراحت کردہ کسی بھی مقتضیات سے مشروط CDC کے نام منتقل کی جائیں گی اور جیسی بھی صورت ہو، دوسرے ایشور (Issuer) کے مذکورہ شیئر ہولڈرز کے اکاؤنٹس یا ذیلی اکاؤنٹس میں طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں درج کی جائیں گی۔

8ز.4 CDC، پہلا ایشور (Issuer) اور دوسرا ایشور (Issuer) طریقہ ہائے کار کی مقتضیات کی تعمیل کریں گے جیسا کہ اس باب کے لحاظ سے تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور تکمیل کے لیے قابل اطلاق ہو۔

## باب ح8: CDS سے بعض مخصوص معاملات کے تحت بک انٹری سیکیورٹیز کے ذریعے پیش کردہ سیکیورٹیز کی منسوخی

ح8.1 جہاں:

(الف) ایشور (Issuer) کی کوئی بھی موجودہ سیکیورٹیز ذیل کے نتیجے میں منسوخ کی جانے والی ہوں:

(اوّل) مذکورہ سیکیورٹیز کی بابت ایشور (Issuer) کی جانب سے طلبی کا اختیار کا استعمال جیسا کہ کسی بھی چارٹر، قانون موضوعہ یا یادداشت یا شرائط شرکت تاسیس یا کسی بھی معاہدے یا کسی بھی قابل اطلاق دستاویز یا ایشور (Issuer) کی قرارداد یا کسی بھی سرکاری منظوری جو لازمی اثر رکھتی ہو میں قابل اجازت ہے؛ یا

(دوم) ایشور (Issuer) کے سرمایہ حصص میں کمپنیات آرڈیننس، 1984 (نمبر 47 مجریہ 1984) کی متعلقہ شرائط یا دیگر کسی قابل اطلاق قانون یا سرکاری منظوری جو لازمی اثر رکھتی ہو کی مطابقت میں کمی؛ یا

(سوم) ایشور (Issuer) کی جانب سے کمپنیات آرڈیننس 1984 (نمبر 47 مجریہ 1984) کی دفعہ (الف) 95 یا دیگر کسی قابل اطلاق قانون کے لحاظ سے مذکورہ سیکیورٹیز کی خریداری؛ یا

(چہارم) دیگر کوئی وجہ جیسا کہ فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی قانون قواعد یا ضوابط کے تحت قابل اطلاق ہو۔

(ب) مذکورہ سیکیورٹیز بک انٹری سیکیورٹیز کی جانب سے پیش کی گئی ہیں اور CDS میں بعض ہولڈنگز میں درج کی گئی ہیں؛ اور

(ج) ایشور (Issuer) کی جانب سے مطلوبہ حد تک متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹی سے تمام ضروری منظوریاں حاصل کی گئی ہیں یا بصورت دیگر کہیں اس ریگولیشن

(Regulation)1.ح8 کی شق (الف) کی کسی بھی ذیلی شقات (اوّل) تا (چہارم) میں محولہ سکیورٹیز کی منسوخی کے متعلقہ معاملے کے سلسلے میں،

تب CDC مشروط اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں مذکورہ سکیورٹیز کی بابت اندراج کو منسوخ کریگی جو CDS میں متعلقہ ہولڈنگز میں ہے۔

8ح.2 CDC اور متعلقہ ہر ایک ایشور (Issuer) طریقہ ہائے کار کی مقتضیات کی تعمیل کریں گے جیسا کہ اس باب کی لحاظ سے تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور تعمیل کے لیے قابل اطلاق ہیں۔

8ح.3 اس حد تک ان ریگولیشنز (Regulations) کا دیگر کوئی ریگولیشن (Regulation) سکیورٹیز کی منسوخی کا اقدام کرتا ہے CDC اس باب کی شرائط نیز اس دوسرے ریگولیشن (Regulation) میں شامل شرائط کو مؤثر بنائے گی۔ اگر یہ ناممکن ہو تو اس باب کی شرائط رائج ہوں گی اور دوسرے ریگولیشن (Regulation) کی شرائط کو منسوخ کریں گی۔

## باب 9: فری ڈیلیوری بک انٹری سکیورٹیز

### 9.1 انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوریز

9.1.1 ریگولیشنز (Regulations) 9.1.2 اور 9.1.3 کے تابع ، کوئی انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری جو جائز انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن کے ذریعے کی گئی ہو جو:

(الف) CDC کو مقررہ وقت کے اندر ترسیل کی گئی ہو؛

(ب) بشمول اس اکاؤنٹ ہولڈر کی ID جو ٹرانز یکشن کو ترسیل کر رہا ہو؛

(ج) کسی ہولڈنگ کی ، سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے جو اکاؤنٹ ہولڈر کی ، جو ٹرانز یکشن کی ترسیل کر رہا ہو، کی فیملی اکاؤنٹ کا حصہ ہو؛

(د) کسی ہولڈنگ کی ، ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے جو اکاؤنٹ ہولڈر کی ، جو ٹرانز یکشن کی ترسیل کر رہا ہو، کی فیملی اکاؤنٹ کا حصہ ہو؛

(ہ) سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ میں منتقل ہونے والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے؛ اور

(و) صراحت کرے کہ آیا بک انٹری سکیورٹیز کے ذریعے ظاہر کردہ سکیورٹیز کی ٹرانز یکشن جس سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن متعلق ہو مقررہ سکیورٹیز ٹرانز یکشن ہے:

مگر شرط یہ ہے کہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے محض اس وقت CDC کو مذکورہ انٹرا اکاؤنٹ منتقلی ٹرانز یکشن کی ترسیل کی جائے گی اگر بنیادی سکیورٹیز ٹرانز یکشن ، حسب ذیل مذکورہ انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن سے متعلقہ ہو:

(ز) مارکیٹ بنیاد سکیورٹیز کو NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں، ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار کے تابع ، کلیئرنگ کمپنی کے ذریعے تصفیہ کیا گیا ہو یا ، جیسی بھی صورت ہو، تصفیہ کیا جانا ہو؛

(ح) ان قابل بازیابی سکیورٹیز کی نسبت میں سکیورٹیز ٹرانزیکشن جو اسٹاک ایکسچینج میں اندراج شدہ نہ ہوں اوراس غرض کے لیے کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے صراحت کردہ ہوں، مگر شرط یہ ہے کہ، اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ ٹرانزیکشن کی کلیئرنگ کمپنی کو رپورٹ ایسے طریقہ ہائے کار میں کی گئی ہو جیسا کہ کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے NCCPL ریگولیشن میں صراحت کردہ ہے۔

(ط) حذف شدہ؛

(ی) سورس ہولڈنگ کے ہولڈر کی جانب سے اپنے فیملی اراکین یا دیگر اشخاص کو سکیورٹیز بذریعہ ہبہ کی گئی ہوں، مگر شرط یہ ہے کہ، مذکورہ ٹرانزیکشن سے منسلکہ تمام شرائط کو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ایسے طریقہ ہائے کار میں جیسا کہ CDC کی جانب سے وقتاً فوقتاً مشتہر کیا گیا پورا کیا گیا ہو۔

(ک) حذف شدہ؛

**(ک الف)** مذکورہ پارٹیسپنٹ(Participant) ضمنی اکاؤنٹ کے لئے پارٹیسپنٹ(Participant) کے زیر کنٹرول ذیلی اکاؤنٹ سے بک انٹری سکیورٹیز سے متعلق ہو، جو لازماً تصفیہ جاتی یوم پر جس پر مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کے حوالے سے مذکورہ پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے کی گئیں مذکورہ سکیورٹیز (جس کا بعد ازیں اس ریگولیشن(Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) میں حوالہ ''غیر اداشدہ رقوم'' کے طور پر دیا جائے گا) کی نسبت میں بنیادی مارکیٹ خریداری ٹرانزیکشن(Regulation) 3.الف 9.3 کی مطابقت میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ میں منتقل ہوئی ہوں،

مگر شرط یہ ہے کہ:

(اول) اس شق (ک الف) کی مطابقت میں بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کے وقت، پارٹیسپنٹ (Participant) ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کو بذریعہ

فیکس، ای میل، مناسب انداز میں ریکارڈ شدہ ٹیلی فون لین یا ذاتی طور پر حوالگی طریقہ ہائے کار کے ساتھ باضابطہ طور پر نوٹس دے گا جس میں وہ مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کو مشورہ دے گا کہ وہ واجب الادا رقم کو بینک کاری اور اوقات کار کے اختتام سے قبل فی الفور آئندہ تصفیہ جاتی یوم پر بے باک کرے، اس میں ناکامی پر، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کو اس کی اپنی (ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی) ذمے داری پر مزید نوٹس دیے بغیر، پارٹیسپنٹ (Participant) کو بک انٹری سکیورٹیز کی فروخت کا حق تفویض کر دیا جائے گا۔

**(دوم)** پارٹیسپنٹ (Participant) مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کو ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے ذیلی اکاؤنٹ سے اپنے ضمنی اکاؤنٹ میں منتقل نہیں کرے گا جو مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ کی نسبت میں ریگولیشن (Regulation) .3 الف 9.3 کی مطابقت میں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے متعلقہ ترسیل بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ تعداد سے تجاوز کر جائے۔

**(سوم)** پارٹیسپنٹ (Participant) اپنی زیر نگرانی کسی مخصوص ذیلی اکاؤنٹ سے بک انٹری سکیورٹیز کو کسی کلینڈر ماہ میں ایک دفعہ سے زیادہ اپنے ضمنی اکاؤنٹ میں منتقل نہیں کرے گا۔

**(چہارم)** باضابطہ دستاویزی ریکارڈ جو ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے خلاف مذکورہ واجب الادا رقم کا ثبوت دے رہا ہو بشمول اس شق (ک الف) کی ذیلی شق (اول) کی مطابقت میں دیا گیا نوٹس سے متعلق ریکارڈ پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے قائم رکھا جائے گا؛ اور

**(پنجم)** پارٹیسپنٹ (Participant)، اس امر کو یقینی بنائے گا کہ اس شق (ک الف) کی مطابقت میں، ضمنی اکاؤنٹ میں منتقل کردہ

بک انٹری سکیورٹیز کو، مذکورہ منتقلی کی تاریخ سے (بعد ازاں اس ذیلی شق (پنجم) میں بطور ''مقررہ مدت'' متذکرہ ہوگا) مذکورہ اکاؤنٹ میں تین سے زائد مسلسل تصفیہ جاتی ایام میں بدستور نہیں رکھے گا اور مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز جہاں سے یہ مقررہ مدت کے اختتام سے قبل پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے ضمنی اکاؤنٹ میں منتقل ہوئی تھیں ذیلی اکاؤنٹ میں واپس منتقل کر دی جائیں گی۔

**(ششم)** حذف شدہ،

**(ل)** ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے پارٹیسپنٹ (Participant) کے زیر کنٹرول اپنے دوسرے ذیلی اکاؤنٹ میں اپنی بک انٹری سکیورٹیز کی نقل وحرکت سے متعلق ہے، مگر شرط یہ ہے کہ مشترکہ ذیلی اکاؤنٹ کی صورت میں، تمام مشترکہ ہولڈرز/ہولڈرز دونوں ذیلی اکاؤنٹ میں ایک جیسے ہوں؛

**(ل الف)** بک انٹری سکیورٹیز کی ذیلی اکاؤنٹ سے، جو بطور مشترکہ ذیلی اکاؤنٹ ہو، کسی دوسرے ذیلی اکاؤنٹ میں جو بطور مشترکہ ذیلی اکاؤنٹ بھی ہو، میں منتقلی سے متعلق ہے، مگر شرط یہ ہے کہ دونوں مشترکہ ذیلی اکاؤنٹس میں کم از کم ایک مشترکہ ہولڈر کا UIN ایک جیسا ہو؛

**(م)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اپنے زیر کنٹرول اکاؤنٹ سے اپنے کسی دوسرے زیر کنٹرول اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کی نقل وحرکت سے متعلق ہے۔

**(ن)** ریگولیشن(Regulation) 3.17.1 کے پیراگراف (ج)،(د)،(ح)، (ط)،(ل)،(م)،(ن)،(س) اور (ع) کے تحت CDC کی جانب سے صراحت کردہ کسی بھی دوسری سکیورٹیز ٹرانزیکشن سے متعلق ہے؛ یا

**(س)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے متعلقہ شخص کے لیے بونس شیئر، مشترکہ منافع یا حقوق استحقاقات کے ذریعے ظاہر کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی سے متعلق ہے:

**(اوّل)** مارجن فنانسنگ (جیسا کہ NCCPL ریگولیشن(Regulation) میں بیان کیا گیا ہے ) سے متعلقہ اقرار نامے کے تحت اپنی ذمے داریوں کوادا کرنا؛یا

**(دوم)** MT ٹرانز یکشن کی مطابقت میں؛

جیسی بھی صورت ہو۔

9.1.2 ریگولیشن(Regulation) 9.1.1 کی پیروی میں اگر کوئی انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن کی گئی ہوں اور:

**(الف)** سورس ہولڈنگ میں بقدرضرورت بیلنس دستیاب ہو؛اور

**(ب)** انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن صراحت کرے کہ بک انٹری سکیورٹیز کے ذریعے ظاہر کردہ سکیورٹیز کی ٹرانز یکشن جس سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن متعلق ہیں مقررہ سکیورٹیز ٹرانز یکشن ہیں تو،

CDC حسب ذیل امر:

**(ج)** سورس ہولڈنگ سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کومنہا کرئے گی؛اور

**(د)** ٹارگٹ ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد کودرج کرئے گی۔

9.1.3 کوئی انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری:

**(الف)** صرف فری ڈیلیوری ہوگی؛اور

**(ب)** موثر ہوگی جب، ریگولیشن(Regulation)9.1.2 کےتحت CDC سورس ہولڈ نگ سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کومنہا کرئے گی اوران کوٹارگٹ ہولڈنگ میں شامل کرئے گی۔

9.1.4 اگر انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن ریگولیشن(Regulation) 9.1.1 کی پیروی میں کی گئی لیکن:

**(الف)** سورس ہولڈنگ میں ناکافی بیلنس دستیاب ہے؛ یا

**(ب)** انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن صراحت نہیں کرتی کہ، بک انٹری سکیورٹیز کے ذریعے ظاہر کردہ سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن جس سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن متعلق ہیں، مقرر کردہ سکیورٹیز ٹرانزیکشن ہیں تو؛

CDC حسبِ ذیل امر:

**(ج)** سے ٹرانزیکشن کو منسوخ کرے گی؛ اور

**(د)** سے آغاز کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کو مسترد کرنے سے مطلع کرے گی۔

9.1.5 انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری، اکاؤنٹ ہولڈر جس کی ID ریگولیشن (Regulation) (ب)9.1.1 میں متذکرہ ہے، کی جانب سے مؤثر متصور ہوگی۔

## 9.2 انٹرا اکاؤنٹ فری ڈیلیوریز

9.2.1 ریگولیشنز (Regulations) 9.2.2 اور 9.2.3 کے مطابق، جائز انٹرا اکاؤنٹ فری ڈیلیوری ٹرانزیکشن کے ذریعے کی گئی کوئی انٹرا اکاؤنٹ فری ڈیلیوری جو:

**(الف)** طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، CDC کو مقررہ وقت کے اندر ترسیل کی گئی ہو؛

**(ب)** بشمول مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ID جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہا ہو؛

**(ج)** کسی ہولڈنگ کی، سورس ہولڈنگ کے طور صراحت کرے، جو (اس میں، جہاں طریقہ ہائے کار کے تحت قابل اجازت ہو، مرکزی شامل ہے) اکاؤنٹ ہولڈر کے زیرنگرانی ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہا ہو؛

**(د)** کسی ہولڈنگ کی، ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے، جو (اس میں جہاں طریقہ ہائے کار کے تحت قابل اجازت ہو، مرکزی اکاؤنٹ شامل ہے) کسی دوسرے اکاؤنٹ ہولڈر کے زیرنگرانی ہو؛

**(ہ)** ٹارگٹ اکاؤنٹ کو کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کی ID صراحت کرے؛

**(و)** سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ میں منتقل ہونے والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے؛ اور

(ز) صراحت کرے کہ آیا بک انٹری سکیورٹیز کی جانب سے ظاہر کردہ سکیورٹیز ٹرانز یکشن، جن سے انٹرا کاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن متعلق ہیں، مقرر کردہ سکیورٹیز ٹرانز یکشن ہیں:

مگر شرط یہ ہے کہ اکاؤنٹ ہولڈر CDC کو تب مذکورہ انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانز یکشن کی ترسیل کرے گا اگر بنیادی سکیورٹیز کی ٹرانز یکشن جن سے مذکورہ انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری متعلق ہو:

(ح) ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار کے مطابق، NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں کلیئرنگ کمپنی کے ذریعے مارکیٹ بنیاد سکیورٹیز ٹرانز یکشن کا تصفیہ کیا گیا ہو یا، جیسی بھی صورت ہو، تصفیہ کیا جانا ہو؛

(ط) اُن قابل بازیابی سکیورٹیز کی نسبت میں سکیورٹیز ٹرانز یکشن جو اسٹاک ایکسچینج میں اندراج شدہ نہ ہوں اور اس غرض کے لئے کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے صراحت کردہ ہوں، مگر شرط یہ ہے کہ، اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ ٹرانز یکشن کی کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے NCCPL ریگولیشنز (Regulation) میں صراحت کردہ ہو؛

(ی) حذف شدہ؛

(ی الف) حذف شدہ؛

(ک) سورس ہولڈنگ کے ہولڈر کی جانب سے اپنے فیملی اراکین یا دیگر اشخاص کو سکیورٹیز بذریعہ ہبہ کی گئی ہوں، مگر شرط یہ ہے کہ، مذکورہ ٹرانز یکشن سے منسلکہ تمام شرائط کو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اس طریقہ ہائے کار میں پورا کیا گیا ہو جیسا کہ CDC کی جانب سے وقتاً فوقتاً مشتہر کیا ہو؛

(ل) ذیلی اکائنٹ ہولڈر کی جانب سے پارٹیسپنٹ (Participant) کے طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول اپنے ذیلی اکاؤنٹ سے کسی دوسرے پارٹیسپنٹ (Participant) کے زیر کنٹرول کسی دوسرے ذیلی اکاؤنٹ میں

اپنی بک انٹری سکیورٹیز کی نقل وحرکت سے متعلق ہے، مگر شرط یہ ہے کہ مشترکہ ذیلی اکاؤنٹ کی صورت میں، تمام مشترکہ ہولڈر دونوں ذیلی اکاؤنٹ میں ایک جیسے ہوں گے؛

**(ل الف)** بک انٹری سکیورٹیز کے ذیلی اکاؤنٹ سے، جو بطور مشترکہ ذیلی اکاؤنٹ ہو، کسی دوسرے ذیلی اکاؤنٹ میں جو بطور مشترکہ ذیلی اکاؤنٹ بھی ہو، میں منتقلی سے متعلق ہے، مگر شرط یہ ہے کہ دونوں ذیلی مشترکہ اکاؤنٹس میں کم ازکم ایک مشترکہ ہولڈر کا UIN ایک جیسا ہو؛

**(م)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اپنے زیر کنٹرول اکاؤنٹ سے اپنے کسی دوسرے زیر کنٹرول اکاؤنٹ میں یا کسی دوسرے اکاؤنٹ ہولڈر جو پارٹیسپنٹ (Participant) ہو، کے زیر کنٹرول اُس کے ذیلی اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کی نقل وحرکت سے متعلق ہے؛

**(ن)** ریگولیشن (Regulation) 3.17.1 کے پیراگراف (ج)، (د)، (ح)، (ط)، (ل)، (م)، (ن)، (س) اور (ع) کے تحت CDC کی جانب سے صراحت کردہ کسی بھی دوسری سکیورٹیز ٹرانزیکشن سے متعلق ہے؛ یا

**(س)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے متعلقہ شخص کے لئے بونس، شیئر، مشترکہ منافع یا حقوق استحقاقات کے ذریعے ظاہر کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی سے متعلق ہے حسبِ ذیل کی پیروی میں:

**(اوّل)** مارجن فنانسنگ (جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں بیان کیا گیا ہے) سے متعلقہ MF پارٹیسپنٹس (جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulation) میں بیان کیا گیا ہے) کے درمیان کیا گیا کوئی اقرار نامہ؛ یا

**(دوم)** MT ٹرانزیکشن،

جیسی بھی صورت ہو۔

9.2.2 اگر کوئی انٹرا اکاؤنٹ فری ڈیلیوری ٹرانزیکشن ریگولیشن(Regulation) 9.2.1 اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں کیا گیا ہو اور:

**(الف)** سورس ہولڈنگ میں بقدر ضرورت بیلنس دستیاب ہو؛ اور

**(ب)** انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی صراحت کرے کہ بک انٹری سکیورٹیز کے ذریعے ظاہر کردہ سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن جس سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن متعلق ہیں، مقررہ سکیورٹیز ٹرانزیکشن ہیں تو،

CDC حسبِ ذیل امر:

**(ج)** سے سورس ہولڈنگ سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو منہا کرے گی؛ اور

**(د)** سے ٹارگٹ ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد کو درج کرے گی۔

9.2.3 کوئی انٹرا اکاؤنٹ فری ڈیلیوری:

**(الف)** صرف فری ڈیلیوری ہوگی؛ اور

**(ب)** مؤثر ہوگی جب، ریگولیشن(Regulation) 9.2.2 کے تحت، CDC سورس ہولڈنگ سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو منہا کرے گی اور اُن کو ٹارگٹ ہولڈنگ میں شامل کرے گی۔

9.2.4 اگر انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن ریگولیشن(Regulation) 9.2.1 کی پیروی میں کی گئی لیکن:

**(الف)** طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں نہیں کی گئی؛

**(ب)** سورس ہولڈنگ میں ناکافی بیلنس دستیاب ہے؛ یا

**(ج)** انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن صراحت نہیں کرتی کہ، بک انٹری سکیورٹیز کے ذریعے ظاہر کردہ سکیورٹیز کی ٹرانزیکشن میں سے انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن سے متعلق ہیں، مقرر کردہ سکیورٹیز ٹرانزیکشن ہیں تو،

CDC حسبِ ذیل امر:

(د) سے ٹرانزیکشن کو منسوخ کردے گی؛ اور

(ہ) سے آغاز کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کو مسترد کرنے سے مطلع کرے گی۔

9.2.5 انٹرا اکاؤنٹ فری ڈیلیوری، اکاؤنٹ ہولڈر جس کی ID ریگولیشن(Regulation) (ب)9.2.1 میں متذکرہ ہے، کی جانب سے مؤثر متصور ہوگی۔

## 9.2الف بعض بنیادی سکیورٹیز سے متعلق سکیورٹیز کی منتقلی کے لئے احکامات

9.2الف.1 اس باب 9 میں شامل کسی امر کے باوجود، جہاں کوئی اکاؤنٹ ہولڈر حسب ذیل بنیادی سکیورٹیز ٹرانزیکشنز کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کرنا چاہتا ہے تو:

**(الف)** اسٹاک ایکسچینج میں فہرست شدہ سکیورٹیز کی نسبت میں کسی آف مارکیٹ سکیورٹیز ٹرانزیکشن؛ یا

**(ب)** قابل انفکاک سکیورٹیز جو اسٹاک ایکسچینج میں فہرست شدہ نہ ہوں کی نسبت میں سکیورٹیز ٹرانزیکشن، جب بھی کلیئرنگ کمپنی مذکورہ ٹرانزیکشنز کے تصفیے کی شروعات کرتی ہے،

NCCPLریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں تجارتی تصفیے کے لئے تجارت کے لحاظ سے کلیئرنگ کمپنی کے ذریعے محض مذکورہ منتقلی کی جائے گی، مگر شرط یہ ہے کہ ان ریگولیشنز (Regulation) میں بیان کردہ مذکورہ ٹرانزیکشنز سے منسلکہ تمام شرائط کی مذکورہ منتقلی کے وقت پر مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے تعمیل کی جائے گی:

مگر مزید شرط یہ ہے کہ اس ریگولیشن(Regulation)1.الف.9.2 کی شق (الف) کی مطابقت میں منتقل کی جانے والی سکیورٹیز کو منجمد ہیئت میں رکھا جائے گا، مذکورہ سکیورٹیز کو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں منتقل کیا جائے گا۔

9.3 حذف شدہ۔

## 9.3الف بیلنس آرڈر تصفیے کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری

9.3الف.1 جہاں اکاؤنٹ ہولڈر کو کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے کلیئرنگ ممبر کے طور پر تسلیم کیا گیا ہو، تو

اکاؤنٹ ہولڈر طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، CDC کو کلیئرنگ ممبر کے طور پر اس کو تسلیم کرنے کے لیے نوٹس کے ہمراہ ہدایات دے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں CDC کو کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے بذات خود بطور کلیئرنگ ممبر تسلیم کیا گیا ہو، تو کلیئرنگ ممبر کو تسلیم کیے جانے کے سلسلے میں تمام قابل اطلاق شرائط اور اس کے فرائض منصبی و ذمہ داریوں کو جیسا کہ ان کو ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار میں بیان کیا گیا ہے کی مطابقت میں کیا گیا متصور ہوگا۔

9.3الف.2 اگر CDC ریگولیشن(Regulation) 9.3الف.1 کی مطابقت میں اکاؤنٹ ہولڈر سے نوٹس کے ساتھ ہدایات وصول کرتی ہے تو، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، CDS میں کلیئرنگ ممبر کے طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کا اندراج کرے گی تا کہ، ہدایات کی پیروی میں، کسی بھی سکیورٹیز ٹرانزیکشن جن کا کلیئرنگ کمپنی کے ذریعے تصفیہ کرنا ہو کی نسبت اس کے اکاؤنٹ یا، جیسی بھی صورت ہو، پارٹیسپنٹ(Participant) کے طور پر اس کے زیرنگرانی ذیلی اکاؤنٹس سے یا اس میں بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کی اجازت دی جائے۔

9.3الف.3 جہاں NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے CDC کو جائز آرڈر منتقلی ٹرانزیکشن کی ترسیل کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی نسبت سے ہوئی ہو، جو کلیئرنگ ممبر ہو، ہولڈنگ سے یا اس کو بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کی غرض کے لیے جو مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ فیملی کا حصہ ہے جو:

**(الف)** مقررہ مدت کے اندر، CDC کو ترسیل ہوا ہو؛

**(ب)** بشمول مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ID جو سورس ہولڈنگ کو کنٹرول کر رہا ہو جیسا کہ ذیل کے پیرا گراف (ج) میں متذکرہ ہے۔

**(ج)** کسی ہولڈنگ کی سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرتا ہو، جو اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول ہے [جیسا کہ مذکورہ بالا پیرا گراف (ب) میں متذکرہ ہے] جس سے ریگولیشن(Regulation)9.3الف.3 کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی ہونی ہو؛

(د) بشمول مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ID جو ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کر رہا ہو جیسا کہ ذیلی پیراگراف (ہ) میں متذکرہ ہے؛

(ہ) کسی ہولڈنگ کی ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرتا ہو، (بشمول، جہاں NCCPL ریگولیشنز (Regulation) کے تحت قابل اجازت ہو، مرکزی اکاؤنٹ) جو اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول میں ہے [جیسا کہ مذکورہ بالا پیراگراف (د) میں متذکرہ ہے] جس میں بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی اس ریگولیشن (Regulation)3. الف 9.3 کے تحت ہوگی۔

(و) سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ میں منتقل ہونے والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرتا ہو؛ اور

(ز) سورس ہولڈنگ میں مناسب بیلنس دستیاب ہو؛

اس صورت میں، ان ریگولیشنز (Regulations) کے مطابق کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ترسیل کردہ بیلنس آرڈر منتقلی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی سورس ہولڈنگ میں دستیاب بیلنس سے ٹارگٹ ہولڈنگ میں بند حیثیت میں منتقلی ہوگی:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں ٹارگٹ ہولڈنگ کسی بھی وجہ کی بناء پر جو بھی ہو بلاک یا، جیسی بھی صورت ہو، بند ہو، بک انٹری سکیورٹیز جو ٹارگٹ ہولڈنگ میں ابتدائی طور پر منتقل ہوئی تھیں، جیسا کہ اس ریگولیشنز (Regulations)3. الف 9.3 کے پیراگراف (ہ) میں متذکرہ ٹارگٹ ہولڈنگ میں ابتدائی طور پر منتقل ہوئی تھیں مذکورہ ٹارگٹ ہولڈر کو کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کے مرکزی اکاؤنٹ میں بلاک حیثیت میں منتقل ہوں گی:

مگر مزید شرط یہ ہے کہ، جہاں ٹارگٹ ہولڈنگ جیسا کہ اس ریگولیشن (Regulation) 3. الف 9.3 کے پہلے فقرہ شرطیہ میں متذکرہ انوسٹر اکاؤنٹ ہے تو، بک انٹری سکیورٹیز CDC کی جانب سے کنٹرول کیے جانے والے عارضی اکاؤنٹ میں بلاک حیثیت میں منتقلی ہو جائیں گی:

مگر شرط یہ ہے کہ تجارت برائے تجارت تصفیے سے متعلق کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے بیلنس آرڈر منتقلی ٹرانزیکشن کی ترسیل کی گئی ہوتو، مذکورہ بیلنس آرڈر منتقلی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی سورس ہولڈنگ میں دستیاب بیلنس سے ٹارگٹ ہولڈنگ میں دستیاب بیلنس میں یا، جہاں NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کے تحت قابل اجازت ہوتو، مذکورہ ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کے مرکزی اکاؤنٹ میں دستیاب بیلنس میں منتقلی کی جائیں گی۔

9.3الف.4 ریگولیشن(Regulation) 3.الف9.3 کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی، ریگولیشن(Regulation)9.4 کے مطابق، موثر ہوگی جب مذکورہ ریگولیشن کے تحت سورس ہولڈنگ سے بیلنس آرڈر منتقلی میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو منہا کرے گی اور ٹارگٹ ہولڈنگ میں یا، جیسی بھی صورت ہو، ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کے مرکزی اکاؤنٹ میں ان کو جمع کرے گی۔

9.3الف.5 ریگولیشن(Regulation) 6.7.2 اور ریگولیشن(Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) اور ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کے فارم کی وقیود شرائط کے مطابق، کسی اکاؤنٹ ہولڈر کو حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنے زیرنگرانی ذیلی اکاؤنٹ میں موجود بک انٹری سکیورٹیز کو جو مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ کے ہولڈر کی جانب سے پارٹیسپنٹ(Participant) کو کسی بھی قابل ادائیگی نقصان یا واجب الادا مصارف کی بازیابی کی غرض کے لیے فروخت کرسکے گا۔

## 9.4 بک انٹری سکیورٹیز کی ہولڈنگ کو بلاک حیثیت میں منتقلی اور مذکورہ سکیورٹیز کو واپس حاصل کرنا۔

9.4.1 جہاں ریگولیشن(Regulation) 3.الف9.3 کی مطابقت میں، کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے جائز بیلنس آرڈر منتقلی کی ترسیل کی گئی ہوتو، مذکورہ ٹرانزیکشن میں اور اس کی مطابقت میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز، جو اکاؤنٹ ہولڈر، جو کلیئرنگ ممبر ہو، کے

زیر اختیار ہولڈنگ کو منتقل ہوئی ہوں، تاوقتیکہ مذکورہ بیلنس آرڈر منتقلی ٹرانزیکشن جو تجارت برائے تجارت سے متعلق ہوں، بلاک حیثیت میں منتقل نہ ہوئی ہوں۔ اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر اختیار کسی ہولڈنگ کی کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی بلاک حیثیت میں منتقلی مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات کے تحت کی گئی اور NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کے تحت کلیئرنگ کمپنی کو تفویض کردہ اختیار کے لحاظ سے اور کلیئرنگ ممبر کے طور پر، اکاؤنٹ ہولڈر کو دی گئیں ذمہ داریاں متصور ہوں گی۔

9.4.2 اگر کلیئرنگ کمپنی ریگولیشن (Regulation) 9.3A.3 کے تحت ٹارگٹ ہولڈنگ میں اندراج کردہ بک انٹری سکیورٹیز کے بلاک حیثیت کو ہٹانے کے لیے کمپیوٹر سسٹم کے ذریعے CDC کو ہدایات دے تو، اس صورت میں، ان ریگولیشن (Regulation) میں شامل کسی امر کے باوجود، CDC بلاک حیثیت کو بک انٹری سکیورٹیز سے ہٹائے گی اور اکاؤنٹ ہولڈر جو ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کر رہا ہو وہ بعد ازاں ان ریگولیشنز (Regulations) اور ریا ایکٹ کی دفعہ 24 کے مطابق، جیسا کہ قابل اطلاق ہو، کی مطابقت میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کا انتظام کرنے کے لیے آزاد ہوگی۔

9.4.3 اگر کلیئرنگ کمپنی ریگولیشن (Regulation) 3. الف 9.3 کے تحت (بلاک حیثیت کے تابع) ٹارگٹ ہولڈنگ میں اندراج کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو ڈیلیور کرنے کے لیے کمپیوٹر سسٹم کے ذریعے CDC کو NCC بازیافت اکاؤنٹ کے لیے ہدایت دے تو، اس صورت میں، ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی امر کے باجود، CDC مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز NCC بازیافت اکاؤنٹ کے لیے فی الفور ڈیلیور کرے گی اور کلیئرنگ کمپنی بعد ازاں NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی پیروی میں ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت NCC بازیافت اکاؤنٹ میں اندراج شدہ مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کا انتظام کرنے کے لیے آزاد ہوگی۔ کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی ٹارگٹ ہولڈنگ سے NCC بازیافت اکاؤنٹ میں منتقلی کو اکاؤنٹ ہولڈر جو ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کر رہا ہو اور کلیئرنگ کمپنی میں تفویض کردہ اختیار کے لحاظ سے اور مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کے بطور کلیئرنگ ممبر دی گئیں ذمہ داریاں متصور ہوں گی۔

## 9.4الف کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے وقتاً فوقتاً بک انٹری سکیورٹیز کی NCC بازیافت اکاؤنٹ سے کسی اکاؤنٹ ہولڈر جو کلیئرنگ ممبر ہو کے ہولڈنگ یا اس کے زیر کنٹرول کو ڈیلیوری

9.4الف.1 بلالحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی بھی احکامات میں شامل کسی امر کے باوجود، جہاں جائز ڈیلیوری ٹرانزیکشن یا، جیسی بھی صورت ہو، جائز بیلنس ٹرانزیکشن، کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے CDC کو ترسیل کی گئی ہو جو:

(الف) مقررہ وقت کے اندر، CDC کو ترسیل کی گئی ہو؛

(ب) بشمول مذکورہ کلیئرنگ کمپنی کی ID جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہی ہو؛

(ج) NCC بازیافت اکاؤنٹ کی، سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے؛

(د) کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی، جو کلیئرنگ ممبر ہو، جو ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کر رہا ہو کی ID کی صراحت کرے؛

(ہ) کسی ہولڈنگ کی (بشمول، جہاں طریقہ ہائے کار کے تحت قابل اجازت ہو، مرکزی اکاؤنٹ) جو اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول کی ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے؛

(و) سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ کو منتقل ہونی والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرئے؛

(ز) صراحت کرے کہ منتقلی ٹرانزیکشن مقررہ ٹرانزیکشن ہے،

اس صورت میں، اگر سورس ہولڈنگ میں بقدر ضرورت بیلنس دستیاب ہو تو، CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، حسب ذیل امر:

(ح) کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ترسیل کردہ منتقلی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کی سورس ہولڈنگ سے منہائی کرے گی؛ اور

(ط) ٹارگٹ ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد میں اندراج کرے گی؛

9.4الف.2 ریگولیشن (Regulation) 1.الف9.4 کے تحت کوئی ڈیلیوری اس وقت موثر ہو گی جب مذکورہ ریگولیشن(Regulation) کے تحت CDC ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو سورس ہولڈنگ سے منہا کرے گی اور ان کو ٹارگٹ ہولڈنگ میں شامل کرے گی۔

## 9.4ب اکاؤنٹ ہولڈر، جو کلیئرنگ ممبر ہو، کی جانب سے بک انٹری سکیورٹیز کی NCC بے باقی اکاؤنٹ کو ڈیلیوری

9.4ب.1 بلا لحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) کے کسی بھی احکامات میں شامل کسی بھی امر کے برعکس، جہاں کوئی اکاؤنٹ ہولڈر جو کلیئرنگ ممبر ہو کی جانب سے CDC کو جائز ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی ترسیل کی گئی ہو جو:

(الف) CDC کو، مقررہ وقت کے اندر، ترسیل کی گئی ہو؛

(ب) بشمول مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہا ہو کی ID؛

(ج) کسی ہولڈنگ کی، سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے، جو اکاؤنٹ ہولڈر یا، جیسی بھی صورت ہو، پارٹیسپنٹ (Participant) کے طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول کوئی ذیلی اکاؤنٹ ہو؛

(د) کلیئرنگ کمپنی کی ID کی صراحت کرے؛

(ہ) NCC بے باقی اکاؤنٹ کی، ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے۔

(و) سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ کو منتقل ہونے والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے۔

(ز) صراحت کرے کہ منتقلی ٹرانزیکشن مقررہ سکیورٹیز ٹرانزیکشن ہے،

اس صورت میں، اگر سورس ہولڈنگ میں بقدر ضرورت بیلنس دستیاب ہے تو، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، حسب ذیل امر:

(ح) اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ترسیل کردہ منتقلی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو سورس ہولڈنگ سے منہائی کرے گی؛ اور

(ط) ٹارگٹ ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد میں اندراج کرے گی۔

9.4.ب.2 ریگولیشن (Regulation) 9.4.ب.1 کے تحت کوئی منتقلی اس وقت میں مؤثر ہوگی جب مذکورہ ریگولیشن (Regulation) کے تحت CDC منتقلی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو سورس ہولڈنگ سے منہا کرے گی اور ان کو ٹارگٹ ہولڈنگ میں شامل کرے گی۔

## 9.5 کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے NCC بے باقی اکاؤنٹ سے بک انٹری سکیورٹیز کے کسی اکاؤنٹ ہولڈر، جو کلیئرنگ ممبر ہو، کی ہولڈنگ یا اس کے زیر اختیار ہولڈنگ میں ڈیلیوری

9.5.1 بلالحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی بھی حکم میں شامل کسی امر کے برعکس، جہاں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے کوئی جائز منتقلی ٹرانزیکشن یا، جیسی بھی صورت ہو، جائز بیلنس آرڈر ٹرانزیکشن کلیئرنگ کمپنی کو منتقل کی گئی ہوں جو:

(الف) CDC کو مقرر مدت کے اندر ترسیل کی گئی ہو؛

(ب) بشمول مذکورہ کلیئرنگ کمپنی جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہی ہو کی ID؛

(ج) NCC بے باقی حسابات کی سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے؛

(د) اکاؤنٹ ہولڈر کی ID کی صراحت کرے، جو کلیئرنگ ممبر ہو، ٹارگٹ ہولڈنگ کو کنٹرول کر رہا ہو؛

(ہ) کسی ہولڈنگ کی، ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے (اس میں، جہاں طریقہ ہائے کار کے تحت قابل اجازت ہو، مرکزی اکاؤنٹ شامل ہے) جو اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول ہو؛

(و) UIN کی، جہاں طریقہ ہائے کار کے تحت قابل اطلاق ہو، صراحت کرے، جو ٹارگٹ ہولڈنگ کے ساتھ منسلک ہو؛

(ز) سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ میں منتقل کی جانے والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے؛

**(ح)** صراحت کرے کہ ڈیلیوری ٹرانزیکشن مقررہ سکیورٹیز ٹرانزیکشن ہیں،

اس صورت میں، اگر سورس ہولڈنگ میں بقدرِ ضرورت بیلنس دستیاب ہے تو، CDC حسب ذیل امر:

**(ط)** کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ترسیل کردہ ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کی سورس ہولڈنگ سے منہائی کرے گی؛ اور

**(ی)** ٹارگٹ ہولڈنگ میں بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد میں اندراج کرے گی۔

9.5.2 ریگولیشن (Regulation) 9.5.1 کے تحت کوئی ڈیلیوری اس وقت مؤثر ہو گی جب مذکورہ ریگولیشن (Regulation) کے تحت CDC ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو سورس ہولڈنگ سے منہا کرے گی اور اُن کو ٹارگٹ ہولڈنگ میں شامل کرے گی۔

## 9.5الف اکاؤنٹ ہولڈر، جو کلیئرنگ ممبر ہو کی جانب سے اسٹاک ایکسچینج یا کلیئرنگ کمپنی کو پیشگی تصفیہ ڈیلیوری

1.9.5الف بلالحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی بھی احکامات میں شامل کسی بھی امر کے برعکس، جہاں جائز منتقلی ٹرانزیکشن کی ترسیل (جیسے کہ پیشگی تصفیہ ڈیلیوری) کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDC کو کی گئی ہو، جو کلیئرنگ ممبر ہو جو:

**(الف)** مقررہ وقت کے اندر CDC کو ترسیل کی گئی ہو؛

**(ب)** اس میں ID جیسا کہ مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہا ہو شامل ہے؛

**(ج)** کسی ہولڈنگ کی، سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے، جو اکاؤنٹ ہولڈر یا، جیسی بھی صورت ہو، پارٹیسپنٹ (Participant) کے طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول کوئی ذیلی اکاؤنٹ ہو؛

**(د)** اسٹاک ایکسچینج یا کلیئرنگ کمپنی کی ID کی صراحت کرے؛

**(ہ)** کسی ہولڈنگ کی جو اسٹاک ایکسچینج یا کلیئرنگ کمپنی کے زیر کنٹرول ہو کے ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے؛

**(و)** سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ کو پیشگی تصفیہ کے طور پر منتقل ہونے والی سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے؛

**(ز)** صراحت کرے کہ مذکورہ منتقلی ٹرانزیکشن مقررہ سکیورٹیز ٹرانزیکشن ہے،

اس صورت میں، اگر سورس ہولڈنگ میں بقدر ضرورت دستیاب بیلنس ہے تو، CDC حسب ذیل امر کرے گی:

**(ح)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ترسیل کردہ منتقلی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو سورس ہولڈنگ سے منہائی کرے گی؛ اور

**(ط)** ٹارگٹ ہولڈنگ میں ایسی بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد میں اندراج کرے گی۔

9.5الف.2 ریگولیشن(Regulation) 9.5الف.1 کے تحت کوئی ڈیلیوری اس وقت مؤثر ہوگی جب مذکورہ ریگولیشن(Regulation) کے تحت CDC ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو سورس ہولڈنگ سے منہا کرے گی اور ان کو ٹارگٹ ہولڈنگ میں شامل کرے گی۔

## 9.5ب کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ہولڈنگ کو یا اکاؤنٹ ہولڈر کی زیرنگرانی جو کلیئرنگ ممبر ہو کو سکیورٹیز کی منتقلی

9.5ب.1 بلالحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) کے کسی بھی احکامات میں شامل کسی بھی امر کے برعکس، جہاں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے CDC کو جائز ڈیلیوری ٹرانزیکشن یا، جیسی بھی صورت ہو، جائز بیلنس آرڈر منتقلی ٹرانزیکشن، ترسیل کی گئی ہو جو:

**(الف)** مقررہ وقت کے اندر، CDC کو ترسیل کی گئی ہو؛

(ب) بشمول مذکورہ کو کلیئرنگ کمپنی جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہی ہو کی ID؛

(ج) سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے، اسٹاک ایکسچینج یا، جیسی بھی صورت ہو، کلیئرنگ کمپنی کے زیرنگرانی کسی ہولڈنگ کی؛

(د) کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی ID کی صراحت کرئے، جو کلیئرنگ ممبر ہو، جو ٹارگٹ ہولڈنگ کی نگرانی کر رہا ہو؛

(ہ) ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے، کوئی ہولڈنگ (بشمول، جہاں طریقہ ہائے کار کے تحت قابل اجازت ہو، مین اکاؤنٹ) جو اکاؤنٹ ہولڈر کے زیرنگرانی ہو؛

(و) UIN کی صراحت کرے، جہاں طریقہ ہائے کار کے تحت قابل اطلاق ہو، جو ٹارگٹ ہولڈنگ کے ساتھ شریک کار ہو؛

(ز) سورس ہولڈنگ سے ٹارگٹ ہولڈنگ کو منتقل ہونے والی سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے؛

(ح) صراحت کرے کہ منتقلی ٹرانزیکشن مقرر کردہ سکیورٹی ٹرانزیکشن ہے،
اس صورت میں، اگر سورس ہولڈنگ میں حسب ضرورت بیلنس دستیاب ہوتو، CDC
حسب ذیل امر:
(ط) سورس ہولڈنگ سے بک انٹری سکیورٹیز کی اتنی تعداد کو منہا کرے گی جیسا کہ
کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ترسیل کردہ منتقلی ٹرانزیکشن میں صراحت کی گئی ہے؛اور
(ی) ٹارگٹ ہولڈنگ میں ایسی بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد کو درج کرے گی۔

9.5ب.2 ریگولیشن (Regulation) 1.ب 9.5 کے تحت منتقلی مؤثر ہوگی جب مذکورہ ریگولیشن (Regulation) کے تحت CDC بک انٹری سکیورٹیز میں صراحت کردہ منتقلی ٹرانزیکشن سے سورس ہولڈنگ کو منہا کرے گی اور ان کو ٹارگٹ ہولڈنگ میں شامل کرے گی۔

9.6 حذف شدہ

## 9.7 کلیئرنگ کمپنی کی ضمانت اور تلافی کا ذمہ

9.7.1 کلیئرنگ کمپنی ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDC کو، NCCPL کی پیروی میں، کسی بھی ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہی ہوتو:

(الف) CDC کو ضمانت عطاء کردہ متصور ہوگی کہ اس کی جانب سے ترسیل کردہ ٹرانزیکشن کی ترسیل NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی ہم آہنگی و پیروی میں کی گئی ہوگی؛

(ب) کسی بھی نقصان، ہرجانے، اخراجات اور مصارف کی نسبت CDC کو تلافی کرے گی جو CDC کی جانب سے اس ریگولیشن (Regulation) 9.7.1 کے پیراگراف (الف) میں شامل کسی بھی ضمانت کی خلاف ورزی کے نتیجے میں برداشت یا اٹھائی گئی ہوں۔

## 9.8 کلیئرنگ ممبر اکاؤنٹ ہولڈر کی ضمانت اور تلافی نقصان کا ذمہ

9.8.1 ہر اکاؤنٹ ہولڈر، جو کلیئرنگ ممبر ہو، CDC کو ضمانت دہندہ متصور ہو گا کہ وہ ہدایات جاری کرنے کے لیے کلی طور پر مجاز کردہ اور بااختیار ہے اور یہ کہ تمام بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی، خواہ بند حیثیت یا بصورت دیگر ہو، ان ریگولیشنز (Regulations) کے اس باب 9 کی مطابقت میں اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کسی بھی ہولڈنگ میں یا اس کے کنٹرول میں ہو، جہاں ایسا فراہم کیا گیا ہو، ہدایات کی مطابقت میں کیا گیا متصور ہو گا۔

9.8.2 ہر اکاؤنٹ ہولڈر، جو کلیئرنگ ممبر ہو، کسی بھی نقصان، ہرجانے، اخراجات اور مصارف کی نسبت CDC کو تلافی کرے گا جو CDC کی جانب سے اس باب کی کسی بھی شرائط کے تحت ہدایات پر عمل کرنے اور/یا بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی کرنے کے نتیجے میں برداشت یا اٹھائی گئی ہوں۔

# باب الف9: CFS فنانسڈ سکیورٹیز و متعلقہ امور

اس باب کو مکمل طور پر حذف کر دیا گیا ہے۔

## باب ب9: CFS MK-II فنانسڈ سکیورٹیز و متعلقہ امور

اس باب کو مکمل طور پر حذف کر دیا گیا ہے۔

## باب ج9: مارجن فنانسڈ سکیورٹیز و متعلقہ امور

### 9ج.1 تعریفات

9ج.1.1 جب تک کہ یہ باب ان ریگولیشن (Regulation) کا حصہ ہے ،ان ریگولیشن (Regulation) کی اغراض کے لیے حسب ذیل بیان کر دہ اصطلا حات کا وہی مفہوم ہوگا جو ان کے مقابل بیان کیا گیا ہے۔

**MF اکاؤنٹ** سے MF ٹرانزیکشن کی پیروی میں مذکورہ اکاؤنٹ میں منتقل کردہ مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کو رکھنے کے لئے کسی MF اکاؤنٹ ہولڈر کا ہاؤس اکاؤنٹ مراد ہے؛

**MF اکاؤنٹ ہولڈر** سے مراد کوئی اہل فنانسر (جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں بیان کیا گیا ہے ) اور جس کیلئے ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDC کی جانب سے MF ٹرانزیکشن کی پیروی میں مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی وصولی ڈیلیوری کی غرض کے لئے علیحدہ سے قائم کی گئی ہے؛

**MF نامزد کردہ اکاؤنٹ** سے مراد کسی اکاؤنٹ ہولڈر یا پارٹیسپنٹ (Participant) کا ہاؤس اکاؤنٹ جو CDC کے طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں (CDC کی کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے فراہم کر دہ ڈیٹا کی بنیاد پر ) جس پر کوئی بھی مارجن فنانسڈ سکیورٹی ریگولیشن (Regulation) (ج) 9ج.4.1 کے تحت MF اکاؤنٹ سے منتقل کئے جائیں گے اور جس سے مذکورہ مارجن فنانسڈ سکیورٹیز ریگولیشن (Regulation) (د) 9ج.4.1 مذکورہ ME اکاؤنٹ میں واپس منتقل کئے جائیں گے؛

**مارجن فنانسڈ سکیورٹیز** کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں صراحت کیا گیا ہے؛

**MF سسٹم** کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشن (Regulation) میں صراحت کیا گیا ہے؛

**MF ٹرانزیکشن** کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشن (Regulation) میں صراحت کیا گیا ہے؛

**MF(R) ٹرانزیکشن** کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشن (Regulation) میں صراحت کیا گیا ہے؛

## 9ج.2 MF اکاؤنٹ ہولڈر کی اس کے MF اکاؤنٹ میں منتقل کردہ مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کے ذریعے ظاہر کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی نسبت اس کی ذمہ داریاں

9ج.2.1 جہاں کسی MF اکاؤنٹ یا MF اکاؤنٹ ہولڈر کے مین اکاؤنٹ میں (MF اکاؤنٹ کی بندش کی وجہ سے) کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے کسی بھی مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کی گئی ہو تو، مذکورہ سکیورٹیز کا MF اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے انتظام نہیں سنبھالا جائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ، اس ریگولیشن (Regulation) 9ج.2.1 کی پیروی میں MF اکاؤنٹ ہولڈر کے مرکزی اکاؤنٹ میں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے کسی بھی مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کی گئی ہوں تو اس صورت میں اہم MF اکاؤنٹ ہولڈر CDC کو انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی ترسیل کے لیے طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں کسی MF(R) ٹرانزیکشن کی پیروی میں کلیئرنگ کمپنی میں مذکورہ سکیورٹیز کی ڈیلیوری کی محض غرض کے لیے مجاز ہوگا۔

9ج.2.2 جہاں، MF(R) کی پیروی میں، کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے CDC کو کی گئی کسی جائز بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی نسبت ریگولیشن (Regulation) 9ج.2.1 کی مطابقت میں کسی بھی مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی کسی MF اکاؤنٹ یا جیسی بھی صورت ہو، مرکزی اکاؤنٹ میں تفویض کی گئی ہو تو، مذکورہ سکیورٹیز، ان ریگولیشنز (Regulations) تابع، MF اکاؤنٹ یا، جیسی بھی صورت ہو مرکزی اکاؤنٹ سے اس ریگولیشن (Regulation) سے 9ج.2.2 کی پیروی میں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ترسیل کردہ بیلنس آرڈر ڈیلیوری کی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ ٹارگٹ ہولڈنگ میں منتقل ہو جائیں گی۔

## 9ج.3 ریگولیشن (Regulation) 9ج.2 کی خلاف ورزی میں ٹرانزیکشن اور ریگولیشن (Regulation) 9ج.4 کے تحت مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی ڈیلیوری کے لیے اجازت

9ج.3.1 CDC کسی MF اکاؤنٹ ہولڈر کو کسی بھی ٹرانزیکشن کی ترسیل کی اجازت نہیں دے گی جو ریگولیشن (Regulation) 9ج.2 کی شرائط کی خلاف ورزی میں ہو۔

9ج.3.2 ہر MF اکاؤنٹ ہولڈر اور MF نامزد کردہ اکاؤنٹ کا ہر ہولڈر ریگولیشن (Regulation) 9ج.4.1 کی شرائط میں مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی حوالگی کے لیے مجاز کردہ CDC متصور ہوگی اور مذکورہ بالا طور پر دی گئی اتھارٹی کی مطابقت میں، مذکورہ MF اکاؤنٹ ہولڈر یا MF نامزد کردہ اکاؤنٹ کا ہولڈر، جیسی بھی معاملے کی نوعیت ہو، کے حوالے سے تمام مذکورہ حوالگیاں کی گئیں متصور ہوں گی۔

9ج.3.3 CDC کسی بھی MF اکاؤنٹ ہولڈر یا کسی MF نامزد کردہ اکاؤنٹ کے کسی بھی ہولڈر کو ریگولیشن (Regulation) 9ج.4.1 کے تحت مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی حوالگی کے لیے ذمے دار نہیں ہوگی۔

## 9ج.4 کسی بھی بک کی کلوزر پیریڈ کے نتیجے میں MF اکاؤنٹ سے اور مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی ڈیلیوری

9ج.4.1 اگر:

(الف) ریگولیشن (Regulation) 12.1.1 کے تحت کسی مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کے ایشور (Issuer) نے CDC کو کسی بھی بک کی کلوزر پیریڈ کا نوٹس دیا ہو؛

(ب) مذکورہ ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کے ہولڈرز کے کسی بھی بونس شیئر، نقد منافع یا مذکورہ ایشور (Issuer) کی جانب سے قرار دیا گیا یا دیئے جانے والے حقوق استحقاقات کے حق کے تعین کی غرض کے لیے مذکورہ ایشور (Issuer) کی جانب سے مذکورہ بک کی کلوزر پیریڈ سے مطلع کیا گیا ہو۔

اس صورت میں ، بلا لحاظ ان ریگولیشن (Regulation) یا طریقہ عمل میں شامل کسی امر کے برعکس:

(ج) کسی MF اکاؤنٹ ہولڈر کا کسی بھی MF اکاؤنٹ میں درج شدہ مذکورہ ایشور (Issuer) کی بک انٹری سکیورٹیز کو ظاہر کرنے والے مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا اور طریقہ ہائے کار کے تابع، کسی MF نامزد کردہ اکاؤنٹ کی بک کلوزر پیریڈ کی مطابقت میں پیشگی یوم پر CDC کی جانب سے مقرر کردہ وقت کے بعد منتقل کر دی جائیں گی، مگر شرط یہ ہے کہ جہاں کوئی MF نامزد کردہ اکاؤنٹ منجمد یا بند ہو یا جہاں کسی بھی وجہ سے MF نامزد کردہ اکاؤنٹ تک رسائی محدود ہوگئی ہو، مذکورہ مارجن فنانسڈ سکیورٹیز، طریقہ ہائے کار کے تابع، پارٹیسپنٹ (Participant) یا اکاؤنٹ ہولڈر کے مین اکاؤنٹ، جیسی بھی صورت ہو، میں بھیج دی جائے گی، مذکورہ MF نامزد کردہ اکاؤنٹ جس کے زیر اختیار رہ چکا ہو یا زیر اختیار رہو؛ اور

(د) مذکورہ بالا پیراگراف (ج) کے تحت CDC کی جانب سے MF نامزد کردہ اکاؤنٹ یا مین اکاؤنٹ، جیسی بھی صورت ہو، کو منتقل کردہ مارجن فنانسڈ سکیورٹیز (جہاں سے مذکورہ سکیورٹیز بالا پیراگراف (ج) کے تحت MF نامزد کردہ اکاؤنٹ میں منتقل ہوئی تھیں) ایشور (Issuer) کی جانب سے مشتہر کردہ مذکورہ بک کلوزر پیریڈ جیسا کہ مذکورہ بالا پیراگراف (الف) میں محولہ ہے کی بابت CDC کی طرف سے MF اکاؤنٹ میں بک اختتامی تاریخ کی شروعات پر واپس کر دی جائیں گی۔

9ج.4.2 ریگولیشن (Regulation) (ج) 4.1.ج9 کے تحت CDC کسی MF نامزد کردہ اکاؤنٹ یا MF اکاؤنٹ کے ہولڈر یا کسی بھی دوسرے شخص جو بھی ہو کو کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ غلط ڈیٹا یا طریقہ ہائے کار میں بیان کردہ حدود کو پورا نہ کرنے کی بناء پر CDC کے کسی بھی MF اکاؤنٹ سے کسی بھی مارجن فنانسڈ سکیورٹیز کی MF نامزد کردہ اکاؤنٹ میں منتقلی میں ناکامی کے لیے ذمے دار نہیں ہوگا۔

## باب د9: MT فنانسڈ سکیورٹیز و متعلقہ امور

### 9د.1 تعریفات

9د.1.1 جب تک یہ باب ان ریگولیشنز (Regulations) کا حصہ ہے، ان ریگولیشنز (Regulations) کی اغراض کے لیے حسب ذیل بیان کردہ اصطلاحات کا وہی مفہوم ہوگا جو ان کے مقابل میں بیان کیا گیا ہے۔

**ٹریڈنگ فنانسر** کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں صراحت کیا گیا ہے؛

**MT اکاؤنٹ** سے MT ٹرانزیکشن کی پیروی میں مذکورہ MT اکاؤنٹ میں منتقل کردہ MT فنانسڈ سکیورٹیز کو رکھنے کے لیے MT اکاؤنٹ ہولڈر جو ٹریڈنگ فنانسر ہے کے زیر اختیار ہاؤس اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ مراد ہے؛

**MT اکاؤنٹ ہولڈر** سے کوئی اکاؤنٹ ہولڈر جو ٹریڈنگ فنانسر ہے اور جس کے لئے ان ریگولیشن (Regulation) کے تحت CDC کی جانب MF ٹرانزیکشن کی پیروی میں MT فنانسڈ سکیورٹیز کی وصولی ڈیلیوری کی غرض کے لئے علیحدہ سے قائم کردہ ID مراد ہے؛

**MT نامزد کردہ اکاؤنٹ** سے کسی اکاؤنٹ ہولڈر کا ہاؤس اکاؤنٹ یا اس کے زیر اختیار ذیلی اکاؤنٹ جو CDC کو کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا کی بنیاد پر طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDS کی جانب سے نشاندہی کردہ پارٹیسپنٹ (Participant) مراد ہے جس پر کوئی MT فنانسڈ سکیورٹیز ریگولیشن (Regulation) (ج) 9د.4.1 کے تحت کسی MT اکاؤنٹ سے منتقل کی جائیں گی اور جس سے مذکورہ MT فنانسڈ سکیورٹیز ریگولیشن (Regulation) (د) 9د.4.1 کے تحت مذکورہ MT اکاؤنٹ میں واپس منتقل کی جائیں گی۔

MT فنانسڈ سکیورٹیز — کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں صراحت کیا گیا ہے۔

MT(R) ٹرانزیکشن — کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں صراحت کیا گیا ہے۔

مارجن ٹریڈنگ سسٹم (MTS) — کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulations) میں صراحت کیا گیا ہے۔

MT ٹرانزیکشن — کا وہی مطلب ہوگا جیسا کہ NCCPL ریگولیشنز (Regulation) میں صراحت کیا گیا ہے۔

## 9د.2 MT اکاؤنٹ ہولڈر کی MT ٹرانزیکشن کی پیروی میں اس کے زیر اختیار MT اکاؤنٹ میں منتقل کردہ MT فنانسڈ کی نسبت ذمہ داریاں

9د.2.1 جہاں، MT ٹرانزیکشن کی مطابقت میں، کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے MT اکاؤنٹ ہولڈر کے مین اکاؤنٹ یا MT اکاؤنٹ میں فنانسڈ سکیورٹیز منتقل کی گئیں ہوں (اگر مذکورہ MT اکاؤنٹ بند یا کلوزڈ ہو)، تو مذکورہ سکیورٹیز کا MT اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے انتظام سنبھالا نہیں جائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں اس ریگولیشن (Regulation) 9د.2.1 کی مطابقت میں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے MT اکاؤنٹ ہولڈر کے مین اکاؤنٹ میں کسی بھی فنانسڈ سکیورٹیز کو منتقل کیا گیا ہو تو، MT اکاؤنٹ ہولڈر مذکورہ سکیورٹیز کی نسبت میں ترسیل کرے گا:

**(الف)** مذکورہ سکیورٹیز کی MT اکاؤنٹ میں منتقلی کے لئے CDC کو انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن؛ یا

**(ب)** MT(R) ٹرانزیکشن کی مطابقت میں کلیئرنگ کمپنی کو مذکورہ سکیورٹیز [بشمول مذکورہ بالا پیراگراف (الف) کی مطابقت میں MT اکاؤنٹ میں منتقل کردہ سکیورٹیز] کی منتقلی کے لیے CDC کو انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں۔

9د.2.2 جہاں، MT(R) ٹرانزیکشن کی پیروی میں، کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے CDC کو کی گئی کسی جائز بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن کی ترسیل کی نسبت ریگولیشن(Regulation) 9د.2.1 کی مطابقت میں کسی بھی MT فنانسڈ سکیورٹیز کے کسی MT اکاؤنٹ یا MT اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر اختیار میں منتقلی، مذکورہ سکیورٹیز، ان ریگولیشنز (Regulations) کے تابع، MT اکاؤنٹ سے کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ترسیل کردہ آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ ٹارگٹ ہولڈنگ میں منتقل ہو جائیں گی۔

## 9د.3 ریگولیشن 9د.2 کی خلاف ورزی میں ٹرانزیکشن اور ریگولیشن 9د.4 کے تحت MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لیے اجازت

9د.3.1 C D C کسی ٹرانزیکشن کی ترسیل کی اجازت نہیں دے گی جو ریگولیشن(Regulation) 9د.2 کی شرائط کی خلاف ورزی میں ہو۔

9د.3.2 مذکورہ MT اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر اختیار ہر MT اکاؤنٹ ہولڈر اور ذیلی اکاؤنٹ کا ہر ہولڈر، جو بطور M T اکاؤنٹ ہو، اور M T نامزد کردہ اکاؤنٹ کا ہر ہولڈر ریگولیشن(Regulation) 9د.4.1 کی شرائط میں MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لیے CDC کو مجاز کردہ یا اختیار فراہم کردہ متصور ہوگا۔

9د.3.3 CDC کسی بھی MT اکاؤنٹ ہولڈر اور ذیلی اکاؤنٹ کے ہر ہولڈر، جو بطور MT اکاؤنٹ ہو، جو مذکورہ MT اکاؤنٹ ہولڈر یا کسی بھی MT نامزد کردہ اکاؤنٹ کے کسی ہولڈر کے زیر اختیار ریگولیشن(Regulation) 9د.4.1 کے تحت MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 9د.4 بک کلوزر پیریڈ کے نتیجے میں MT اکاؤنٹ سے اور اس میں MT فنانسڈ سکیورٹیز کی ڈیلیوری

9د.4.1 اگر:

**(الف)** ریگولیشن(Regulation) 12.1.1 کے تحت کسی بھی MT فنانسڈ سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) نے CDC کو بک کلوزر پیریڈ کا نوٹس دیا ہو؛ اور

(ب) مذکورہ ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کے ہولڈرز کا مذکورہ ایشور(Issuer) کے کسی بھی عمومی اجلاس میں شرکت کرنے یا کوئی بھی منافع منقسمہ، بونس شیئرز، نقد منافع یا مذکورہ ایشور(Issuer) کی جانب سے قرار دیا گیا یا دیئے جانے والے حقوق استحقاقات کے حق کے تعین کی غرض کے لیے مذکورہ ایشور(Issuer) کی جانب سے مذکورہ بک کی کلوزر پیریڈ سے مطلع کیا گیا ہو،

اُس صورت میں، بلا لحاظ ان ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی امر کے برعکس:

(ج) کسی بھی MT اکاؤنٹ میں درج شدہ مذکورہ ایشور(Issuer) کی بک انٹری سکیورٹیز کو ظاہر کرنے والی MT فنانسڈ سکیورٹیز کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا اور طریقہ ہائے کار کے تابع، کسی MT نامزد کردہ اکاؤنٹ کی بک اختتامی تاریخ کی مطابقت میں پیشگی یوم پر CDC کی جانب سے مقرر کردہ وقت کے بعد منتقل کردی جائیں گی، مگر شرط یہ ہے کہ جہاں کوئی MT نامزد کردہ اکاؤنٹ منجمد یا بند ہو گیا ہو یا جہاں کسی بھی وجہ سے MT نامزد کردہ اکاؤنٹ تک رسائی محدود ہو گئی ہو تو، مذکورہ MT فنانسڈ سکیورٹیز ان ریگولیشنز (Regulations) اور طریقہ ہائے کار کے تابع، پارٹیسپنٹ(Participant) کے مین اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائیں گی جس کے مذکورہ MT نامزد کردہ اکاؤنٹ زیر اختیار رہ چکا ہو یا زیر اختیار ہو؛ اور

(د) مذکورہ بالا پیرا گراف (ج) کے تحت CDC کی جانب سے MT نامزد کردہ اکاؤنٹ یا مین اکاؤنٹ، جیسی بھی صورت ہو، کو منتقل کردہ MT فنانسڈ سکیورٹیز [جہاں سے مذکورہ سکیورٹیز پیرا گراف بالا (ج) کے تحت MT نامزد کردہ اکاؤنٹ یا مین اکاؤنٹ میں منتقل ہوئی تھیں] ایشور (Issuer) کی جانب سے مشتہر کردہ مذکورہ بک کلوزر پیریڈ جیسا کہ مذکورہ بالا پیرا گراف (الف) میں محولہ ہے کی بابت CDC کی طرف سے MT اکاؤنٹ میں بک اختتامی تاریخ کی شروعات پر واپس کردی جائیں گی۔

9د.4.2 ریگولیشن(Regulation)(ج) 9د.4.1 کے تحت CDC کسی MT نامزد کردہ اکاؤنٹ یا MT اکاؤنٹ کے ہولڈر یا کسی بھی دوسرے شخص جو بھی ہو کو کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ غلط ڈیٹا یا طریقہ ہائے کار میں بیان کردہ حدود کو پورا نہ کرنے کی بناء پر CDC کسی بھی MT اکاؤنٹ سے کسی MT نامزد کردہ اکاؤنٹ یا مین اکاؤنٹ، جیسی بھی صورت ہو، میں منتقلی میں ناکامی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگی۔

## 9د.5 MT فنانسڈ سکیورٹیز کی کلیئرنگ کمپنی کو منتقلی جہاں ٹریڈنگ فنانسر معطل ہو یا کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے نادہندہ قرار دیا گیا ہو

9د.5.1 کسی بھی دوسرے ریگولیشن(Regulation) میں شامل کسی بھی امر کے باوجود، جہاں ٹریڈنگ فنانسر، جو ریگولیشنز (NCCPL (Regulations کے تحت کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے بطور اکاؤنٹ ہولڈر معطل یا نادہندہ قرار دیا گیا ہو تو، CDC کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے نوٹس کی وصولی پر مذکورہ ٹریڈنگ فنانسر کو معطل کرے گی یا اس کو نادہندہ قرار دے گی، MT اکاؤنٹ میں درج شدہ یا مذکورہ معطل شدہ یا نادہندہ MT اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر اختیار تمام MT فنانسڈ سکیورٹیز حسب ذیل کو منتقل کردے گی:

**(الف)** MT(R) ٹرانزیکشن کی مطابقت میں کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ترسیل کردہ بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ ٹارگٹ ہولڈنگ کو؛ یا

**(ب)** طریقہ کار کی مطابقت میں، CDC کے ساتھ کلیئرنگ کمپنی کے اکاؤنٹ میں:

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں MT اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر اختیار MT اکاؤنٹ، ذیلی اکاؤنٹ ہو تو، مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ کے ہولڈر کی جانب سے مجازیت جو CDC کو اس ریگولیشن(Regulation) 9د.5.1 کی شرائط میں MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لیے اختیار دے رہی ہوں جو CDC کی جانب سے خواہ بلا واسطہ یا طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں متعلقہ MT اکاؤنٹ کے ذریعے وصول کی گئی ہوں۔

9د.5.2 CDC کسی بھی MT اکاؤنٹ ہولڈر یا کسی ذیلی اکاؤنٹ کے ہولڈر، جو مذکورہ معطل یا نادہندہ MT اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر اختیار بطور MT اکاؤنٹ ہو، کی ریگولیشن(Regulation) 9د.5.1 کے تحت کلیئرنگ کمپنی کو MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لیے مستوجب نہیں ہو گی اور مذکورہ MT اکاؤنٹ ہولڈر یا کوئی بھی ذیلی اکاؤنٹ کا ہولڈر، بطور MT اکاؤنٹ، ریگولیشن(Regulation) 9د.5.1 کے تحت کلیئرنگ کمپنی کو مذکورہ MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لیے CDC کو اختیار عطاء کردہ متصور ہوگا۔

## 9د.6 کلیئرنگ کمپنی کو MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لئے اختیار

9د.6.1 ہر MT اکاؤنٹ ہولڈر، جو ٹریڈنگ فنانسر ہو، ہر MT اکاؤنٹ کے ہولڈر سے، جو اس کے زیر اختیار بطور ذیلی اکاؤنٹ ہو، ریگولیشن(Regulation) 9د.5.1 کی شرائط میں MT فنانسڈ سکیورٹیز کی منتقلی کے لیے CDC کو مجاز کرنے والی تحریری رضامندی کا ریکارڈ حاصل اور برقرار میں رکھے گا اور CDC انکوائری کے بغیر یہ قیاس کرے گی کہ ہر' مذکورہ MT اکاؤنٹ ہولڈر نے مذکورہ MT اکاؤنٹ کے ہولڈر کے حوالے سے، جو بطور ذیلی اکاؤنٹ ہو، MT ٹرانزیکشن کو کرنے سے قبل مذکورہ اختیار حاصل کیا ہے۔

## باب 10 بک انٹری سکیورٹیز کی DVP ڈیلیوری

یہ باب مکمل حذف ہو گیا ہے

## باب 11 — بک انٹری سکیورٹیز کو گروی (Pledge) کرنا

## 11.1 — بک انٹری سکیورٹیز کو گروی (Pledge) کرنا

11.1.1 ریگولیشنز (Regulations) 11.1.2 اور 11.1.3 کے تابع ، گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن کے ذریعے CDS میں بک انٹری سکیورٹیز کو گروی رکھا جائے گا جو:

**(الف)** CDC کو صراحت کردہ مدت کے اندر ترسیل ہو؛

**(ب)** ٹرانزیکشن کی ترسیل کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کی ID شامل ہے؛

**(ج)** ذریعہ اکاؤنٹ کے طور پر صراحت ہو، کوئی بھی ہولڈنگ جو پیغام ترسیل کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ فیملی کا حصہ ہو، بشرطیکہ مذکورہ سورس ہولڈنگ، اکاؤنٹ ہولڈر کا مرکزی اکاؤنٹ نہ ہو؛

**(د)** ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کی ID جس کے حق میں گروی کو مؤثر کرنا چاہتا ہو، کی ID کی صراحت کرے؛

**(ہ)** بک انٹری سکیورٹیز کی قسم اور تعداد جو ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں گروی کی جارہی ہوں کی صراحت کرے؛ اور

**(و)** فریق گروی جس کے خلاف گروی کو مؤثر کرنا چاہتا ہو کی صراحت کرے۔

مگر شرط یہ ہے کہ ، جہاں سورس ہولڈنگ مکفولہ اکاؤنٹ ہو تو ، اس ریگولیشن (Regulation) **11.1.1** کی پیروی میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) جس کے حق میں گروی کو موثر کرنے کی طلب کی گئی ہو جدولی بنک ہو گا جیسا کہ بینک دولت پاکستان ایکٹ، 1956 (نمبر 33 بابت 1956) میں بیان کیا گیا ہے۔

11.1.2 اگر:

**(الف)** ریگولیشن (Regulation) 11.1.1 کی پیروی میں کوئی گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن ہو؛ اور

(ب) سورس ہولڈنگ میں مناسب بیلنس موجود ہوتو،

CDC حسب ذیل امر کرے گی:

(ج) سورس ہولڈنگ کے دستیاب بیلنس سے گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کے نمبر کو کاٹ دے گی؛ اور

(د) گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ گروی گروپ کے برعکس بحق ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) سورس ہولڈنگ میں گروی شدہ صورت میں بک انٹری سکیورٹیز کے مذکورہ نمبر کا اندراج کرے۔

11.1.3 گروی مؤثر ہوتی ہے جب، ریگولیشن(Regulation) 11.1.2 کے تحت، CDC، گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو سورس ہولڈنگ میں دستیاب بقایا سے کٹوتی کرتی ہے اور گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ گروی گروپ کے برعکس ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں ان کو گروی حالت میں جمع کرتی ہے۔

11.1.4 اگر:

(الف) کوئی گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن ریگولیشن(Regulation) 11.1.1 کی مطابقت میں نہ ہوئی ہو؛

(ب) سورس ہولڈنگ میں مناسب بیلنس دستیاب نہ ہو یا اگر سورس ہولڈنگ مرکزی اکاؤنٹ ہو؛

(ج) ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کی ID کی صراحت کرتا ہے جو CDS میں موجود نہیں ہے؛ یا

(د) گروی گروپ کی صراحت کرتا ہے جو قائم نہیں کیا گیا تو،

CDC حسب ذیل امر کرئے گی:

(ہ) ٹرانزیکشن کو مسترد کردے گی؛ اور

(و) آغاز کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کو مسترد کرنے سے مطلع کرے گی۔

11.1.5 گروی سکیورٹی ٹرانزیکشن ترسیل کرنے والا اکاؤنٹ ہولڈر:

**(الف)** گروی کو مؤثر کرنے والا متصور ہوگا؛ اور

**(ب)** کسی بھی شخص کی جانب سے کئے جانے والے دعویٰ جات کے خلاف CDC کو ذمہ داری سے بری کرے گا، جو، آغاز کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں پارٹیسپنٹ (Participant) ہو؛

**(اول)** آغاز کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کا کلائنٹ؛ یا

**(دوم)** ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کا ذیلی اکاؤنٹ آغاز کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بنے،

اس بناء پر کہ

**(سوم)** کو مذکورہ شخص کی جانب سے مذکورہ شخص سے متعلقہ بک انٹری سکیورٹیز کا گروی رکھنے کا مجاز نہ کیا گیا ہو؛ یا

**(چہارم)** کسی بھی دوسری وجہ کی بناء پر۔

11.1.6 جہاں ذیلی اکاؤنٹ میں اندراج شدہ کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کو پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں رکھا گیا ہو، جو اسٹاک ایکسچینج یا کلیئرنگ کمپنی نہ ہو، مذکورہ ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee)، ہر مذکورہ گروی ٹرانزیکشن کے لئے، ریگولیشن (Regulation) 3.7.1 کی مطابقت میں متعلقہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے حق میں CDC کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) میں صراحت کردہ معیاری طریقہ ہائے کار میں بجا لائی گئی مخصوص اختیار کی کاپی حاصل کرے گا۔

## 11.2 گروی واگزاری

11.2.1 ریگولیشنز (Regulations) 11.2.2 اور 11.2.3 کے تابع، گروی ٹرانزیکشن کے ذریعے گروی سے واگزاری ہوگی جو:

**(الف)** CDC کو، مقررہ وقت کے اندر ترسیل ہوئی ہو؛

**(ب)** بشمول ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کی ID جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کر رہا ہو؛

**(ج)** کسی بھی ہولڈنگ کی سورس ہولڈنگ کے طور پر صراحت کرے، جس میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں بک انٹری سکیورٹیز کو گروی رکھا گیا ہو؛

**(د)** سورس ہولڈنگ کو کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کی ID کی صراحت کرے؛

**(ہ)** سورس ہولڈنگ میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں موجود گروی واگزار ہونے والی

بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے؛ اور

**(و)** گروی جماعت کی صراحت کرے جس کے خلاف گروی واگزار مؤثر ہونا ہو،

**11.2.2** اگر:

**(الف)** گروی واگزاری ٹرانزیکشن (Regulation) 11.2.1 کی مطابقت میں ہو؛ اور

**(ب)** گروی گروپ جس سے ٹرانزیکشن متعلق ہو ظاہر کرے کہ وہاں ٹرانزیکشن کی ترسیل کرنے والے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں سورس ہولڈنگ میں گروی پوزیشن میں بک انٹری سکیورٹیز کی کافی تعداد ہے،

تو CDC حسب ذیل امر کرے گی:

**(ج)** گروی گروپ کی نسبت، گروی واگزاری ٹرانزیکشن میں مصرحہ کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو سورس ہولڈنگ میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں گروی پوزیشن سے منہا کرے گی؛ اور

**(د)** سورس ہولڈنگ کے دستیاب بیلنس میں بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد کو جمع کرے گی۔

11.2.3 گروی واگزاری مؤثر ہوتی ہے جب، ریگولیشن(Regulation)11.2.2 کے تحت، CDC گروی واگزاری ٹرانزیکشن میں مصرحہ کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو سورس ہولڈنگ میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں گروی پوزیشن سے منہا کرے گی اور سورس ہولڈنگ کے دستیاب بیلنس میں ان کو جمع کرے گی۔

11.2.4 اگر:

**(الف)** گروی واگزاری ٹرانزیکشن ریگولیشن (Regulation) 11.2.1 کی مطابقت میں نہیں کرتا؛ یا

**(ب)** گروی گروپ جس سے ٹرانزیکشن متعلق ہوں ظاہر کرے کہ وہاں ٹرانزیکشن کی ترسیل کرنے والے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں سورس ہولڈنگ میں گروی پوزیشن میں بک انٹری سکیورٹیز کی ناکافی تعداد ہے،

تو CDC حسب ذیل امر کرئے گی:

**(ج)** ٹرانزیکشن کو مسترد کردے گی؛ اور

**(د)** آغاز کنندہ ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کو مسترد کرنے سے آگاہ کرے گی۔

## 11.3 عندالطلب گروی

11.3.1 ریگولیشنز (Regulations) 11.3.2 اور 11.3.3 کے تابع، عندالطلب گروی ٹرانزیکشن کے ذریعے عندالطلب گروی کی جائے گی جو:

**(الف)** CDC کو مقررہ مدت کے اندر ترسیل کرے؛

**(ب)** ٹرانزیکشن ترسیل کرنے والے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کی ID پر مشتمل ہو؛

**(ج)** سورس ہولڈنگ کے طور پر، کسی بھی ہولڈنگ کی جس میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں بک انٹری سکیورٹیز گروی شدہ ہوں کی صراحت کرے؛

(د) ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر، کوئی ہولڈنگ جو ہاؤس اکاؤنٹ، ذیلی اکاؤنٹ یا ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کا سرمایہ کار اکاؤنٹ ہو کی صراحت کرے ؛مگر شرط یہ ہے کہ جہاں اسٹاک ایکسچینجز (کارپوریٹائزیشن، ڈی میوچلائزیشن اور انضمام) ایکٹ، 2012 کی مطابقت میں اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے بک انٹری سکیورٹیز کا اجراء کیا گیا ہو اور جہاں اسٹاک ایکسچینج بھی ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) ہو تو، ٹارگٹ ہولڈنگ کا کوئی بھی ہاؤس اکاؤنٹ، ذیلی اکاؤنٹ یا سرمایہ کار اکاؤنٹ، مذکورہ اسٹاک ایکسچینج کے علاوہ ہوگا۔

(ہ) صراحت کرتا ہو:

**(اوّل)** سورس اکاؤنٹ کو کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کی ID کی ؛اور

**(دوم)** ٹارگٹ اکاؤنٹ کو کنٹرول کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کی ID کی ؛

(و) سورس ہولڈنگ میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں گروی سے واگزار ہونے والی اور ٹارگٹ ہولڈنگ میں منتقل ہونے والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد اور قسم کی صراحت کرے ؛اور

(ز) گروی گروپ کی جس کے خلاف عندالطلب گروی مؤثر ہونے کے لئے طلب کی گئی ہو کی صراحت کرے۔

**11.3.2** اگر:

**(الف)** عندالطلب گروی ٹرانزیکشن ریگولیشن (Regulation) 11.3.1 کی مطابقت میں کی گئی ہو ؛اور

**(ب)** گروی گروپ ظاہر کرے کہ وہاں ٹرانزیکشن کی ترسیل کرنے والے گروی دار کے حق میں سورس ہولڈنگ میں گروی پوزیشن میں بک انٹری سکیورٹیز کی کافی تعداد ہے تو،

CDC حسب ذیل امر کرے گی:

**(ج)** گروی گروپ کے ضمن میں، گروی عندالطلب ٹرانزیکشن میں صراحت کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو گروی پوزیشن سے سورس ہولڈنگ میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں منہا کرے گی؛

**(د)** ٹارگٹ ہولڈنگ میں دستیاب بیلنس کی بک انٹری سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد کا اندراج کرے گی۔

11.3.3 گروی عندالطلب مؤثر ہوتی ہے جب، ریگولیشن (Regulation) 11.3.2 کے تحت، CDC گروی عندالطلب ٹرانزیکشن میں مصرحہ کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو سورس ہولڈنگ میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں گروی پوزیشن سے منہا کرے گی اور ان کو ٹارگٹ ہولڈنگ کے دستیاب بیلنس میں جمع کرے گی

11.3.4 اگر:

**(الف)** گروی عندالطلب ٹرانزیکشن ریگولیشن (Regulation) 11.3.2 کی مطابقت میں نہیں کرتا، یا

**(ب)** گروی گروپ ظاہر کرئے کہ وہاں ٹرانزیکشن کی ترسیل کرنے والے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں سورس ہولڈنگ میں گروی پوزیشن میں بک انٹری سکیورٹیز کی ناکافی تعداد ہے،

تو CDC حسب ذیل امر کرئے گی:

**(ج)** ٹرانزیکشن کو مسترد کردے گی؛ اور

**(د)** آغاز کنندہ ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کو مسترد کرنے سے آگاہ کرے گی۔

11.3.5 ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) جو گروی عندالطلب ٹرانزیکشن کی ترسیل کرتا ہے:

**(الف)** سورس ہولڈنگ میں ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کے حق میں گروی شدہ بک انٹری سکیورٹیز کی عندالطلب گروی کو مؤثر کردہ متصور کرے گی؛ اور

(ب) کسی بھی شخص کی جانب سے کئے گئے دعویٰ جات کے خلاف CDC کو تلافی نقصان ادا کرے گی اس بناء پر کہ بک انٹری سکیورٹیز جو گروی عندالطلب کا امر موضوع تھا کسی بھی وجہ کی بابت جو بھی ہو گروی عندالطلب نہیں ہونی چاہیے تھی۔

## الف11.3 حذف شدہ

## 11.4 گروی گروپس

11.4.1 گروی گروپس جو جائز گروی گروپ اوپن ٹرانزیکشن کے ذریعے قائم کئے گئے ہوں جو:

(الف) مقررہ مدت کے اند، CDC کو ترسیل ہوا ہو؛

(ب) اس میں اکاؤنٹ ہولڈر کی جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کرر ہا ہو کی ID شامل ہے؛ اور

(ج) ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgeee) کی ID کی صراحت کرے جس کے حق میں گروپ قائم ہوا۔

11.4.2 جائز گروی گروپ کلوز ٹرانزیکشن کے ذریعے گروی گروپ کو بند کر دیا جائے گا جو:

(الف) CDC کو مقررہ وقت کے اندر ترسیل کرے؛

(ب) اس میں اکاؤنٹ ہولڈر جو ٹرانزیکشن کی ترسیل کرر ہا ہو کی ID شامل کرے؛

(ج) گروی گروپ کی صراحت کرتا ہو جو کہ بند ہونا ہو۔

11.4.3 اگر:

(الف) کوئی گروی گروپ کلوز ٹرانزیکشن ریگولیشن (Regulation) 11.4.2 کی پیروی کرتا ہو؛ اور

(ب) گروی گروپ جس کو بند ہونا ہو کی گروی شدہ پوزیشن میں کوئی بک انٹری سکیورٹیز نہ ہوں،

CDC گروی گروپ کو بند کر دے گی یا ورنہ اس کی ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی۔

# باب12 کارپوریٹ ایکشنز

## 12.1 CDC کی جانب سے CDR کی بندش اور تبدیل شدہ رجسٹریشن تفصیلات کی رپورٹوں کا اسٹرکچر

12.1.1 اہل سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) CDC کو نوٹس دے گا کسی بھی بک کلوزر پیریڈ کا جو ایشور (Issuer) نے ایشور (Issuer) کی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی بابت مقرر کر رکھا ہے، نوٹس میں بک کلوزر کی تاریخ یا بک کلوزر کی آخری تاریخ جس کا تعین ایشور (Issuer) نے کیا ہے کی صراحت ہوگی۔ ایسا نوٹس ایشور (Issuer) بک کلوزر کی تاریخ سے کم از کم 07 کاروباری ایام پیشگی دے گا۔

12.1.2 ریگولیشن (Regulation) 12.1.1 کے تحت ایشور (Issuer) کی جانب سے ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی بابت CDC کو فی الفور نوٹس دینے پر، CDC، طریقہ ہائے کار کے مطابق، کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو کہ ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی نمائندگی کر رہی ہوں CDR پر بک کلوزر پیریڈ میں درج کرے گی۔

12.1.3 CDC ریگولیشن (Regulation) 12.1.2 کے مطابق CDR پر بک انٹری کلوزر پیریڈ ریکارڈ کرنے کے بعد، کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی قسم کی نسبت:

**(الف)** مسترد کردے؛

**(اول)** کسی بھی جائز ڈپازٹ ٹرانزیکشن کی درخواست کو جو سکیورٹیز کی نسبت CDC کو ترسیل کی گئی ہو جو مذکورہ بکس کلوزر پیریڈ کے دوران بک انٹری سکیورٹیز کی اس قسم سے ظاہر کی گئی ہو؛ اور

**(دوم)** کوئی بھی جائز بازخواست ٹرانزیکشن درخواست جو سکیورٹیز کی نسبت CDC کو ترسیل کی گئی ہو جو مذکورہ بکس کلوزر پیریڈ کے دوران بک انٹری سکیورٹیز کی اس قسم میں ظاہر کی گئی ہو؛ اور

**(ب)** آغاز کرنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کو مسترد کرنے سے مطلع کرے گی۔

12.1.4 رجسٹریشن کی تفصیلات کی کوئی بھی تبدیل شدہ رپورٹ جو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت پارٹیسپنٹ (Participant) CDC کو فراہم کرتا ہے کی مذکورہ ہدایات کے تحت تعمیل کی جائے گی، جیسا کہ بورڈ، وقتاً فوقتاً، اس کی نسبت دیتا ہے:

**(الف)** رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ جو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت پارٹیسپنٹ (Participant) CDC کو فراہم کرتا ہے؛ اور

**(ب)** ذریعہ، جو الیکٹرانک بھی، مقناطیسی بھی یا دیگر ہو سکتا ہے، جس میں اس طرح کی رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ جو پارٹیسپنٹ (Participant) CDC کو فراہم کرتا ہے۔

12.1.5 پارٹیسپنٹ (Participant) جو ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ CDC کو فراہم کر رہا ہے:

**(الف)** یہ متصور کیا جائے گا کہ وہ اس بات کی ذمہ داری لیتا ہے کہ رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ حقائق پر مبنی اور درست ہے اور ان ریگولیشن (Regulations) کی مقتضیات کی مطابقت میں تیار کی گئی ہے؛ اور

**(ب)** CDC کو تلافی نقصان ادا کرے گا اگر کوئی نقصان، ہرجہ لاگت، اخراجات برداشت کرنا پڑے یا عائد ہوئے کسی بھی انتفاع ملکیت رپورٹ ایڈجسٹمنٹ کے نتیجے میں جو کہ CDC نے اہل سکیورٹیز کے ایشور (Issuer) کو فراہم کی رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ کے نتیجے میں جو کہ پارٹیسپنٹ (Participant) سے CDC نے قبول کی تھی۔

## 12.2 سکیورٹیز کے ہولڈرز کو ایشور (Issuer) کی جانب سے بھیجے گئے نوٹسز

12.2.1 اہل سکیورٹیز، کا ایشور (Issuer) جس پر ایکٹ کی دفعات (الف)(1)9 یا (ب)(1)9 کا اطلاق ہوتا ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، 7 کاروباری ایام میں قانونی (Statutory) نوٹس بھیجنے سے قبل، CDC کو اپنے ارادے سے متعلق نوٹس ارسال کرے گا، نوٹس میں حسب ذیل مصرحہ ہو گا:

**(الف)** تاریخ جس پر وہ قانونی نوٹس بھیجے گا؛اور

**(ب)** ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز جن سے کہ قانونی نوٹس متعلق ہے۔

12.2.2 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 12.2.1 کے تحت اہل سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) سے نوٹس وصول کرتی ہے،تو CDC فی الفور آنے والے کاروباری دن کے اختتام سے ماقبل اس تاریخ کے بعد جس پر کہ اس نے نوٹس وصول کیا تھا، تمام پارٹیسپنٹس(Participants) کو جو CDS گروپ اکاؤنٹ رکھتے ہیں نوٹس کی کاپی بھیجے گی۔

12.2.3 کوئی بھی پارٹیسپنٹ(Participant) جو ریگولیشن (Regulation) 12.2.2 کے تحت CDC سے نوٹس وصول کرتا ہے ، متعلقہ وقت سے قبل کاروبار کے 3 دن کے اختتام پر ، CDC کو رجسٹریشن تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ جو ریگولیشن(Regulation)12.2.4 کی تعمیل میں تیار کی گئی ہو بھیجے گا۔

12.2.4 رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ کسی بھی پارٹیسپنٹ(Participant) نے CDC کو دی حسب ذیل فراہم کرے گی:

**(الف)** ان اشخاص کی رجسٹریشن کی تفصیلات جنہوں نے بک انٹری سکیورٹیز لیں، جو ان سکیورٹیز کو ظاہر کررہی ہیں جن کی بابت ریگولیشن(Regulation)12.2.1 کے تحت نوٹس دیا گیا تھا جیسا کہ متعلقہ وقت سے قبل کاروبار کے 5 دن کے اختتام پر جو کہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں ہولڈنگ بیلنس تشکیل دیتی ہیں؛اور

**(ب)** جیسا کہ متعلقہ وقت سے قبل کاروبار کے 5 دن کے اختتام پر ایسے ہر ایک شخص کی طرف لی جانے والی بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد۔

12.2.5 اگر CDC،ریگولیشن(Regulation)12.2.2 کے تحت نوٹس دینے کے بعد:

**(الف)** کسی بھی پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation)12.1.4 کے تحت کسی بھی ہدایات کی روشنی میں تیار کردہ اور فراہم کردہ رجسٹریشن تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ وصول کرتی ہے؛

(ب) CDC رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ ریگولیشن (Regulation) 12.2.3 میں صراحت کردہ مدت کی انقضاء سے قبل وصول کرتی ہے؛اور

(ج) بک انٹری سکیورٹیز کی کل تعداد جس پر کہ رجسٹریشن تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ مشتمل ہے کل بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کے برابر ہوجاتی ہے، جوان سکیورٹیز کوظاہر کررہی ہیں جن کے متعلق ریگولیشن(Regulation) 12.2.1 کے تحت نوٹس دیا گیا تھا، جیسا کہ متعلقہ وقت سے قبل 5 کاروباری ایام کے اختتام پر جو کہ پارٹیسپنٹ(Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں ہولڈنگ بیلنس تشکیل دیتی ہیں،

توCDC مذکورہ رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل کردہ رپورٹ کوقبول کرے گی۔

12.2.6 اگرCDC ،ریگولیشن(Regulation) 12.2.2 کے تحت نوٹس دینے کے بعد، کسی بھی پارٹسپنٹ(Participant) سے رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ وصول کرتی ہے ، جو ریگولیشن 12.2.5 کی شقات (الف)،(ب) اور (ج) کی مقتضیات کی تعمیل نہیں کررہی ،توCDC اس رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ کومسترد کرسکتی ہے۔

12.2.7 اہل سکیورٹیز کا کوئی بھی ایشور(Issuer) جس پر اس ایکٹ کی دفعات (الف)(1)9 اور(ب)(1)9،جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو،لاگو ہوتی ہوں،تووہ حسب ذیل کام کرے گا:

**(الف)** متعلقہ وقت سے قبل کاروبار کے چوتھے کاروباری دن کے اختتام کے بعد کسی بھی وقت انتفاعی ملکیت رپورٹ حاصل کرے گا، جوریگولیشن(Regulation)12.2.8 کی مطابقت میں ایڈجسٹ کی گئی تا کہ ہولڈر کی رجسٹریشن کی تفصیلات معلوم کرسکیں جس کی ہولڈنگ دکھاتی ہوں،متعلقہ وقت سے قبل 7 کاروباری ایام کے اختتام پر بک انٹری سکیورٹیز کا ہولڈنگ بیلنس جو کہ ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کوظاہر کررہا ہے،جن کی بابت ریگولیشن(Regulation) 12.2.1 کے تحت نوٹس دیا گیا تھا؛اور

(ب) ایکٹ کی دفعہ(ب) 9 کی مطابقت میں رجسٹریشن کی تفصیلات کی بنیاد پر جو انتقاع ملکیت رپورٹ میں دکھائی گئی ہیں کارروائی کرے۔

12.2.8 CDC اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ریگولیشن(Regulation) 12.2.7 کے تحت انتقاع ملکیت رپورٹ جو کہ ایشور(Issuer) نے حاصل کی تمام ایڈجسٹمنٹس پر مشتمل ہے جو کہ رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹوں کے نتیجہ میں ہے جنہیں CDC نے ریگولیشن(Regulation) 12.2.5 کی مطابقت میں قبول کرلیا ہے۔

## 12.3 اہل سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کے اجلاس اور منافع منقسمہ (Dividends) یا مذکورہ ایشور(Issuer) کی جانب سے دیگر ادائیگیاں

12.3.1 کوئی بھی پارٹیسپنٹ(Participant)، متعلقہ وقت کے بعد 3 کاروباری ایام کے اختتام پر، ریگولیشن(Regulation) 12.3.2 کی تعمیل میں تیار کردہ رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ CDC کو بھیج سکے گا۔

12.3.2 کسی بھی پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے CDC کو ارسال کردہ رجسٹریشن تفصیلات کی تبدیل شدہ رپورٹ حسب ذیل فراہم کرے گی۔

(الف) اشخاص کی رجسٹریشن کی تفصیلات جو بک انٹری سکیورٹیز کے مالک ہیں، ان سکیورٹیز کو ظاہر کررہے ہیں جن کی بابت ایشور(Issuer) کی جانب سے قانونی کارروائی کی جاتی ہے، جو متعلقہ وقت میں پارٹیسپنٹ(Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں ہولڈنگ بیلنس تشکیل دیتے ہیں؛ اور

(ب) متعلقہ وقت میں، بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد جو ہر ایک ایسے شخص کی ملکیت میں ہے۔

12.3.3 اگر CDC؛

(الف) پارٹسپنٹ(Participant) سے رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل کردہ رپورٹ وصول کرتی ہے جو ریگولیشن 12.1.4 کے تحت دی گئی ہدایات کی مطابقت میں تیار اور فراہم کی گئی ہے؛

(ب) ریگولیشن 12.3.1 کی مطابقت میں صراحت کردہ مدت کی انقضاء سے قبل رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل کردہ رپورٹ CDC کی جانب سے وصول کی جاتی ہے؛اور

(ج) بک انٹری سکیورٹیز کی کل تعداد جس پر کہ رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل کردہ رپورٹ مشتمل ہے کل بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کے برابر ہو جاتی ہے، جو ان سکیورٹیز کو ظاہر کرتی ہیں جن کی بابت ایشور (Issuer) کی جانب سے قانونی کارروائی کی جانی ہے، جیسا کہ متعلقہ وقت میں، پارٹیسپنٹ (Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں ہولڈنگ بیلنس تشکیل دیتی ہیں،

توCDC مذکورہ رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل کردہ رپورٹ کوقبول کرے گی۔

12.3.4 اگر CDC کسی بھی پارٹیسپنٹ (Participant) سے وصول کرتی ہے، متعلقہ وقت کے بعد کسی بھی وقت، تبدیل شدہ رجسٹریشن کی تفصیلی رپورٹ جو ریگولیشن 12.3.3 کی شقات (الف)، (ب) اور (ج) کی مقتضیات کی تعمیل نہیں کرتی ، تو CDC ایسی تبدیل شدہ رجسٹریشن کی تفصیلی رپورٹ کو مسترد کر دے گی۔

12.3.5 اہل سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) جس پر اس ایکٹ کی دفعات (ج)(1)9، (د)(1)9، (ہ)(1)9 اور (و)(1)9، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، کا اطلاق ہوگا:

**(الف)** متعلقہ وقت کے بعد کاروبار کے دوسرے دن کے اختتام پر، کسی بھی وقت، انتفاعی ملکیت رپورٹ حاصل کرے گا، جو ریگولیشن (Regulation) (الف)12.3.6 کی مطابقت میں تصحیح کردہ اور ریگولیشن (Regulation) (ب)12.3.6 کی مطابقت میں ایڈجسٹ کی گئی ہوتا کہ ہولڈرز کی رجسٹریشن کی تفصیلات معلوم کر سکیں، جس کی ہولڈنگ دکھاتی ہوں، جیسا کہ متعلقہ وقت پر، بک انٹری سکیورٹیز کا ہولڈنگ بیلنس جو کہ ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کو ظاہر کر رہا ہے جن کی نسبت ایشور (Issuer) کی جانب سے قانونی ایکشن لیا جانا ہے؛اور

**(ب)** ایکٹ کی دفعات 5(4)، 5(5) یا 9(5) کی مطابقت میں، انتفاعی ملکیت رپورٹ میں ظاہر کی گئی رجسٹریشن کی تفصیلات کی بنیاد پر، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، کارروائی کرے گا۔

12.3.6 CDCاس بات کو یقینی بنائے گی کہ ریگولیشن(Regulation) 12.3.5 کے تحت ایشور(Issuer) کی جانب سے حاصل کردہ انتفاعی ملکیت رپورٹ حسب ذیل پر مشتمل ہوگی:

**(الف)** کسی بھی ڈپازٹ ٹرانز یکشن کی منظوری یا بازخواست ٹرانز یکشن کی منظوری جو CDC کو ترسیل کی گئی رجسٹریشن تفصیلات یا ہولڈنگ بیلنسز سے رونما ہونے والی تصحیحات اس قسم کی کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو بک کلوزر کی تاریخ کے دن کے آغاز سے قبل ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن یا بازخواست پینڈنگ پوزیشن میں وجود رکھتی تھیں جس پر کہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ مشتمل ہے؛ اور

**(ب)** رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیل کردہ رپورٹوں کی نتیجے میں ایڈجسٹمنٹس جو ریگولیشن(Regulation)12.3.3 کی پیروی میں CDC نے قبول کی ہیں۔

## 12.4 ایشور(Issuer) کی جانب سے جاری کردہ رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کے بونس کا اجراء

12.4.1 اگر رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کے ڈائریکٹرز کا بورڈ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ اس کے کسی بھی اہل سکیورٹیز کے بونس کا اجراء کیا جائے، تو ایشور(Issuer)، مذکورہ فیصلے پر فی الفور اور ایشور(Issuer) کی جانب سے CDC کو مطلع کردہ بک کلوزر کی تاریخ سے قبل کسی بھی لمحے ریگولیشن(Regulation) 12.1.1 کے تحت مذکورہ بونس کے اجراء کی نسبت ایشور(Issuer)CDC کو حسب ذیل سے مطلع کرے گا:

**(الف)** تاریخ جس پر بونس سکیورٹیز کی الاٹمنٹ ایشور(Issuer) کی جانب سے تجویز کی گئی ہے؛ اور

**(ب)** بونس سکیورٹیز کی تعداد جو رجسٹرڈ شدہ سکیورٹیز کے لئے ہولڈر کے نام پر جاری کی جائیں گی۔

ریگولیشن(Regulation)12.4.1 کے لیے مثالیں:

1. ریگولیشن (الف) 14.4.1 کی اغراض کے لئے متعلقہ وقت وہ تاریخ ہوگی جو ڈائریکٹرز کا بورڈ ایشور (Issuer) کی رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز کے لئے متعین کرے جس پر ایشور (Issuer) کا عام اجلاس طلب کیا جائے کہ وہ بونس کا اعلان کرے جس کی سفارشات ڈائریکٹروں کے بورڈ نے کی تھی۔

2. جہاں ایشور (Issuer) "12" بونسوں کا اعلان کرتا ہے ایشور (Issuer) کی ہر ایک "100" سکیورٹیز کے لئے تو، ریگولیشن (Regulation) (ب) 12.4.1 کی اغراض کے لئے متعلقہ ہندسہ "12" ہوگا۔

12.4.2 ریگولیشن (Regulation) 12.4.1 کے تحت ایشور (Issuer) کے رجسٹرڈ فارم اہل سکیورٹیز کی بابت CDC کو ایشور (Issuer) کی جانب سے نوٹس دینے پر فی الفور، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں بک انٹری سکیورٹیز کی بابت جو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کو ظاہر کر رہی ہوں جاری ہونے والے بونس کو CDR پر ریکارڈ کرے گی۔

12.4.3 ایشور (Issuer) جس نے ریگولیشن (Regulation) 12.4.1 کے تحت CDC کو نوٹس دیا ہے، متعلقہ وقت کے بعد پانچویں کاروباری دن کے اختتام پر، انتفاعی مالکان رپورٹ حاصل کرے گی، تاکہ ہولڈرز کے ہولڈنگ بیلنسز کی رجسٹریشن کی تفصیلات معلوم کر سکے جس کی ہولڈنگز دکھاتی ہیں، جیسا کہ متعلقہ وقت، جو ریگولیشن (Regulation) 12.4.4 کی مطابقت میں تصحیح کیا گیا، بک انٹری سکیورٹیز کا ہولڈنگ بیلنس جو ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کو ظاہر کر رہا ہو جن کی بابت ایشور (Issuer) کی جانب سے بونس کا اجراء تجویز کیا گیا تھا۔

12.4.4 CDC اس بات کو یقینی بنائے گی کہ انتفاعی مالکان رپورٹ جو ریگولیشن (Regulation) 12.4.3 کے تحت ایشور (Issuer) نے حاصل کی رجسٹریشن تفصیلات اور ہولڈنگ بیلنسز کی تمام ایڈجسمنٹس پر مشتمل ہے جو CDC کو ترسیل کردہ ڈپازٹ ٹرانزیکشنز منظوری یا بازخواست ٹرانزیکشنز منظوری سے کسی بک انٹری سکیورٹیز کی بابت رونما ہوئیں جو ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن یا بازخواست پینڈنگ پوزیشن جو بک کلوزر کی تاریخ کے دن کے آغاز سے قبل موجود تھیں جس پر کہ انتفاعی مالکان کی رپورٹ مشتمل ہے۔

12.4.5 اگرایشور(Issuer)الاٹمنٹ کی طرف بڑھتا ہے:

(الف) اس بنیاد پر جوان تفصیلات کی مطابقت میں ہے جو ریگولیشن(Regulation) 12.4.1 کے تحت CDC کو فراہم کی ہیں؛یا

(ب) اس بنیاد پر جوان تفصیلات سے مختلف ہیں جو ریگولیشن(Regulation)12.4.1 کے تحت ایشور(Issuer) نے CDC کو فراہم کی ہیں اور تبدیلی کا سبب حقیقت پر مبنی ہے کہ:

(اوّل) تاریخ جس پر بونس سکیورٹیز کی حقیقی الاٹمنٹ ایشور (Issuer) کی جانب سے کی گئی اس تاریخ سے ما بعد کی تاریخ تھی جو ریگولیشن(Regulation) (الف)12.4.1 کے تحت CDC نے ایشو(Issuer)رکومشتہر کی تھی اس حقیقت کے سبب کہ:

☆ کہ ایشور(Issuer) کا عام اجلاس بونس کے اعلان کے لئے طلب کیا گیا تھا کسی بھی سبب سے جو کچھ بھی ہو بونس کا اعلان کرنے سے قبل ملتوی ہوگیا تھا؛اور

☆ بونس کے اجراء کا اعلان ملتوی ہونے والے عام اجلاس میں کیا جانا تھا؛یا

(دوم) ریگولیشن (Regulation)(ب) 12.4.1 کے مطابق CDC کومشتہر کردہ بونس سکیورٹیز کی تعداد مقابلتاً کم تھی بونس سکیورٹیز کی اس تعداد سے جن کا حقیقتاً اعلان کیا گیا تھا،

تو ایشور(Issuer)فی الفور مابعد آنے والے کاروباری دن کے آغاز پر بونس سکیورٹیز کی حقیقی الاٹمنٹ کی تاریخ کے بعد:

(ج) CDC کے نام پر الاٹ کرے گا، جیسا کہ حقیقی الاٹمنٹ کی تاریخ پر، بونس سکیورٹیز کی مذکورہ تعداد جو ہر ایک ہندسہ کے عددی حصوں کے کل کے برابر ہو ایشور(Issuer) کی جانب سے حقیقتاً اعلان کردہ بونس سکیورٹیز کی تعداد کے بعد حاصل

کیے گئے ہوں ہر ایک ہولڈر پر لاگو ہوں گے جو کہ ریگولیشن(Regulation)12.4.3 کی پیروی میں انتفاعی مالکان رپورٹ میں دکھایا گیا بیلنس رکھتا ہو؛

(د) بونس کے کسری استحقاقات کے طرز پر تصفیہ کرے گا ،اجراء جس کا ایشور(Issuer) نے اعلان کیا ہے،سکیورٹیز کی کل تعداد سے سکیورٹیز کی ایسی تعداد جو اس تعداد کے مساوی ہو جو ریگولیشن(Regulation) (ج)12.4.5 کی پیروی میں سکیورٹیز کی تعداد کو منہا کرنے کے بعد حاصل ہوئی تھی جو ایشور(Issuer) نے CDC کو الاٹ کی تھیں ،بشمول کسی بھی کسروں کے ، جو کہ ایشور(Issuer) نے ریگولیشن(Regulation)(ج)12.4.5 کی مقتضیات کی عدم موجودگی میں CDC کو الاٹ کی تھیں۔

(ہ) ریگولیشن(Regulation)(د)12.4.5 کی پیروی میں حاصل کردہ ماحصل کو ہر ایک ہولڈرز کے حوالے کرتا ہے جو ایشور(Issuer) کی حاصل کردہ انتفاعی مالکان رپورٹ میں دکھائے گئے ہیں، ریگولیشن (Regulation)12.4.3 کی پیروی میں جو ان کے مذکورہ محاصل میں متناسب استحقاق ہے؛اور

(و) ریگولیشن(Regulation) (ج)12.4.5 میں صراحت کردہ واقع کے وقوع ہونے پر فی الفور، حقائق سے مع کسی بھی بونس سکیورٹیز کی حقیقی الاٹمنٹ کی تاریخ میں کسی بھی طرح کی تبدیلی کے اور ایشور (Issuer) کی جانب سے الاٹ کردہ بونس سکیورٹیز کی حقیقی تعداد سے CDC کو مطلع کرے گا۔

ریگولیشن(Regulation)12.4.5 کے لئے مثال:

1. ایشور(Issuer) ہر ایک "10" ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کے لئے '1 'بونس سکیورٹی کے بونس اجراء کا اعلان کرتا ہے اور ریگولیشن(Regulation) 12.4.3 کی پیروی میں حاصل کردہ انتفاعی مالکان رپورٹ میں دکھائے گئے ہولڈرز کے ہولڈنگ بیلنسز اس سکیورٹی کے لئے حسب ذیل ہوں گے :'A' کے پاس اس کے

ذیلی اکاؤنٹ میں'5' بک انٹری سکیورٹیز ہیں، اکاؤنٹ ہولڈر B کے پاس اس کے مرکزی اکاؤنٹ میں'17' بک انٹری سکیورٹیز کا ہولڈنگ بیلنس ہے؛ اور'C' کے پاس'30' بک انٹری سکیورٹیز کا ہولڈنگ بیلنس اس کے کلائنٹ اکاؤنٹ میں ہے اس پس منظر میں، ریگولیشن(Regulation) (ج)12.4.5 کی پیروی میں بونس سکیورٹیز کی تعداد جو ایشور(Issuer) نے CDC کو الاٹ کی ہیں "4" ہوں کی اور ریگولیشن 14.4.5(د)(Regulation) کی پیروی میں سکیورٹیز کی تعداد جن کا ایشور(Issuer) نے تصفیہ کیا ہے "1.2" ہوگی، اگر، کہا جائے، تو اس تعداد کی سکیورٹیز کے محاصل کے تصفیہ سے ہونے والے نفع کا کسری استحقاقات 20 روپے ہے، یہ رقم A اور B میں 0.5/1.2XRs.20 اور 0.7/1.2XRs.20 کے تناسب سے بالترتیب تقسیم ہوگی۔

12.4.6 اگر CDC ایشور(Issuer) سے ریگولیشن(Regulation) (و)14.4.5 کی پیروی میں نوٹس وصول کرتی ہے، تو CDC فی الفور نوٹس کی وصولی پر، مگر کاروباری دن کے اختتام سے قبل جس پر کہ نوٹس وصول ہوا، ہر ایک ہولڈر کے قابل دستیاب بیلنس میں شامل ہو سکے گی جو کہ ریگولیشن(Regulation) 12.4.3 کے تحت ایشور(Issuer) کی جانب سے حاصل کردہ فہرست میں دکھایا گیا ہے، بک انٹری سکیورٹیز کی ایسی تعداد جو کہ عدد سالم ہندسے کے کل حصے کے برابر حاصل ہو جو کہ ایشور(Issuer) کی جانب سے اعلان کردہ حقیقی بونس سکیورٹیز کی تعداد کو ہولڈر کے ہولڈنگ بیلنس پر لاگو کرنے سے ہو جیسا کہ ریگولیشن(Regulation) 12.4.3 کی پیروی میں ایشور(Issuer) کی جانب سے حاصل کردہ انتفاعی مالکان رپورٹ میں دکھایا گیا ہے۔

12.4.7 اگرایشور(Issuer) جس نے ریگولیشن(Regulation)12.4.1 کے تحت CDC کونوٹیفکیشن کیا ہے بونس کے اجراء کی الاٹمنٹ کی طرف نہیں جاتا، اس کا یقین ہونے پر کہ بونس کا اجراء الاٹمنٹ کی طرف نہیں جارہا تو ایشور(Issuer) فی الفور اس حقیقت سے CDC کو مطلع کرے گا۔

12.4.8 اگر ریگولیشن(Regulation) 12.4.7 کے تحت CDC ایشور (Issuer) سے نوٹس وصول کرتی ہے، تو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، سکیورٹیز کی بابت، بونس کے اجراء کو CDR سے ہٹاسکتی ہے۔

## باب الف12: سرمایہ کار اکاؤنٹ کی قیود و شرائط

## 1.الف12 قیود و شرائط کا لازمی اثر

اس باب میں بیان کردہ سرمایہ کار اکاؤنٹس کی قیود و شرائط سرمایہ کار اکاؤنٹس کو چلائیں گی اور سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے اور، قابل اطلاق حد تک CDS ایلمنٹس (Elements) پر لازم ہوں گی۔

## 12A.2 تعریفات

اس باب میں، ہر ایک اصطلاح کا وہی مفہوم ہو گا جو اس کے بر خلاف اسے تفویض کیا گیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے کا فارم: | سے CDC کے ساتھ سرمایہ کار اکاؤنٹس کھولنے کے لئے CDC کی جانب سے مقرر کردہ معیاری درخواست فارم مراد ہے۔ |
| ب | اکاؤنٹ بند کرنے کا درخواست فارم: | سے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDC کو سرمایہ کار اکاؤنٹ کو بند کرنے کے لئے درخواست وضع کرنے کا CDC کی جانب سے مقرر کردہ معیاری فارم مراد ہے۔ |
| ب الف | انتفاعی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر | DSS کی نسبت، اس سے مراد ایک پارٹیسپنٹ (Participatn) ہے جسے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے منتخب کیا جا چکا ہو ان ریگولیشنز (Regulations) کی پیروی میں طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDC کو ہدایات کے ذریعے (جس نے DSS کو اسبسکرائب کیا ہے)۔ |
| ج | بک انٹری سکیورٹیز: | سے بک انٹری سکیورٹیز مراد ہیں جیسا کہ اس ایکٹ میں وضاحت کی گئی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| ج الف | ہدایات تصفیہ کی منسوخی: | حذف شدہ |
| د | کمیشن: | سے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان مراد ہے۔ |
| ہ | ڈیلیوری۔ان: | سے قیود و شرائط کی مطابقت میں اور آپریٹنگ کے طریقہ ہائے کار سے بک انٹری سکیورٹیز کی سرمایہ کار اکاؤنٹ میں منتقلی مراد ہے؛ |
| و | ڈیلیوری۔آؤٹ | سے قیود و شرائط کی مطابقت میں اور آپریٹنگ کے طریقہ ہائے کار سے بک انٹری سکیورٹیز کی سرمایہ کار اکاؤنٹ سے منتقلی مراد ہے۔ |
| و۔الف۔ ج | ڈاریکٹ سٹیلمنٹ سروس DSS: | سے CDC کی جانب سے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کو اس اکاؤنٹ ہولڈر کے کاروباری سیٹلمنٹ کے عمل درآمد کے سلسلے میں پیشکش کردہ سروس مراد ہے، مذکورہ سروس کے استعمال کی ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ CDC وقتاً فوقتاً DSS اسسکرپشن فارم میں مقرر کرے۔ |
| والف د | DSS اسبسکریشن فارم: | سے معیاری درخواست فارم جو CDC نے DSS کی اسبسکر بنگ کے لئے مقرر کیا ہے مراد ہے؛ |
| والف | واجب الادا تاریخ: | ریگولیشن (Regulations) 10.1.الف 12 کے تحت سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے چارجز کی ادائیگی کے سلسلے میں ان سروسز کے لئے جو اس نے استعمال کیں، اس سے ہر ماہ کا آخری کاروباری دن مراد ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| والف الف | نشان زدگی ہدایت: | کسی بھی سکیورٹیز کی نسبت اور ریاکیش بیلنس سرمایہ کار اکاؤنٹ کی نسبت ، مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ کے ہولڈر کی جانب سے مذکورہ غرض کے لئے CDC کو دی جانے والی نا قابل تنسیخ ہدایت اور ایسی شرائط کے تابع جیسا کہ CDC طریقہ ہائے کار میں مقرر کر سکتی ہے۔ |
| وب | اورڈیوسرمایہ کار اکاؤنٹ: | سے ایسا سرمایہ کار اکاؤنٹ جس کے برخلاف منفی بیلنس مسلسل ایک سال کی مدت سے دکھائی دے مراد ہے۔ |
| وب الف | IDS: | DSS کی نسبت اس کا وہی مفہوم مراد ہو گا جو اس کو کلیئرنگ کمپنی کے طریقہ ہائے کار میں دیا گیا ہے۔ |
| ز | سرمایہ کار اکاؤنٹ: | سے اکاؤنٹ مراد ہے جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDS کے پاس قیود وشرائط کی اصطلاح میں بک انٹری سکیورٹیز کی تحویل اور دیگر ٹرانزیکشن کے لیے کھولتا ہے۔ |
| ح | سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر: | سے کوئی بھی فرد جو، یا دیگر ادارہ جسے CDC نے اپنی صوابدید پر CDC کے پاس CDS تک بلا واسطہ رسائی کے بغیر سرمایہ اکاؤنٹ کھولنے اور برقرار رکھنے کی اجازت دی ہو مراد ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| ط | آپریٹنگ کا طریقہ ہائے کار: | سرمایہ کار اکاؤنٹ کے سلسلے میں طریقہ ہائے کار جو CDC کے روزانہ کے آپریشن کے لئے بورڈ وقتاً فوقتاً اور قیود وشرائط کو مؤثر کرنے کے لئے بناتا ہے مراد ہے۔ |
| ی | پلیج(Pledge) | آپریٹنگ طریقہ ہائے کار اور قیود وشرائط کے تابع ، جیسا کہ اس ایکٹ میں اور قابل اطلاق حد تک ریگولیشنز (Regulations)کے باب 11 میں فراہم کیا گیا ہے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز پر سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کسی بھی اہل مرہون (Pledgee) کے حق میں پلیج(Pledged) کو تخلیق کرنا مراد ہے۔ |
| ک | پلیج (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز: | زیر ریگولیشن(Regulation) 7.الف12 کے تحت بک انٹری سکیورٹیز جنہیں کسی بھی ایلیجیبل پلیج کے حق میں پلیج (Pledge) کیا گیا ہو مراد ہیں ۔ |
| ل | پلیج کال: | سے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں پلیج (Pledge) کردہ پوزیشن سے پلیجڈ(Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کی منہائی اور ایسی پلیجڈ(Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کے ہاؤس اکاؤنٹ ، ذیلی اکاؤنٹ ، ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں منتقلی ریگولیشن(Regulation)7.8.الف12 کی پیروی میں پلیج کال(Pledge Call) ہدایات کی CDC کو ترسیل مراد ہے؛ |

| | | |
|---|---|---|
| م | پلیج کال (Pledge Call) ہدایات: | سے مراد ہدایات جو ایلیجیبل پلیجی (EligiblePledge) CDC کو ترسیل کرتا ہے، ایسے طریقہ کار پر جوان ریگولیشنز (Regulaions) میں مقررہ ہے، جس میں پلیجڈ (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کو پلیجڈ (Pledged) پوزیشن سے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledge) کے ہاؤس اکاؤنٹ، ذیلی اکاؤنٹ یا سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں پلیج کال (PledgeCall) ہدایات کو ترسیل کرتے ہوئے حرکت دی جاتی ہے۔ |
| ن | پلیج پوزیشن (PledgePosition) | سے ریگولیشن 7.5 الف 12 میں دیا گیا مفہوم ہوگا۔ |
| س | پلیج (pledge) سے آزاد کرنے کی ہدایات: | سے مراد ہدایات جو ایلیجیبل پلیجی (Elegible Pledge) بذریعہ CDC,CDS سے آزاد کرنے کے لئے جاری کرتا ہے، کہ پلیجڈ (Pledged) سکیورٹیز کو پلیج (pledge) سے آزاد کرنے کی غرض سے ان کو بلاک کیا جائے۔ |
| س الف | سکیورٹیز ڈپازٹ فارم: | سے رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کو CDS میں ڈپازٹ کرنے کے لئے CDC کی جانب سے مقرر کردہ معیاری ہدایت فارم مراد ہے جسے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر چار پرتوں میں CDC کے پاس جمع کرواتا ہے۔ |
| ع | فارم برائے پلیج (Pledge) سکیورٹیز | سے تخلیق پلیج (Pledge) کی خاطر کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کو بلاک کرنے کے لئے CDC کی جانب سے مقرر کردہ معیاری ہدایت فارم مراد ہے جسے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کے پاس جمع کرواتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| ف | بازخواست سکیورٹیز فارم: | سے CDC کی جانب سے مقرر کردہ معیاری ہدایت فارم مراد ہے جسے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر بازخواست کے لئے CDC کے پاس جمع کرواتا ہے۔ |
| ص | ٹرانزیکشن آرڈر: | سے کسی بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری آؤٹ کی غرض کے لئے CDC کی جانب سے مقرر کردہ معیاری ہدایت فارم مراد ہے جسے کوئی اکاؤنٹ ہولڈر CDC کے پاس جمع کرواتا ہے۔ |
| ق | تنسیخ ٹرانزیکشن فارم: | سے کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کے کسی سرمایہ کار اکاؤنٹ سے سہواً یا بلا اجازت سرمایہ اکاؤنٹ میں منتقلی کے لیے CDC کی جانب سے مقرر کردہ معیاری ہدایت فارم مراد ہے جسے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کے پاس جمع کرواتا ہے۔ |
| ر | بازخواست: | سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے بک انٹری سکیورٹیز کی CDC سے بازخواست مراد ہے۔ |

12A.2.2 اس باب الف 12 میں استعمال ہونے والی اور اس ایکٹ میں یا ریگولیشن (Regeulaion) 2.11 میں تعریف کردہ دیگر سرمایہ بند اصطلاحات جیسی بھی صورت ہو، اس کا وہی مفہوم ہوگا جیسا کہ اس ایکٹ یا ریگولیشن (Regeulaion) 2.11 میں اُن اصطلاحات کو دیا گیا ہے، جیسی بھی صورت ہو۔

12A.2.3 تاوقتیکہ سیاق وسباق میں علاوہ ازیں مطلوب ہو، الفاظ جو واحد کو ظاہر کر رہے ہیں اس میں جمع بھی شامل ہوگی، اور اس کے برعکس، الفاظ جو مزکر کو ظاہر کر رہے ہوں مونث بھی شامل ہوگی، اور الفاظ جو اشخاص کو ظاہر کر رہے ہیں میں کارپوریٹ ادارے شامل ہوں گے۔

## 12الف.3 سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنا

12الف.3.1 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے کے لیے CDC میں سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے کا فارم مکمل کرے گا، دستخط کرے گا اور اسے پیش کرے گا۔ سرمایہ کار اکاؤنٹ کا کھولنے کا فارم ایسی دستاویزات کے ہمراہ ہوگا جیسا کہ اس میں درج کیے گئے ہوں۔ CDC کو حق حاصل ہوگا کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے کی کسی بھی درخواست کو، کوئی بھی وجوہات دیئے بغیر، جو کوئی ہوں قبول نہ کرے۔

12الف.3.2 فیسیں اور دیگر چارجز جیسا کہ CDC کی جانب سے مقررہ ہوں، اور کمیشن کی جانب سے منظور شدہ ہوں تو، سرمایہ کار اکاؤنٹ کھلوانے کے لئے وقتاً فوقتاً سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے کے فارم کے ہمراہ CDC کو ادائیگی کی جائے گی۔

12الف.3.3 CDC کو حق حاصل ہوگا کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ بند کر دے اگر مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ سے متعلق سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں دی گئیں، جزیات، تفصیلات اور دیگر معلومات غلط ہوں۔ بشرطیکہ، تاہم، یہ کہ مذکورہ وجہ سے سرمایہ کار اکاؤنٹ بند کرنے سے قبل، CDC سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو مناسب موقع دے گی کہ اپنی پوزیشن واضح کرے۔

## 12الف.4 ڈیلیوری

12الف.4.1 سرمایہ کار اکاؤنٹ کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کے ساتھ کریڈٹ کیا جائے گا جو کہ حسب ذیل ہیں

**(الف)** ان ریگولیشنز کے تابع، جو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے منتقل کیا گیا ہو؛

**(الف الف)** زیر ریگولیشنز (Regeulaion) الف 4. الف 12 تا ج 4. الف 12 کے مطابق ڈپازٹ کیا گیا ہو؛

**(ب)** کسی بھی دیگر سرمایہ کار اکاؤنٹ سے (جہاں ان ریگولیشنز (Regeulaion) کے تحت اجازت دی گئی ہو) یا عارضی اکاؤنٹ سے منتقل کیا گیا ہو؛

(ج) CDC کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ کے لئے ایشور (Issuer) سے وصول کیا گیا ہو؛ یا

(د) کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ارسال کی گئی بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن کے ذریعے سے بطور تجارتی تصفیہ ڈیلیور کیا گیا جو کہ طریقہ ہائے کار اور NCCPL ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں، ان ریگولیشنز (Regulations) کے تابع کسی بھی نشان زدہ ہدایت سے متعلق ہیں۔

## الف.4الف12 CDS میں اہل سکیورٹیز کے رجسٹرڈ فارم کا ڈپازٹ جو سرمایہ کار اکاؤنٹس میں کریڈٹ کیا جائے گا

1.الف4.الف12 CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، ڈپازٹ کے لیے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے دی گئی کسی بھی درخواست پر عمل درآمد کرے گی، جو اہل سکیورٹیز کے کسی بھی رجسٹرڈ شدہ فارم میں قابل رجسٹر انتقال دستاویزات پر اس بابت مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے رکھی گئی ہوں۔

2.الف4.الف12 ریگولیشنز (Regulations) میں شامل کسی امر کے باوصف، ریگولیشن (Regulations) **1. الف4. الف 12** کے تحت کسی بھی رجسٹرڈ شدہ فارم کی اہل سکیورٹیز کو CDS میں ڈپازٹ کرنے کی کسی بھی درخواست پر عمل درآمد کرنے میں، CDC مذکورہ اہل سکیورٹیز پر مشتمل تمام انتقال ناموں یا انتقال کی دیگر دستاویزات پر منتقل الیہ (ٹرانسفری) کے طور پر دستخط کرنے کی مجاز ہوگی جو CDS میں ڈپازٹ کی غرض سے CDC کے نام پر منتقل کی جاتی ہوں۔

3.الف4.الف12 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDS میں مذکورہ سکیورٹیز کے ڈپازٹ کی غرض سے CDC کے نام میں کسی بھی رجسٹرڈ شدہ فارم کی اہل سکیورٹیز کے انتقال پر واجب الادا کسی بھی اسٹام ڈیوٹی کو ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

## 12الف.4.ب CDSمیں رجسٹرڈ شدہ فارم میں اہل سکیورٹیز کے ڈپازٹ کے سلسلہ میں سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کے فرائض

12الف.4.ب.1 کسی بھی رجسٹرڈ شدہ فارم میں اہل سکیورٹیز کی CDS میں ڈپازٹ کرنے کی درخواست کرنے والا سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر:

**(الف)** سکیورٹیز ڈپازٹ فارم درست طور پر مکمل کرے گا۔

**(ب)** اہل سکیورٹیز کے ہر درجہ کے لیے علیحدہ سکیورٹیز ڈپازٹ فارم استعمال کرے گا جو CDS میں ڈپازٹ کے لیے عمل درآمد کیا جانا ہو؛

**(ج)** قابل رجسٹر دستاویزات انتقال کے ہمراہ سکیورٹیز ڈپازٹ فارم کی چار یکساں نقول CDC میں مقررہ وقت کے اندر پیش کرے گا، مگر شرط یہ ہے کہ جہاں بک کلوزر پیریڈ ریگولیشن 12.1.1 کے مطابق کسی بھی اہل سکیورٹیز کے کسی بھی ایشور کی جانب سے مشتہر ہو چکا ہو تو، CDC بک کلوزر کی تاریخ سے قبل پانچ کاروباری ایام کے اندر CDC کو پیش کی گئی مذکورہ سکیورٹیز سے متعلق کسی بھی سکیورٹیز ڈپازٹ فارم کو قبول کرنے سے انکار کر سکتی ہے؛ اور

**(د)** CDC کو فیسیں اور دیگر چارجز ادا کرے گا جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کی بابت CDS میں رجسٹرڈ شدہ فارم میں اہل سکیورٹیز ڈپازٹ کرنے کے سلسلے میں وقتاً فوقتاً CDC کی جانب سے مقرر کی گئی ہوں۔

## 12الف.4.ج CDSمیں رجسٹرڈ شدہ فارم میں اہل سکیورٹیز ڈپازٹ کرنے کے معاملے میں باب 8 کا اطلاق

12الف.4.ج.1 بالا ریگولیشنز (Regelations) الف 4 . الف 12 اور ریگولیشنز (Regelations) کے مطابق، CDS میں رجسٹرڈ شدہ فارم میں اہل سکیورٹیز کے ڈپازٹ کے معاملہ میں باب 8 کی شرائط کو سرمایہ کار اکاؤنٹس کے کریڈٹ میں CDS میں رجسٹرڈ شدہ فارم میں اہل سکیورٹیز کے ڈپازٹ پر مناسب تبدیلیوں کے

ساتھ اطلاق ہوگا۔ مذکورہ غرض کے لئے اصطلاحات ''ڈپازٹنگ اکاؤنٹ ہولڈرز''، ''ڈپازیٹر'' اور ''ٹارگٹ ہولڈنگ'' باب 8 میں آنے پر علی الترتیب ''اصلاحات'' ''CDC''، ''سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز'' اور ''سرمایہ کار اکاؤنٹ'' سے تبدیل شدہ متصور ہوں گی۔

## 12الف.4د بیلنس آرڈر سیٹلمنٹ کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری کے سلسلے میں باب 9 کا اطلاق

12الف.4د.1 جہاں CDS, CDC کی غرض سے کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے کلیئرنگ رکن کے طور پر تسلیم کی گئی ہو تو، بیلنس آرڈر سیٹلمنٹ کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کی حوالگی کے معاملے میں باب 9 کی شرائط کا سرمایہ کار اکاؤنٹس پر یا سے بیلنس آرڈر سیٹلمنٹ کے تحت بک انٹری سکیورٹیز کی حوالگی پر مناسب تبدیلیوں کے ساتھ اطلاق ہوگا۔ مذکورہ غرض سے اصطلاحات ''سورس ہولڈنگ'' اور ''ٹارگٹ ہولڈنگ'' باب 9 میں آنے پر علی الترتیب ''سرمایہ کار اکاؤنٹ'' یا جہاں قابل اطلاق ہو، عارضی اکاؤنٹ'' کی اصلاحات سے تبدیل شدہ متصور ہوں گی۔

## 12الف.5 غلط منتقلیوں کی واپسی اور ڈیلیوری۔ان (Delivery-in) پر پابندی

12الف.5.1 اہل سکیورٹیز کا کوئی بھی رجسٹرڈ فارم جو کہ ریگولیشن (Regelations) کی مطابقت میں، CDS میں پہلے ڈپازٹ نہ کیا گیا ہو تو، سرمایہ کار اکاؤنٹس میں ڈیلیوری۔ان (Delivery-in) کی اجازت نہیں ہوگی۔

12الف.5.2 قیود وشرائط اور ریگولیشنز میں شامل کسی امر کے باوصف، بک انٹری سکیورٹیز کی غلط یا غیر قانونی منتقلی کی صورت میں جو:

**(الف)** سرمایہ کار اکاؤنٹ میں ہوئی ہو تو، CDC مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ سے مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کو بذریعہ منتقلی مذکورہ انتقال کو واپس کرے گی اگر CDC میں مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ رکھنے والے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے تحریراً مطلع کیا گیا ہو، یا

(ب) ریگولیشنز (Regelations) کے تحت رکھے گئے کسی بھی دیگر اکاؤنٹ سے ہو جو CDC ایلمنٹ مذکورہ اکاؤنٹ کنٹرول کر رہی ہو تو اس غرض سے CDC کی درخواست وصول ہونے پر، CDS کے ذریعے سے، مذکورہ منتقلی کو فی الفور واپس کر دے گی۔

## 12الف.6 ڈیلیوری۔آؤٹ (Delivery-out)

12الف.6.1 سرمایہ اکاؤنٹ کو کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کے ساتھ کریڈٹ کیا جائے گا جو کہ حسب ذیل ہیں:

(الف) اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول ہولڈنگ کو منتقل کیا گیا ہو؛

(ب) کسی بھی دیگر سرمایہ کار اکاؤنٹ کو منتقل کیا گیا ہو (جہاں ریگولیشنز (Regelations) کے تحت اجازت دی گئی ہو)؛ یا

(ج) کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ارسال کردہ بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن کے ذریعے سے ڈیلیور کیا گیا ہو جو کہ ان ریگولیشنز (Regelations) کے مطابق، طریقہ ہائے کار اور NCCPL ریگولیشنز (Regelations) کی مطابقت میں، نشان زدہ ہدایت کے سلسلے میں تجارتی تصفیہ کرتی ہوں۔

8الف.6.2 ریگولیشن 12الف.6.1 کی ذیلی شقات (الف) اور (ب) پر مشتمل سرمایہ کار اکاؤنٹ سے بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیوری آؤٹ (Delivery-out) کی غرض سے، سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کو ٹرانزیکشن آرڈر پیش کرے گا یا CDC کو الیکٹرانک ہدایت ارسال کرے گا ایسے طریقہ کار میں اور ایسی شرائط کے مطابق جیسا کہ CDC کی جانب سے طریقہ ہائے کار میں مقرر کیا گیا ہو اور CDC کو چارجز کی رقم ادا کرے گا جیسا کہ اس وقت نافذ العمل ہو یا CDC کسی بھی رقم سے ان چارجز کو وصول کرنے کے لیے اجازت دے کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کو پیشگی ادائیگی کرے۔ نامکمل ٹرانزیکشن آرڈر یا الیکٹرانک ہدایت طریقہ ہائے کار کی مقتضیات کو پورا نہ کر رہی ہوں یا غیر دستخط شدہ ٹرانزیکشن آرڈرز ہوں یا کوئی بھی ٹرانزیکشن آڈرز یا الیکٹرانک ہدایات کسی بھی

بک انٹری سکیورٹیز کا احاطہ کررہی ہوں جو کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ میں بقایا بہ جمع سے زائد ہوتو قبول نہ ہوگی یا اس پر عمل درآمد نہ ہوگا۔CDC، مذکورہ بالا کے مطابق، مذکورہ ٹرانزیکشن آرڈر یا الیکٹرانک ہدایت میں شامل ہدایات کی مطابقت میں سرمایہ کار اکاؤنٹ سے ٹرانزیکشن آرڈر یا الیکٹرانک ہدایت میں مصرحہ بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کردے گی۔

## الف.6الف12 براہ راست سیٹلمنٹ سروس اور متعلقہ معاملات

1.الف.6الف12 کوئی سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سرمایہ کار اکاؤنٹس اور دیگر دستاویزات کے لئے فیسوں اور چارجز جدول کی مطابقت میں فیس اور چارجز کے ہمراہ باضابطہ طور پر درج شدہ اور دستخط شدہ DSS اسکریپشن فارم (DSS Subscription Form) فراہم کرتے ہوئے DSS میں اسکریپشن کے لیے CDC کو درخواست کرسکے گا جیسا کہ CDC کی جانب سے مقررہ ہوں۔

2.الف.6الف12 CDC، DSS کی غرض سے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو شامل کرسکے گی جو ان ریگولیشنز (Regelations) کی مطابقت میں مذکورہ سروس کی اسکریپشن کے لیے درخواست کرتا ہے۔مگر شرط یہ کہ، CDC کو حق حاصل ہوگا کہ کوئی بھی درخواست جو DSS میں اسکریپشن کے لیے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب دی گئی ہو کو کسی بھی وجوہات جو کوئی بھی ہوں دیئے بغیر، قبول نہ کرے۔

3.الف.6الف12 DSS سے متعلقہ قیود وشرائط CDC اور سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کے درمیان معاہدہ کا اثر رکھتی ہیں جو فی الفور DSS کی غرض سے CDC نے تسلیم کی ہوں، جس کے تحت ہر مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کے ساتھ معاہدہ کرتا ہے تو DSS سے متعلقہ قیود وشرائط کا مشاہدہ کرے اور اپنی وجوبات پورے کرے گا جو مذکورہ قیود وشرائط کے مفہوم میں سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر پر عائد ہوں ایسے طریقہ کار میں جو مذکورہ قیود وشرائط کے ذریعے سے اور ان ریگولیشنز اور طریقہ ہائے کار کے مطابق کسی بھی صورت میں فراہم کی گئیں ہوں۔

**12الف.6.الف.4** سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر جو DSS میں اسکر ائیڈ کرتا ہے، مقررہ وقت اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، حسب ذیل پیش کر سکے گا:

**(الف)** نشان زدہ ہدایت کی غرض سے انتفاعی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر منتخب کرنے کے لیے CDC کو ہدایت دینا؛ اور

**(ب)** CDC کو ناقابل تنسیخ نشان زدہ ہدایت دینا۔ مگر شرط یہ ہے کہ CDC اکاؤنٹ سے مذکورہ نشان زدہ ہدایت کو قبول نہیں کرے گی اگر وہ طریقہ ہائے کار کے مطابق CDC کی جانب سے مقررہ مقتضیات کی تعمیل نہیں کرتا۔

**12الف.6.الف.4الف** سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر ان ریگولیشنز (Regelations) کی مطابقت میں قابل اطلاق فیسیں اور قابل ادائیگی چارجز اور کوئی بھی ٹیکسز، محصولات اور واجبات ادا کرے گا جو کہ نشان زد ہدایت کے ارادے سے ٹرانزیکشن سے متعلق واجب الادا ہوں۔ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر یقینی بنائے گا کہ، مزید برآں نشان زد ہدایت کے مطابق بلاک کی گئی کوئی بھی رقم، جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سے متعلق CDC میں نقد دستیاب بیلنس معقول ہے تو مذکورہ بالا فیسیں، چارجز، ٹیکسز، محصولات اور واجبات وصول کر سکے گا۔

**12الف.6.الف.5** جہاں نشان زدہ ہدایت سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے دی گئی ہو جو سکیورٹیز کی فروخت پر مشتمل ہو تو، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں متعلقہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو ادائیگی کرے گی۔

**12الف.6.الف.6** حذف شدہ

**12الف.6.الف.7** اگر CDC کو ریگولیشنز (Regelations) **12 الف.6 الف.4** کے مطابق سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سے کوئی بھی نشان زدہ ہدایت وصول ہوتی ہے جو کہ مقررہ وقت کے اندر پیش کی گئی ہو تو، CDC ریگولیشن (Regelation) **12الف.6.الف.8** یا، جیسی بھی صورت ہو، ریگولیشن (Regelation) **12الف.6.الف.9** کے مطابق نشان زدہ ہدایت کو نافذ کرے گی مگر شرط یہ ہے کہ، مذکورہ نشان زد ہدایت CDC کی جانب سے مقررہ تمام مقتضیات کی تعمیل کرتی ہوں بصورت دیگر CDC مذکورہ نشان زدہ ہدایت کو مسترد کر دے گی۔

12الف.6.8 CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، کسی بھی نشان زدہ ہدایت سے متعلق IDS ہدایت کی تصدیق کرے گی، مگر شرط یہ ہے کہ CDC کی جانب سے مذکورہ اقرار سے منسلکہ طریقہ ہائے کار میں مقرر کردہ تمام مقتضیات کی تعمیل کی گئی ہو بصورت دیگر CDC مذکورہ IDS ہدایت کو مسترد کر دے گی۔

12الف.6.9 انتقاعی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر کو حق حاصل ہوگا کہ مقررہ وقت کے اندر کاروباری دن پر، کسی بھی سکیورٹیز یا، جیسی بھی صورت ہو، نشان زدہ ہدایت سے متعلق نقد بیلنس کی رقوم کو واگزار کروائے اور CDC انتقاعی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر کے مذکورہ بالا حق کو استعمال کرنے پر مذکورہ واگزاری کو نافذ کرے گی۔

## 12الف.7 بک انٹری سکیورٹیز پلیج (Pledge) رکھنا

12الف.7.1 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر خواہ سکیورٹیز گروی فارم پر CDC کو ہدایت دینے کے ذریعے سے یا طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDC کو الیکٹرانک ہدایت ارسال کرنے کے ذریعے سے ایلیجیبل پلیجی کے حق میں اپنے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں شامل کردہ کوئی بھی یا تمام بک انٹری سکیورٹیز پلیجڈ (Pledged) رکھ سکے گا۔

12الف.7.2 CDC سکیورٹیز پلیجڈ (Pledged) فارم یا، جیسی بھی صورت ہو، الیکٹرانک ہدایت کی چھان بین کرے گی جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سے وصول ہوئی ہو اور تصدیق کرے گی کہ بک انٹری سکیورٹیز کی معقول تعداد مذکورہ سکیورٹیز پلیج (pledge) فارم یا، جیسی بھی صورت ہو، الیکٹرانک ہدایت میں درخواست کردہ پلیج (Pladge) کی تخلیق کے لیے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں دستیاب ہیں۔ اگر بک انٹری سکیورٹیز کی معقول تعداد سرمایہ کار اکاؤنٹ میں دستیاب ہو تو CDC بذریعہ CDS بک انٹری سکیورٹیز ("پلیجڈ (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز") کی تعداد کو بلاک (بند) کر دے گی جیسا کہ سکیورٹیز پلیج (Pledge) فارم یا، جیسی بھی صورت ہو، الیکٹرانک ہدایت میں مصرحہ کی گئیں ہیں۔

12الف.7.3 سکیورٹیز پلیج (Pledge) فارم یا جیسی بھی صورت ہو، الیکٹرانک ہدایت میں مصرحہ بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد بلاک کرنے پر مذکورہ بلاک کرنے کا نوٹس سکیورٹیز پلیج (Pledge) فارم یا جیسی بھی صورت ہو، الیکٹرانک ہدایت میں نامزد کردہ ایلیجبل پلیجی (EligiblePledgee) کو بذریعہ CDS دستیاب ہوگا۔ پلیج (Pledge) ایلیجبل پلیجی (EligiblePledgee) کو ایسا اعلامیہ دینے پر موثر ہو جائے گی۔

12الف.7.4 پلیج (Pledge) کی تخلیق پر، سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر پلیجڈ (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کی واپسی یا منتقلی یا بصورت دیگر قابو کرنے کا حق چھوڑ دے گا۔

12الف.7.5 پلیج (Pledge) کی تخلیق پر، CDC سرمایہ کار اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کے دستیاب بیلنس سے پلیجڈ (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کم کر دے گی اور نفاذی طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، ایلیجبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے حق میں (''پلیج پوزیشن (Pledge Position)'') میں سرمایہ کار اکاؤنٹ کے اندر مخصوص حیثیت میں مذکورہ پلیجڈ (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کو شامل کرے گی۔

12الف.7.6 درخواست برائے پلیج (Pledge) کو منظور نہیں کیا جائے گا اگر سرمایہ کار اکاؤنٹ میں سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کے دستیاب بیلنس میں بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد معقول نہ ہو یا اگر پلیج (Pledge) کی تخلیق کرنے کے لئے CDC کے چارجز کی رقم، اگر کوئی ہو تو CDC کو ادا نہ کی گئی ہو۔

12الف.7.7 پلیج (Pledge) بے باق ہو جائے گی اور پلیج (Pledge) بے باق کرنے کی ہدایات، بذریعہ CDC,CDS کی جانب سے وصول ہونے پر پلیجڈ (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کی بندش اٹھالی جائے گی کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی بندش اٹھانے پر، جیسا کہ بالا بیان کیا گیا ہے، مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز پلیج پوزیشن (Pledge Position) سے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کی عام پوزیشن (Position) پر واپس آجائے گی۔

12الف.7.8 پلیج کال (PledgeCall) CDC کے ذریعے سے، CDC کو پلیج کال (PledgeCall) ہدایت ارسال کرتے ہوئے ایلیجبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے ذریعے سے

دی جائے گی ۔اس ریگولیشن (Regulation) 12A.7.8 کے تحت پلیج کال (PledgeCall) ہدایات کی وصولی پر، مذکورہ پلیج کال (Pledge Call) ہدایات کے ذریعے احاطہ شدہ پلیجڈ (Pledged) بک انٹری سکیورٹیز کو پلیج کال (PledgeCall) ہدایات ارسال کرنے والے ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledgee) کے ہاؤس اکاؤنٹ، ذیلی اکاؤنٹ یا سرمایہ کار اکاؤنٹ میں پلیجڈ پوزیشن (Pledged Position) سے، بذریعہ CDS، منتقل کردیا جائے گا۔

## 12الف.8 سکیورٹیز کی واپسی

سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سکیورٹیز واپسی فارم CDC کو بذریعہ دستخط اور پیش کرتے ہوئے اپنے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی CDC سے واپسی کی درخواست کرسکتا ہے، جو واپسی کے لیے CDC کے چارجز کی رقم کے ہمراہ، چار یکساں نقول کی صورت میں ہوگی جیسا کہ اس وقت نافذ العمل ہو۔ دستیاب بیلنس کی تصدیق اور پیش کردہ سکیورٹیز واپسی فارم کی چھان بین کرنے کے بعد، CDC ان چارجز کی وصولی کے مطابق، CDS سے بک انٹری سکیورٹیز کی واپسی سے متعلق حتمی سٹیفکیٹ کے اجراء کے لیے، متعلقہ ایشور (Issuer)، یا اس کے رجسٹرار کو سکیورٹیز کے واپسی فارم کی دو نقول ارسال کرتے ہوئے واپسی کی اجازت دے گی۔ ایشور (Issuer) اس پر سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کے نام سے، CDC سے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے واپس لی گئیں بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد کو مربوط کرنے کے لیے سکیورٹیز کے رجسٹرڈ فارم میں اسے درج کرے گا اور مذکورہ سکیورٹیز سے متعلق حتمی سرٹیفکیٹس تیار کرے گا۔ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر ایشور (Issuer)، یا اس کے رجسٹرار سے CDC کی جانب سے تطہیر شدہ سکیورٹیز واپسی فارم کی نقل، ایشور (Issuer) یا اس کے رجسٹرار کو پیش کرنے پر، جو کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی نقل ہو، مذکورہ حتمی سرٹیفکیٹس وصول کرنے کا مستحق ہوگا۔ CDC سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو حتمی سرٹیفکیٹس جاری کرنے میں ایشور (Issuer) اور/یا اس کے رجسٹرار کی طرف سے ناکامی یا تاخیر کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

## 12الف.9 کارپوریٹ ایکشنز

باب 12 کی شرائط تمام کارپوریٹ ایکشنز میں مناسب تبدیلیوں کے ساتھ قابل اطلاق ہوں گی جو سرمایہ کار اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز پر اثر انداز ہو رہی ہوں۔ اگرچہ کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر ''ہولڈر'' تھا اور سرمایہ کار اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کا کریڈٹ بیلنس ''ہولڈنگ'' تھا جیسا کہ باب 12 میں بیان کیا گیا ہے۔

## 12الف.10 چارجز

12الف.10.1 ریگولیشن 12الف.10.2 کے مطابق، سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کی جانب سے وقتاً فوقتاً مشتہر کردہ چارجز CDC کو ادا کرے گا، جیسا کہ قیود و شرائط کے تحت CDC کی خدمات دینے کی بابت ہو، بشمول، جہاں قابل اطلاق ہو DSS کے لیے قیود و شرائط کو، کمیشن کی جانب سے منظور کیا گیا ہو۔ مذکورہ چارجز سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے باقاعدگی اور پابندی سے لیکن ہر معاملہ میں مقررہ تاریخ پر ادا کئے جائیں گے۔ ان چارجز میں CDC میں جانب سے کمیشن کی پیشگی منظوری سے وقتاً فوقتاً نظر ثانی کی جا سکتی ہے۔

12الف.10.2 CDC بک انٹری سکیورٹیز (علاوہ ازیں کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز) پر مقتدر حق تصرف رکھے گی جو کہ سرمایہ کار اکاؤنٹس میں (پوزیشن پلیجڈ Pledged Position) میں ہوں:

(الف) کسی بھی چارجز کی وصولی کی بابت جو کہ مقررہ تاریخ کے بعد مسلسل دو سال سے سرمایہ کار اکاؤنٹس سے ادا کیے گئے ہوں؛ اور

(ب) کسی بھی نشان زدہ ہدایات سے متعلق کسی بھی فیسوں یا چارجز کی وصولی کی بابت جس کے لیے کوئی بھی بدل سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سے CDC کی جانب سے وصول نہ کیا گیا ہو اور جو کہ مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کی جانب سے دی گئیں نشان زدہ ہدایات کی مطابقت میں ان کے سرمایہ کار اکاؤنٹس میں کریڈٹ کیے گئے ہوں۔

12الف.10.3 CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو تین پیشگی تحریری نوٹسز دینے پر اس سے تقاضا کرے گی کہ ہر مذکورہ نوٹس کی وصولی کے 7 کاروباری ایام کے اندر (آؤٹ اسٹینڈنگ چارجز) تصفیہ طلب چارجز پورے کرے، CDC کو حق حاصل ہوگا کہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں شامل کی گئیں بک انٹری سکیورٹیز کی ضروری تعداد کا تصفیہ کرے اور اس کی خالص آمدنیوں کو مذکورہ تصفیہ طلب چارجز میں ڈھالنے کی بابت لاگو کرے۔

12الف.10.4 جہاں CDC ریگولیشن (Regulation) 10.3.الف 12 کے تحت اپنا حق استعمال کرتی ہے تو، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں متعلقہ سرمایہ کار اکاؤنٹ بند کر دے گی۔

12الف.10.5 CDC دستیاب کسی بھی دیگر چارہ جوئیوں کو مضرت پہنچائے بغیر، CDC مستحق ہوگی کہ کسی بھی تصفیہ طلب فیسیں اور چارجز (بشمول کسی بھی قابل اطلاق ٹیکسز، محصولات اور واجبات) کو منہا کرے جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو CDC کی جانب سے واجب الادا رقوم سے ہوئے ہو اور CDC کی وجوبات کی ادائیگی CDC کے مذکورہ بالا حق کے ہمیشہ مطابق ہوگی۔

## 12الف.11 ریگولیشنز (Regulations)

دیگر ابواب میں شامل ریگولیشنز (Regulations) کا اطلاق مناسب تبدیلیوں کے ساتھ سرمایہ کار اکاؤنٹ پر ہوگا اور قیود و شرائط کے مطابق CDC اور سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کے حقوق اور وجوبات کے تابع ہوں گے، گویا سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر ایکٹ کے مفہوم میں CDC میں ذیلی اکاؤنٹ کا ہولڈر تھا۔ اس مفروضے پر، تاہم، اگر کوئی بھی ایسے ریگولیشنز (Regulations) قیود و شرائط کے تحت اس سے متناقض ہوں یا بصورت دیگر غیر متعلقہ ہوں تو، مذکورہ ریگولیشنز (Regulations) قابل اطلاق نہ ہوں گے۔

## 12الف.12 CDC کی ذمہ داری نہ ہوگی

12الف.12.1 CDC اور اس کے کوئی بھی ڈائریکٹرز، افسران، ملازمین یا کارندے کسی بھی نقصان یا ہرجانہ کی بابت جو کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے اور

جاری رکھنے میں ماسوائے غفلت یا افعال بے جا کی صورت میں برداشت کیا ہو یا نقصان اٹھایا گیا ہو کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

12الف.12.2 CDC اوراس کے کوئی بھی ڈائریکٹرز، افسران یا کارندے کسی بھی نقصان یا ہرجانہ کی بابت ذمہ دار نہیں ہوں گے جو کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کسی بھی CDS ایلمنٹ (Element) یا کسی بھی سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کسی بھی قانونی وجوب کو پورا کرنے میں کسی بھی غفلت، بے عملی، دھوکہ دہی یا ناکامی کی وجہ سے برداشت کیا گیا ہو یا نقصان اٹھایا گیا ہو۔

12الف.12.2.الف CDC اوراس کے کوئی بھی ڈائریکٹرز، افسران، ملازمین یا کارندے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اٹھائے گئے یا برداشت کیے گئے کسی بھی نقصانات، ہرجانے، لاگتوں یا اخراجات کی بابت ذمہ دار نہیں ہوں گے جو کسی بھی نشان زدہ ہدایات کی نسبت CDC کی جانب سے کسی بھی IDS ہدایات کی کسی بھی وقت نامنظوری اور ریا عدم اقرار کی وجہ سے ہوئے کیونکہ نشان زدہ ہدایت اور IDS ہدایت کے درمیان کوئی میل نہ پایا گیا ہو یا کسی بھی دیگر وجہ سے جو مذکورہ نشان زدہ ہدایت کے سلسلے میں متعلقہ انتفاعی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر سے منسوب کیا گیا ہو۔

12الف.12.3 CDC اوراس کے کوئی بھی ڈائریکٹرز، ملازمین یا کارندے، اگر نیک نیتی سے کام کر رہے ہوں اور کسی بھی غفلت یا فعل بے جا کا ارتکاب کیے بغیر، کسی بھی نقصان، اتلاف یا کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی غلط حوالگی کی بابت، یا قیود و شرائط کے تحت یا اس سلسلے میں ان میں سے کسی بھی کی جانب سے، نیک نیتی سے، کئے گئے کسی بھی فعل یا ترک فعل یا جو اس منشاء سے کیے گئے ہوں یا نظرانداز کیے گئے ہوں کے لیے، یا اگر انہیں قانون کی رو سے باز رکھا گیا ہو یا تاخیر ہوئی ہو یا کسی بھی حالات میں قیود و شرائط کے تحت CDC کی وجوبات کو پورا کرنے میں اپنے اختیار سے تجاوز کرنے کی بابت ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

12الف.12.4 CDC اوراس کے کوئی بھی افسران، ملازمین یا کارندے، کسی بھی فعل بے جا، ترک فعل، غفلت یا دھوکہ دہی کے علاوہ، کسی بھی نقصان یا ہرجانہ کی بابت ذمہ دار نہیں ہوں گے جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے برداشت کیا گیا ہو، اٹھایا گیا ہو، یا اس کا متحمل

ہوا ہو جس کا نتیجہ کسی بھی کمپیوٹر یا مشینری کی خرابی یا بگاڑ ہو، یا جو کمپیوٹر اور CDC کے الائیڈ آلہ کی بندش، بگاڑ، خرابی، مرمت، کارگزاری، میکانکی یا دیگر نقص کے نتیجہ میں ہوا ہو۔

12.الف.12.5 CDC کسی بھی وقت CDS کو معطل، اس میں اضافہ یا تبدیلی کر سکے گی، CDC کسی بھی وقت، سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو کوئی بھی نوٹس دیئے بغیر سرمایہ کار اکاؤنٹ کی عمل کاری کو اور قیود وشرائط کی تحت CDC کی خدمات کو بھی معطل کر سکے گی اگر CDC سکیورٹی کی وجہ سے، دیکھ بھال کا کام کرنے کے لیے، بالائی قوت کی بابت، CDC کے مناسب کنٹرول سے باہر کسی بھی دیگر وجہ سے، یا کسی بھی قانون، رولز (Rules)، ریگولیشن (Regulation) یا کسی بھی قانونی اتھارٹی کی ہدایت کی تعمیل کرنے کی بابت ایسا کرنا ضروری سمجھتی ہو۔

12.الف.12.6 CDC کسی بھی حکومتی فعل، احکام، ڈگریوں، ریگولیشنز (Regulations)، سیاسی تنازعات، قوانین، محصول، ممانعت، قانونی مہلت، انضباط مبادلہ پابندیاں، ضبطی، جنگ، فساد، سول نافرمانی، یا کوئی بھی دوسری وجہ جو CDC کے اختیار سے باہر ہو، کی وجہ سے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں بک انٹری سکیورٹیز کے کسی بھی نقصان کی کوئی یا تمام ذمہ داریوں سے آزاد ہو گی۔

## 12.الف.13 <u>سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کی ذمہ داریاں اور وجوبات</u>

12.الف.13.1 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کی نمائندگی کرتا ہے اور ذمہ دار ہے کہ رجسٹریشن کی تفصیلات اور معلومات جو بیان کی گئی ہیں سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں یا کسی دیگر دستاویز، فارم، ہدایت یا رابطہ میں جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر نے CDC کو پیش کیا قیود وشرائط کے مفہوم میں وہ حقیقت پر مبنی اور درست ہوں۔ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کے نقصان، ہرجہ، لاگت، خرچہ جو اسے دینا پڑتا یا اس پر عائد ہوتا یا برداشت کرنا پڑتا سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولنے والے فارم کسی بھی دیگر دستاویز، فارم، ہدایت یا رابطہ جیسا کہ محولہ بالا، جسے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC کے پیش کرتا ہے میں شامل غلطی یا غلط بیان کے نتیجے میں، CDC کو تلافی نقصان ادا کرے گا۔

12الف.13.1الف سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر نمائندگی کرے گا اور حسب ذیل کے لئے CDC کو ذمہ دار ہوگا کہ:

(الف) نشان زد ہدایت جو سرمایہ اکاؤنٹ ہولڈر CDC کو پیش کرتا ہے حقیقت پر مبنی اور درست ہے؛

(ب) CDC مکمل طور پر مجاز اور با اختیار تھی کہ وہ ایسی نشان زد ہدایات پر IDS ہدایت کی توثیق کے طریقے سے عمل کرے جو مذکورہ نشان زدہ ہدایت کی سیٹلمنٹ کے لئے کلیئرنگ کمپنی کو خواہ نقد اور ریا سکیورٹیز کی حوالگی پر منتج ہو؛ اور

(ج) وہ CDC کو کسی ہونے والے نقصان، ہرجہ، لاگت یا اخراجات جو اس نے کسی بھی IDS ہدایت کے CDC کی جانب سے مسترد ہونے کے سبب اور ریا عدم توثیق کے سبب اسے برداشت کرنے پڑ سکتے ہیں یا اس پر عائد ہو سکتے ہیں کے لئے اس کا ذمہ دار اور ریا مستوجب نہیں ٹھہرائے گا

کسی بھی دیگر بناء پر جو متعلقہ انتقائی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر سے مذکورہ نشان زد ہدایات یا علاوہ ازیں کی نسبت قابل منسوب ہوں۔

12الف.13.2 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر، سرمایہ کار اکاؤنٹ کے قیام کے دوران، تمام قابل اطلاق قوانین، رولز (Reles) اور ریگولیشنز (Regulations) بشمول قیود و شرائط، بشمول رولز (Reles) اور ریگولیشنز (Regulations) اور اسٹاک ایکسچینجز کے ریگولیشنز (Regulations) اور کلیئرنگ کمپنی کے، اور جہاں قابل اطلاق ہو، DSS سے متعلقہ قیود و شرائط کی تعمیل کرے گا۔

12الف.13.3 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر CDC امور سے متعلقہ تمام معلومات جو اس کے علم میں آئیں سخت راز داری میں رکھے گا۔

12الف.13.4 اس صورت میں کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ مشترکہ اکاؤنٹ ہو تو ایسے مشترکہ اکاؤنٹ کی ذمہ داری بھی مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز پر مشترکہ اور متعدد ہوں گی۔

## الف13.الف12 زائدالمیعادسرمایہ کاراکاؤنٹ

1.الف13.الف12 جہاں سرمایہ کاراکاؤنٹ زائدالمیعادسرمایہ کاراکاؤنٹ بن جائے ،تو CDC مذکورہ زائدالمیعادسرمایہ کاراکاؤنٹ کی بابت خدمات واپس لے لے گی جیسا کہ CDC نے طریقہ ہائے کارمیں مصرحہ کیا ہے۔

2.الف13.الف12 CDC ریگولیشن (Regulation) 1.الف 13.الف 12 میں محولہ خدمات کوسرمایہ کار اکاؤنٹ کی نسبت جوسرمایہ کاراکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDC کے چارجز کی ادائیگی کے سبب جس کازائدالمیعادسرمایہ کاراکاؤنٹ ہونابندکردیاگیاتھاکوبحال کردے گی۔

## 14.الف12 سرمایہ کاراکاؤنٹ کی معطلی اور بندش

14.1 .الف12 CDC سرمایہ کاراکاؤنٹ ہولڈرکو20 کاروباری ایام کا پیشگی نوٹس دیتے ہوئے سرمایہ کار اکاؤنٹ کوبندکرسکتی ہے۔سرمایہ اکاؤنٹ ہولڈرنوٹس کی موصولی کے 10 کاروباری ایام کے اندر مذکورہ نوٹس کے خلاف عرض داشت پیش کرسکتا ہے۔ مذکورہ عرض داشت پر بورڈ کا فیصلہ حتمی اور لازم ہوگا۔

14.2 .الف12 اس باب کی کسی بھی دیگر شرائط کے باوصف ، CDC کو یہ حق حاصل ہوگا سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرکوپیشگی نوٹس کے تابع ،سرمایہ کاراکاؤنٹ کوکسی بھی وقت معطل کرسکتی ہے ایسی شرائط کے ساتھ جیسا کہ سرمایہ کاراکاؤنٹ کی بندش کے لئے ،اگراکاؤنٹ ہولڈر نے اس میں موجودکسی قیودوشرائط کی خلاف ورزی کاارتکاب کیا ہو یااس نےکوئی قابل اطلاق قوانین ،رولز (Rules) یاریگولیشنز (Regulations) کی خلاف ورزی کی ہے اور مذکورہ خلاف ورزی یاخلل اندازی ،اگرقابل تصحیح ہوتوCDC کے تحریرکردہ نوٹس کی مدت میں اصلاح نہ کی گئی ہو۔

14.3 .الف12 اگرسرمایہ کاراکاؤنٹ معطل ہوتو،CDC ایسے سرمایہ کاراکاؤنٹ کی بابت تمام سہولیات واپس لے لے گی ،مگرشرط یہ ہے کہ،CDC کے چارجزاورکسی بھی لاگت ،اخراجات، جرمانوں اور/ یاہرجہ کی ادائیگی کے تابع جوکہ CDC کوسہناپڑے یااس پرعائدہوئے

ان حالات کے نتیجے میں جو سرمایہ کار اکاؤنٹ کو معطلی کی طرف لے کر گئے۔ CDC ایسے سرمایہ کار اکاؤنٹ کی بابت ڈیلیوری آؤٹ اور سکیورٹیز کی واپسی کی قیود و شرائط کی مطابقت میں اجازت دے گی اور پھر اس سرمایہ کار اکاؤنٹ کو بند کر دے گی۔

**12الف .14.4** اگر CDC کو یہ اطمینان ہوتا ہے کہ ایسے حالات میں جو کہ ریگولیشن **12الف .14.2** کے تحت معطلی کے اطلاق کی طرف لے جا رہے تھے اب موجود نہیں ہیں، تو CDC متعلقہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی بذریعہ نوٹس معطلی کو ہٹا دے گی۔

**12الف .14.5** CDC ایسے سرمایہ کار اکاؤنٹ کو بند کر سکتی ہے جو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں مسلسل 30 ایام تک معطل رہے۔

**12الف .14.6** ریگولیشن 14.7. الف 12 کے تابع، سرمایہ اکاؤنٹ ہولڈر کسی بھی وقت اپنے سرمایہ کار اکاؤنٹ کو اکاؤنٹ بندش درخواست فارم CDC کے پاس داخل کرواتے ہوئے بند کر سکتا ہے۔ مذکورہ فارم کی وصولی پر، CDC سرمایہ کار اکاؤنٹ کو بند کر دے گی جتنا جلدی کہ عملی طور ممکن ہو، یہ CDC کو سرمایہ کار اکاؤنٹ کی بندش کے لئے CDC کے چارجز کی ادائیگی کے تابع ہو گا اور تمام دیگر چارجز اور رقوم جو سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے CDC کو واجب ہیں اور شرط کے تابع ہو گی کہ اس نقطہ پر کوئی کارپوریٹ ایکشن کسی بھی سرمایہ کار اکاؤنٹ میں انٹری سکیورٹیز کے سلسلے میں ہو مذکورہ بالا کے تابع، CDC سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو اجازت دے گی، کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ کی بندش سے پیشگی، تمام بک انٹری سکیورٹیز جو کہ اس کے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں شامل ہوں واپس لے لے یا انہیں منتقل کر دے۔

**12الف .14.7** سرمایہ کار اکاؤنٹ کو بندش کی اجازت نہیں دی جائے گی اگر:

**(الف)** کوئی بھی بک انٹری سکیورٹیز جو اس میں شامل ہیں پلیج پوزیشن (PledgePosition) میں ہوں؛ یا

**(ب)** مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے عملدرآمد کردہ کسی بھی نشان زدہ ہدایات کی بابت کسی بھی واجبات کی سیٹلمنٹ زیر التواء ہو۔

## 15.الف12 مشترکہ اکاؤنٹس

15.1. الف12 اگر سرمایہ کار اکاؤنٹ دو یا زائد اشخاص کے نام پر ہو، تو مذکورہ سرمایہ کار اکاؤنٹ کے کریڈٹ کا بیلنس، سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کی یا بچ رہنے والے(surviving) سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی بطور مشترکہ متصرف(tenants) ملکیت ہوگا۔

15.2. الف12 مشترکہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کو چلانے کے لئے CDC کی جانب سے دی جانے والی اجازت سختی سے ان ہدایات کی مطابقت میں ہوگی جیسا کہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کے چلانے کی نسبت سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں موجود ہے۔

15.3. الف12 مشترکہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہولڈر کی موت کی صورت بچ جانے والے(Survivors) جیسا کہ معاملے کی نوعیت ہو، مذکورہ متصرف کے طور پر مشترکہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ تشکیل دیں گے، اور، قانون کے تابع، CDC، اپنی صوابدید پر، سرمایہ کاری اکاؤنٹ کو برقرار رکھنے اور چلانے کی اجازت دے سکتی ہے۔

15.4. الف12 آیا کہ کسی یا تمام سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہولڈرز کے موت نے مداخلت کی تھی یا نہیں، CDC اس پر عمل کرنا وقتاً فوقتاً جاری رکھ سکتی ہے کسی بھی دستخط کنندہ اتھارٹی پر اعتماد کرتے ہوئے جس نے CDC کو مطلع کیا تھا تاوقتیکہ CDC ان سے یا ان میں سے کسی کی طرف سے تحریری نوٹس وصول کرتی ہے کہ مذکورہ دستخط کنندہ اتھارٹی کو قانون کے عملدرآمد یا علاوہ ازیں سے منسوخ یا ختم کر دیا گیا ہے۔

15.5. الف12 CDC مجاز ہے کہ وہ تمام مشترکہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سے بطور زندہ برتاؤ کرے تاوقتیکہ کہ مجاز سرکاری عہدہ داران کی جانب سے جاری سے شدہ موت کا سرٹیفکیٹ یا ایسی شہادت جو CDC کے لیے قابل اطمینان ہو، CDC کو فراہم کردی جائے۔

15.6. الف12 اگر ایک دستخط کنندہ کی جانب سے وصول کردہ ہدایات پر عمل سے پیشتر، جہاں مشترکہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ واحد دستخط کنندہ اتھارٹی سے چلایا جارہا ہو، CDC فی الفور اس کے بعد صرف تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کے مینڈیٹ پر یا ان کے مجاز کردہ دستخط کنندگان پر عمل کرے گی۔

## 12الف.16 متفرقات

12الف.16.1 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر نا قابل تنسیخ غیر مخصوص اختیار سماعت کی پاکستان کی عدالتوں میں جمع کروا سکتا ہے اور پراسس کو سروس کرنے پر اس کی رضامندی بذریعہ ڈاک یا کسی بھی دیگر طرز پر ہوگی جس کی قانون اجازت دے۔

12الف.16.2 سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کے خلاف CDC کے کسی بھی حقوق میں ناکامی یا استعمال میں تاخیر یا نفاذ مذکورہ حقوق کی چھوٹ کے طور پر استعمال نہ کیا جائے گا اور نہ ہی یہ CDC کے حقوق سے متناقض یا اس پر اثر انداز ہوں گے کہ بعد ازیں ان پر سختی سے قیود وشرائط کی مطابقت میں عمل کیا جائے۔

12الف.16.3 تمام لاگت اور اخراجات، جس میں قانونی لاگت، اٹارنی کلائنٹ کی بنیاد پر جو کہ CDC پر عائد ہوئی قیود وشرائط کے تحت اپنے کسی بھی حقوق کے نفاذ کے سلسلے میں یا سرمایہ کاری اکاؤنٹ کے کسی تنازعہ میں بک انٹری سکیورٹیز کی ڈیلیورڈ۔ان یا ڈیلیورڈ۔آؤٹ کی نسبت ہو، کے حل کے سلسلے میں سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مکمل تلافی نقصان کی بنیاد پر CDC کو قابل ادائیگی ہوں گے۔

12الف.16.4 اس باب میں شامل کسی بھی دفعات کی غیر قانونیت، باطل ہونا یا نفاذیت اس باب میں شامل دیگر دفعات کی قانونیت، جوازیت یا نفاذیت پر اثر انداز ہوگی۔

12الف.16.5 کوئی یا تمام درخواستیں، عرضداشتیں یا دیگر دستاویزات (بشمول الیکٹرانک ہدایات کی بابت پلیج (Pledge) سکیورٹیز) (بعد ازیں اس ریگولیشن (Regulation) 12الف.16.5 میں مجموعی طور پر جس کا حوالہ بطور "عرض Request" دیا گیا ہے) سرمایہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDC کو پیش کی جائیں گی یا کسی دوسرے شخص کی جانب سے ان ہی قیود وشرائط کے تحت یا DSS کے لئے قیود وشرائط صرف کاروبار کے دن پر مقررہ وقت کے اندر پیش کی جائیں گی جیسا کہ CDC اس غرض کے لئے وقتاً فوقتاً مشتہر کرتی ہے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے یا کسی مقررہ وقت کے بعد دوسرے شخص کی جانب

سے مخصوص ٹرانزیکشن کے لئے کی جانے والی کوئی بھی عرض مابعد آنے والے کاروباری دن پر کی گئی متصور ہوگی ، مگر شرط یہ ہے کہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے نشان زدہ ہدایات صرف کاروباری دن پر مقررہ وقت کے اندر پیش کی جاسکیں گی۔

## 12الف.17 نوٹس

نوٹس یا دستاویز CDC کی جانب سے سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کو اور سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDC کو ریگولیشن (Regulation) 2.6.4 کی مطابقت میں بھیجی جاسکے گی مذکورہ بالا کے باوجود، جہاں سرمایہ کار اکاؤنٹ مشترکہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہوتو ،نوٹس یا دستاویز کا مشترکہ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈر سرمایہ اکاؤنٹ فارم میں پہلے نام والے کو بھیجا جائے گا جو تمام مشترکہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہولڈر کو بھیجا گیا متصور ہوگا۔

## 12الف.18 قیود وشرائط میں ترامیم

12الف.18.1 CDC کو ہمہ وقت اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کمیشن کی پیشگی اجازت سے قیود وشرائط میں ترمیم ،تغیر یا تبدیلی کر سکے۔ایسی کوئی بھی ترمیم ،تغیر یا تبدیلی تمام سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز پر واجب التعمیل ہوگی۔

12الف.18.2 اس باب الف 12 میں شامل کسی متضاد امر کے باوصف ،اگر کمیشن قیود وشرائط میں کوئی تبدیلی وضع کرتا ہے یا کسی تبدیلی کے لئے حکم دیتا ہے تو قیود وشرائط ،جیسا کہ کمیشن کے حکم کے تابع یا اس کی مطابقت میں ترمیم کیے گئے ، سرمایہ کار اکاؤنٹ پر سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز ، ایشورز (Issuers)، ایلیجبل پلیجیز (Eligible Pledgees) اور اس حد تک ، CDS ایلمنٹس (Elements) پر مذکورہ تاریخ سے جس پر ترمیم شدہ قیود وشرائط نافذ العمل ہوئیں لاگو ہوں گی۔

# باب 13: آڈٹ اور تعمیل

## 13.1 ریگولیشنز (Regulations) کی تعمیل کرنے کی نگرانی

13.1.1 CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے ان ریگولیشنز (Regulations) کی تعمیل کی نگرانی کرنے کی غرض سے، CDC بذریعہ نوٹس CDS ایلمنٹ (Element) سے کوئی بھی حسب ذیل معلومات فراہم کرنے کا تقاضا کر سکے گی:

**(الف)** جو اس CDS ایلمنٹ (Element) کو معلوم ہو؛ اور

**(ب)** اس سے سلسلے میں:

**(اوّل)** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کے کسی بھی وجوبات کی تعمیل کرے گی؛ یا

**(دوم)** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کے ذریعے سے کوئی بھی اقدامات کرے گی یا کیے جانے کا مطالبہ کرے گی۔

13.1.2 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 13.1.1 کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) سے معلومات فراہم کرنے کا تقاضا کرتی ہے تو، CDC مطلوبہ معلومات کا نمونہ اور حد اور تاریخ اور وقت نوٹس میں مصرحہ کرے گی جس کے ذریعے سے معلومات لازماً فراہم کی جاتی ہیں۔

13.1.3 CDS ایلمنٹ (Element) کے ذریعے سے ان ریگولیشنز (Regulations) کی تعمیل کی نگرانی کرنے کی غرض سے، CDC بذریعہ نوٹس CDS ایلمنٹ (Element) سے تقاضا کر سکے گی کہ CDC کو اجازت دے کہ حسب ذیل ریکارڈ کا معائنہ کرے:

**(الف)** اس سلسلہ میں:

**(اوّل)** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کے کسی بھی وجوہات کی تعمیل کرے گی؛ یا

**(دوم)** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کے ذریعے سے کوئی بھی منسلکہ اقدامات کرے گی یا کیے جانے کا مطالبہ کرے گی؛ اور

(ب) جو اس CDS ایلمنٹ (Element) کی تحویل، اختیار یا قبضہ میں ہو۔

13.1.4 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 13.1.4 کے تحت CDS سے ریکارڈ کا معائنہ کرنے کی اجازت دینے کا تقاضا کرتی ہے تو، CDC نوٹس میں حسب ذیل کو مصرحہ کرے گی:

(الف) ریکارڈ کی تفصیل؛ اور

(ب) تاریخ اور وقت جس پر معائنہ ہوگا۔

13.1.5 اگر CDS ایلمنٹ (Element) ریگولیشن (Regulation) 13.1.1 یا 13.1.3 کے تحت CDC سے نوٹس وصول کرتا ہے تو، مذکورہ CDS ایلمنٹ (Element):

(الف) نوٹس کی مطابقت میں معلومات فراہم کرے گا یا ریکارڈ کا معائنہ کرنے کی اجازت دے گا؛

(ب) ایسی دیگر معاونت فراہم کرے گا جیسا کہ CDC کو مناسب طور پر درکار ہو؛ اور

(ج) نوٹس کی تعمیل کرنے میں CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے اٹھائی گئی کسی بھی لاگت کو برداشت کرے گا۔

13.1.6 CDC وقتاً فوقتاً میعادی یا جب کبھی CDC یہ مناسب سمجھتی ہو کسی بھی وجہ سے جو کوئی بھی ہو، اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات پر نظر ثانی کر سکے گی، اس میں زکوٰۃ کی حیثیت شامل ہے جو طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، دریافت کرنے کی غرض سے ذیلی اکاؤنٹس سے متعلق ہوں، ان ریگولیشنز (Regulations) کے مفہوم میں رجسٹریشن کی تفصیلات اور ایسی دیگر معلومات میں صریح غلطیاں یا ظاہری عدم تکمیل پائی جائے۔ اگر اس غرض سے، CDC نے کسی بھی پارٹیسپنٹ (Participant) سے ریکارڈ کا معائنہ کرنے کا تقاضا کیا ہو تو، CDC بذریعہ نوٹس مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) سے تقاضا کر سکے گی کہ CDC کو کسی بھی ریکارڈ کا معائنہ کرنے کی اجازت دے۔ ایسی صورت میں ریگولیشن (Regulation) 13.2 کی شرائط قابل اطلاق ہوں گی اور پارٹیسپنٹ (Participant) ان کی تعمیل کرے گا۔

13.1.7 ان ریگولیشنز (Regulations) یا فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون یا اس ایکٹ کے تحت CDC میں دستیاب یا بصورت دیگر تفویض شدہ حقوق اور چارہ جوئیوں میں کسی بھی طریقہ کار کے بغیر تخفیف کرتے ہوئے، گھٹاتے ہوئے، یا کالعدم کرتے ہوئے CDC حسبِ ذیل کی بابت پارٹیسپنٹس (Participants) کی تعمیل کی نگرانی کر سکے گی:

**(الف)** پارٹیسپنٹس (Participants) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (پنجم) جیسا کہ اس غرض سے وقتاً فوقتاً CDC کی جانب سے اس کی صوابدید پر منتخب کیا جا سکتا ہو۔ اگر اس غرض سے، CDC کو کوئی بھی معلومات پارٹیسپنٹ (Participant) سے درکار ہو یا، جیسی بھی صورت ہو، CDC کسی بھی پارٹیسپنٹ (Participant) سے ریکارڈ کا معائنہ کرنے کا تقاضا کرے تو، CDC بذریعہ نوٹس، مذکورہ پارٹسپنٹ (Participant) سے مذکورہ معلومات فراہم کرنے یا، جیسی بھی صورت ہو، CDC کو کسی بھی ریکارڈ کا معائنہ کرنے کی اجازت دینے کا تقاضا کر سکتی ہے۔

**(ب)** ریگولیشنز (Regulations) 6.8.1 روزانہ کی بنیاد پر اور جہاں ایسا استعمال ظاہر کرتا ہو کہ پارٹیسپنٹ (Participant) انتہائی حفاظتی حد سے انحراف کر چکا ہے، تو پھر، CDC بذریعہ نوٹس، مذکورہ پارٹسپنٹ (Participant) سے تقاضا کرے گی کہ مذکورہ نوٹس کی وصولی کے 7 دنوں کے اندر انحراف کو درست کرے۔

**(ج)** پارٹیسپنٹ (Participant) کے سرمایہ کفالت کی سطح جس پر ریگولیشن (Regulation) 6.8.2 کا اطلاق ہوتا ہو اور اس غرض سے، CDC، جہاں یہ ضروری سمجھتی ہو، بذریعہ نوٹس، مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) سے تقاضا کر سکے گی کہ CDC یا جیسی بھی صورت ہو، اس سرمایہ کفالت کی سطح کے حوالے سے اس کے ریکارڈز کا معائنہ کرنے کے لئے کمیشن کی پیشگی منظوری سے CDC کی جانب سے مقررہ اہلیت کی مطابقت میں منتخب کیے گئے آڈیٹروں کو اجازت دے؛

(د) جہاں اس ریگولیشن(Regulation) 13.1.7 کی شق (ج) کی پیروی میں کیا گیا معائنہ ظاہر کرتا ہو کہ پارٹیسپنٹ (Participant) نے سرمایہ کفالت کی سطح سے متعلق کسی بھی شرط سے انحراف کیا ہے تو، پھر CDC ، بذریعہ نوٹس مذکورہ پارٹیسپنٹ(Participant) سے تقاضا کرے گی کہ مذکورہ نوٹس کے وصول ہونے کے 30ایام کے اندر تمام ضروری اقدامات اٹھاتے ہوئے انحراف کو درست کرے؛اور

(ہ) ریگولیشنز (Regulations) 13.1اور 13.2 کی شرائط مناسب تبدیلیوں کے ساتھ قابل اطلاق ہوں گی اور اس ریگولیشن(Regulation) 13.1.7 کی شقات (الف)اور (ج) کی غرض سے پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے تعمیل کی جائے گی۔

## 13.2 CDC کی جانب سے ریکارڈ کا معائنہ

13.2.1 اگر CDC شبہ کی وجہ رکھتی ہو کہ:

**(الف)** ان ریگولیشنز (Regulations) کی خلاف واقع ہوئی ہو؛یا

**(ب)** CDS ایلمنٹ(Element) ایسی سرگرمی میں شریک ہے جو کہ CDS کی ساکھ یا با قاعدہ طریقہ عمل متاثر کررہی ہے یا متاثر کرسکتی ہے،

توCDC بذریعہ نوٹس کسی بھی CDS ایلمنٹ(Element) سے تقاضا کر سکے گی کہ CDC کو کسی بھی ریکارڈ کا معائنہ کرنے کی اجازت دے:

**(ج)** اس سلسلے میں:

**(اوّل)** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت کسی بھی CDS ایلمنٹ (Element) کے کسی وجوبات کی تعمیل کرے گی؛یا

**(دوم)** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت CDS ایلمنٹ(Element) کی جانب سے کیے گئے کوئی بھی شراکتی اقدامات یا جن کا کیا جانا مطلوب ہو۔

**(د)** جو مذکورہ CDS ایلمنٹ(Element) کی تحویل،اختیار یا قبضہ میں ہو۔

13.2.2 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 13.2.1 کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کو نوٹس دیتی ہے تو، نوٹس میں:

**(الف)** حسب ذیل کی صراحت کرے گی:

**(اوّل)** ریکارڈ کی تفصیل جس کا معائنہ کیا جانا ہو؛ اور

**(دوم)** تاریخ اور وقت جس پر معائنہ ہو گا (وہ وقت جس پر نوٹس دیا گیا ہو)؛ اور

**(ب)** معائنہ سے رونما ہونے والے معاملہ کی عمومی نوعیت بیان کرے گی۔

13.2.3 ریگولیشن (Regulation) (ب) 13.2.2 کی مطابقت میں نوٹس میں معائنہ سے رونما ہونے والے معاملہ کی عمومی نوعیت بیان کرنے میں ناکامی اس نوٹس کی معقولیت یا نفاذیت پر اثر انداز نہیں ہوگی۔

13.2.4 ریگولیشن (Regulation) 13.2.1 کے تحت، CDC اگر، CDS ایلمنٹ (Element) کی تحویل، اختیار یا قبضہ میں کسی بھی ریکارڈز کا معائنہ کرنا چاہتی ہے تو، وہ CDS ایلمنٹ (Element):

**(الف)** نوٹس کی مطابقت میں ریکارڈز کا معائنہ کرنے کی اجازت دے گا؛

**(ب)** ایسی دیگر معاونت فراہم کرے گی جیسا کہ CDC کو مناسب طور پر درکار ہو؛ اور

**(ج)** نوٹس کی تعمیل کرنے میں CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے اٹھائی گئی کسی بھی لاگت کو برداشت کرے گی۔

## 13.3 <u>رازداری</u>

13.3.1 کسی بھی منظور شدہ ایجنٹ کو CDC کی طرف سے تعمیل کرنے کے لیے تقرر کیا جا سکے گا کسی بھی تحقیقات کا جو ریگولیشنز (Regulations) 13.1 اور 13.2 کی پیروی میں CDC کی جانب سے پوری کی جانی ہوں۔

13.3.2 CDC یا منظور شدہ ایجنٹ ریگولیشنز (Regulations) 13.1 یا 13.2 کے تحت اس کی جانب سے حاصل کردہ معلومات راز کو افشا نہیں کرے گا تاوقتیکہ ایسا انکشاف:

**(الف)** قانون کی رو سے درکار ہو؛ یا

**(ب)** ان ریگولیشنز (Regulations) کی نگرانی یا نافذ التعمیل کرنے کی غرض سے ضروری یا مطلوب ہو۔

## 13.4 دستاویزات شہادتی ملکیت کی منسوخی کے عمل کا آڈٹ

13.4.1 CDC، ان ریگولیشنز (Regulations) کی تعمیل پر نگرانی کی غرض سے، اہل سکیورٹیز کے ایشور (Issuer) سے تقاضا کرتے ہوئے نوٹس دے سکے گی کہ ایشور (Issuer) CDC کی جانب سے منظور شدہ خود مختار آڈیٹر کی رپورٹ CDC کو فراہم کرے جو کہ اس کی رائے کا اظہار کر رہی ہو آیا کہ CDS میں ڈپازٹ کردہ رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی حقیت دستاویزات شہادتی ملکیت کی منسوخی سے متعلق ان ریگولیشن (Regulation) کی شرائط کو مذکورہ ایشور (Issuer) کی جانب سے پورا کیا گیا ہے یا نہیں کیا گیا ہے۔

13.4.2 اگر CDC ایشور (Issuer) سے تقاضا کرتے ہوئے نوٹس دیتی ہے کہ ایشور (Issuer) ریگولیشن (Regulation) 13.4.1 کے تحت رپورٹ فراہم کرے تو:

**(الف)** CDC نوٹس میں تاریخ اور وقت کی صراحت کرے گی جس کے ذریعے ایشور (Issuer) رپورٹ فراہم کرے گا اور وہ تاریخ ایسی تاریخ ہوگی جو تاریخ 1 ماہ کے اندر ہوگی جس میں CDC نوٹس دیتی ہے؛ اور

**(ب)** ایشور (Issuer):

**(اوّل)** CDC کو نوٹس میں مصرحہ وقت کے اندر رپورٹ فراہم کرے گا؛ اور

**(دوم)** رپورٹ حاصل کرنے میں ایشور (Issuer) کی جانب سے اٹھائی گئی کسی بھی لاگت کو برداشت کرے گا۔

## 13.5 آڈٹ سرٹیفکیٹس کی شرط

13.5.1 CDS کی سالانہ نظر ثانی کو انجام دینے کے لیے CDC خود مختار آڈیٹر کا تقاضا کرے گی اور یہ نظر ثانی حسب ذیل پر مشتمل ہوگی:

(الف) CDC کو معلوماتی عمل کے دوران سہولیات دینے اور CDS کی کلیت پر نظر ثانی کرنے میں حسب ذیل شامل ہیں:

(اوّل) CDS ایلمنٹس (Elements) کے ڈیٹا میں رازداری اور سکیورٹی کا بندوبست؛

(دوم) CDS کے حقیقی نفاذ پر سکیورٹی؛

(سوم) CDS کے متبادل طریقہ اور بگاڑ پر قابو پانے اور بحالی کے طریقہ ہائے کار؛ اور

(چہارم) CDS میں رسائی پر کنٹرولز؛ اور

(ب) CDS کی جانب سے تخلیق کردہ معلومات کی دیانت داری اور درستی کی تشخیص کرنے میں، بغیر حد بندی، حسب ذیل شامل ہیں:

(اوّل) CDC کی جانب سے ڈیٹا ان پٹ پر داخلی کنٹرولز؛ اور

(دوم) ٹرانزیکشن ڈیٹا کی عمل کاری اور رپورٹنگ۔

13.5.2 CDC کمیشن کو آڈٹ سرٹیفکیٹ وصول ہونے کے ایک تقویمی ماہ کے اندر آڈٹ سرٹیفکیٹ کی نقل فراہم کرے گی۔

13.5.3 ماسوائے جیسا کہ ان ریگولیشنز (Regulations) میں واضح طور پر فراہم کیا گیا ہے، CDS ایلمنٹ (Element) کو CDC کے ریکارڈز تک رسائی کا کوئی بھی حق، یا معائنہ کرنے کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

## 13.6 اکاؤنٹ ہولڈرز کی جانب سے میعادی مصالحتیں

13.6.1 ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر، ہر کاروباری دن کے لیے، کسی بھی ہولڈنگ میں شامل کردہ بک انٹری سکیورٹیز کی کسی بھی ہینڈلنگ کے حوالے سے اس کاروباری دن کے دوران کی گئی سرگرمی کی تصدیق کرے گا جو اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہے ہوں اور مابعد کاروباری دن کے اختتام پر CDC کو فی الفور اس سے متعلق اپنے کسی بھی کاروبار کی تحریری رپورٹ دے گا۔

13.6.2 ریگولیشن(Regulation) 13.6.1 کے تحت کسی بھی اکاؤنٹ ہولڈر سے کوئی بھی تحریری اطلاع وصول ہونے پر، CDC ان حالات کی تفتیش کرے گی اور اطلاع کی وصولی کے 15 کاروباری ایام کے اندر مذکورہ تفتیش کے نتائج اکاؤنٹ ہولڈر کو مشتہر کرے گی۔

## 13.7 زائد عمری اور کم عمری کا تعین

13.7.1 **الف۔** کسی بھی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کا ایشور (Issuer):

**(اوّل)** وقتاً فوقتاً لیکن مہینہ میں کم از کم ایک مرتبہ، CDR پر رکھی گئیں بک انٹری سکیورٹیز کی تعداد میں تطبیق کرے گا ایسی سکیورٹیز کی تعداد کی جو ایشور (Issuer) کی کتابوں میں CDC کے نام سے ریکارڈ کی گئی ہوں؛

**(دوم)** CDC کو اس شق الف کے پیراگراف (اوّل) کے تحت عمل میں لائی گئی مصالحت کی تجاویز پر رپورٹ دے گا جس کا ایشور (Issuer) کے مالیاتی سال کے پہلے چھ مہینوں سے تعلق ہو، جیسا کہ اس غرض سے CDC کی جانب سے مقررہ طریقہ کار میں، تحریراً، مذکورہ چھ مہینوں کے آخری دن کے اختتام دن پر درست ہو؛

**(سوم)** CDC کو اس شق الف کے پیراگراف (اوّل) کے تحت عمل میں لائی گئی مصالحت کی تجاویز پر رپورٹ دے گا جو ایشور (Issuer) کے پورے مالیاتی سال سے متعلق ہو، جیسا کہ اس غرض سے CDC کی جانب سے مقررہ طریقہ ہائے کار کے مطابق تحریراً، مذکورہ مالیاتی سال کے آخری دن کے اختتام دن پر درست ہو، جو ایشور (Issuer) کے خارجی آڈیٹروں کی جانب سے باضابطہ طور پر تصدیق کیا گیا ہو؛

**(چہارم)** یہ یقینی بنائے گا کہ اس شق الف کے پیراگراف (دوم) میں متذکرہ ششماہی رپورٹ CDC میں پیش کی گئی ہو تو جتنی جلد ہو سکے پیراگراف (اوّل) میں متذکرہ مصالحت مکمل ہو لیکن چھ ماہ کے اختتام کے بعد 10 کاروباری ایام کے اندر ہو جس سے مذکورہ رپورٹ تعلق رکھتی ہو؛ اور

(پنجم) یہ یقینی بنائے گا کہ اس شق الف کے پیراگراف (سوم) میں متذکرہ سالانہ رپورٹ CDC میں پیش کی گئی ہو تو جتنی جلد ہو سکے پیراگراف (اوّل) میں متذکرہ مصالحت مکمل ہو لیکن ایشور (Issuer) کے مالیاتی سال کے اختتام پر 4 ماہ کے اندر ہو جس سے مذکورہ رپورٹ تعلق رکھتی ہو:

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں کوئی بھی اختلاف اس شق الف کے پیراگراف (اوّل) کے تحت ایشور (Issuer) کی جانب سے عمل میں لائی گئی مصالحت کے نتیجہ کے طور پر ظاہر ہو تو، ایشور (Issuer) CDC کو اس تاریخ کے بعد 3 کاروباری ایام کے اندر مذکورہ اختلاف کی تفصیلات مشتہر کرے گا جس پر اختلاف ظاہر کیا گیا ہو:

مزید شرط یہ ہے کہ اس ریگولیشن (Regulation) کی شق الف کی مقتضیات کا اطلاق نہیں ہوگا جہاں متعلقہ سکیورٹیز حقوق استحقاقات پیش کر رہی ہوں۔

ب۔ اگر کسی بھی رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) اس ریگولیشن کی شق الف کی کسی بھی مقتضیات کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے تو، چیف ایگزیکٹو افسر یا اس کا مختار، جیسی بھی صورت ہو، مذکورہ ایشور (Issuer) کو تین کاروباری ایام کے اندر ایسی خلاف ورزی کو درست کرنے کے لیے طلب کر سکتا ہے۔ ایسی صورت میں ایشور (Issuer) CDC کا نوٹس وصول ہونے کے 3 کاروباری ایام کے اندر مذکورہ نقص کو درست نہیں کرتا تو، چیف ایگزیکٹو افسر یا اس کا مختار، جیسی بھی صورت ہو، ایشور (Issuer) پر -/10,000 (دس ہزار روپے) تک جرمانہ عائد کر سکتا ہے۔ چیف ایگزیکٹو افسر یا اس کا مختار، جیسی بھی صورت ہو، کسی بھی معقول وجہ سے، کسی بھی ایشور (Issuer) کو اس ریگولیشن (Regulation) کے تحت اس کی جانب سے عائد کردہ کسی بھی جرمانہ سے متعلق، کلی یا جزوی، رعایت دے سکتا ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں ایشور (Issuer) جرمانے کی عائد ہونے کے 7 کاروباری ایام کے اندر خلاف ورزی کی تصحیح نہیں کرتا تو پھر، باوجود اس کے کہ آیا ایشور (Issuer) جرمانہ ادا کر چکا ہے یا نہیں، چیف ایگزیکٹو افسر یا اس کا مختار، جیسی بھی صورت ہو، ان ریگولیشنز (Regulations) کی

مطابقت میں ایشور(Issuer)(جس کا تعلق مذکورہ خلاف ورزی سے ہو) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی معطّلی یا منسوخی کا حکم دے سکتا ہے۔

13.7.1A اگر چیف ایگزیکٹو افسر یا اس کا مختار، جیسی بھی صورت ہو، بالا شق ب کے فقرہ شرطیہ کے تحت ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی معطّلی یا منسوخی کا حکم دیتا ہے تو، CDC ریگولیشن(Regulation)5.3.1 کی مطابقت میں کارروائی کا آغاز کرے گی۔

13.7.2 جہاں کسی بھی وقت ریگولیشن(Regulation) 13.7.1 کے تحت کسی بھی ایشور(Issuer) کی جانب سے انجام دی گئی مصالحت میں زائد عمری ظاہر ہوتی ہو (بعدازیں جسے ''تعین زائد عمری'' پکارا گیا ہو) تو، CDC مستحق ہولڈر کا تعین کرنے کے لیے اپنی بھرپور کوششوں کا استعمال کرے گی تاکہ زائد عمری پر مشتمل بک انٹری سکیورٹیز وصول ہو سکیں اور:

**(اوّل)** ہولڈنگ کے دستیاب بیلنس میں بک انٹری سکیورٹیز کی ایسی تعداد میں اضافہ کرے گا جو مذکورہ ہولڈر کی ملکیت ہوں؛ اور

**(دوم)** ہولڈر کو ایسی کارروائی کا نوٹس دے گا۔

13.7.3 اگر تعین زائد عمری کے بعد تین ماہ کے اندر مستحق ہولڈر نے بک انٹری سکیورٹیز وصول کرنے کے لیے جو زائد عمری پر مشتمل ہوں نہیں پاتا تو، CDC ایسے طریقہ کار میں مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کے ساتھ معاملت کرے گی جیسا کہ CDC کی جانب سے تعین کیا گیا ہو۔

13.7.4 کوئی بھی ہولڈر زائد عمری پر مشتمل بک انٹری سکیورٹیز وصول کرنے کے لیے مستحق کیے جانے کا مطالبہ کر رہا ہو تو تعین زائد عمری کی تاریخ سے تین سال کے اندر CDC سے مذکورہ بک انٹری سکیورٹیز کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

13.7.5 CDC، کسی بھی ہولڈر کی جانب سے تعین زائد عمری کی تاریخ سے تین سال کے بعد اس کے کیے گئے کسی بھی مطالبات کو پورا نہ کر سکے گی، جو زائد عمری پر مشتمل بک انٹری سکیورٹیز وصول کرنے کے لیے استحقاق کا مطالبہ کر رہے ہوں۔

13.7.6 جہاں ریگولیشن(Regulation) 13.7.1 کے تحت ایشور(Issuer) کی جانب سے مصالحت کسی بھی وقت پرانجام دی گئی ہوکم عمری (بعدازیں جسے "تعین کم عمری" پکارا گیا ہو) کی نشاندہی کرتی ہوتو CDC کم عمری پر مشتمل سکیورٹیز تلاش کرنے کے لیے اپنی بھرپور کوششوں کو بروئے کارلائے گی اورانہیں ان کے نام پر رجسٹرڈ کروائے گی۔

13.7.7 اگر تعین کم عمری کے بعد 45 دن کے اندر کم عمری پر مشتمل وضع کردہ سکیورٹیز نہ پائی گئیں ہوں تو، CDC اپنے ذاتی وسائل سے مذکورہ سکیورٹیز خریدے گی اورانہیں ان کے نام پر رجسٹرڈ کروائے گی۔

# باب 14: انضباطی کارروائیاں

## 14.1 انضباطی پینل کا قیام

14.1.1 بورڈ انضباطی پینل قائم کرے گا جس سے ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں انضباطی ٹریبونل کے ممبران کا انتخاب کیا جائے گا۔

14.1.2 بورڈ انضباطی پینل کی تشکیل اپنے ممبران میں سے کرے گا۔

14.1.3 بورڈ انضباطی پینل میں وقتاً فوقتاً اشخاص کا تقرر کرے گا تاکہ کسی بھی وقت پر انضباطی پینل کے ممبران کی تعداد 5 سے کم نہ ہو۔

14.1.4 بورڈ مدت کا تعین کرسکتا ہے جس کے لئے، اور قیود و شرائط (جس میں معاوضہ شامل ہے) جس پر اشخاص کا انضباطی پینل میں تقرر کیا جائے گا،

14.1.5 اگر:

**(الف)** انضباطی پینل کے ممبر سے انضباطی ٹریبونل میں خدمات سرانجام دینے کے لئے پوچھا جائے گا؛ اور

**(ب)** کسی بھی وقت جبکہ ممبر ٹریبونل میں خدمات انجام دے رہا ہو، ممبر ٹریبونل کے رو برو کارروائی کے زیرِ غور معاملے میں ممبر کسی بھی بڑے مفاد کے بارے باخبر ہوتا ہے تو،

ممبر فی الفور اس مفاد کا اعلان کرے گا اور متعلقہ ٹریبونل میں خدمات سرانجام دینے سے انکار کردے گا۔

## 14.2 انضباطی ٹریبونل کا قیام

14.2.1 ریگولیشنز (Regulations)14.2.2 تا 14.2.4 کا انضباطی ٹریبونل کے قیام سے اور اس کی طلبی پر اطلاق ہوتا ہے۔

14.2.2 بورڈ حسب ذیل کا تقرر کرے گا:

**(الف)** بورڈ کے انضباطی ممبر کا بطور صدر انضباطی ٹریبونل؛ اور

(ب) انضباطی پینل کے ممبر کا بطور نائب صدر انضباطی ٹربیونل،

اور ان کی مدت کا تعین کرے گا، اور قیود و شرائط (جن میں معاوضہ شامل ہے)، جس پر صدر اور نائب صدر اپنا عہدہ رکھیں گے۔

14.2.3 اگر کسی بھی وجہ سے (جس میں مفاد کا ٹکراؤ شامل ہے) انضباطی ٹربیونل کا صدر کارروائیوں کی نسبت اپنے کسی بھی کار ہائے منصبی کی انجام دہی کے قابل نہیں رہتا یا نا رضا مند ہو جاتا ہے، تو نائب صدر اس کارروائی کی نسبت صدر کی جگہ پر فعل انجام دے گا۔

14.2.4 جہاں نائب صدر انضباطی ٹربیونل ریگولیشن (Regulation) 14.2.3 کے تحت صدر کی جگہ پر افعال انجام دے رہا ہو تو نائب صدر ٹربیونل کا صدر سمجھا جائے گا اور پھر وہ انضباطی پینل کے ایک اور ممبر کا بطور نائب صدر ٹربیونل انتخاب کرے گا۔

14.2.5 اگر کسی بھی وجہ سے (جس میں مفاد کا ٹکراؤ شامل ہے) صدر اور نائب صدر دونوں ہی کارروائیوں کی نسبت اپنے کسی بھی کار ہائے منصبی کی انجام دہی کے قابل نہیں رہتے یا نارضا مند ہو جاتے ہیں، تو بورڈ انضباطی پینل کے ممبر کو نامزد کر سکتا ہے جو اس کارروائی کی نسبت بطور صدر انجام دہی کرے گا۔

## 14.3 تیز انضباطی طریقہ کار

14.3.1 اگر:

(الف) CDS ایلمنٹ (Element) ریگولیشنز (Regulations) 13.1.1، 13.1.3، 13.1.6، 13.2.1، یا 13.4 کے تحت دیئے گئے نوٹس کی تعمیل میں کلی یا جزوی طور پر ناکام ہو جاتے ہیں؛ یا

(ب) چیف ایگزیکٹو افسر کی موزوں رائے میں:

(اوّل) CDS ایلمنٹ (Element) نے ریگولیشن (Regulation) 13.1.1 کے تحت نوٹس کی پیروی میں جو معلومات فراہم کی ہیں یا CDS ایلمنٹ (Element) کے کسی بھی ریکارڈ کا معائنہ جو ریگولیشنز (Regulations) 13.1.3، 13.1.6 یا 13.2.1

کے تحت دیئے گئے نوٹس کی پیروی میں انجام دیا گیا مذکورہ CDS ایلمنٹ(Element) کی جانب سے ان ریگولیشنز (Regulations) کی کسی بھی شرائط کی خلاف ورزی کا انکشاف کرتا ہے؛ یا

**(دوم)** اہل سکیورٹیز کے ایشور(Issuer) کی جانب سے ریگولیشن (Regulation)13.4.1 کے تحت دیئے گئے نوٹس کی پیروی میں فراہم کر دہ رپورٹ یہ انکشاف کرتی ہے کہ ایشور (Issuer) کی جانب سے رجسٹرڈ فارم سکیورٹیز کی دستاویزات شہادتی ملکیت کی CDS میں ڈپازٹ سے متعلقہ منسوخی میں کلی یا جزوی طور پر ان ریگولیشن(Regulation) کی شرائط کی تعمیل نہیں کی گئی،

تو پھر چیف ایگزیکٹو افسر، ہر ایک خلاف ورزی کی بابت حسب ذیل کر سکتا ہے:

**(ج)** CDS ایلمنٹ(Element) کی سرزنش؛

**(د)** CDS ایلمنٹ(Element) پر جرمانہ عائد کرنا جو 10,000 روپے سے زائد نہ ہو؛

**(ہ)** اگر، خلاف ورزی کی وجہ سے، CDC کو نقصان یا ہرجانہ اٹھانا پڑا، تو CDS ایلمنٹ(Element) کو ہدایت کرے گا کہ CDC کو ادائیگی کرے جس کی رقم نقصان یا ہرجہ سے متجاوز نہ ہوگی؛ اور/ یا

**(و)** اگر، خلاف ورزی کی وجہ سے، کسی بھی دوسرے CDS ایلمنٹ(Element) کو نقصان یا ہرجانہ اٹھانا پڑا، تو CDS ایلمنٹ(Element) کو ہدایت کرے گا دوسرے CDS ایلمنٹ(Element) کو ادائیگی کرے جس کی رقم نقصان یا ہرجہ کی رقم سے متجاوز نہ ہو۔

14.3.2 ریگولیشن(Regulation)14.3.1 کے تحت چیف ایگزیکٹو افسر؛

**(الف)** CDS ایلمنٹ(Element) کو ہدایت نہ کر سکے گا رقوم ادا کرے جو ایک خلاف ورزی پر -/10,000 روپے کے مجموعی رقم سے تجاوز ہو؛ مگر

**(ب)** ایک خلاف ورزی کی نسبت ایک سے زائد ہدایات دے سکتا ہے۔

14.3.3 اگر چیف ایگزیکٹو افسر کوئی جرمانہ عائد کرتا ہے، یا ریگولیشن (Regulation) 14.3.1 کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) کو کوئی ہدایات دیتا ہے، تو CDS ایلمنٹ (Element) جرمانے یا ہدایت کے نوٹس کے موصول ہونے کے 10 کاروباری ایام کے اندر CDS کو نوٹس دے سکتا ہے، کہ اس معاملے کا انتخاب کرے کہ جس سے انضباطی ٹربیونل کے سامنے کارروائی کے طور پر نبٹا ہے۔

14.3.4 اگر CDC ریگولیشن (Regulation) 14.3.3 کے تحت CDS ایلمنٹ (Element) سے نوٹس وصول کرتی ہے:

**(الف)** چیف ایگزیکٹو افسر کی جانب سے کوئی بھی عائد کردہ جرمانہ یا سزا برقرار رکھی جائے گی؛

**(ب)** CDC ریگولیشن (Regulation) 14.4.1 کی مطابقت میں قابل یقین خلاف ورزی کی بابت خلاف ورزی نوٹس دے گی؛ اور

**(ج)** بعد ازیں، قابل یقین خلاف ورزی سے کارروائی کے طور پر نبٹا جائے گا۔

14.3.5 ریگولیشن (Regulation) 14.3.1 کے تحت، جرمانے یا ہدایات کی نسبت CDC کوئی بھی عمل درآمدی کارروائی نہیں کرے گی تاوقتیکہ ریگولیشن (Regulation) 14.3.3 میں محولہ 10 کاروباری ایام کی مدت نہ گزر جائے۔

## 14.3 الف رجسٹریشن کی غلط تفصیلات کے لئے تیز انضباطی طریقہ کار

اگر، باب 13 کے تحت، CDC رجسٹریشن کی تفصیلات اور دیگر معلومات پر نظر ثانی کرتی ہے، بشمول حیثیت زکوٰۃ، جو کسی ذیلی اکاؤنٹ سے متعلقہ ہو، اور چیف ایگزیکٹو افسر کی معقول رائے میں، نظر ثانی نے غلط اور نامکمل تفصیلات اور/ یا معلومات کا انکشاف کیا ہے، تو چیف ایگزیکٹو افسر، ہر ایک ایسے ذیلی اکاؤنٹ کی بابت جو غلط یا نامکمل تفصیلات اور/ یا معلومات کا حامل ہے، تو 200 روپے (دو سو روپے) کا جرمانہ پارٹیسپنٹ (Participant) پر عائد کرے گا، اور مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کو بذریعہ نوٹس طلب کرے گا، کہ غلطی یا نامکملیت جسے CDC نے شناخت کیا کو 3 کاروباری ایام کی مدت میں درست کرے۔ اس صورت میں کہ پارٹیسپنٹ (Participant) CDC کی جانب سے

رجسٹریشن تفصیلات اور/ یا معلومات میں شناخت کردہ غلطیوں یا نامکملیت کو نوٹس موصول ہونے کے 3 کاروباری ایام تک درست نہیں کرتا، تو چیف ایگزیکٹو افسر ہر ایک ذیلی اکاؤنٹ کی بابت -/500(پانچ سو روپے) یومیہ جرمانہ مذکورہ پارٹیسپنٹ(Participant) پر عائد کر سکتا ہے جو کہ مذکورہ غلط یا نامکمل تفصیلات رجسٹریشن اور/ یا دیگر معلومات کا حامل ہو جب تک کہ غلط اور ایسی نامکمل رجسٹریشن تفصیلات /اور/ یا معلومات کو درست نہیں کرلیتا۔ مزید برآں، چیف ایگزیکٹو افسر، عدم تعمیل کنندہ پارٹیسپنٹ(Participant) کی اتھارٹی ختم کرنے کا وہ نیا ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کا حکم بھی دے سکتا ہے اور CDC فی الفور مذکورہ حکم کی تعمیل کرے گی۔ چیف ایگزیکٹو افسر کسی بھی معقول وجوع کی بناء پر، کسی بھی پارٹیسپنٹ(Participant) کو اس ریگولیشن (Regulation) کے تحت کسی بھی عائد کردہ جرمانے میں مکمل یا جزوی، چھوٹ دے سکتا ہے۔

## 14.3ب سہو پر مبنی ٹرانزیکشن پر جرمانہ

14.3ب.1 ان ریگولیشن(Regulation) کی کسی بھی دوسری دفعہ کے باوصف، اکاؤنٹ ہولڈر یا ایشور(Issuer) کی جانب سے ہر ایک سہو پر مبنی ٹرانزیکشن کی CDC کو ترسیل کی بابت، جیسی بھی صورت ہو:

(الف) CDC مذکورہ ٹرانزیکشن کے اطلاق کے باوصف فیس وڈپازٹ جدول کی مفہوم میں دی گئی رقم کے 10% کی حد تک مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایشور(Issuer) پر جرمانہ عائد کرسکتی ہے جس کی انتہائی حد -/20,000(بیس ہزار روپے) ہوگی، جیسی بھی صورت ہو؛ اور

(ب) کل رقم جو مذکورہ ٹرانزیکشن کے باوصف فیس وڈپازٹ جدول کے مفہوم میں بیان کی گئی ہے ختم کردہ متصور ہوگی۔

## 14.3ج ریگولیشن 9.1.1 کی شق (ک الف) میں بیان کردہ شرائط کی خلاف ورزی کے لئے تیز انضباطی طریقہ کار

14.3ج.1 اگر، ریگولیشن (Regulation) 13.1.7 کے تحت، CDC ریگولیشن (Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (پنجم) کی شرائط کی نسبت پارٹیسپنٹ (Participant) کی تعمیل کی نگرانی کرتی ہے اور مذکورہ عمل ایسے پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے مذکورہ ذیلی شق کی خلاف ورزی کا انکشاف کرتا ہے، تب، چیف ایگزیکٹو افسر یا اس کا مختار:

**(الف)** ریگولیشن 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (پنجم) کی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے متوازی اکاؤنٹ میں رکھی گئی بک انٹری سکیورٹیز کی موجودہ بازاری قدر پر 1% کی شرح سے/ یا پچیس ہزار روپے (25,000) روپے جو کوئی بھی زیادہ ہو، جرمانہ کی انتہائی حد ایک لاکھ روپے (100,000) روپے سے زائد نہ ہو، پر جرمانہ عائد کر سکے گا، اور بذریعہ نوٹس، متعلقہ پارٹیسپنٹ (Participant) کو طلب کر سکے گا، کہ مذکورہ نوٹس کے موصول ہونے کے بعد، (2) کاروباری ایام میں، خلاف ورزی کی درستگی کرے؛ اور

**(ب)** اس صورت میں کہ پارٹیسپنٹ (Participant) اپنی خلاف ورزی کی درستگی نہیں کرتا اور / یا مذکورہ بالا پیرا گراف (الف) کی پیروی میں عائد کردہ جرمانہ CDC سے مذکورہ بالا پیرا گراف کی پیروی میں نوٹس وصول کرنے کے 2 کاروباری ایام میں ادا نہیں کرتا تو مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کی CDS میں شمولیت پر باب 15 کی شرائط کی مطابقت میں پابندی عائد کرتا ہے کہ CDC میں ٹرانزیکشن یا ٹرانزیکشن کی ترسیل کے لئے استحقاق کو واپس کرتے ہوئے اس کے زیر کنٹرول مکفولہ اکاؤنٹ کی بابت اور مذکورہ پابندی اس کے عائد کرنے کی تاریخ سے 90 ایام کی مدت تک لاگو رہے گی، باوجود اس کے کہ پارٹیسپنٹ (Participant) ان طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، خلاف ورزی کو ہر پہلو سے، درست کرتا ہے اور

ریگولیشن(Regulation) 3 .ج14.3 کی پیروی میں مذکورہ امتناع کی مدت کی انقضاء سے قبل جرمانہ ادا کرتا ہے جوحسب ذیل کے تابع ہوگا:

**(اوّل)** ہرایک پہلو سے ریگولیشن(Regulation)9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (پنجم) کی خلاف ورزی کی درستگی اورریگولیشن (Regulation)14.3C.1 کی شق (الف) کی پیروی میں عائد کردہ جرمانے کی ادائیگی؛اور

**(دوم)** اس ریگولیشن(Regulation)1 .ج14.3 کی شق (ب) میں محولہ مدت امتناع کی انقضاء۔

14.3ج.2 ریگولیشن(Regulation)1 .ج14.3 کے پیراگراف (الف) اور (ب) کی شرائط جرمانہ کے عائد کرنے اور پارٹیسپنٹ(Participant) کی CDS شمولیت پر امتناع کی نسبت بہ تغیرات مناسب لاگو ہوگی اس صورت میں کہ ریگولیشن(Regulation)13.1.7 کے تحت پارٹیسپنٹ (Participant) CDC مانیٹرنگ کمپلائنس کی پیروی میں ریگولیشن(Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (پنجم) کی دوسری مرتبہ خلاف ورزی میں پایا جاتا ہے۔

14.3ج.3 اس صورت میں کہ اگر پارٹیسپنٹ(Participant) ریگولیشن(Regulation)13.1.7 کے تحت CDC مانیٹرنگ کمپلائنس کی پیروی میں، ریگولیشن(Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (پنجم) کی خلاف ورزی میں، تیسری مرتبہ پایا گیا، تو چیف ایگزیکٹوافسر یا اس کا مختار باب 15 کی شرائط کی مطابقت میں مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے CDS میں داخلے پر پابندی عائد کرسکتا ہے اور پارٹیسپنٹ (Participant) پر ریگولیشن(Regulation) 1 .ج14.3 کے پیراگراف (الف) کی پیروی میں محولہ جرمانہ عائد کرسکتا ہے ۔ ریگولیشن3 .ج 14.3 کے تحت پارٹیسپنٹ (Participant) کی CDS میں شمولیت پر عائد پابندی اس کے عائد کیئے جانے سے کم ازکم 90 ایام کی مدت تک لاگو رہے گی، باوجود اس کے کہ پارٹیسپنٹ (Participant) نے

طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں اس کی تصحیح کر دی ہو، خلاف ورزی جس کے سبب اس کی CDS میں شمولیت ممنوع ہوئی تھی اور مذکورہ مدت امتناع کے خاتمہ سے قبل جرمانہ ادا کر دیا ہو۔ ریگولیشن (Regulation) 3.ج 14.3 کی پیروی میں عائد کردہ امتناع کا خاتمہ حسب ذیل کے تابع ہوگا:

**(اوّل)** ریگولیشن (Regulation) 9.1.1 کی شق (ک الف) کی ذیلی شق (پنجم) کی خلاف ورزی کے ہر لحاظ سے تصحیح اور ریگولیشن (Regulation) 3.ج 14.3 کی پیروی میں عائد کردہ جرمانے کی ادائیگی؛ اور

**(دوم)** محولہ بالا مدت امتناع کا خاتمہ۔

## 14.4 انضباطی کارروائیوں کا آغاز

14.4.1 اگر بورڈ کے پاس یہ باور کرنے کی معقول وجہ ہو کہ CDS ایلمنٹ (Element) نے ریگولیشنز (Regulations) کی کسی دفعہ کی خلاف ورزی کی ہے، تو CDS, CDC ایلمنٹ (Element) کو خلاف ورزی پر ریگولیشن (Regulation) 14.4.2 کی تعمیل کا نوٹس دے گی۔

14.4.2 CDS ایلمنٹ (Element) کو دیا گیا خلاف ورزی کا نوٹس:

**(الف)** ان ریگولیشنز (Regulations) کی شرائط کی صراحت کرے گا جن کی خلاف ورزی باور ہوئی ہو؛

**(ب)** باور کردہ خلاف ورزی کے کوائف بیان کرے گا؛

**(ج)** یہ بیان کرے گا کہ بورڈ انضباطی ٹربیونل کی صدر کو کارروائی کی سماعت کے لئے تاریخ وقت اور مقام کے لئے درخواست کرے گا؛

**(د)** یہ بیان کرے گا کہ CDS ایلمنٹ (Element) کو تاریخ، وقت اور جگہ کا معقول نوٹس دیا جائے گا۔

14.4.3 CDC فی الفور خلاف ورزی نوٹس کی نقل صدر انضباطی ٹربیونل کو دے گی اور اس صدر سے کارروائی کی سماعت کے لئے مقام، تاریخ اور وقت کے تعین کی درخواست کرے گی۔

14.4.4 اگر صدر انضباطی ٹربیونل، ریگولیشنز (Regulations) 14.2.3 اور 14.2.4 کے تابع، CDC کی جانب سے خلاف ورزی کا نوٹس وصول کرتا ہے، تو صدر جتنی جلدی قابل عمل ہو:

**(الف)** انضباطی ٹربیونل کے دو ممبران کو نامزد کرے گا، جو صدر کے ساتھ مل کر کارروائی کی غرض کے لئے انضباطی ٹربیونل تشکیل دیں گے؛

**(ب)** کارروائی کی سماعت کے لئے مقام، تاریخ اور وقت مقرر کرے گا؛ اور

**(ج)** فریقین کو سماعت کے لئے مقام، تاریخ اور وقت کا معقول نوٹس دیں گے۔

14.4.5 سماعت کی کارروائی ریگولیشن (Regulation) 14.10 کی مطابقت میں کی جائے گی۔

## 14.5 <u>جرمانے</u>

14.5.1 اگر انضباطی ٹربیونل اس بات کا تعین کرتا ہے کہ CDS ایلمنٹ (Element) نے ان ریگولیشنز (Regulations) کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے تو حسب ذیل میں سے کوئی ایک یا زائد کام کر سکتا ہے:

**(الف)** CDS ایلمنٹ (Element) کی سرزنش (Censure) کرنا؛

**(ب)** CDC کو ہدایت کر سکتا ہے کہ CDS ایلمنٹ (Element) یا پبلک کے لئے CDS ایلمنٹ (Element) کا نام اور ان سے متعلقہ کوئی بھی معلومات شائع کرے:

**(اوّل)** خلاف ورزی؛ اور

**(دوم)** کوئی عائد کردہ جرمانہ یا دی گئی ہدایت؛

**(ج)** CDS ایلمنٹ (Element) پر جرمانہ عائد کرے جو -/20,000 روپے سے متجاوز نہ ہو؛

**(د)** اگر، خلاف ورزی کے سبب، CDC نے نقصان یا ہرجانہ برداشت کیا ہو، تو CDS ایلمنٹ (Element) کو ہدایت کرے گا کہ CDC کو رقم ادا کی جائے جو اس نقصان یا ہرجہ کی رقم سے متجاوز نہ ہو۔

**(ہ)** اگر، خلاف ورزی کے سبب، کوئی بھی دیگر CDS ایلمنٹ (Element) نے نقصان یا ہرجہ برداشت کیا ہو، CDS ایلمنٹ کو ہدایت کرے گا کہ دوسرے CDS ایلمنٹ (Element) کو رقم کی ادائیگی کرے جو اس نقصان یا ہرجہ کی رقم سے متجاوز نہ ہو؛

(و) CDS ایلمنٹ (Element) کو ہدایت کرے گا کہ، CDC کے لئے اطمینان بخش صورت میں انضباطی ٹربیونل کی ہدایت کے مطابق شامل یا اَپ گریڈ کرے، تعلیمی یا تعمیلی پروگراموں کو جسے اس طرز سے ترتیب دیا جائے کہ CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے مستقبل میں ہونے والی خلاف ورزیوں کا تدارک ہو سکے؛

(ز) CDS ایلمنٹ (Element) کی CDS میں شمولیت پر ایک سال تک کی مدت کے لئے پابندی عائد کرے؛ اور/ یا

(ح) CDS ایلمنٹ (Element) کی CDS میں شمولیت کو مذکورہ شرائط پر جیسا کہ ٹربیونل موزوں خیال کرے، ایک سال تک کی مدت کے لئے معطل کرے۔

14.5.2 ریگولیشن (Regulation) 14.5.1 کے تحت ہر ایک خلاف ورزی کی بابت کل رقم جس کی ادائیگی کی بابت انضباطی ٹربیونل CDS ایلمنٹ (Element) کو ہدایات کرے لازماً -/20,000 روپے سے متجاوز نہیں ہونی چاہیے۔

14.5.3 اگر انضباطی ٹربیونل یہ تعین کرتا ہے کہ CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے کوئی بھی خلاف ورزی:

**(الف)** دیانتداری اور منصفانہ طور پر عمل نہ کرنے کے سبب سے ہے:

**(ب)** CDC یا دیگر CDS ایلمنٹ (Element) کے مفادات کے لئے مضرت رساں تھی یا معقول طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ہو سکتی تھی؛ یا

**(ج)** ان ریگولیشنز (Regulations) کی ایک یا زائد دفعات کی ناکامی شامل ہے یا معقول حد تک یا یکساں طور پر اس کا حصہ بن رہا ہے۔

انضباطی ٹربیونل، کسی بھی کے مزید برآں؛

(د) ہدایت کے کہ معلومات کو شائع کیا جائے؛ یا

(ہ) جرمانہ جو کہ CDS ایلمنٹ (Element) پر عائد کیا گیا؛

CDS ایلمنٹ (Element) کی CDS میں شمولیت کو ختم کر سکتا ہے۔

## 14.5الف ایکٹ کی دفعہ 24 کی خلاف ورزی پر انضباطی کارروائیاں

14.5الف.1 اگر چیف ایگزیکٹوافسر کے پاس یہ باور کرنے کی وجہ موجود ہو کہ پارٹیسپنٹ (Participant) نے اس ایکٹ کی دفعہ 24 کی کسی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے، تو CDC ریگولیشن (Regulation) 2.الف 12.5 کی تعمیل میں مذکورہ پارٹسپنٹ (Participant) کو خلاف ورزی کا نوٹس دے سکے گی۔

14.5الف.2 پارٹیسپنٹ (Participant) کو دیا گیا خلاف ورزی نوٹس حسب ذیل پر مشتمل ہوگا:

**(الف)** ایکٹ کی دفعہ 24 کی باور کردہ خلاف ورزی کی تفصیلات بیان کرے گا؛ اور

**(ب)** پارٹیسپنٹ (Participant) کو جواب دہی کے لئے تین کاروباری ایام کی اجازت دے گا۔

14.5الف.3 اگر CDC کو ریگولیشن (Regulation) (ب) 2.الف 14.5 میں بیان کردہ مدت کے اندر خلاف ورزی نوٹس کا جواب وصول نہیں ہوتا، یا چیف ایگزیکٹوافسر پیش کردہ جواب سے مطمئن نہیں ہوتا، تو چیف ایگزیکٹوافسر یہ حکم جاری کرسکتا ہے کہ پارٹیسپنٹ (Participant) کی حیثیت کو پارٹیسپنٹ (Participant) سے عمومی اکاؤنٹ ہولڈر میں تبدیل کردیا جائے، چیف ایگزیکٹو کے حکم کی ایک نقل فی الفور پارٹیسپنٹ (Participant) کو بھیج دی جائے گی، مذکورہ حکم مدلل حکم ہوگا، CDC، اس ریگولیشن (Regulation) 14.5A.3 کے آخری جملے کے تابع، فی الفور چیف ایگزیکٹوافسر کے مذکورہ حکم کی تعمیل کرے گی اور پارٹیسپنٹ (Participant) کی اس ہولڈنگز میں رسائی کو جسے وہ کنٹرول کررہی ہے ختم کردے گی (جو کہ اس کا ہاؤس اکاؤنٹ نہ ہو) اور ایسے انتظامات کرسکتی ہے جیسا کہ لازم یا ضروری ہوتا کہ کسی بھی ہولڈنگ میں موجود بک انٹری سکیورٹیز کو جسے پارٹیسپنٹ (Participant) کنٹرول کررہا ہے اس کے کنٹرول سے ہٹادیا جائے۔ مذکورہ انتظامات کرتے ہوئے، CDC پوشیدہ رکھے گی، جہاں تک کہ ممکن ہو، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی خواہشات کو جن کے ذیلی اکاؤنٹس پارٹیسپنٹ (Participant) کے زیر کنٹرول ہیں اور پارٹیسپنٹ (Participant) کے کلائنٹس کی خواہشات جن کی بک انٹری سکیورٹیز کی ہولڈنگز پارٹیسپنٹ (Participant) کے گروپ اکاؤنٹ میں

ریکارڈ شدہ ہیں۔ اس صورت میں کہ کوئی بک انٹری سکیورٹیز پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے کنٹرول کردہ ہولڈنگ میں پلیجڈ پوزیشن(**Pledged Position**) میں ہوں، CDC، اس ریگولیشن(Regulation) کے تحت انتظامات کرتے ہوئے مخفی رکھے گی، جہاں تک کہ ممکن ہو، ایلیجیبل پلیجی(Eligible Pledge) کی خواہشات کو، جس کے حق میں، بک انٹری سکیورٹیز کو پلیجڈ پوزیشن(Pledged Position) میں رکھا گیا ہے جہاں پارٹیسپنٹ (Participant) TRE سٹرفکیٹ ہولڈر ہو تو CDC، اس ریگولیشن (Regulation) کے تحت چیف ایگزیکٹوافسر کے حکم کو موثر کرنے سے قبل ریگولیشن(Regulation)14.9 کے پیراگرافس(د)اور(ہ) کی مقتضیات کی تعمیل کرے گی۔

**14.5الف.4** اگر چیف ایگزیکٹوافسر ریگولیشن(Regulation)3.الف14.5 کے تحت کوئی حکم جاری کرتا ہے، تو پارٹیسپنٹ(Participant)، CDC کو نوٹس دیتے ہوئے، چیف ایگزیکٹو کے حکم کی ترسیل کو وصول کرنے کے 10 کاروباری ایام کے اندر، معاملے سے نبٹنے کے لیئے انضباطی ٹربیونل کے رُوبرُو کارروائی کرسکتا ہے۔

**14.5الف.5** اگر CDC ریگولیشن(Regulation)4.الف14.5 کے تحت پارٹیسپنٹ(Participant) سے نوٹس وصول کرتی ہے:

**(الف)** تو چیف ایگزیکٹو کا حکم برقرار نہیں رہے گا؛

**(ب)** تو CDC ریگولیشن(Regulation)6.الف12.5 کی مطابقت میں باور کردہ خلاف ورزی کی بابت نوٹس دے گی؛ اور

**(ج)** اس کے بعد، باور کردہ خلاف ورزی سے کارروائی کے ذریعے نبٹا جائے گا۔

**14.5الف.6** ریگولیشن(Regulation) 5.الف14.5 کے تحت پارٹیسپنٹ(Participant) کو دیا گیا خلاف ورزی کا نوٹس:

**(الف)** اس ایکٹ کی دفعہ 24 کی باور کردہ خلاف ورزی کی تفصیلات بیان کرے گا؛

**(ب)** یہ بیان کرے گا کہ CDC انضباطی ٹربیونل کے صدر کو درخواست کرے گی کہ کارروائی کی سماعت کے لئے وقت، تاریخ اور جگہ کا تعین کیا جائے؛ اور

(ج) یہ بیان کرے گی کہ سماعت کے لئے پارٹیسپنٹ (Participant) کو تاریخ، وقت اور جگہ کا مناسب نوٹس دیا جائے گا۔

14.5الف.7 CDC فی الفور خلاف ورزی نوٹس کی نقل انضباطی ٹریبونل کے صدر کو دے گی اور صدر سے درخواست کرے گی کہ کارروائی کی سماعت کے لئے تاریخ، وقت اور جگہ کا تعین کیا جائے؛

14.5الف.8 اگر انضباطی ٹریبونل کا صدر ریگولیشنز (Regulations) 14.2.3 اور 14.2.4 کے تابع، CDC سے کارروائی کی نسبت خلاف ورزی نوٹس وصول کرتا ہے، تو صدر جس قدر جلدی ممکن ہو:

(الف) انضباطی پینل سے دو ممبران نامزد کرے گا، جو صدر کے ساتھ مل کر، کارروائی کی غرض کے لئے انضباطی ٹریبونل تشکیل دیں گے؛

(ب) کارروائی کی سماعت کے لئے جگہ، تاریخ اور وقت مقرر کرے گا؛ اور

(ج) فریقین کو جگہ، تاریخ اور وقت کے لئے موزوں نوٹس دے گا۔

14.5الف.9 کارروائی کی سماعت ریگولیشن (Regulation) 14.10 کی مطابقت میں منعقد کی جائے گی۔

14.5الف.10 اگر انضباطی ٹریبونل یہ تعین کرتا ہے کہ پارٹیسپنٹ (Participant) نے ایکٹ کی دفعہ 24 کی شرط کی خلاف ورزی کی ہے، تو انضباطی ٹریبونل ایک حکم جاری کرے گا جس میں ریگولیشن (Regulation) 14.5الف.3 کے تحت چیف ایگزیکٹو افسر کے حکم کو برقرار رکھا جائے گا اور CDC کو ہدایت کرے گا کہ CDS ایلمنٹ (Element) کو شائع کیا جائے اور / یا اس پارٹیسپنٹ (Participant) کے نام اور حسب ذیل سے متعلقہ کوئی بھی معلومات عام کی جائیں:

(اوّل) ایکٹ کی دفعہ 24 کی خلاف ورزی؛ اور

(دوم) پارٹیسپنٹ (Participant) کی حیثیت کی عمومی اکاؤنٹ ہولڈر میں تبدیلی۔

14.5الف.11 اگر انضباطی ٹریبونل یہ تعین کرتا ہے کہ پارٹیسپنٹ (Participant) کی جانب سے ایکٹ کی دفعہ 24 کی خلاف ورزی ہوگئی ہے، تو پارٹیسپنٹ (Participant) انضباطی ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف CDC کو اپیل نوٹس دیتے ہوئے اپیل کرسکتا ہے جو

ریگولیشن(Regulation)12.الف14.5 کی تعمیل میں ہوگی، اگر ٹربیونل یہ تعین کرتا ہے کہ ایکٹ کی دفعہ 24 کی خلاف ورزی نہیں ہوئی تو CDC انضباطی ٹربیونل کے فیصلے کے خلاف پارٹیسپنٹ (Participant) کو اپیل نوٹس دیتے ہوئے اپیل کر سکتی ہے جو ریگولیشن(Regulation)12.الف14.5 کی تعمیل میں ہوگی۔

**14.5الف.12** اپیل نوٹس:

**(الف)** اپیل کی وجوہات بیان کرے گا؛ اور

**(ب)** ریگولیشن(Regulation)14.10.14 کے تحت درخواست گزار کی جانب سے انضباطی ٹربیونل کے فیصلے کی وصولی کے بعد 10 کاروباری ایام کے اندر دیا جائے گی۔

**14.5الف.13** اگر CDC:

**(الف)** پارٹیسپنٹ (Participant) سے اپیل نوٹس وصول کرتی ہے؛ یا

**(ب)** پارٹیسپنٹ (Participant) کو اپیل نوٹس دیتی ہے،

تو CDC فی الفور اپیل نوٹس کی نقل کمیشن کو فراہم کرے گی اور کمیشن سے درخواست کرے گی کہ اپیل کی سماعت کے لئے جگہ، تاریخ اور وقت مقرر کرے۔

**14.5الف.14** اگر کمیشن CDC سے اپیل کی نقل وصول کرتا ہے، تو کمیشن جتنا جلدی قابل عمل ہو:

**(الف)** اپیل کی سماعت کے لئے جگہ، تاریخ اور وقت مقرر کرے گا؛ اور

**(ب)** فریقین کو سماعت کے لئے جگہ، تاریخ اور وقت کا معقول نوٹس دے گا۔

**14.5الف.15** اپیل ریگولیشن14.10(Regulation) کی مطابقت میں منعقد کی جائے گی۔

**14.5الف.16** اپیل کا انعقاد مکرر سماعت اپیل کے طور پر نہ کیا جائے گا، مگر کمیشن انضباطی ٹربیونل کے فیصلے پر نظر ثانی اور اس سے علیحدہ فیصلہ کر سکتا ہے۔

**14.5الف.17** کمیشن حسب ذیل کر سکتا ہے:

**(الف)** توثیق؛ یا

**(ب)** انضباطی ٹربیونل کے حکم کو جس سے کہ اپیل متعلقہ ہے کالعدم قرار دے سکتا ہے۔

**14.5الف.18** CDC کمیشن کی جانب سے اپیل کے تعین کی مطابقت میں نفاذ کی کارروائی کرے گی۔

14.5الف.19 اپیل اگر مکمل طور پر منظور ہو جاتی ہے تو، درخواست گزار فریق کا معقول خرچہ دوسرا فریق برداشت کرے گا، کسی بھی دوسری صورت میں، کمیشن، اپنی صوابدید پر، فریق کو حکم دے گا کہ وہ معقول خرچہ ادا کرے، یا خرچہ کا کوئی مخصوص حصہ یا تناسب، اپیل کے دوسرے فریق کو ادا کرے۔

14.5الف.20 ریگولیشن (Regulation) الف 14.5 کے تحت کسی بھی فریق کے خلاف لیا گیا ایکشن کسی طور پر اس ایکٹ کی دفعہ 28(2) کی شرائط کو محدود کرنے، پابند کرنے، کمزور کرنے، تبدیل کرنے یا ان کی جگہ لینے کے طور پر متصور نہ ہوگا۔

## 14.6 انضباطی رجسٹر اور فیصلہ جات کی اشاعت

14.6.1 CDC ایک انضباطی رجسٹر قائم کرے اور برقرار رکھے گی جس میں CDS ایلمنٹس (Elements) کی جانب سے کی گئی خلاف ورزیوں جن کے وقوع پذیر ہونے کا تعین کیا گیا ہے کی تفصیلات ریکارڈ کی جائیں گی۔

14.6.2 ریگولیشن (Regulation) 14.7.1 کے تابع، اگر انضباطی ٹربیونل یہ تعین کرتا ہے کہ CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے خلاف ورزی کی گئی ہے، تو CDC، خواہ کوئی جرمانہ عائد کیا گیا تھا یا نہیں، انضباطی رجسٹر میں حسب ذیل تفصیلات درج کرے گی؛

**(الف)** CDS ایلمنٹ (Element) کا نام؛

**(ب)** ان ریگولیشنز (Regulations) کی شرائط جن کا تعین کیا گیا ہے کہ ان کی خلاف ورزی ہوئی؛

**(ج)** خلاف ورزی کی سرسری تفصیل؛ اور

**(د)** عائد کردہ جرمانے کی سرسری تفصیل۔

14.6.3 انضباطی رجسٹر کی ایک نقل CDC کے اہم کاروباری مقام پر رکھی جائے گی اور عام کاروبار اوقات کے دوران کسی بھی شخص کے معائنے کے لئے دستیاب ہوگی۔

14.6.4 CDC انضباطی رجسٹر کے کسی بھی حصے کی نقل کسی بھی شخص کو دے سکے گی جو:

**(الف)** نقل کے لئے درخواست کرے گا؛ اور

**(ب)** CDC کو مطلوبہ معقول فیس ادا کرے گا۔

## 14.7 اپیلیں

14.7.1 اگر انضباطی ٹربیونل اس بات کا تعین کرتا ہے کہ CDS ایلمنٹ(Element) کی جانب سے خلاف ورزی کی گئی ہے،توCDC:

**(الف)** انضباطی رجسٹر میں تعین کی تفصیلات ریکارڈ نہیں کرے گی؛یا

**(ب)** انضباطی ٹربیونل کی جانب سے کسی عائد کردہ جرمانے یا دی گئی ہدایات کی نسبت کوئی بھی نفاذ کی کارروائی نہیں کرے گی؛

**(ج)** اگر کوئی اپیل ہو،اس کا فیصلہ یا واپس ہو جائے؛یا

**(د)** کسی بھی دوسری صورت میں،اپیل نوٹس کے لئے دیا گیا وقت گزر جائے۔

14.7.2 اگر انضباطی ٹربیونل یہ فیصلہ کرتا ہے کہ،CDS ایلمنٹ(Element) کی جانب سے خلاف ورزی کی گئی ہے،توCDS ایلمنٹ(Element) فیصلہ کے خلاف اپیل کر سکتا ہے،جس میں ریگولیشن(Regulation)14.7.3 کی تعمیل میں CDC کو اپیل نوٹس دیتے ہوئے کسی بھی نوعیت کا عائد کردہ جرمانہ یا ہدایت شامل ہے۔

14.7.3 اپیل نوٹس:

**(الف)** فیصلہ یا فیصلے کے کسی حصہ کی شناخت کرے گا جس کے خلاف اپیل کی گئی ہے؛

**(ب)** اپیل کی وجوہات بیان کرے گا؛اور

**(ج)** ریگولیشن(Regulation)14.10.14 کے تحت انضباطی ٹربیونل کے فیصلے اور تحریری وجوہات کی درخواست گزار فریق کو وصول ہونے کے 10 کاروباری ایام کے اندر دیا جائے گا۔

14.7.4 اگرCDC:

**(الف)** CDS ایلمنٹ(Element) سے اپیل نوٹس وصول کرتی ہے؛یا

**(ب)** CDS ایلمنٹ(Element) کو اپیل نوٹس دے گی،

توCDC فی الفور اپیل نوٹس کی نقل کمیشن کو فراہم کرے گی اور کمیشن سے درخواست کرے گی کی اپیل کی سماعت کے لئے جگہ،تاریخ اور وقت مقرر کرے۔

14.7.5 اگر کمیشن CDC سے اپیل نوٹس کی نقل وصول کرتا ہے، تو کمیشن جتنا جلد قابل عمل ہو:

**(الف)** اپیل کی سماعت کے لئے جگہ، تاریخ اور وقت مقرر کرے گا؛ اور

**(ب)** سماعت کی جگہ، تاریخ اور وقت کا فریقین کو مناسب نوٹس دے گا۔

## 14.8 اپیلوں کی سماعت اور فیصلہ

14.8.1 اپیل ریگولیشن (Regulation) 14.10 کی مطابقت میں انعقاد پذیر ہوگی۔

14.8.2 اپیل بطور سماعت مکرر منعقد نہ ہوگی اس کارروائی کی جس کی اپیل کی گئی، مگر کمیشن انضباطی ٹریبونل کے کسی بھی فیصلے پر نظر ثانی یا اس سے علیحدہ فیصلہ کر سکتا ہے۔

14.8.3 کمیشن حسب ذیل کام کر سکتا ہے:

**(الف)** توثیق؛

**(ب)** بشمول کسی بھی عائد کردہ جرمانہ یا دی گئی ہدایت کی نسبت اختلاف ریا

**(ج)** اسے کالعدم قرار دینا اور ایک دوسرے فیصلے سے تبدیل کر دینا،

انضباطی ٹریبونل کے اس فیصلے پر جس سے کہ اپیل متعلقہ ہے۔

14.8.4 اگر کمیشن یہ فیصلہ کرتا ہے کہ خلاف ورزی CDS ایلمنٹ (Element) کی جانب سے ہوئی ہے اور انضباطی ٹریبونل کے فیصلے سے اختلاف کرتا ہے یا اسے کالعدم قرار دیتا ہے:

**(الف)** تو انضباطی رجسٹر کے تفصیلی ریکارڈ کو اپیل ٹریبونل کے فیصلے سے ملایا جائے گا؛ اور

**(ب)** CDC اپیل ٹریبونل کے فیصلے کی مطابقت میں نفاذ کی کارروائی کرے گی۔

14.8.5 اپیل اگر مکمل طور پر منظور ہو جاتی ہے تو، درخواست گزار فریق کا معقول خرچہ دوسرا فریق برداشت کرے گا، کسی بھی دوسری صورت میں، کمیشن اپنی صوابدید پر، فریق کو حکم دے گا کہ وہ معقول خرچہ ادا کرے، یا خرچہ کا کوئی معقول حصہ یا تناسب، اپیل کے دوسرے فریق کو ادا کرے۔

## 14.9 TRE سرٹیفکیٹ ہولڈرز کی انضباط کاری

14.1.9 اگر انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، اکاؤنٹ ہولڈر کو جو TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو پر جرمانہ عائد کرتا ہے یا ہدایات دیتا ہے جو کہ حسب ذیل میں ملوث ہو:

**(الف)** اسے ختم کرنے میں؛

**(ب)** معطل کرنے سے؛ یا

**(ج)** CDS میں شامل ہونے پر، شرط یا پابندی CDC کسی کارروائی کے آغاز سے قبل اس جرمانے کو موثر کرے گی:

(د) متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کو جرمانہ یا ہدایات کا نوٹس دے گی؛ اور

(ہ) اسٹاک ایکسچینج کو معقول وقت دیا جائے گا جس میں کہ وہ کارروائی کرے تاکہ اسٹاک ایکسچینج کے موثر آپریشن میں کسی بھی خرابی کے خطرے کو کم کیا جاسکے یا اس سے بچا جاسکے جو جرمانوں کے عائد کرنے یا ہدایات کی تعمیل کرنے کے نتیجے میں ہوسکتا ہے۔

## 14.10 انضباطی ٹربیونل اور کمیشن کے رُوبرُو سماعتیں

14.10.1 ریگولیشنز (Regulations) 14.10.2 تا 14.10.14 تک کا اطلاق اپیلوں کی سماعتوں اور کارروائیوں کی نسبت ہوتا ہے، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو۔

14.10.2 انضباطی ٹربیونل کا صدر یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، سماعت کی تاریخ کو جس کے لئے پہلے ہی سے نوٹس دیا جاچکا ہو منسوخ کرسکتا ہے اور اس کے لئے سماعت کی متبادل تاریخ مقرر کرے گا متبادل سماعت کی تاریخ کا مناسب نوٹس فریقین کو فراہم کرے گا۔

14.10.3 انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، سماعت کو ملتوی کرسکتا ہے اور دوبارہ طلبی کرسکتا ہے جیسا کہ وہ موزوں خیال کرے۔

14.10.4 ریگولیشنز (Regulations) 14.10.5 اور 14.10.6 کے تابع، انضباطی ٹربیونل یا کمیشن کے رُوبرُو سماعت، جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو، پرائیویٹ طور پر ہوگی۔

14.10.5 سماعت کے وقت، انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو:

**(الف)** ہر ایک فریق کو سماعت کی اجازت ہوگی کہ:

**(اوّل)** بذات خود حاضر ہو، مع ایک نمائندے کے؛ یا

**(دوم)** دو نمائندوں کے ذریعے نمائندگی کروائے؛

**(ب)** ہر ایک فریق کو سماعت کے وقت اجازت ہوگی اور اس فریق کے ہر ایک نمائندے کو کہ سماعت میں گزارشات پیش کر سکے گا؛ اور

**(ج)** ایک فریق کے دو یا اس سے زائد نمائندگان کو حاضری کی اجازت ہوگی۔

14.10.6 سماعت میں فریق کی نمائندگی حسب ذیل کر سکتے ہیں:

**(الف)** فریق کا افسر یا ملازم؛

**(ب)** وکیل جس کے پاس پاکستان میں پریکٹس کا لائسنس ہو؛

**(ج)** کوئی بھی دیگر پیشہ ور مشیر جس کا علم یا قابلیت انضباطی ٹربیونل یا کمیشن کی رائے میں، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، سماعت سے متعلقہ ہو؛ یا

**(د)** کوئی بھی دیگر شخص جس کی منظوری انضباطی ٹربیونل یا کمیشن نے دی ہو۔

14.10.7 اگر فریق انضباطی ٹربیونل یا کمیشن کے روبرو پیش نہیں ہونا چاہتا، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، وہ فریق، سماعت کے دن سے کم از کم 10 کاروباری ایام قبل (یا ایسا کم وقت جیسا کہ سماعت کی پیشگی نوٹس کی نسبت معقول ہو جو کہ فریق کو دیا جانا تھا) انضباطی ٹربیونل کے صدر یا کمیشن کے پاس، کارروائی یا اپیل کی نسبت تحریری گزارشات، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، درج کروا سکتا ہے۔

14.10.8 انضباطی ٹربیونل یا کمیشن کے روبرو سماعت، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، کا انعقاد:

**(الف)** انضباطی ٹربیونل یا کمیشن کی اجازت کے تھوڑے سے ضوابط اور عملی حیثیت کو ملحوظ رکھتے ہوئے کیا جائے گا، اور اس قدر عجلت کے ساتھ جیسا کہ انضباطی ٹربیونل یا کمیشن بطور معاملات کے مناسب غور و خوض کے لئے اجازت دے؛ اور

**(ب)** اس باب کی شرائط کے تابع، جیسا کہ انضباطی ٹربیونل یا کمیشن مناسب خیال کرے۔

14.10.9 انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، سماعت کی کارروائیوں کی تحریر کا باعث بن سکتے ہیں، اگر تحریر کر لی جائے گی، تو انضباطی ٹربیونل یا کمیشن لازماً تحریر کو فریق کے لئے قابل دستیاب بنائیں گے۔

14.10.10 سماعت میں، انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا معاملے میں مطلوب ہو:

**(الف)** اپنے روبرو اُمور کا تعین بلاتعصب کریں گے۔

**(ب)** ہر ایک فریق کے لئے منصفانہ سماعت کریں گے؛ اور

**(ج)** علاوہ ازیں قدرتی انصاف کے قواعد کی تعمیل کریں گے۔

14.10.11 انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، ایسی قانونی یا دیگر پیشہ وارانہ مشاورت حاصل کر سکتے ہیں، جیسا کہ مطلوب ہو اور اس کے مشیران کی سماعت میں حاضر ہو سکتے ہیں۔

14.10.12 انضباطی ٹربیونل کا ہر ایک رکن ایک ووٹ استعمال کرے گا اور ٹربیونل کا فیصلہ اکثریت پر ہو گا۔ انضباطی ٹربیونل کے صدر کا حتمی ووٹ نہ ہو گا۔

14.10.13 اگر انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، جرمانہ عائد کرتا ہے یا یہ ہدایت کرتا ہے کہ ادائیگی کی جائے (بشمول کسی خرچہ کی ادائیگی کے) انضباطی ٹربیونل یا کمیشن تاریخ مقرر کرے گا جس تک ادائیگی لازماً ہونی چاہیے۔

14.10.14 انضباطی ٹربیونل یا کمیشن، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، سماعت کے نتیجہ خیز ہونے کے 15 کاروباری ایام کے بعد، ہر ایک فریق کو اور، جہاں اکاؤنٹ ہولڈر جو کہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہے ایک فریق ہو، تو متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کو اپنا فیصلہ اور تحریری وجوہات فراہم کرے گا۔

14.10.15 ریگولیشن (Regulation)14.8.5 کے تابع، کارروائی یا اپیل کا ہر ایک فریق، کارروائی یا اپیل کی نسبت اپنے اخراجات خود برداشت کرے گا۔

## 14.11 انضباطی ٹربیونل کے ارکان کا معاوضہ

14.11.1 قانون کے تحت قابل اجازت انتہائی حد تک، CDC حسب ذیل کو معاوضہ دے گی:

**(الف)** انضباطی ٹربیونل کے ہر رکن کو؛ اور

(ب) CDC کے ہر ایک افسر کو جو کارروائی یا اپیل کے سلسلے میں کام کر رہا ہو، کارروائی یا اپیل کے سلسلے میں کسی بھی ذمہ داری کے برخلاف۔

## 14.12 نفاذ کی کارروائی۔ایشور(Issuer) کی ادائیگی میں ناکامی یا ہدایت کی تعمیل میں ناکامی

14.12.1 کسی بھی حق اپیل کے تابع، اگر اہل سکیورٹیز کا ایشور (Issuer) حسب ذیل کی ادائیگی میں ناکام ہوجاتا ہے:

(الف) فیس وڈپازٹ جدول کی مطابقت میں فیس یا چارج؛

(ب) CDC انضباطی ٹریبونل یا کمیشن کی جانب سے دی گئی ہدایت کے تابع رقم کی ادائیگی میں، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو،

رقم کے قابل ادائیگی ہونے کے 20 کاروباری ایام کے اندر:

(ج) ایشور(Issuer) 20% کی شرح سے ہرجانہ دیوالیہ سالانہ ادا کرے گا اس تاریخ سے جب فیس، چارج یا رقم قابل ادائیگی ہوجائے گی؛اور

(د) CDC کسی بھی اسٹاک ایکسچینج کونوٹس دے سکے گی جس میں کہ ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز درج فہرست ہوں اور ایشور(Issuer) کو بھی اپنے ارادے سے کہ وہ ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو معطل کرنا چاہتی ہے۔

14.12.2 اگر اہل سکیورٹیز کا ایشور(Issuer) CDC کی کسی بھی دوسری ہدایت کی تعمیل میں ناکام ہوجاتا ہے، تو انضباطی ٹریبونل یا کمیشن، جیسا بھی معاملے میں مطلوب ہو، اس باب کے تحت، CDC کسی بھی اسٹاک ایکسچینج کونوٹس دے سکتی ہے، جس میں کہ ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز درج فہرست ہوں اور ایشور(Issuer) کو بھی اپنے ارادے سے ایشور(Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت معطل کرنا چاہتی ہے۔

14.12.3 اگر:

(الف) CDC ریگولیشنز (Regulations)(د) 14.12.1 یا 14.12.2 کے تحت اسٹاک ایکسچینج یا ایشور(Issuer) کو نوٹس دیتی ہے؛اور

**(ب)** نوٹس دینے کے 10 کاروباری ایام کے بعد، ایشور(Issuer) نے:

**(اوّل)** فیس، چارج یا رقم ادا نہیں کی؛ یا

**(دوم)** ہدایت کی تعمیل نہیں کی،

جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو،

تو CDC ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز CDS اہلیت معطل کر سکتی ہے۔

14.12.4 اگر:

**(الف)** CDC ریگولیشنز (Regulations)(د) 14.12.1 یا 14.12.2 کے تحت اسٹاک ایکسچینج کو نوٹس دیتی ہے؛ اور

**(ب)** نوٹس دینے کے 10 کاروباری ایام کے بعد، ایشور (Issuer):

**(اوّل)** فیس، چارج یا رقم ادا کرتا؛ یا

**(دوم)** ہدایت کی تعمیل کرتا ہے،

جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو،

تو CDC، ایشور (Issuer) اور اسٹاک ایکسچینج کو نوٹس دے گی کہ ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو معطل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔

14.12.5 اگر:

**(الف)** CDC ریگولیشن (Regulation) 14.12.3 کے تحت ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو معطل کرتی ہے؛ اور

**(ب)** نوٹس دینے کے 60 کاروباری ایام کے بعد، ایشور (Issuer):

**(اوّل)** فیس، چارج یا رقم اور مارک اپ ادا نہیں کرتا؛ یا

**(دوم)** ہدایت کی تعمیل نہیں کرتا،

جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو،

تو CDC، ایشور (Issuer) اور اسٹاک ایکسچینج کو نوٹس دیتے ہوئے ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کر سکتی ہے اور مذکورہ منسوخی معطّلی کے آخری دن پر اختتام دن سے مؤثر ہوگی۔

14.12.6 اگر CDC ریگولیشن(Regulation) 14.12.5 کے تحت ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کو منسوخ کرتی ہے، تو ایشور (Issuer) CDC کو اپیل نوٹس کے ذریعے منسوخی کے خلاف اپیل کرسکتا ہے کہ:

(الف) فیصلہ کی شناخت کرے جس کے خلاف اپیل کی گئی ہے؛

(ب) اپیل کی وجوہات بیان کرے؛ اور

(ج) منسوخی کے موثر ہونے کے 10 کاروباری ایام کے بعد۔

14.12.7 اگر CDC ریگولیشن(Regulation) 14.12.6 کے تحت نوٹس وصول کرتی ہے، تو CDC اپیل نوٹس کی نقل فوراً کمیشن کو دے گی۔

14.12.8 اگر کمیشن ریگولیشن(Regulation) 14.12.7 کے تحت CDC سے اپیل نوٹس کی نقل وصول کرتا ہے، تو کمیشن، جتنا جلد ممکن ہوسکے:

(الف) اپیل کی سماعت کے لئے تاریخ اور وقت مقرر کرے گا (جو کہ CDC کو اپیل نوٹس ملنے کے بعد 10 کاروباری ایام سے زائد نہ ہوگا)؛

(ب) اپیل کی سماعت کے لئے جگہ کا چناؤ کرے گا؛ اور

(ج) فریقین کو سماعت کی جگہ، تاریخ اور وقت کا معقول نوٹس دے گا۔

14.12.9 ریگولیشن(Regulation) 14.12.5 کے تحت ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی منسوخی کے خلاف اپیل ریگولیشن(Regulation) 14.10 کی مطابقت میں حالات میں مذکورہ تبدیلیوں کے ساتھ منعقد کی جائے گی۔

14.12.10 کمیشن:

(الف) ایشور (Issuer) کی سکیورٹیز کی CDS اہلیت کی منسوخی کی توثیق کرسکتا ہے؛ یا

(ب) CDC کو منسوخی ہٹانے کی ہدایت کرسکتا ہے۔

14.12.11 ریگولیشن(Regulation) 14.12 کے تحت CDS اہلیت کی منسوخی کے خلاف اپیل کی نسبت کمیشن کا فیصلہ اور ایشور (Issuer) یا CDC کو قابل ادائیگی خرچہ کا فیصلہ ایشور (Issuer) اور CDC پر حتمی اور قابل پابندی ہوگا۔

# باب15: CDS میں شمولیت پر پابندیاں یا معطلی یا اس کا اختتام

## 15.1 عدم تعمیل کی صورت

15.1.1 ہر ایک واقعات جو نیچے بیان کئے گئے ہیں عدم تعمیل کی صورت کو تشکیل دیتے ہیں:

**(الف)** اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں جو TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو:

**(اوّل)** یہ کہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر اسٹاک ایکسچینج کے TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر کے طور پر دست بردار ہو جائے جس کا وہ ابتداء میں TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر تھا؛

**(دوم)** یہ کہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر بطور بروکر کاروبار چلانے کے استحقاق سے دست بردار ہو جائے؛

**(سوم)** یہ کہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ کی تمام یا کسی بھی مراعات سے معطل کر دیا جائے؛

**(چہارم)** یہ کہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر کو اسٹاک ایکسچینج کے کسی بھی دیگر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر کے ساتھ یا اس کے ذریعے سے کسی بھی کاروباری معاملہ کو کرنے سے روک دیا جائے جس کا وہ ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ اسٹاک ایکسچینج عائد کرے جس کا وہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہے؛

**(پنجم)** یہ کہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر، بطور بروکر فی الوقت اپنا کاروبار چلانے سے رضاکارانہ طور پر دست بردار ہو جائے؛ یا

**(ششم)** یہ کہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ریگولیشن (Regulation)6.8 کی شرائط کی خلاف ورزی کرے یا ریگولیشنز **(Regulations)** (ب)13.1.7، (ج)13.1.7 یا (د)13.1.7 کی مطابقت میں CDC کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کی تعمیل نہ کرے؛ اور

**(ب)** کسی بھی اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں:

(اوّل) اکاؤنٹ ہولڈر کسی بھی شمولیت کا تقاضا پورا کرنے سے دست بردار ہو جائے؛

(دوم) اکاؤنٹ ہولڈر باب 4 کی کسی بھی اہلیت کے تقاضوں کو پورا کرنے سے دست بردار ہو جائے، جیسا کہ ترمیم شدہ مناسب تبدیلیوں کے ساتھ اکاؤنٹ ہولڈر پر لاگو ہو؛

(سوم) اکاؤنٹ ہولڈر ایسا قدم اٹھائے جس کے نتائج اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ان ریگولیشنز (Regulations) کی کسی بھی خلاف ورزی کے زمرے میں آتے ہوں؛ یا

(چہارم) کلیئرنگ کمپنی اکاؤنٹ ہولڈر کو پابند کرے، معطل کردے یا اسے نکال دے، جو کلیئرنگ ممبر ہو۔

15.1.2 اکاؤنٹ ہولڈر سے متعلق عدم تعمیل کے کسی بھی واقعہ کے وقوع پذیر ہونے پر، مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر فوری طور پر CDC کو عدم تعمیل کے مذکورہ واقعہ کا نوٹس دے گا۔

## 15.2 CDS میں شمولیت پر پابندی، معطلی یا اس کا اختتام

15.2.1 اگر اکاؤنٹ ہولڈر سے نوٹس کی وصولی پر، اسٹاک ایکسچینج، کلیئرنگ کمپنی یا کمیشن عدم تعمیل کے واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کو مشتہر کررہا ہو یا بورڈ کو بصورت دیگر اطمینان ہو کہ عدم تعمیل کے واقعہ کا وقوع پذیر ہو چکا ہے جو اکاؤنٹ ہولڈر سے متعلق ہے تو، بورڈ:

(الف) پابندیاں عائد کرسکتا ہے؛

(ب) ریگولیشنز (Regulations)15.2.2 اور 15.2.3 کی مطابقت میں متعین مدت کے لیے معطل کرسکتا ہے؛ یا

(ج) ختم کرسکتا ہے،

اس اکاؤنٹ ہولڈر کے CDS میں شمولیت۔

15.2.2 تاوقتیکہ ریگولیشن (Regulation) 15.2.3 کا اطلاق ہوتا ہے ریگولیشن (Regulation) (ب)15.2.1 کے تحت معطلی کی مدت، 30 کاروباری ایام سے زائد نہ ہوگی۔

15.2.3 اگر،اس ریگولیشن(Regulation)15.2.3 کےتحت معطلی کی مدت کا اختتام، یااس مدت میں توسیع سےقبل:

**(الف)** عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر معطلی کی مدت کی توسیع (یا مزید توسیع) کے لیے CDC کوتحریری درخواست کرے گا؛ یا

**(ب)** بورڈ کو معقول طور یقین ہو کہ معطلی کی مدت کی توسیع (یا مزید توسیع) ضروری یا مطلوب ہےتو،

بورڈ ہر موقع پر30 کاروباری ایام تک کے لیے معطلی کی مدت میں توسیع یا مزید توسیع کر سکے گا۔

## 15.3 CDS میں شمولیت کی پابندی، معطلی یا اس کے اختتام کا نوٹس

15.3.1 اگر بورڈ:

**(الف)** ریگولیشن(Regulation)(ب)15.2.1 کےتحت عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت پر پابندیاں عائد کرتا ہے؛

**(ب)** ریگولیشن(Regulation)(ب)15.2.1 کےتحت عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت کو معطل کرتا ہے؛ یا

**(ج)** ریگولیشن(Regulation)(ج)15.2.1 کےتحت عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت کوختم کرتا ہے،

توCDC،طریقہ کار کی مطابقت میں،فوری طور پر پابندیوں، معطلی یا اختتام کا حسب ذیل کونوٹس دے گی،جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو:

**(د)** عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر؛

**(ہ)** معطلی یا اختتام کی صورت میں ، مذکورہ عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کے ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز؛

**(و)** اگر عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہوتو، اسٹاک ایکسچینج جس کا اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو؛ اور

**(ز)** کمیشن۔

15.3.2 اگر نوٹس ریگولیشن(Regulation)15.3.1 کے تحت دیا گیا ہوتو، CDC بھی اس حد تک کہ، وہ مناسب طور پر ضروری سمجھے، دیگر اکاؤنٹ ہولڈروں یا ایلیجیبل پلیجیز (Eligible Pledgees) یا ایشورز(Issuers) کو پابندیوں، معطلی یا اختتام کا نوٹس دے سکتی ہے جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو۔

15.3.3 ریگولیشن(Regulation)15.3.1 کے تحت دیئے گئے نوٹس میں صراحت کی جائے گی:

**(الف)** پابندیوں، معطلی یا اختتام کی وجوع کی بابت؛اور

**(ب)** تاریخ جس پر پابندیاں، معطلی یا اختتام مؤثر ہو جائے گا۔

15.3.4 پابندیوں کا نوٹس، ریگولیشن(Regulation)15.3.3 کی مقتضیات میں مزید برآں، حسب ذیل کی صراحت کرے گا:

**(الف)** عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت پر لاگو پابندیوں کی نوعیت اور وسعت؛اور

**(ب)** مدت جس کے لیے پابندیوں کا اطلاق ہوگا۔

15.3.5 معطلی کا نوٹس، ریگولیشن(Regulation)15.3.3 کی مقتضیات میں مزید برآں، مدت کی صراحت کرے گا جس کی بابت معطلی مؤثر رہے گی۔

15.3.6 اختتام کا نوٹس، ریگولیشن(Regulation)15.3.3 کی مقتضیات میں مزید برآں، حسب ذیل کی صراحت کرے گا:

**(الف)** تاریخ جس میں کوئی بھی بک انٹری سکیورٹیز ہولڈنگز میں ڈپازٹ پینڈنگ پوزیشن میں شامل کی گئی جو عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول ہے تو ڈپازٹ کی پینڈنگ پوزیشنز میں برقرار نہ رکھا جا سکے گا؛اور

**(ب)** تاریخ، جو نوٹس کی تاریخ سے 20 کاروباری ایام سے کم نہ ہو، جس میں کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کو کسی بھی ہولڈنگ میں شامل کیا گیا ہو جو عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کے کنٹرول میں ہو تو لازماً:

**(اوّل)** CDS سے ہٹا دیا جانا چاہیے؛یا

**(دوم)** اس اکاؤنٹ ہولڈر کے کنٹرول سے ہٹا دیا جانا چاہیے۔

15.3.7 CDC حسب ذیل کو نوٹس دے سکتی ہے:

**(الف)** اختتام یا، جیسی بھی صورت ہو، معطلی کی مدت کے دوران پابندیوں کا نوٹس یا؛

**(ب)** معطلی یا، جیسی بھی صورت ہو، پابندی کی مدت کے دوران عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت کی بابت اختتام کا نوٹس۔

15.3.8 ریگولیشن (Regulation) 15.3.1 کے تحت دیا گیا نوٹس صراحت کر سکے گی کہ پابندیاں، معطلی یا اختتام، جیسا کہ معاملہ مطلوب ہو، نوٹس کی وصولی پر فی الفور نافذ ہو گا۔

## 15.4 CDS میں شمولیت پر پابندی کے اثرات

15.4.1 اگر بورڈ عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت پر پابندی عائد کرتا ہے تو، CDC پابندی کی خلاف ورزی میں اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے یا اس کو ارسال کردہ کسی بھی جائز ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت پر پابندی حسب ذیل کے سبب عائد کی گئی ہو تو:

**(الف)** اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے اس کے تجارتی حقوق اور ریا دیگر مراعات کی معطلی کی گئی ہو جس کا وہ TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہے؛ یا

**(ب)** ریگولیشن (Regulation) (ششم) (الف) 15.1.1 میں مصرحہ عدم تعمیل کے واقعہ کا وقوعہ ہو جائے؛

تو پھر CDC، طریقہ کار کی مطابقت میں، صرف اکاؤنٹ ہولڈر کو بک انٹری سکیورٹیز نبٹانے کی اجازت دے گی جو کہ اکاؤنٹ ہولڈر کے ہاؤس اکاؤنٹ میں شامل کی گئی ہیں اور کسی بھی ہولڈنگ سے یا میں بک انٹری سکیورٹیز سے منتقل ہوں جو اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہی ہوں تو کلیئرنگ کمپنی میں مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی بقایا مجموعی پوزیشن کی حد تک کلیئرنگ رکن ہو اس تاریخ پر جب CDS میں اکاؤنٹ ہولڈر کی شمولیت پر پابندی مؤثر ہو جائے گی:

مزید شرط یہ ہے کہ، جہاں اس ریگولیشن (Regulation) میں متذکرہ ہولڈنگ ذیلی اکاؤنٹ ہوتو، CDC مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ سے بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کرنے کی اجازت نہیں دے گی تاوقتیکہ مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے طریقہ کار کی مطابقت میں اختیار نامہ CDC کو وصول نہ ہو چکا ہو:

مزید شرط یہ ہے کہ، جہاں اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں جو TRE سٹیفکیٹ ہولڈر ہو، دستیاب بیلنس جو ہولڈنگ میں [ اس ریگولیشن (Regulation) کی مطابقت میں بک انٹری سکیورٹیز کی انتقال کی غرض سے ] ناکافی ہوگا، جو ذیلی اکاؤنٹ کے طور پر مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہا ہو یا جیسی بھی صورت ہو، اس ریگولیشن (Regulation) میں متذکرہ اختیار نامہ طریقہ کار کی مطابقت میں CDC کو وصول نہ ہوا ہو (ایسے واقعات جو ذیلی اکاؤنٹ سے متعلق ہوں اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہے ہوں جو TRE سٹیفکیٹ ہولڈر ہو بعد ازیں اس باب میں ''شاٹ فال'' کے طور پر محولہ ہوں) تو، CDC، طریقہ کار کی مطابقت میں، شاٹ فال کی حد تک ہاؤس اکاؤنٹ کے دستیاب بیلنس سے بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کرنے کی اجازت دے گی:

مزید شرط یہ ہے کہ، جہاں CDS میں اکاؤنٹ ہولڈر کی شمولیت کو ریگولیشن (Regulation) (پنجم) (الف) 15.1.1 کے مطابق پابند کیا گیا ہوتو، CDC، طریقہ کار کی مطابقت میں:

**(الف)** آزادانہ سپردگی ٹرانزیکشن کے استثناء کے ساتھ CDC کو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ارسال کردہ تمام ٹرانزیکشن کو مسترد کردے؛ اور

**(ب)** ان ریگولیشنز (Regulations) کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر کو ارسال کردہ تمام سپردگی ٹرانزیکشنز کو مسترد کردے:

مزید شرط یہ ہے کہ، جہاں ریگولیشن (Regulation) (ششم) (الف) 15.1.1 میں مصرحہ عدم تعمیل کے واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کی وجہ سے عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت پر پابندی عائد کی گئی ہو تو، پھر CDC اس

ریگولیشن(Regulation) 15.4.1 کے پہلے فقرہ شرطیہ کے مطابق حسب ذیل کارروائیاں کرے گی:

**(الف)** جہاں ریگولیشن(Regulation)6.8.2 میں متذکرہ گوشوارہ کی عدم پیشی کی وجہ سے عدم تعمیل کا واقعہ وقوع پذیر ہوا ہو یا ، جیسی بھی صورت ہو ، مذکورہ ریگولیشنز (Regulations) کے مطابق اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے پیش کردہ بیان منفی سرمایہ کفالت کی سطح کو ظاہر کرے یا ریگولیشن(Regulation)(ج)13.1.7 یا ریگولیشن(Regulation) (د)13.1.7 کے تحت CDC کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کی عدم تعمیل ہوئی ہو تو، پھر CDC، پابندی کی مدت کے دوران:

**(اوّل)** عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کو اجازت نہیں دے گا کہ ذیلی اکاؤنٹس سے متعلق کوئی بھی ٹرانزیکشن CDC کو ارسال کرے جو آزادانہ سپردگی ٹرانزیکشنز کے استثناء کے ساتھ اس کے کنٹرول میں ہو جو مذکورہ ذیلی اکاؤنٹس میں شامل کردہ کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز میں ڈیبٹ کرنے کا باعث ہو، مگر شرط یہ ہے کہ بنیادی سکیورٹیز ٹرانزیکشن جس میں ایسی آزادانہ سپردگی ٹرانزیکشنز سے متعلقہ ہوں ریگولیشنز (Regulations)(ل)9.1.1 یا(ل)9.2.1 کے تحت آتی ہوں؛

**(دوم)** کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ارسال کی گئی کسی بھی بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن کو مسترد کردے گی جو اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول کسی بھی ذیلی اکاؤنٹ سے متعلق ہو،

**(ب)** جہاں عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر ریگولیشن 6.8.2 کی مطابقت میں گوشوارہ جمع نہ کروائے یا ریگولیشن(Regulation) (ج)13.1.7 یا (د)13.1.7 کی تعمیل نہ کرے یا، جیسی بھی صورت ہو، ایسی پابندی کے عائد ہونے کے 30 ایام کے اندر اپنے سرمایہ کفالت کی سطح کو بہتر بنانے میں ناکام ہوجائے تو، پھر CDC

ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت پر معطلی عائد کردے گی؛

(ج) جہاں عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر ریگولیشن (Regulation)(ب)13.1.7 کے مطابق CDC کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کی تعمیل نہیں کرتا تو، پھر CDC، پابندی کی مدت کے دوران:

**(اوّل)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ارسال کردہ کسی بھی جائز ڈپازٹ کی درخواست ٹرانزیکشن کو مسترد کردے گی جو مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کنٹرول کردہ کسی بھی ذیلی اکاؤنٹ سے متعلق ہو؛ اور

**(دوم)** اکاؤنٹ ہولڈر کے ذریعے سے یا اس کو ارسال کی گئی کسی بھی جائز انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن یا کسی بھی جائز انٹرا اکاؤنٹ ڈیلیوری ٹرانزیکشن بشمول اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کنٹرول کردہ کسی بھی اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ کے کریڈٹ کے لیے کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے ارسال کی گئی کسی بھی بیلنس آرڈر ڈیلیوری ٹرانزیکشن کو مسترد کردے گی،

جہاں عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر پابندی کے عائد کئے جانے کی تاریخ سے 60 ایام کے اختتام پر ریگولیشن (Regulation)(ب)13.1.7 کی تعمیل نہیں کرتا تو، پھر CDC ان ریگولیشنز (Regulations) کی مطابقت میں مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت پر معطلی عائد کرے گی۔

**15.4.1الف** ریگولیشن (Regulation) 15.4.1 کے مطابق بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی متعلقہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایت کے تحت وضع کردہ اور اتھارٹی کی اصطلاح میں تصفیاتی کمپنی میں تفویض شدہ متصور ہوگی اور اکاؤنٹ ہولڈر کی وجوبات، کلیئرنگ ممبر کے طور پر، NCCPL ریگولیشنز (Regulations) اور/ یا اس کے تحت وضع کردہ طریقہ ہائے کار کے مطابق ہوں گی۔

## 15.5 CDS میں شمولیت کی معطلی کے اثرات

15.5.1 اگر بورڈ عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت معطل کر دیتا ہے تو، CDC مدت معطلی کے دوران:

**(الف)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے یا اس کو ارسال کی گئی کسی بھی جائز انٹرا اکاؤنٹ ٹرانزیکشن یا کسی بھی جائز انٹرا اکاؤنٹ ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی، مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو تو، CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، کسی بھی ذیلی اکاؤنٹ یا، جیسی بھی صورت ہو، مذکورہ عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں رکھی گئی بک انٹری سکیورٹیز کی ہینڈلنگ کو بھی محدود کر دے گی؛

**(ب)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ارسال کی گئی کسی بھی جائز ڈپازٹ درخواست ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی؛

**(ج)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ارسال کی گئی کسی بھی جائز درخواست بازخواست ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی؛

**(د)** حذف شدہ؛

**(ہ)** حذف شدہ؛

**(و)** حذف شدہ؛

**(ز)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ارسال کی گئی کسی بھی ویلیڈ پلیج (Valid Pledge) سکیورٹیز ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی؛

**(ح)** اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ارسال کی گئی کسی بھی جائز ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی جو CDC میں پارٹیسپنٹ (Participant) ہو جو کہ مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بننے والے کسی بھی ذیلی اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹس کی رجسٹریشن کی تفصیلات میں کسی بھی تبدیلی یا تبدیلیوں کو ظاہر کر رہا ہو؛

(ط) ریگولیشن (Regulation) 11.3.1 کے تحت ایلیجیبل پلیجی (Eligible Pledge) کے ذریعے سے ارسال کی گئی کسی بھی ویلیڈ پلیج (Valid Pledge) کال ٹرانزیکشن کو مسترد کر دے گی جو ٹارگٹ ہولڈنگ کے طور پر صراحت کر رہے ہوں، ہولڈنگ جو کہ اکاؤنٹ ہولڈر کے زیر کنٹرول ہو؛

(ی) طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بننے والی کسی بھی ہولڈنگ سے یا اس میں بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کرنے کی اجازت دے گی جو کلیئرنگ کمپنی میں ایسے اکاؤنٹ ہولڈر کی بقایا مجموعی پوزیشن کی حد تک کلیئرنگ ممبر ہو اس تاریخ پر جبکہ CDS میں اکاؤنٹ ہولڈر کی شمولیت کی معطلی مؤثر رہے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں اس شق (ی) میں متذکرہ ہولڈنگ ذیلی اکاؤنٹ ہو تو، CDC مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ سے بک انٹری سکیورٹیز منتقل کرنے کی اجازت نہیں دے گی تاوقتیکہ مذکورہ ذیلی اکاؤنٹ کے ہولڈر کی جانب سے اختیار نامہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDC کے ذریعے سے وصول نہ ہو چکا ہو:

مزید شرط یہ ہے کہ، جہاں، اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں جو TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو، دستیاب بیلنس جو ہولڈنگ میں [اس شق (ی) کے مطابق بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کرنے کی غرض سے] ناکافی ہو تو، ذیلی اکاؤنٹ کے طور پر مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہا ہو یا، جیسی بھی صورت ہو، اس شق (ی) کے پہلے فقرہ شرطیہ میں متذکرہ اختیار نامہ طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں CDC کو وصول نہ ہوا ہو جو (ذیلی اکاؤنٹ سے متعلق ایسے واقعات جو اکاؤنٹ ہولڈر کی اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہے ہوں جو TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو اس باب میں بعد ازیں شارٹ فال کے طور پر مذکور ہوں تو، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، کمی کی حد تک مذکورہ اکاؤنٹ ہولڈر کے ہاؤس اکاؤنٹ کے دستیاب بیلنس سے بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کرنے کی اجازت دے گی؛ اور

(ک) اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کنٹرول کردہ کسی بھی ہولڈنگ میں ابواب 8الف، 8الف الف، 8ب، 8ہ اور 8و کے تحت کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی کریڈٹنگ کو مسترد کر دے گی۔

15.5.1الف ریگولیشن(Regulation) 15.5.1 کی شق (ی) کے مطابق بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی متعلقہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات کے تحت وضع کردہ اور اتھارٹی کے معنی میں کلیئرنگ کمپنی میں تفویض شدہ متصور ہوگی اور اکاؤنٹ ہولڈر کی وجوبات، بطور کلیئرنگ رکن، NCCPL ریگولیشنز (Regulations) اور یا اس کے تحت وضع کردہ طریقہ ہائے کار کے تحت ہوں گے۔

15.5.2 حذف شدہ۔

15.5.3 حذف شدہ۔

## 15.5الف انضباطی اکاؤنٹ ہولڈر کی تبدیلی

15.5الف.1 اگر:

(الف) CDS میں پارٹیسپنٹ(Participant) کی شمولیت معطل کی گئی ہو یا، جیسی بھی صورت ہو، ممنوع کی گئی ہو؛ اور

(ب) ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر، جو پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے منضبط ذیلی اکاؤنٹ رکھتا ہو تو، CDC سے بذریعہ نوٹس طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں اور اس کی شرائط میں تقاضا کرسکتا ہے کہ اس کے ذیلی اکاؤنٹ کے ہولڈنگ بیلنس میں شامل کردہ بک انٹری سکیورٹیز کو کسی دوسرے پارٹیسپنٹ(Participant) کی جانب سے منضبط اس ذیلی اکاؤنٹ کے ہولڈنگ بیلنس میں یا CDC کے پاس اپنے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں منتقل کرے، جیسی بھی صورت ہو،

تو پھر CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، CDC کے ارادے سے مذکورہ پارٹیسپنٹ (Participant) کو 7 کاروباری ایام کا نوٹس دیتے ہوئے، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر سے وصول کردہ نوٹس کی تعمیل کرواسکے گی۔

## 15.6 معطلی یا پابندی کا خاتمہ

15.6.1 اگر CDC ریگولیشن(Regulation) 15.3.7 کے تحت عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کو معطلی کا نوٹس دیتی ہے تو، معطلی اس نوٹس میں مصرحہ اختتام کی نافذ العمل تاریخ ختم کردی جائے گی۔

15.6.2 اگر بورڈ کو اطمینان ہو کہ حالات جو کہ پابندی یا معطلی کو عائد کرنے کی وجہ بنے اب وجود نہیں رکھتے تو، CDC پابندی یا معطلی کو ختم کردے گی جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو بشمول پابندی کا خاتمہ کردے گی، اگر کوئی ہو، جو ریگولیشن(Regulation)15.5.1 کی شق (الف) کے فقرہ شرطیہ کے مطابق عائد کی گئی ہو۔

15.6.3 اگر بورڈ یا کمیشن، جیسا کہ معاملہ میں مطلوب ہو، ریگولیشن(Regulation)15.6.2 یا 15.8.3 کے تحت پابندی یا معطلی کو ختم کرتا ہے تو CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، فوری طور پر خاتمہ کا حسب ذیل کو نوٹس دے گی:

**(الف)** عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر؛

**(ب)** اگر عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو تو، اسٹاک ایکسچینج کو جس کا اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہے؛ اور

**(ج)** کمیشن۔

15.6.4 اگر نوٹس ریگولیشن(Regulation)15.6.3 کے تحت دیا جائے تو، CDC:

**(الف)** ہر CDS ایلمنٹ(Element) کو خاتمہ کا نوٹس بھی دے گی جو پابندی یا معطلی کا نوٹس انہیں دیا گیا تھا؛ اور

**(ب)** دیگر CDS ایلمنٹس(Elements) کو خاتمہ کا نوٹس دے سکے گی۔

## 15.7 CDS میں شمولیت کے خاتمہ کے اثرات

15.7.1 ریگولیشن(Regulation)15.7.2 کے مطابق، اگر بورڈ (ج)15.2.1 کے مطابق عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت کا خاتمہ کرتا ہے تو CDC میں اس اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں رسائی ختم کردے گی، مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو تو، CDC، طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، کسی بھی ذیلی اکاؤنٹ یا، اکاؤنٹ ہولڈر، کے سرمایہ کار اکاؤنٹ میں رکھی گئیں بک انٹری سکیورٹیز کی ہینڈلنگ کو بھی محدود کردے گی۔

15.7.2 CDC عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر یا اس اکاؤنٹ ہولڈر کے تحلیل کنندہ، وصول کنندہ، مہتمم یا امین کے ساتھ ایسے انتظامات کر سکے گی، جیسا کہ معاملے میں مطلوب ہو، جیسا کہ اکاؤنٹ ہولڈر کے ذریعے سے کنٹرول کردہ کسی بھی ہولڈنگ میں شامل کردہ بک انٹری سکیورٹیز کے لیے ضروری یا مطلوب ہوں:

**(الف)** CDS سے واپسی؛ یا

**(ب)** اکاؤنٹ ہولڈر کے کنٹرول سے ہٹانے کی بابت:

مگر شرط یہ ہے کہ، جہاں اکاؤنٹ ہولڈر اس ریگولیشن (Regulation)15.7.2 کے تحت انتظام کرنے سے قبل، TRE سٹیفکیٹ ہولڈر ہو تو، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں کسی بھی ہولڈنگ سے یا میں بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کرنے کی اجازت دے گی جو کلیئرنگ کمپنی میں اکاؤنٹ ہولڈر کی بقایا مجموعی پوزیشن کی حد تک اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ فیملی کا حصہ بن رہے ہوں اس تاریخ پر جب CDS میں اکاؤنٹ ہولڈر کی شمولیت کا اختتام مؤثر ہو:

مزید شرط یہ ہے کہ، شاٹ فال (کمی) کی صورت میں، CDC طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں، شاٹ فال کی حد تک (جیسا کہ اس ریگولیشن (Regulation) کے پہلے فقرہ شرطیہ میں متذکرہ ہے) اکاؤنٹ ہولڈر کے ہاؤس اکاؤنٹ کے دستیاب بیلنس سے بک انٹری سکیورٹیز کو منتقل کرنے کی اجازت دے گی۔

15.7.2الف ریگولیشن (Regulation)15.7.2 کے مطابق بک انٹری سکیورٹیز کی منتقلی متعلقہ اکاؤنٹ کی ہدایات کے تحت وضع کردہ اور اتھارٹی کے مفہوم میں کلیئرنگ کمپنی میں تفویض شدہ متصور ہو گی اور اکاؤنٹ ہولڈر کی وجوبات، بطور کلیئرنگ ممبر NCCPL ریگولیشنز (Regulations) اور یا اس کے تحت وضع کردہ طریقہ ہائے کار کے تحت ہوں گی۔

15.7.3 عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں جن کی CDS میں شمولیت کو بورڈ کی جانب سے ختم کیا گیا ہو جو ریگولیشن (Regulation)15.7.2 کے تحت انتظامات کرنے میں، اس کے کنٹرول کے تحت ذیلی اکاؤنٹس کو منضبط کرنے کے لیے پارٹیسپنٹ (Participant) ہو تو، CDC اور عدم تعمیل کنندہ پارٹیسپنٹ (Participant)، جہاں تک کہ ممکن ہو،

ذیلی اکاؤنٹ ہولڈروں کی خواہشات کوملحوظ خاطر رکھیں گے جن کے ذیلی اکاؤنٹس پارٹیسپنٹ (Participant) کے کنٹرول میں ہیں۔

15.7.4 کسی بھی بک انٹری سکیورٹیز کی صورت میں عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کنٹرول کردہ کوئی بھی ہولڈنگز پلیج پوزیشن (Pledge Position) میں ہوں جن کی CDS میں شمولیت کوبورڈ کی جانب سے ختم کردیا گیا ہوتو، CDC، ریگولیشن (Regulation) 15.7.2 کے تحت انتظامات کرتے ہوئے، ایلیجیبل پلیجیز (Eligible Pledges) کی خواہشات کو، جس حدتک ممکن ہو،ملحوظ خاطر رکھے گی جن کے حق میں بک انٹری سکیورٹیز پلیجیز پوزیشنز (Eligible Positions) میں برقرار رکھی گئی ہوں۔

15.7.5 ریگولیشن (Regulation) 15.7.2 کے مطابق، اگر، ریگولیشن (Regulation) 15.3.1 کے تحت دیئے گئے نوٹس اختتام میں بذریعہ تاریخ صراحت کر دی گئی ہوتو، عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر:

**(الف)** CDS سے دست بردار نہ ہوگا؛ یا

**(ب)** اس کے کنٹرول سے ہٹایا نہ جائے گا،

تو بک انٹری سکیورٹیز اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کنٹرول کردہ کسی بھی ہولڈنگ میں شامل کی گئیں ہوں تو، CDC، ریگولیشن (Regulation) 15.7.6 کے مطابق، عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کو مزید نوٹس دیئے بغیر، بک انٹری سکیورٹیز متعلقہ ہولڈر کے نام سے اکاؤنٹ ہولڈر کے کنٹرول کے تحت مذکورہ ہولڈنگز میں شامل کی گئیں ہوں کو CDS سے دست بردار کرسکتی ہے۔

15.7.6 CDC، ریگولیشن (Regulation) 15.7.5 کے تحت اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے، جہاں تک کہ ممکن ہو، حسب ذیل کی خواہشات کوملحوظ خاطر رکھے گی:

**(الف)** عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کے پارٹیسپنٹ (Participant) ہونے کی صورت میں، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کے ذیلی اکاؤنٹس عدم تعمیل کنندہ پارٹیسپنٹ (Participant) کے کنٹرول کے تحت ہوں؛ اور

(ب) کسی بھی ایلیجیبل پلیجیز (Eligible Pledges) کی جن کے حق میں بک انٹری سکیورٹیز ہولڈنگز میں شامل کی گئیں ہوں جو عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کے کنٹرول میں پلیج پوزیشنز (Pledge Positions) میں رکھی گئیں ہوں۔

## 15.8 CDS میں شمولیت پر پابندی، معطلی یا اختتام کے خلاف اپیل

15.8.1 عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر CDC کو اپیل کا نوٹس دیتے ہوئے، ریگولیشن (Regulation) 15.2.1 کے تحت بورڈ کے فیصلے کے خلاف اپیل کرسکتا ہے جو کہ:

(الف) فیصلہ کی نشاندہی کرتی ہو جس کے خلاف اپیل کی گئی ہو؛

(ب) اپیل کی وجوہات کو بیان کرتی ہو؛ اور

(ج) ریگولیشن (Regulation) 15.3 کے تحت عدم تعمیل کنندہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے نوٹس وصول ہونے کے بعد دس کاروباری ایام کے اندر ہو۔

15.8.2 اگر اپیل نوٹس ریگولیشن (Regulation) 15.8.1 کے تحت دیا گیا ہو تو، کمیشن باب 14 کی مطابقت میں اپیل کا انعقاد کرے گا۔

15.8.3 کمیشن:

(الف) توثیق کرسکتا ہے ؛

(الف الف) بورڈ کے فیصلے کے خلاف کوئی بھی حکم عارضی یا التواء صادر کرسکتا ہے؛

(ب) کسی بھی پہلو سے اختلاف کرسکتا ہے؛ یا

(ج) بورڈ کے فیصلے کو منسوخ اور کسی دوسرے فیصلے سے تبدیل کرسکتا ہے۔

15.8.4 حذف شدہ۔

## 15.9 نفاذ عمل۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی ادائیگی کرنے میں ناکامی

15.9.1 اپیل کے کسی بھی حق کے تابع، اگر اکاؤنٹ ہولڈر حسب ذیل میں سے کوئی بھی ادائیگی کرنے میں ناکام ہوجاتا ہے:

(الف) فیسیں اور ڈپازٹس جدول کی مطابقت میں فیس یا چارج؛

(ب) عائد کردہ جرمانہ؛ یا

(ج) زیر ہدایت قابل ادا رقم،

جو رقم قابل ادا ہونے کے، 20 کاروباری ایام کے اندر ہو:

(د) اکاؤنٹ ہولڈر اس فیس، چارج، جرمانہ یا رقم جو قابل ادا ہو کی تاریخ سے 20 فیصد سالانہ کی شرح سے تاخیری ادائیگی پر جرمانہ ادا کرے گا؛

(ہ) CDC، اس طرح سے اپنے ارادے سے 10 کاروباری ایام کا نوٹس دیتے ہوئے، اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت معطل کرسکتی ہے جب تک کہ فیس، چارج، رقم یا جرمانہ اور تاخیری ادائیگی پر جرمانہ ادا نہ کردیا جائے؛ اور

(و) اگر اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو تو، CDC اپنے کسی بھی ارادے کا اسٹاک ایکسچینج کو 10 کاروباری ایام کا نوٹس دے گی جس کا اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہے TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت معطل کی جائے۔

15.9.2 اگر فیس، چارج، جرمانہ یا رقم اور تاخیری ادائیگی پر جرمانہ ریگولیشن (Regulation) 15.9.1 کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت کی معطلی کے بعد 60 کاروباری ایام میں غیر ادا شدہ رہتا ہے تو، CDC، حسب ذیل کو نوٹس دیتے ہوئے۔:

(الف) اکاؤنٹ ہولڈر؛ اور

(ب) اگر اکاؤنٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر ہو تو، اسٹاک ایکسچینج جس کا TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر رہے،

اکاؤنٹ ہولڈر کی CDS میں شمولیت کو ختم کرسکتی ہے۔

## 15.10 اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے CDS میں شمولیت کا اختتام

15.10.1 اکاؤنٹ ہولڈر CDC میں اپنی نوٹس دیتے ہوئے CDS اپنی شمولیت کو ختم کرسکتا ہے۔

15.10.2 اگر اکاؤنٹ ہولڈر ریگولیشن (Regulation) 15.10.1 کے تحت نوٹس دیتا ہے تو، CDC اکاؤنٹ ہولڈر کو بذریعہ نوٹس فیسیں اور چارجز کی ادائیگی کے تابع CDS میں اکاؤنٹ ہولڈر کی شمولیت کے خاتمہ اور اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ضابطہ جات کی تکمیل

پر اجازت دے گا جیسا کہ CDC کے نوٹس کی تاریخ سے 40 کاروباری ایام کے اندر طریقہ ہائے کار میں بیان کیا گیا ہے۔

15.10.3 اگر اکاؤنٹ ہولڈر ریگولیشن (Regulation) 15.10.2 میں متذکرہ طریقہ ہائے کار کے ضابطہ جات مکمل کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے تو، اکاؤنٹ ہولڈر ریگولیشن (Regulation) 15.10.2 کے تحت جاری کردہ CDC کے نوٹس میں بیان کردہ نوٹس کی مدت کے ختم ہونے کے بعد پہلے دن سے CDC کو فی دن 100 روپے ادا کرے گا جب تک کہ مذکورہ وقت میں مذکورہ ریگولیشنز (Regulations) کو ہر لحاظ سے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے مکمل نہ کر دیا جائے۔